ماشاء الله لا قوة الا بالله

الحمد لله والمنه كه كتاب نافع طلاب مشتمل بر مسائل صرفيه

موسوم به

الصرف العزيز

تأليف

العبد الضعيف محمد حسن عفا الله عنه وعافاه
فاضل جامعه أشرفيه لاهور واستاذ جامعه محمديه
ليك روڈ، لاهور

www.KitaboSunnat.com

إدارة محمديه
لاهور ٥ پاكستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

دار المطالعة الاسلامیہ لائبریری
حافظ کوثر زمان، حافظ شفیق الرحمن
جمبر کلاں تحصیل پتوکی ضلع قصور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب .... الصرف العزیز
تالیف .... العبد الضعیف محمد حسن عفا اللہ عنہ
طباعت .... دوازدہم
قیمت .... ‎125/.‎ روپے

ناشر

ادارہ محمدیہ
جامعہ محمدیہ لیک روڈ چوبرجی لاہور پاکستان
(۰۴۲)۷۲۳۷۴۵۰ E-mail : muhammadia@yahoo.com

واحد تقسیم کار

عبدالقدیر
مکتبہ حسن
اردو بازار لاہور
فون: 0300-4339699

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حافظ شفیق الرحمٰن

ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب نافع طلاب مشتمل بر مسائل صرفیہ

موسوم بہ

الصرف العزیز

تألیف

العبد الضعیف محمد حسن عفا اللہ عنہ وعافاہ
فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور واستاذ جامعہ محمدیہ
لیک روڈ، لاہور

ادارہ محمدیہ
لاہور ○ پاکستان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سلامٌ علیٰ خیرِ الانامِ وسیّدِ   حبیبِ الٰہِ العالمینَ محمّدِ



بشیرٍ نذیرٍ ہاشمیٍّ مکرّمٍ   عطوفٍ رؤفٍ مَن یُسمّیٰ باحمدِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

انتساب

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

خاتم النّبیین سیّد المرسلین رحمتہ للعالمین میرے اللہ کے محبوب اور ہم سب کے پیارے

حضرت مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وسلم

یہ سب کچھ آپ کے پیارے اور مبارک نام ہی کے طفیل سے ہے۔

★ جس طالبعلم کی حضور اقدس ﷺ کے نام مبارک پر نظر پڑے تو وہ پوری عقیدت اور محبت کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی ذاتِ گرامی پر درود شریف پڑھ کر اللہ پاک کی رحمت کو اپنی طرف متوجہ کرے۔ اللہ پاک کے فضل و کرم سے علم میں نورانیت اور برکت ہوگی۔

one colour muhammadia 6.00x8.00

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	پیش لفظ	۳	۲۳	اسم فاعل کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۲۰۸
۲	کتاب ہذا کو پڑھانے کا طریقہ	۴	۲۴	نقشہ اسم فاعل	۲۱۴
۳	مقدمۃ الصرف	۷	۲۵	اسم مفعول میں لگنے والے قوانین	۲۱۶
۴	صرف صغیر	۳۰	۲۶	اسم مفعول کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۲۲۰
۵	ابتدائی طلباء کو صیغے یاد کرانے کا آسان انداز	۵۳	۲۷	نقشہ اسم مفعول	۲۲۳
۶	ابواب صحیح	۶۱	۲۸	ظرف کی گردان میں لگنے والا خاص قانون	۲۲۴
۷	صیغے نکالنے کا آسان انداز	۶۹	۲۹	نقشہ اسم ظرف	۲۲۷
۸	قوانین صرف	۹۴	۳۰	اسم آلہ کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۲۲۸
۹	ماضی کے صیغوں میں لگنے والے قانون	۹۵	۳۱	اسم تفضیل (وغیرہ) میں لگنے والا قانون	۲۲۹
۱۰	نقشوں کو یاد کرنے اور سننے کا طریقہ	۱۲۸	۳۲	تعجب کے صیغوں کو سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۲۳۱
۱۱	ماضی کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۱۲۹	۳۳	نقشہ جات اسم آلہ، اسم تفضیل، فعل تعجب	۲۳۳
۱۲	صرفی میزائل	۱۳۸	۳۴	مصادر (وغیرہ) میں لگنے والے قوانین	۲۳۴
۱۳	نقشہ ماضی معلوم ومجہول	۱۴۲	۳۵	نقشہ مصادر	۲۳۹
۱۴	مضارع کے صیغوں میں لگنے والے قوانین	۱۴۵	۳۶	نقشوں کے ذریعے صیغے نکالنے کا آسان انداز	۲۴۰
۱۵	مضارع کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۱۴۷	۳۷	جوازی قوانین	۲۴۲
۱۶	صرفی میزائل	۱۵۵	۳۸	قوانین متفرقہ	۲۵۴
۱۷	نقشہ مضارع معلوم ومجہول	۱۶۰	۳۹	نون وقایہ کے صیغے	۲۵۸
۱۸	مضارع کے علاوہ باقی گردانوں میں لگنے والے قوانین	۱۶۷	۴۰	ابواب	۲۵۹
۱۹	عظیم تحفہ	۱۷۲	۴۱	مرکبات والحاق کی تعریف وابواب	۲۸۳
۲۰	امر کی گردان سننے اور قانون لگانے کا طریقہ	۱۷۷	۴۲	خاصیات ابواب	۳۰۳
۲۱	نقشہ جات (نفی مؤکد بالن ناصبہ، جحد بلم، امر، نہی)	۱۷۹	۴۳	صیغہ ہائے مشکلہ بمع توضیحات مختصرہ	۳۲۱
۲۲	اسم فاعل وصفت مشبہ کے صیغوں میں لگنے والے قوانین	۱۹۴	۴۴	فوائد متفرقہ	۳۲۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم۰

﴿پیش لفظ﴾

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم: امّا بعد

دنیا میں یہ بات ہر خاص و عام پر عیاں ہے کہ جھونپڑی سے لے کر سادہ مکان تک بنگلے سے لے کر شاہی محل تک جو بھی عمارت کھڑی کی جاتی ہے اُس عمارت کے پختہ اور مضبوط ہونے کا دارومدار اُس کی بنیاد پر ہے اگر اُس کی بنیاد مضبوط ہو گی تو وہ عمارت بھی مضبوط ہو گی اور اگر اُس کی بنیاد کمزور ہے تو پھر اُس پر کتنی ہی عالیشان عمارت کیوں نہ ہو وہ کسی وقت بھی منہدم ہو کر ملبہ کی شکل اختیار کر سکتی ہے اسی بناء پر دنیا میں آپ نے بارہا یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ جب بھی کوئی آدمی خوبصورت مکان، کوٹھی اور بنگلہ تعمیر کرتا ہے تو وہ اُس کی بنیاد پر خصوصی توجہ دیتا ہے کہ کہیں اگر بنیاد کمزور رہ گئی تو یہ خوبصورت عمارت اور یہ عالیشان بنگلہ تباہ ہو کر مٹی کا ڈھیر بن جائے گا اور بیسیوں سال کی خون پسینے کی کمائی خاک میں مل جائے گی۔لھذا جیسے ظاہری تعمیرات میں عمارت کے پختہ اور مضبوط ہونے کا دارومدار بنیاد کے قوی اور مضبوط ہونے پر ہے ایسے ہی روحانی تعمیرات میں بھی عمارت کے قوی اور مضبوط ہونے کا دارومدار اسکی بنیاد کے مضبوط ہونے پر ہے اب جبکہ روحانی تعمیر کا ذکر آیا تو اب آپ کو دو چیزوں کے پہچاننے کی ضرورت ہو گی۔ا: وہ عمارت اور محل کیا ہے جس کو کسی بنیاد پر رکھا جائے۔۲۔اور وہ بنیاد کیا ہے جس کے اوپر اس محل کو کھڑا کیا جائے۔ان دونوں سوالوں کا جواب یہی ہے کہ ہمارا روحانی محل علوم قرآنیہ اور احادیثِ نبویّہ ہیں اور یہ محل اپنی عظمت اور مرتبت کے لحاظ سے سونے، چاندی اور ہیرے جواہرات کے محلات سے بڑھ کر ہے اور اس عظیم محل کی بنیاد علوم صرفیہ اور نحویہ ہیں۔

لہٰذا علوم صرفیہ و نحویہ کی اہمیت کو بیان کرنے کے لئے اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ یہ علوم بنیاد بن رہے ہیں علوم قرآنیہ و احادیث نبویّہ جیسے بے مثال عظیم نورانی محل کے لیے۔اسی اہمیت کے پیشِ نظر بندہ نے اس عظیم نورانی و روحانی محل کی بنیاد کے خدمت گاروں میں ادنیٰ خدمتگار کے طور پر شمولیت کے لئے چند ٹوٹی پھوٹی باتوں کو سیاہ نقوش کی شکل میں جمع کیا ہے جن کو محض اللہ پاک کی توفیق اور عنایت سے آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔بارگاہ ایزدی میں التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور طلباء کرام اور مستفیدین کے لیے نافع بنائے۔معاونین مخلصین طلباء کرام و رفقاء عظام کو دارین کی مسرتوں سے مالا مال فرمائے ان کے علم و عمل اور اخلاص میں برکت عطا فرمائے اور بندہ کے لیے اور بندہ کے والدین و اساتذہ کرام کے لیے نجات کا ذریعہ بنائے اور بانی مدرسہ جامعہ محمدیہ حضرت اقدس مولانا قاضی عزیز اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی قبر کو نور سے منور فرمائے اور اُنکے فیوضاتِ عالیہ کے سلسلے کو قیامت تک جاری و ساری فرمائے۔

آمین بِجَاهِ النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

عبدِ ضعیف

محمد حسن عفی عنہ

خادم جامعہ محمدیہ، لیک روڈ نمبر ۴، چوبرجی، لاہور

و جامعہ عبداللہ بن عمرؓ، سوا گوجنہ، فیروز پور روڈ، لاہور

و جامعہ مدنیہ (جدید) محمد آباد سٹاپ، رائیونڈ روڈ، پاجیاں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کتاب ہذا کو پڑھانے کا طریقہ

کتاب ہذا کو شروع کروانے کا طریقہ یہ ہے کہ ابتداء میں ضَرَبَ یَضرِبُ کی صرف صغیر یاد کروائی جائے۔ (صرف صغیر کتاب ہذا کے صفحہ نمبر ۳۰ پر لکھی ہے) اس کے بعد ماضی سے لے کر نہی تک تمام صرفِ کبیر یں آہستہ آہستہ خوب یاد کروائی جائیں اور جب صرف صغیر اور صرفِ کبیر کی تمام گردانیں یاد کر لیں تو اب ان کو ماضی کی گردان سے معنی یاد کروانے کی ابتدا کی جائے جب چند گردانوں کے معنی یاد کر لیں تو ساتھ ہی صرف کا مقدمہ شروع کروا دیا جائے اور ساتھ ساتھ باقی گردانوں کے معانی آہستہ آہستہ سنے جائیں اور جب گردانوں کے معنے مکمل ہو جائیں تو ثلاثی مجرد کے چھ ابواب میں سے ہر روز ایک ایک باب بمع صرفِ کبیر سنا جائے اور جب ثلاثی مجرد کے باب ختم ہو جائیں تو پھر ثلاثی مزید اور رباعی مجرد اور رباعی مزید کے ابواب ایک ایک دو دو کر کے سنے جائیں یہاں تک کہ صرف کے ابتدائی بائیس ابواب مکمل ہو جائیں اور ان بابوں کے سننے کیساتھ ساتھ صحیح کے خوب صیغے نکلوائے جائیں اور اسی طرح ہفت اقسام میں سے مہموز، مثال، اجوف، ناقص وغیرہ کی گردانوں کے وہ صیغے بھی نکلوائے جائیں جنکی شکل صحیح کے صیغوں سے ملتی جلتی ہے (اب صیغے کیسے نکلوائے جائیں؟ اسکے لئے کتاب ھذا میں صیغے نکالنے کے کئی طریقے لکھ دیئے گئے ہیں انکا مطالعہ فرمالیں) جب مقدمہ ختم ہو جائے تو نقشوں کی ترتیب کے مطابق قوانین کو شروع کر دیا جائے۔

قوانین کی ترتیب کا ایک خاص انداز :۔ کتاب ھذا کے قاری کے ذہن میں یہ باتِ پیشِ نظر رہے کہ اس کتاب کے اندر قوانین کو ہفت اقسام کی ترتیب پر جمع نہیں کیا گیا بلکہ گردانوں کے نقشوں کی ترتیب پر جمع کیا گیا ہے۔ لہٰذا سب سے پہلے وہ قوانین ذکر کئے گئے ہیں جن کے استعمال ہونے کی ابتداء ماضی سے ہوتی ہے اگرچہ وہ قوانین ماضی کے علاوہ دوسری گردانوں کے اندر بھی لگتے ہوں۔ ماضی میں لگنے والے قوانین کے پڑھانے کے بعد ماضی کے نقشے سے ہفت اقسام کی ترتیب کے مطابق یعنی پہلے صحیح کی پھر مثال کی۔ پھر اجوف اور ناقص وغیرہ کی گردانیں سنی جائیں ان میں پڑھائے ہوئے قوانین کا اجراء کروایا جائے (کتاب ہذا میں صرف پڑھانے والے مبتدی اساتذہ کرام کی رہنمائی اور انکے ساتھ تکرار کی غرض سے اکثر گردانوں کے نقشوں سے پہلے قوانین کے اجراء کا انداز لکھ دیا گیا ہے لہٰذا اگر اجراء کا طریقہ فی الحال ذہن میں نہ ہو تو اس کو ملاحظہ فرمالیں) اور ساتھ ہی قرآن کریم واحادیث نبویہ اور دیگر کتب درسیہ سے ماضی کے خوب صیغے نکلوائے جائیں اس کے بعد وہ قوانین پڑھائے جائیں جن کے استعمال ہونے کی ابتداء مضارع سے ہوتی ہے۔ اگرچہ وہ قوانین مضارع کے علاوہ دوسری گردانوں میں بھی لگتے ہوں پھر اس کے بعد مضارع کے نقشے سے گردانیں سنی جائیں مضارع کی گرادنیں بھی ہفت اقسام کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترتیب کے مطابق سنی جائیں اور ساتھ ہی قرآن کریم واحادیث نبویہؐ اور دیگر کتب درسیہ سے مضارع کے خوب صیغے نکلوائے جائیں اور یہاں مضارع معلوم اور مجہول کی گردانوں کو یاد کرنے کی پوری کوشش کی جائے کیونکہ اگر فعل مضارع کی گردانیں یاد ہوئیں تو فعل مضارع سے بننے والی دیگر افعال کی گردانوں کو یاد کرنے میں اور بنانے میں بڑی آسانی ہو جائیگی اسی طرح ہر گردان کے نقشے سے پہلے ان قوانین کو پڑھایا جائے جن کے لگنے کی ابتدا اُن گردانوں سے ہو رہی ہے۔ اور جب فعلوں کی گردانوں کے نقشے ختم ہو جائیں تو پھر حسب سابق اسم فاعل اسم مفعول وغیرہ کی گردانوں کے سننے سے پہلے بھی ان قوانین کو پڑھادیا جائے جن کے لگنے کی ابتداء انہیں گردانوں سے ہو رہی ہے۔ اور پھر ان کے اندر بھی ہفت اقسام کی ترتیب کے مطابق گردانیں سنی جائیں اور صیغوں کا اجراء کروایا جائے۔

گردانوں کے یاد کروانے اور قانون لگوانے کی ایک خاص ترتیب جو تجربۃً مفید اور آسان ثابت ہوئی ہے

وہ یہ ہے کہ طلباء کرام کو مقدمہ اور صرف کے بائیس ابواب یاد کروانے کے بعد ماضی کے صیغوں میں لگنے والے قوانین پڑھانے کے ساتھ ساتھ نقشوں سے ماضی، مضارع اور دیگر افعال کی گردانیں قوانین کے اجراء کے بغیر یاد کروادی جائیں اور پھر افعال میں لگنے والے قوانین کے اختتام کے بعد دوبارہ نقشوں سے گردانیں سنی جائیں اور ان میں قوانین کا خوب اجراء کیا جائے اور اسی طرح اسم فاعل، مفعول اور دیگر اسماء کی گردانوں کو بھی قوانین کے اجراء کے بغیر یاد کروادیا جائے اور پھر اسماء میں لگنے والے قوانین کے اختتام کے بعد ان میں قوانین کا خوب اجراء کروادیا جائے۔ اس طریقہ سے طالبعلم کے ذہن پر بوجھ بھی کم ہو جائے گا کیونکہ اب اس کو صرف قوانین کے اجراء کی فکر ہو گی نا کہ گردانوں کے یاد کرنے کی۔ اور جب نقشوں کے ذریعے گردانیں سن لی جائیں تو پھر مثال اجوف ناقص وغیرہ کی صرف صغیریں سن لی جائیں۔ یہاں یہ بات میں عرض کرتا چلوں کہ کتاب ہذا میں مثال، اجوف، ناقص، لفیف اور مضاعف کی صرف صغیروں کو انکی صرف کبیروں سے مؤخر کر دیا گیا ہے کیونکہ صیغے کی پہچان وہ صرف کبیر پر موقوف ہے نہ کہ صرف صغیر پر بلکہ صرف صغیر پر تو صرف باب کی پہچان موقوف ہے تو ان ابواب کی پہچان کے لیے کتاب ہذا کی ترتیب کے مطابق صرف کے ابتدائی بائیس ابواب خوب یاد کروادیے جائیں انشاء اللہ ان بائیس ابواب کے یاد کرنے سے مہموز، مثال، اجوف، ناقص وغیرہ کے صیغوں کے اندر بابوں کے پہچاننے میں آسانی ہو جائے گی (کتاب ہذا میں بابوں کے پہچاننے کے لیے مزید اور علامات بھی ذکر کر دی گئی ہیں) لہٰذا جب صیغہ کی پہچان صرف کبیر پر موقوف ہے تو اس لئے عرض ہے کہ پہلے نقشہ کے ذریعے تمام صرفِ کبیروں کو سن لیا جائے اور ان میں قوانین کا خوب اجراء کروالیا جائے تاکہ مقصد اصلی صیغہ کی پہچان تک جلد رسائی ہو سکے پھر اس کے بعد مثال اجوف ناقص وغیرہ کی صرفِ صغیروں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کو سن لیا جائے تا کہ ابواب کو پہچاننے میں اور زیادہ سہولت ہو جائے اس طریقہ سے ان بابوں کو یاد کرنے میں بھی آسانی ہو جائیگی کیونکہ جس طالبعلم نے نقشوں کے ذریعہ ہر صرف صغیر کے چودہ یا کم وبیش صیغے یاد کر لئے اس کے لیے صرف صغیر کے اندر بطور نمونہ ہر صرف کبیر (بڑی گردان) کا ایک ایک صیغہ جوڑ کر یاد کرنا کیا مشکل ہوگا اور اسی طرح کتاب ہذا میں جوازی قوانین کو بھی مؤخر کر دیا گیا ہے تا کہ وجوبی قوانین تک جلد از جلد رسائی ہو سکے کیونکہ کلام عرب میں عام استعمال ہونے والے صیغوں کی پہچان کا دارومدار وجوبی قوانین پر ہے نہ کہ جوازی قوانین پر بلکہ جوازی قوانین پر تو ان الجھنے اور الجھانے والے مشکل صیغوں کا سمجھنا موقوف ہے جنکی اصل شکل وصورت جوازی قوانین کے ذریعہ تبدیل ہو چکی ہے لیکن ایسے مشکل صیغوں کا استعمال کتب عربیہ درسیہ میں بہت کم ہوتا ہے۔ لہٰذا الاھم فالاھم کے اصول کو مد نظر رکھتے ہوئے وجوبی قوانین کو مقدم کیا گیا ہے اور اس کتاب کے آخر میں خاصیات کو بھی لکھ دیا گیا ہے تا کہ صیغوں کے اندر خاصیات کے مطابق معنیٰ کرنے میں آسانی ہو جائے ساتھ ہی کچھ اہم اور مشکل صیغوں کا حل بھی کتاب کے آخر میں لکھدیا گیا ہے تا کہ ضرورت کے وقت انکے سمجھنے میں آسانی ہو جائے۔ الحمد للہ اس ترتیب سے صرف کے پڑھنے اور پڑھانے سے صرف کا ضروری تعلیمی سفر چند ماہ میں پورا ہوتا ہوا نظر آئے گا۔

نحو کی ابتداء:۔ پھر جب کتاب ہذا میں وجوبی قوانین ختم ہو جائیں اور نقشوں کے ذریعہ تمام گردانیں بھی سن لی جائیں تو اب انکو صرف کا باقی حصہ پڑھانے کے ساتھ ساتھ نحو میر وغیرہ شروع کروادی جائے اور نحو میر کو اجراء کے ساتھ پڑھایا جائے (نحو میر وغیرہ کے مسائل کے اجراء کا طریقہ العلامات النحویہ کے آخر میں لکھ دیا گیا ہے وہاں ملاحظہ فرمالیں) جب نحو میر وغیرہ اعراب کی سولہ اقسام تک پہنچ جائے تو ساتھ ہی العلامات النحویہ کو بمع اجراء شروع کروادیا جائے اللہ پاک کے فضل وکرم سے اس انداز سے ایک ہی سال میں ابتدائی طلباء کرام کو صرف ونحو کے کافی مسائل پر دسترس حاصل ہو جائیگی اور عربی عبارت اور ترکیب کے سمجھنے میں آسانی ہو جائیگی۔ بِتَوفِيْقِ اللّٰهِ تَعَالىٰ وَ عَوْنِهٖ۔

طریقہ تلخیص:۔ اگر کسی کے پاس وقت کم ہو یا تعلیم البنات کا سلسلہ ہو تو ان کو مختصر قوانین تو مکمل پڑھا دیئے جائیں لیکن جو قوانین طویل اور زیادہ شرائط پر مشتمل ہیں ان کا صرف مطلب اور زیادہ استعمال ہونے والی شرطیں پڑھادی جائیں لیکن مطالعہ پورے قانون کا کروادیا جائے تا کہ تمام مسائل پر ایک نظر گزر جائے۔

ایک وہم کا ازالہ:۔ کتاب ہذا کے بارہ میں طوالت کے وہم سے بچنے کے لیے یہ بات پیش نظر رہے کہ اس کتاب میں طلباء کرام کو پڑھائی جانے والی باتیں مقدمہ، قوانین، ابواب، نقشے، صیغے اور خاصیات وغیرہ ہیں اور اجراء وغیرہ کے متعلق باقی مضامین صرف پڑھانے والے مبتدی اساتذہ کرام کیساتھ مذاکرے کی غرض سے لکھے گئے ہیں تا کہ ضرورت کے وقت صرف کے تعلیمی انداز کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدمۃ الصرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم○

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن۔ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن○

اَمَّا بَعْد فَیَقُوْلُ الْعَبْدُ الْمفتقِر اِلَی اللّٰہ مُحمّد حَسَنُ ابنُ القارِی مُحَمّد قَاسِم المِیْوَاتِی ثُمّ الرّائیونِدی ھٰذا کتابٌ مَوْسُومٌ **بِالصَّرفِ الْعَزِیْز** بتوفیقِ اللّٰہِ تعالیٰ جَمَعْتُ فِیْہ قَوَاعِدَ الصَّرْفِ بالطَّرِیْقَۃِ الجَدِیدۃِ وزَیَّنْتُہ' بِالْفَوَائِدِ الْغرِیْبَۃِ والنُّکْتَۃِ لِلْمُبتدئین واَسْئَالُ اللّٰہَ تَعَالیٰ اَنْ یَّنْفَعَ بِہٖ سَائِرَ الْمُسْتَفِیْدِیْن وَھُوَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ الْمُعِیْن۔

شارع ہر علم کے لئے چار امور کا جاننا ضروری ہے۔

نمبر۱۔ تعریف نمبر۲۔ موضوع نمبر۳۔ غرض نمبر۴۔ واضع

تعریف :۔ تعریف شئے کی وہ ہوتی ہے کہ جس کے جاننے سے وہ شئے معلوم ہو جائے۔ جیسے سال کے ابتداء میں دو مختلف علاقوں کے طالبعلم داخل ہوئے۔ دونوں ایک دوسرے سے اجنبی تھے۔ لیکن جب دونوں نے اپنا ایک دوسرے سے تعارف کرایا مثلاً ایک طالب علم نے کہا کہ میرا نام محمد بلال ہے اور میں مکہ مکرمہ کا رہنے والا ہوں اور دوسرے نے کہا کہ میرا نام محمد عثمان ہے اور میں مدینہ منورہ کا رہنے والا ہوں۔ تو اس طرح تعارف کروانے سے ایک دوسرے کی پہچان ہو گئی ایسے ہی تعریف کرنے سے بھی ایک شے کی پہچان ہو جاتی ہے۔

موضوع :۔ موضوع علم کا وہ ہوتا ہے کہ جس کے احوال ذاتیہ اس علم میں بیان کئے جائیں جیسے جلسے کا موضوع سیرت النبیؐ ہو تو اس جلسے میں حضور ﷺ کی حیوۃ طیبہ کے مبارک احوال کو بیان کیا جائے گا۔ اور اگر جلسہ کا موضوع عظمت صحابہؓ ہو تو اس جلسہ میں صحابہ کرامؓ کے مبارک دور کی جھلک پیش کی جائے گی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غرض :۔غرض وہ ہوتی ہے جس کے لیئے فاعل فعل کرے۔ جیسے کھانا کھانا بھوک کو ختم کرنے کے لئے اور پانی پینا پیاس کو ختم کرنے کے لئے اور علم دین حاصل کرنا اللہ پاک کو راضی کرنے کے لئے۔

واضع :۔واضع وہ ہوتا ہے جو بنانے والا ہو جیسے مدارس دینیہ میں اساتذہ کرام حافظِ قرآن، محدّث، مُفسّر، مُبلغ اور مُجاہد وغیرہ بنانے والے اور تیار کرنے والے ہیں۔

اور یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ ان چار امور کا جاننا کیوں ضروری ہے۔

تعریف کا جاننا اس لئے ضروری ہے تاکہ طالب شئے مجھول کا نہ ہو جیسے طالب علم کسی مدرسہ کی طرف روانہ ہونے سے قبل اس مدرسہ کا پتہ معلوم کرتا ہے تاکہ طالب (تلاش کرنے والا) مجھول (نامعلوم) مدرسہ کا نہ ہو اور **موضوع** کا جاننا اس لئے ضروری ہے تاکہ طالب علم اپنے مقصود (پڑھنا، علم دین حاصل کرنا) کو غیر مقصود سے جدا کر سکے اور **غرض** کا جاننا اس لئے ضروری ہے تاکہ اسکی کوشش ضائع نہ ہو اور **واضع** کا جاننا اس لئے ضروری ہے تاکہ اسکا دل مطمئن رہے۔

صرف بھی علوم میں سے ایک علم ہے اس میں بھی ان چار امور کا جاننا ضروری ہے

علم صرف کی تعریف :۔صرف کے لغوی معنے ہیں گردانیدن (لوٹانا) اور اصطلاحی معنے یعنی اسکی تعریف یہ ہے کہ اَلصَّرْفُ عِلْمٌ بِاُصُوْلٍ یُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَبْنِیَةِ الْکَلِمِ الَّتِیْ لَیْسَتْ بِاِعْرَابٍ وَّ بِنَاءٍ یعنی علم صرف چند ایسے قوانین کے جاننے کا نام ہے جن قوانین کے ذریعے ایک کلمے کو دوسرے کلمے سے بنانے کا طریقہ معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس سے اعراب وبناء کی پہچان نہیں ہوتی کیونکہ اس کی پہچان علم نحو سے ہوتی ہے۔

اور **علم صرف کا موضوع** اَلْکَلِمَةُ مِنْ حَیْثُ الصِّیْغَةِ یعنی علم صرف کا موضوع کلمہ ہے باعتبار صیغہ کے آیا یہ ماضی کا صیغہ ہے یا مضارع کا۔

اور **علم صرف کی غرض** صِیَانَةُ الذِّهْنِ عَنِ الْخَطَأِ اللَّفْظِیِّ فِیْ کَلَامِ الْعَرَبِ مِنْ حَیْثُ الصِّیْغَةِ یعنی طالبعلم کے ذہن کو کلام عرب میں صیغہ کی غلطی سے بچانا جیسے قَوْل کو قَال پڑھنا نہ کہ قَوْل یہ علم صرف سے معلوم ہوگا۔

صِیْغَةٌ اصل میں صِوْغَةٌ تھا واؤ کو یا کے ساتھ بدلا دیا صِیْغَةٌ ہوگیا۔ صیغہ کا لغوی معنی زر در بوتہ گداختن (سونے کو کٹھالی میں پگھلانا)۔

اور اصطلاحی معنی یعنی تعریف اس کی یہ ہے کہ هِیَ هَیْئَةٌ عَارِضَةٌ لِمَا دَّةِ الْکَلِمَةِ (وہ ایک شکل ہے جو کلمے کے مادے (اصلی حروف) کو لاحق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوتی ہے)اور بعض اس کی تعریف یوں کرتے ہیں هِیَ هَیْئَۃٌ حَاصِلَۃٌ لِلْکَلِمَۃِ بِاِعْتِبَارِ تَقْدِیْمِ الْحُرُوْفِ وَ تَاخِیْرِ هَا وَ حَرَکَاتِهَا وَ سَکَنَاتِهَا(وہ ایک شکل ہے جو کلمہ کو حاصل ہوتی ہے حروف، حرکات اور سکنات کو آگے پیچھے کرنے کے لحاظ سے)۔

اور علم صرف کے واضع ابومسلم معاذبن مُسلِم الھَرَّا کوفی ہیں(اَلْهَرَّاء بِفَتْحِ الهاء و تشديد الرّا نسبة الى بيعِ الثّياب الهَرَوِيَّة)

جیسے کسی شاعر نے کہا ہے :۔ وَاضِعُ الصَّرْفِ مُعَاذُبْنُ الْهَرَّا = کَانَ لِلنَّحْوِاَمِیْرًاحَیْدَرَا

اور یہ بھی جاننا چاہئے کہ عرب والے اپنی اصطلاح میں زبر کو فتحہ، زیر کو کسرہ اور پیش کو ضمہ کہتے ہیں۔ یہ نام ان کے خاص خاص ہیں۔ عام نام ان کا حرکت ہے۔ جس حرف پر فتحہ ہو اس کو مفتوح، جس پر کسرہ ہو اس کو مکسور اور جس پر ضمہ ہو اس کو مضموم کہتے ہیں۔ یہ بھی ان کے خاص خاص نام ہیں۔ عام نام ان کا متحرک ہے۔ **اصطلاح** کا معنی لغت میں باہم صلح کردن اور اصطلاح میں اِتِّفَاقُ قَوْمٍ مَخْصُوْصٍ عَلٰی اَمْرٍمَخْصُوْصٍ یعنی مخصوص قوم کا کسی مخصوص بات پر اتفاق کر لینا۔ جیسے تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ کلمہ طیبہ سے وہ کلمہ مراد ہے جس کو پڑھ کر آدمی اسلام میں داخل ہوتا ہے اور وہ کلمہ یہ ہے :۔ لَآاِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور ایسے ہی کلمہ کا لفظ جب نحو کی کتابوں میں ذکر ہو تو اس وقت بالاتفاق تمام نحویوں کے نزدیک اس کی تعریف اور مطلب یہ ہوگا کہ کلمہ ہر اس لفظ کو کہتے ہیں تنہا لفظ تنہا معنے پر دلالت کرے یعنی لفظ بھی ایک ہو اور معنے بھی ایک ہو جیسے ابوبکرؓ ،عمرؓ ،عثمانؓ ،علیؓ۔ حرکت کے نہ ہونے کو سکون کہتے ہیں جس حرف پر سکون ہو اس کو ساکن کہتے ہیں۔ جس حرف پر دو حرکتیں ہوں دوسری حرکت تنوین کی نشانی ہوتی ہے۔ تنوین وہ نون ساکن ہوتا ہے جو کلمہ کی آخری حرکت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ **کلمہ** وہ لفظ ہوتا ہے جو مفرد (اکیلے) معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو۔

﴿بحث سہ اقسام﴾

کلمہ لغت عرب میں تین قسم ہے۔ اسم۔ فعل۔ حرف۔ لغت کا معنی لغت میں زبان قوم یعنی لُغَۃُ کُلِّ قَوْمٍ مَّا یُعَبِّرُ بِهٖ عَنْ اَغْرَاضِهِمْ یعنی لغت ہر قوم کی زبان کے وہ الفاظ ہوتے ہیں جن الفاظ کے ذریعے وہ قوم اپنے اغراض و مقاصد کو بیان کرے۔ جیسا کہ سڑک اب عربی زبان میں اس کو شارع کہتے ہیں جبکہ اردو زبان والے سڑک کہتے ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح روٹی کو عربی میں خبز فارسی میں نان اور اردو میں روٹی کہتے ہیں۔ لغت کی اصطلاحی تعریف هِيَ اَلْفَاظٌ غَيْرُ مَعْرُوفَةِ الْمَعَانِي یعنی لغت ایسے الفاظ کو کہا جاتا ہے جنکے معانی مشہور نہ ہوں۔ لُغَةٌ اصل میں لُغْوٌ تھا۔ واؤ کو الف کے ساتھ بدلا کر الف کو بوجہ التقائے ساکنین گرا کر اس کے عوض اسی جگہ تا لے آئے لغۃ ہو گیا۔

اسم وہ کلمہ ہے کہ جس کا معنی دوسرے کلمے کے ملائے بغیر سمجھ میں آجائے اور تینوں زمانوں کے میں سے کسی ایک زمانے کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو۔ زمانے تین ہیں ماضی، حال، استقبال۔ ماضی گزشتہ زمانہ کو، حال موجودہ زمانے کو اور استقبال آئندہ زمانہ کو کہتے ہیں۔ مثال اسم کی جیسا کہ رجل، فرس،۔ رجل کا معنی مرد اور فرس کا معنی گھوڑا۔ رجل کی تعریف اَلرَّجُلُ ذَكَرٌ مِنْ بَنِي آدَمَ تَجَاوَزَ عَنْ حَدِّ الصِّغَرِ اِلَى حَدِّ الْكِبَرِ (یعنی رجل بنی آدم میں سے ایک مذکر انسان ہوتا ہے جو بچپن سے بچپن کی طرف یعنی بڑھاپے کی طرف آہستہ آہستہ بڑھتا ہے)۔ بنی آدم سے مراد نوع انسان ہے۔ تاکہ یہ تعریف آدمؑ کو بھی شامل ہو جائے۔ فرس کی تعریف یہ ہے اَلْفَرَسُ حَيْوَانٌ صَاهِلٌ۔

فعل وہ کلمہ ہے کہ جس کا معنی دوسرے کلمہ کے ملائے بغیر سمجھ میں آجائے اور تین زمانوں میں سے کسی ایک زمانہ کے ساتھ ملا ہوا ہو جیسا کہ ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ ضَرَبَ کا معنی مارا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں اور يَضْرِبُ کا معنی مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں۔ حرف وہ کلمہ ہے کہ جس کا معنی دوسرے کلمے کے ملائے بغیر سمجھ میں نہ آئے اور تینوں زمانوں میں سے کسی زمانہ کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو۔ جیسا کہ مِنْ و اِلَى۔ مِنْ کا معنی ابتدا خاص مثلاً بصرہ سے اور اِلَى کا معنی انتہاءِ خاص مثلاً کوفہ تک۔ جب تک مِنْ کے ساتھ ما منه الابتداء مثلاً بصرہ اور الی کے ساتھ ما منه الانتهاء مثلاً کوفہ نہ ذکر کیا جائے اس وقت تک ان کا معنی سمجھ میں نہیں آتا۔ مثال سب کی جیسا کہ ذَهَبْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوفَةِ۔ ذهبت فعل۔ بصرہ کوفہ اسم۔ من، الی حرف۔

بعض علما نے اسم فعل اور حرف کی کچھ علامات بیان کی ہیں تاکہ شناخت میں آسانی ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

علامات اسم:۔

اسم کی علامات یہ ہیں۔

اسکے شروع میں الف لام ہوجیسا کہ اَلْحَمْدُ۔ یا حرف ندا ہوجیسا کہ یَا عَبْدَاللّٰہ۔ یا حرف جر ہوجیسا کہ بِزَیْدٍ۔ اسکے آخر میں تنوین ہو جیسا کہ زَیْدٌ یا تائے متحرکہ ہوجیسا کہ ضَارِبَۃٌ۔ یا وہ مسندالیہ (جس کی طرف کسی کام کی نسبت کی جائے) ہوجیسا کہ زَیْدٌ قَائِمٌ یا مسندالیہ بننے کی صلاحیت ہو یعنی کبھی اسکے بارے میں کوئی خبر دینا صحیح ہو جیسے اکیلا زَیْدٌ یا مضاف ہوجیسا کہ غُلَامُ زَیْدٍ۔ یا مصغر ہوجیسا کہ قُرَیْشٌ تصغیر قَرْشٌ کی بالفتح ماہی است کہ بر ماہیاں چیرہ باشد و بخورد (وہ مچھلی جو دوسری مچھلیوں پر غالب ہو کر انکو کھالے) یا منسوب ہوجیسا کہ بغدادیٌّ یا تثنیہ ہوجیسا کہ رَجُلَانِ یا جمع ہوجیسا کہ رِجَالٌ (اور فعل میں تثنیہ اور جمع کے صیغے باعتبار فاعل کے ہیں یعنی فاعل کی ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے ہیں اور ضمیریں سب کی سب اسم ہیں) یا موصوف ہوجیسا کہ جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ۔

علاماتِ فعل۔

فعل کی علامات یہ ہیں۔

اس کے اول میں قَدْ ہوجیسا کہ قَدْ ضَرَبَ یا سین ہوجیسا کہ سَیَضْرِبُ یا سوف ہوجیسا کہ سَوْفَ یَضْرِبُ یا حرف جزم ہوجیسا کہ لَمْ یَضْرِبْ۔ یا اس کے آخر میں تائے تانیث ساکنہ ہوجیسا کہ ضَرَبَتْ۔ یا ضمیر مرفوع متصل بارز ہوجیسا کہ ضَرَبْتَ۔ یا نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ لاحق ہوجیسا کہ اِضْرِبَنَّ، اِضْرِبَنْ۔ یا وہ مسند (جس کام کی نسبت کی جائے) تو بن سکے لیکن مسندالیہ نہ بن سکے (یعنی اسکے ذریعے کسی کام کی خبر دینا صحیح ہو لیکن خود کام کرنے والا نہ ہو) جیسا کہ ضَرَبَ، نَصَرَ وغیرہ مسند تو بن سکتے ہیں لیکن بغیر تاویل کے مسندالیہ نہیں بن سکتے اور تاویل سے مراد یہ ہے کہ جب فعل بول کر اس سے مراد فعل کا لفظ لیا جائے نہ کہ معنیٰ اس وقت فعل اسم بن جائیگا اور مسندالیہ بھی بن سکے گا جیسے ضَرَبَ صِیْغَۃُ مَاضٍ (ضَرَبَ ماضی کا صیغہ ہے) یا امر ہوجیسا کہ اِضْرِبْ یا نہی ہوجیسا کہ لَا تَضْرِبْ

علامتِ حرف۔

حرف کی علامت یہ ہے کی اس میں اسم اور فعل کی علامات میں سے کوئی نہ ہوجیسا کہ مِنْ، اِلٰی۔

اسم کی پہلی تقسیم:۔

اسم دو قسم پر ہے: ۱۔ اسم ظاہر ۔ اسم ضمیر

اسم ظاہر:۔ وہ اسم ہے جو ضمیر نہ ہو یعنی ضمیر کے علاوہ جتنے بھی اسم ہیں وہ سب کے سب اسم ظاہر "

مثال:۔ ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسم ضمیر:۔ وہ اسم ہے جس کے ذریعے سے متکلم مخاطب یا غائب کے حال کو بیان کیا جائے۔

مثال:۔ هُوَ الاوّلُ وَا لاٰ خِرُ والظّاہِرُ و الباطِنُ۔ هُوَ اَنتَ۔ اَنا نَحنُ

اسم ضمیر تین قسم پر ہے:۔ مرفوع۔ منصوب۔ مجرور۔

مرفوع:۔ مرفوع علامت ہے فاعل کی۔ **منصوب:۔** منصوب علامت ہے مفعول کی۔

مجرور:۔ مجرور علامت ہے مضاف الیہ کی۔

اسم ضمیر کی ان تین اقسام میں سے ہر ایک دو قسم پر ہے سوائے مجرور کے وہ صرف ایک قسم پر ہے متصل نہ کہ منفصل تاکہ مجرور کی تقدیم جار پر لازم نہ آئے۔ اس طرح ضمیر کی کُل پانچ اقسام بنتی ہیں۔

مرفوع متصل:۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔ محل نظر

مثال: قَتَلْتَ اَنعَمْتَ حَسِبْتُمْ نَصَرُوا رَفَعْنَا اَنزَلْنَا

مرفوع منفصل:۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔

مثال: هُوَ هُمَا هُمْ اَنتَ اَنتُمَا اَنتُمْ اَنَا نَحنُ۔

منصوب متصل:۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔

مثال: ضَرَبَهٗ۔ خَلَقَهُمْ۔ نَصَرَكُمْ نَعْبُدُكَ نَشْكُرُكَ

منصوب منفصل:۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔

مثال: اِيَّاهُ۔ اِيَّا هُمَا۔ اِيَّاهُمْ۔ اِيَّاكَ۔ اِيَّایَ۔ اِيَّانَا۔

مجرور متصل:۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔

مثال: غُلَامُهٗ۔ فِيهِ۔ رَبُّكَ

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر مجرور

مجرور متصل دو قسم پر ہے :۔ مجرور باضافت' مجرور بحرف جر

مجرور باضافت:۔ وہ ضمیر ہے جو مضاف کے بعد واقع ہو

مثال: رَسُوْلُه' ـنَبِيِّه'ـ وَلِيِّه'ـ عَبْدُهٗ ـ رَبُّكَ ـ رَبُّكُمْ

مجرور بحرف جر :۔ وہ ضمیر ہے جس پر حرف جر داخل ہو حروف جارہ سترہ ہیں جن کو شاعر نے ایک شعر میں ذکر کیا ہے۔

باؤ تاؤ کاف و لام و واؤ مُنذ و مذ خلا

ربّ' حاشا' من' عدا ' فی' عن' علی' حتیٰ ' الیٰ

خط کشیدہ آٹھ حروف جارہ ضمیر پر داخل ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کے بعد جو ضمیر واقع ہوگی وہ ضمیر مجرور متصل ہوگی۔

مکمل گردان مجرور باضافت

غُلامُهٗ	غُلامُكَ	غُلامِیْ	كِتَابُه	كِتَابُكَ	كِتَابِیْ
غُلامُهُمَا	غُلامُكُمَا	غُلامُنَا	كِتَابُهُمَا	كِتَابُكُمَا	كِتَابُنَا
غُلامُهُمْ	غُلامُكُمْ		كِتَابُهُمْ	كِتَابُكُمْ	
غُلامُهَا	غُلامُكِ		كِتَابُهَا	كِتَابُكِ	
غُلامُهُمَا	غُلامُكُمَا		كِتَابُهُمَا	كِتَابُكُمَا	
غُلامُهُنَّ	غلامُكُنَّ		كِتَابُهُنَّ	كِتَابُكُنَّ	

مکمل گردان مجرور بحرف جر

لَهٗ	بِهٖ	فِيْهِ	رُبَّهٗ	مِنْهُ	اِلَيْهِ	عَنْهُ	عَلَيْهِ
لَهُمَا	بِهِمَا	فِيْهِمَا	رُبَّهُمَا	مِنْهُمَا	اِلَيْهِمَا	عَنْهُمَا	عَلَيْهِمَا
لَهُمْ	بِهِمْ	فِيْهِمْ	رُبَّهُمْ	مِنْهُمْ	اِلَيْهِمْ	عَنْهُمْ	عَلَيْهِمْ
لَهَا	بِهَا	فِيْهَا	رُبَّهَا	مِنْهَا	اِلَيْهَا	عَنْهَا	عَلَيْهَا

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

لَهُمَا	بِهِمَا	فِيهِمَا	رُبَّهُمَا	مِنْهُمَا	اِلَيْهِمَا	عَنْهُمَا	عَلَيْهِمَا
لَهُنَّ	بِهِنَّ	فِيهِنَّ	رُبَّهُنَّ	مِنْهُنَّ	اِلَيْهِنَّ	عَنْهُنَّ	عَلَيْهِنَّ
لَكَ	بِكَ	فِيكَ	رُبَّكَ	مِنْكَ	اِلَيْكَ	عَنْكَ	عَلَيْكَ
لَكُمَا	بِكُمَا	فِيكُمَا	رُبَّكُمَا	مِنْكُمَا	اِلَيْكُمَا	عَنْكُمَا	عَلَيْكُمَا
لَكُمْ	بِكُمْ	فِيكُمْ	رُبَّكُمْ	مِنْكُمْ	اِلَيْكُمْ	عَنْكُمْ	عَلَيْكُمْ
لَكِ	بِكِ	فِيكِ	رُبَّكِ	مِنْكِ	اِلَيْكِ	عَنْكِ	عَلَيْكِ
لَكُمَا	بِكُمَا	فِيكُمَا	رُبَّكُمَا	مِنْكُمَا	اِلَيْكُمَا	عَنْكُمَا	عَلَيْكُمَا
لَكُنَّ	بِكُنَّ	فِيكُنَّ	رُبَّكُنَّ	مِنْكُنَّ	اِلَيْكُنَّ	عَنْكُنَّ	عَلَيْكُنَّ
لِيَ	بِيَ	فِيَّ	رُبِّيَ	مِنِّي	اِلَيَّ	عَنِّي	عَلَيَّ
لَنَا	بِنَا	فِينَا	رُبَّنَا	مِنَّا	اِلَيْنَا	عَنَّا	عَلَيْنَا

ضمیر منصوب

ضمیر منصوب دو قسم پر ہے ۱۔ متصل ۲۔ منفصل

۱۔ ضمیر منصوب منفصل:۔ جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔

مثال اِيَّاكَ۔ اِيَّاكُمَا۔ اِيَّاكُمْ

مکمل گردان:۔

اِيَّاهُ	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُمْ	اِيَّاهَا	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُنَّ
اِيَّاكَ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُمْ	اِيَّاكِ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُنَّ
اِيَّايَ	اِيَّانَا				

ضمیر منصوب متصل:۔ جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔

مثال رَفَعَهُ اللّٰهُ۔ قَرَأْنَاهُ۔ نَسْتَعِيْنُكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر منصوب متصل تین چیزوں کے بعد واقع ہوگی

۱۔ فعل متعدی کے بعد :

ضَرَبَهُ ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ
ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ
ضَرَبَنِیْ ضَرَبَنَا

اسی طرح اور مثالیں بھی تیار کریں

جیسے :۔ قَتَلَهُ قَتَلَهُمَا قَتَلَهُمْ (الخ) اِضْرِبْهُ اِضْرِبْهُمَا اِضْرِبْهُمْ (الخ)
يَدْخُلُهُ يَدْخُلُهُمَا يَدْخُلُهُمْ (الخ) لا تَأْكُلْهُ لا تَأْكُلْهُمَا لا تَأْكُلْهُمْ (الخ)

فائدہ :۔ جہاں بھی فعل کے بعد ہٗ ۔ هُمَا ۔ هُمْ هَا هُمَا هُنَّ ۔ كَ كُمَا ۔ كُمْ الخ (یہ سب مفعول بہ کی ضمیریں ہیں اور ترکیب میں ما قبل فعل کے لیے مفعول بہ واقع ہوتی ہیں۔)

مثال قَتَلُوْهُ۔ اَنُلْزِمُكُمُوهَا۔ نَسْتَعِيْنُكَ۔ نَسْتَغْفِرُكَ۔ نَشْكُرُكَ۔ رَزَقْنٰهُمْ۔

فائدہ یہ مفعول کی ضمیریں ماضی۔ مضارع۔ امر۔ نہی۔ تمام صیغوں کے بعد آسکتی ہیں۔

۲۔ حروفِ مشبّہ بالفعل کے بعد :

اِنَّهُ اِنَّهُمَا۔ اِنَّهُمْ۔ اِنَّهَا۔ اِنَّهُمَا۔ اِنَّهُنَّ اِنَّكَ۔ اِنَّكُمَا۔ اِنَّكُمْ۔ اِنَّكِ۔ اِنَّكُمَا۔ اِنَّكُنَّ۔ اِنَّنِی اِنَّنَا۔

اسی طرح تمام حروف مشبہ بالفعل کے بعد گردان کرلیں۔ جیسے

اَنَّهُ اَنَّهُمَا اَنَّهُمْ (الخ) كَاَنَّهُ كَاَنَّهُمَا كَاَنَّهُمْ (الخ)

اور حروفِ مشبہ بالفعل چھ ہیں :۔ اِنَّ اَنَّ كَاَنَّ لَيْتَ لٰكِنَّ لَعَلَّ

۳۔ اسمائے افعال کے بعد :۔ (جو بظاہر اسم ہوں لیکن معنی فعل والا ہو)

رُوَيْدَهُ رُوَيْدَهُمَا رُوَيْدَهُمْ رُوَيْدَهَا رُوَيْدَهُمَا رُوَيْدَهُنَّ
رُوَيْدَكَ رُوَيْدَكُمَا رُوَيْدَكُمْ رُوَيْدَكِ رُوَيْدَكُمَا رُوَيْدَكُنَّ
رُوَيْدَنِیْ رُوَيْدَنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رُوَيْدَهُ بمعنى اُتْرُكْهُ یا اَمْهِلْهُ ترجمہ۔ تو چھوڑ اس کو یا مہلت دے اس کو

اجراء :۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ قَتَلُوْهُ فَادْخُلُوْهَا عَلَّمَكُمْ خُذُوْهُ لَعَلَّكُمْ كَاَنَّهُمْ رَبُّكُمْ فِيْهَا اِنَّهُ عَلٰى كُلِّ شَئى قدير

میرے عزیز طلباء ان الفاظ میں بتائیں کونسی ضمیریں ہیں۔ مع نام کے بتائیں۔

ضمیر مرفوع

ضمیر مرفوع دو قسم پر ہے : ا۔ متصل ۲۔ منفصل

مرفوع منفصل :۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔

مثال۔ هُوَ هُمَا هُمْ هِيَ هُمَا هُنَّ

اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ

اَنَا نَحْنُ

ضمیر مرفوع متصل :۔ وہ ضمیر جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔

ضمیر مرفوع متصل دو قسم پر ہے

بارز :۔ جو ظاہر پڑھی جائے یعنی آنکھوں سے نظر آئے

مستتر :۔ جو ظاہر نہ پڑھی جائے یعنی آنکھوں سے نظر نہ آئے۔

سوال ضمیر مرفوع متصل بارز کن صیغوں میں ہوتی ہے۔

جواب ضمیر مرفوع متصل بارز ماضی کے بارہ صیغوں میں ہوتی ہے۔

پہلے صیغہ (واحد مذکر غائب مثلاً ضَرَبَ) اور چوتھے صیغہ (واحد مؤنث غائب مثلاً ضَرَبَتْ) کو نکال دیں تو باقی بارہ صیغوں میں ضمیر مرفوع متصل بارز ہو گی یعنی آنکھوں سے نظر آئے گی۔ ماضی کے پہلے صیغے (مثلاً ضَرَبَ اَكْرَمَ وغیرہ) کے بعد جتنے لفظ ہوں گے۔ وہ سب ضمیر ہوں گے۔ سوائے ضَرَبَتَا کے۔ کہ اس میں تاء تانیث کی علامت ہے۔ لہٰذا ضَرَبَا میں الف۔ اور ضَرَبُوْا میں واؤ۔ ضَرَبَتَا میں الف۔ ضَرَبْنَ میں نون اور اسی طرح باقی صیغوں کے آخر میں تَ۔ تُمَا۔ تُمْ۔ تِ۔ تُمَا۔ تُنَّ۔ تُ۔ نَا۔ یہ سب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیریں مرفوع متصل بارز ہیں۔یعنی آنکھوں سے نظر آرہی ہیں۔اب مرفوع کیوں ہیں ؟ فاعل کی علامت ہیں۔متصل کیوں ؟ ملی ہوئی ہیں۔بارز کیوں ؟بغیر عینک کے بھی نظر آتی ہیں۔

مضارع کے نو صیغوں میں ضمیر مرفوع متصل بارز ہوگی یعنی آنکھوں سے نظر آئے گی۔وہ نو صیغے یہ ہیں۔

چار تثنیہ کے ان میں ضمیر الف ہوگی۔ لہٰذا یَضرِبَانِ اور تین تَضرِبَانِ میں ہمیشہ الف ضمیر ہوگی۔ دو جمع مذکر کے یَضرِبُونَ۔ تَضرِبُونَ ان میں ہمیشہ واؤ ضمیر ہوگی۔دو جمع مؤنث کے صیغے۔یَضرِبْنَ تَضرِبْنَ ان میں ہمیشہ نون ضمیر مرفوع متصل بارز ہوگی یعنی آنکھوں سے نظر آئے گی۔ تَضرِبِینَ میں یا ضمیر مرفوع متصل بارز ہے عند الجمهور۔

فائدہ :۔تَضرِبِینَ واحدہ مؤنثہ مخاطبہ کی ضمیر کے اندر اختلاف ہے اور دو مذہب ہیں۔عند الاخفش اس میں اَنْتِ ضمیر مرفوع متصل مستتر واجب الاستتار ہے اور اسکے اندر یا صرف تانیث کی علامت ہے۔عند الجمهور اس میں یا ضمیر مرفوع متصل بارز کی ہے اور ساتھ ہی تانیث کی علامت بھی ہے۔

خلاصہ یہ نکلا کہ ان نو صیغوں میں ضمیریں کل چار لفظ ہیں الف۔واؤ۔نون۔یا۔اگر یہی نو صیغے مضارع کے علاوہ باقی گردانوں میں مثلاً فعل جحد بلم۔مؤکد بالن ناصبہ۔امر اور نہی میں آجائیں۔تو ان میں بھی وہی ضمیر ہوگی جو مضارع کے اندر ہے۔یعنی ضمیر مرفوع متصل بارز۔

مثلاً لَمْ یَضرِبَا میں الف ،اِضرِبُوا میں واؤ ،اِضرِبِی میں یا اور لاَ تَضرِبْنَ میں نون ضمیر مرفوع متصل بارز ہوگی

اجراء :۔ یَعْبُدُونَ۔اُعْبُدُوْ ولا یَقْتُلْنَ۔ لَمْ تَفْعَلُوا۔ لَنْ تَنَالُوا۔ لا تَقْرَبُوا

میرے محترم طلباء ان صیغوں میں بتائیں کونسی ضمیریں ہیں۔

ضمیر مرفوع متصل مستتر :۔دو قسم پر ہے

واجب الاستتار جو ہمیشہ چھپی ہوئی ہو۔جیسے آدمی قبر میں ہمیشہ کے لیے چھپ جاتا ہے

جائز الاستتار جو کبھی چھپے اور کبھی چھپے یعنی کبھی ہو اور کبھی نہ ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال۔ ضمیر مرفوع متصل مستتر واجب الاستتار کن کن صیغوں میں ہوتی ہے؟

جواب۔ ماضی کے تو کسی صیغے میں نہیں ہوتی۔

مضارع کے تین صیغوں میں ہوتی ہے۔وہ کل تین ضمیریں ہوں گی۔اَنتَ اَنَا نحنُ

واحد مذکر حاضر میں (یعنی تضرِبُ تَنصُرُ تَعلَمُ وغیرہ میں) اَنتَ ضمیر مرفوع متصل مستتر واجب الاستتار ہوگی

اسی طرح اَضرِبُ۔ اَعلَمُ ۔اَنصُرُ وغیرہ میں اَنَا اور نضرِب۔ نَنصُرُ ۔نَعلَمُ وغیرہ میں نَحنُ ضمیر

مرفوع متصل مستتر واجب الاستتار ہوگی یعنی ہمیشہ چھپی ہوئی ہوگی۔پھر یہی تین صیغے مضارع کے علاوہ باقی

گردانوں میں یعنی فعل جحد بلم، مؤکد بالن ناصبہ امر اور نہی کی گردان میں آجائیں تو ان کے اندر

بھی وہی ضمیر ہوگی۔جو مضارع کے اندر ہے۔یعنی مرفوع متصل مستتر واجب الاستتار ہوگی۔

مثلاً لَمْ تضرب میں انت۔ لَمْ اضرب میں انا۔لَمْ نضرب میں نحن۔

مرفوع کیوں؟	فاعل کی علامت ہے۔
متصل کیوں؟	ملی ہوئی ہے۔
مستتر کیوں؟	چھپی ہوئی ہے۔
واجب الاستتار کیوں؟	ہمیشہ کے لیے چھپی ہوئی ہے۔

اجراء :۔ نَعبُدُ اِعلَمْ اَضرِبُ اُقتُلْ سَلْ لاکِیْدَنَّ لَنَصبِرَنَّ

میرے محترم عزیز طلباء ان صیغوں میں بتائیں کونسی ضمیریں ہیں؟

سوال : ضمیر مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار کن صیغوں میں ہوگی؟

جواب : فعلوں کے دو صیغوں میں ہوگی۔ا۔واحد مذکر غائب یعنی

قَتَلَ۔ نَصَرَ۔ لَنْ یَّعلَمَ۔ لَمْ یضرِبُ۔ لِیَضرِبُ وغیرہ میں

۲۔ واحد مؤنث غائب یعنی ضَرَبَتْ۔ قَتَلَتْ۔ نَصَرَتْ۔ تَضرِبُ۔ لَمْ تَضرِبُ۔

لَنْ تَضرِبَ۔ لِتَقتُلْ وغیرہ میں ضمیر مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور وہ کل دو ضمیریں ہیں۔ ھُوَ ھِیَ

ضَرَبَ۔ یَضرِبُ۔ لِیَضرِبُ۔ لاَ یَضرِبُ وغیرہ میں ھُوَ اور ضَرَبت۔ تَضرِبُ۔ لَن تَضرِبَ۔ لِتَضرِبُ۔ لاَ تَضرِبُ وغیرہ میں ھِیَ ضمیر مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی یعنی کبھی ہوگی کبھی نہیں ہوگی۔

اجراء :۔ فَتَحَ۔ یَنصُرُ۔ لَن یَضرِبَ۔ لَمْ یَعلَمْ۔ حَسِبَ۔ یَحسِبُ ان صیغوں میں کونسی ضمیریں ہیں؟

اسمائے صفات

اسمِ فاعل۔ اسمِ مفعول۔ اسمِ تفضیل۔ صفتِ مشبہ۔ صیغہ مبالغہ۔ ان کے اندر ضمیر مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی۔

اور وہ کل چھ ضمیریں ہیں۔ ھُوَ ھُمَا ھُمْ ھِیَ ھُمَا ھُنَّ

اسمِ فاعل :۔

ضَارِبٌ میں ھُوَ ضمیر واحد مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَارِبَانِ میں ھُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَارِبُون میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَارِبَۃٌ میں ھِیَ ضمیر واحد مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَارِبَتَانِ میں ھُمَا ضمیر تثنیہ مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَارِبَاتٌ میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَوَارِبُ میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضُرَّبٌ میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضُوَیرِبٌ میں ھُوَ ضمیر واحد مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضُوَیرِبَۃٌ میں ھِیَ ضمیر واحد مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

ضَرَبَۃٌ سے لے کر ضَرُوبٌ تک تمام صیغوں میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسمِ مفعول :۔

مضرُوبٌ" میں ھُوَ ضمیر واحد مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مضروبان میں ھُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مضروبُون میں ھم ضمیر جمع مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مضروبة" میں ھی ضمیر واحد مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مضروبَتان میں ھما ضمیر تثنیہ مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مضروبات" میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مَضارِیبُ میں ھُم اورھُنَّ ضمیر ہے کیونکہ یہ جمع مکسر کا صیغہ مشترک بین المذکر والمؤنث ہے
مُضَیرِبٌ" میں ھُو ضمیر واحد مذکر غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار
مُضَیرِبَة" میں ھی ضمیر واحد مؤنث غائب مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار

اسی طرح اسمِ تفضیل وغیرہ کی ضمیروں کو اسمِ فاعل وغیرہ کی ضمیروں پر قیاس کرلیں۔ مصدر اسم ظرف اسمِ آلہ میں ضمیر نہیں ہوتی۔ فعل تعجب میں اختلاف ہے۔(اختلاف کی تفصیل کافیہ صفحہ ۱۱۰ پر فعل تعجب کی بحث میں ملاحظہ ہو۔)

اھم بات: اسمائے صفات سے پہلے کوئی ضمیر مرفوع منفصل کی آجائے تو ان کے اندر وہ ضمیر نہیں ہوگی جو پہلے تھی بلکہ وہ ہوگی جو پہلے ہے۔ جیسے اَنَا عابِدٌ میں ھو ضمیر نہیں ہوگی بلکہ اَنَا ضمیر واحد متکلم مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی۔ نَحنُ اَقرَبُ میں ھُو ضمیر نہیں ہوگی بلکہ نحن ضمیر مرفوع متصل مستتر جائزالاستتار ہوگی

اسم کی دوسری تقسیم :۔

اسم دو قسم پر ہے معرب اور مَبنی۔ مبنی وہ ہوتا ہے کہ اس کا آخر نہ بدلے عوامل کے بدلنے کی وجہ سے جیسا کہ جَآئَنِی ھٰؤُلَاءِ ، رَأَیتُ ھٰؤُلَاءِ ، مَرَرتُ بِھٰؤُلَاءِ معرب وہ ہوتا ہے کہ اس کا آخر بدل جائے عوامل کے بدلنے کی وجہ سے جیسا کہ جَآئَنِی زَیدٌ، رَأَیتُ زَیدًا، مَرَرتُ بِزَیدٍ

جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے کہ ؎ مبنی آں باشد کہ ماند بر قرار۔ معرب آں باشد کہ گردد بار بار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معرب دو قسم پر ہے۔ منصرف غیر منصرف۔ منصرف وہ ہے کہ اسکے آخر میں تین حرکتیں مع تنوین کے پڑھی جائیں جیساکہ جَآئَنِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ اور غیر منصرف وہ ہے کہ اسکے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ پڑھے جائیں جیساکہ جَآئَنِیْ اَحْمَدُ، رَأَیْتُ اَحْمَدَ، مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ اسم کی ان چاروں قسموں کی تفصیل علم نحو میں آئے گی۔

اسم کی تیسری تقسیم :۔

اسم تین قسم پر ہے۔ مصدر، مشتق، جامد۔

مصدر وہ ہے جو فعل بنانے کی جگہ ہو اور فارسی میں ترجمہ کرتے وقت اس کے آخر میں ایسا دن یا تن کا لفظ آئے کہ اگر اس سے نون کو دور کر دیا جائے تو ماضی مطلق کا صیغہ باقی رہ جائے (اردو میں مصدر کے ترجمہ میں آخر میں نا کا لفظ آئے گا) جیساکہ الضرب زدن (مارنا)، القتل کشتن (قتل کرنا)۔

تعریف نمبر ۲:۔ مصدر وہ ہے جس سے کوئی چیز نکالی جائے اور فارسی میں ترجمہ کرتے وقت اُسکے آخر میں دن یا تن کا لفظ آئے

تعریف نمبر ۳ :۔ مصدر وہ ہے جس سے اسماء اور افعال بنیں۔

فائدہ :۔ مصدر سے بلاواسطہ فعل ماضی کا پہلا صیغہ بنے گا پھر فعل ماضی کے پہلے صیغے سے فعل مضارع کے صیغے بنیں گے۔ پھر فعل مضارع کے واسطے سے باقی گردانیں بنیں گی خواہ وہ فعل کی گردانیں ہوں یا اسم کی۔

مشتق :۔ وہ ہے جو مصدر سے بنایا جائے دوسری شکل اور دوسرا معنی پیدا کرنے کیساتھ لیکن اصلی (مصدری) حروف اور اصلی (مصدری) معنی باقی رہے۔ آگے مصدر سے بنانے سے مراد عام ہے خواہ بلاواسطہ ہو جیساکہ ضَرَبَ یا بلواسطہ ہو جیساکہ یَضْرِبُ، ضَارِبٌ، مَضْرُوْبٌ۔

جامد وہ ہے جو نہ مصدر ہو نہ مصدر سے مشتق ہو یعنی نہ خود کسی لفظ سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی لفظ بنے جیساکہ رَجُلٌ۔

﴿بحث شش اقسام﴾

اسم کی چوتھی تقسیم :۔

۱۔ ثلاثی ، ۲۔ رباعی ، ۳۔ خماسی۔

ثلاثی تین حرفی کو، رباعی چار حرفی کو اور خماسی پانچ حرفی کو کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے کہ ثلاثی سہ حرفی رباعی چہار خماسی ازاں پنج حرفی شمار۔

ہر واحد دو قسم پر ہے۔ ا۔ مجرد ، ۲۔ مزید۔

مجرد وہ ہے جس کے تمام حرف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو۔ مزید وہ ہے جس میں تمام حروف اصلی سے کوئی حرف زائد بھی ہو۔ اس طرح کل چھ اقسام بن جائیں گی۔

ا۔ ثلاثی مجرد، ۲۔ ثلاثی مزید، ۳۔ رباعی مجرد، ۴۔ رباعی مزید، ۵۔ خماسی مجرد، ۶۔ خماسی مزید۔

ثلاثی مجرد وہ ہے کہ جس میں تین حرف اصلی سے کوئی حرف زائد نہ ہو جیسا کہ زَیْدٌ بروزن فَعْلٌ۔

ثلاثی مزید وہ ہے کہ جس میں تین حرف اصلی سے کوئی حرف زائد ہو جیسا کہ حِمَارٌ بروزن فِعَالٌ۔

رباعی مجرد وہ ہے کہ جس میں چار حرف اصلی سے کوئی حرف زائد نہ ہو جیسا کہ جَعْفَرٌ بروزن فَعْلَلٌ۔

بعض نے جعفر کے چار معنے بیان کئیے ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے کہ

جعفر آمد بمعنہائے چہار ۔ جوئے (نہر) خربوزہ، نام مرد وحمار

ان چاروں کی اکٹھی مثال یہ ہے کہ رَأَیْتُ جَعْفَرًا فِیْ جَعْفَرٍ عَلٰی جَعْفَرٍ یَاکُلُ جَعْفَرًا۔

اور بعض نے جعفر کے چھ معنی بیان کیے ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے

شش معانی جعفر آمد تا توانی یاد دار ، مرد کارد (چاقو) کشتی و خربوزہ جوئے (نہر) ہم حمار۔

رباعی مزید وہ ہے کہ جس میں چار حرف اصلی سے کوئی حرف زائد بھی ہو جیسا کہ قِنْفَخْرٌ بروزن فِنْعَلْلٌ قِنْفَخْر بمعنی شخص کلاں جثہ یعنی بڑی جسامت والا شخص۔

خماسی مجرد وہ ہے کہ جس میں پانچ حرف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو جیسا کہ جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ۔

جَحْمَرِشٌ کے چار معنی آئے ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے

جَحْمَرِشٌ را چار معنی گفتہ اند اے جان ما ، یاد گیر آنرا کہ باشی صرفیاں را رہنما

پیرزن باشد دگر آں زن کہ دارد خوئے بد ، مادۂ اشترکہ دارد شیر چہارم اژدھا

بوڑھی عورت ، بری خصلت والی عورت ، دودھ والی اونٹنی

خماسی مزید وہ ہے کہ جس میں پانچ حروف اصلی سے کوئی حرف زائد ہو جیسا کہ خَنْدَرِیْسٌ بروزن فَعْلَلِیْلٌ بمعنی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شراب کہنہ (پرانی شراب)

فعل کے اندر ان چھ اقسام میں سے پہلی چار قسمیں پائی جاتی ہیں۔

مثال فعل ثلاثی مجرد کی جیسا کہ ضَرَبَ بروزن فَعَلَ

مثال فعل ثلاثی مزید کی جیسا کہ اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ

مثال فعل رباعی مجرد کی جیسا کہ دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ

مثال فعل رباعی مزید کی جیسا کہ تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ

فائدہ :۔ مصدر اور مشتق اپنے مجرد اور مزید کہلانے میں ماضی کے پہلے صیغہ کے تابع ہیں جیسے یَضْرِبُ میں اگرچہ یا زائد ہے لیکن اسکے باوجود اسکو ثلاثی مزید نہیں کہتے بلکہ ثلاثی مجرّد کہتے ہیں کیونکہ اسکے ماضی کے پہلے صیغے ضَرَبَ میں تین حرف اصلی ہیں اور کوئی حرف زائد نہیں۔

سوال۔ فعل خماسی کیوں نہیں ہوتا؟

جواب۔ خماسی لفظوں کے اعتبار سے ثقیل ہے (کیونکہ اس میں پانچ حرف ہیں) اور فعل معنی کے لحاظ سے ثقیل ہے (کیونکہ فعل اصطلاحی کے معنی کی تین جزئیں ہوتی ہیں ۱۔ حدث (یعنی مصدری معنی) ۲۔ نسبت الی الفاعل ۳۔ نسبت الی الزمان) تو اب اگر فعل خماسی ہو جائے تو ثقل در ثقل لازم آئے گا یعنی فعل کے اندر ثقل لفظی و معنوی دونوں جمع ہو جائیں گے۔

فائدہ :۔ حرف اصلی وہ ہے جو کلمہ کی تمام گردانوں میں پایا جائے اور وزن کرنے میں فا عین یا لام کلمہ کے مقابلے میں ہو۔ حرف زائد وہ ہے جو اس طرح نہ ہو۔ حروف اصلی ثلاثی میں تین ہیں۔ فا، عین اور ایک لام۔ رباعی میں چار ہیں فا، عین اور دو لام۔ اور حروف اصلی خماسی میں پانچ ہیں فا، عین اور تین لام جیسا کہ مذکورہ مثالوں سے واضح ہے۔

﴿وزن نکالنے کا طریقہ﴾

صرفیوں نے حروف زائدہ اور اصلی کی پہچان کے لئے فا عین لام کلمہ کو میزان اور کسوٹی مقرر کیا ہے۔ جس کلمہ کا وزن نکالا جائے اسکو موزون کہتے ہیں اور فا عین لام کلمہ کو میزان کہتے ہیں۔ اور وزن نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو شکل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موزون کی ہے وہی شکل میزان کی بنالو۔ یعنی جو حرکات اور سکنات موزون پر ہیں وہی میزان پر لگادو پھر جو حرف فا عین لام کلمہ کے مقابلہ میں آئے وہ اصلی ہوگا اور جو فا عین لام کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو وہ زائدہ ہوگا جیسا کہ ضَرَبَ بروزن فَعَلَ، یَضرِبُ بروزن یَفعِلُ۔

فائدہ نمبر ۱۔ ثلاثی مجرد کے ماضی کے پہلے صیغے کے اندر جو حروف فا عین لام کلمہ کے مقابلے میں ہیں باقی گردانوں کے اندر بھی وہی حروف فا عین لام کلمہ کے مقابلے میں ہوں گے۔ لہٰذا ان کے علاوہ جو حروف موزون کے اندر زائد ہوں گے وہی وزن کے اندر بھی زائد ہوں گے۔

فائدہ نمبر ۲۔ موزون کے اندر جو حرف فا کلمہ کے مقابلے میں ہو اس کو فا کلمہ کہیں گے، جو حرف عین کلمہ کے مقابلے میں ہو اس کو عین کلمہ اور جو لام کلمہ کے مقابلے میں ہو اس کو لام کلمہ کہیں گے۔ جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ اس مثال میں ض کو فا کلمہ ر کو عین کلمہ اور ب کو لام کلمہ کہیں گے۔ (وزن موزون کو سمجھنے کا عام فہم طریقہ صفحہ نمبر ۸۷ پر ملاحظہ فرمائیں)

﴿بحث ہفت اقسام﴾

کوئی اسم معرب اور فعل ان سات قسموں سے باہر نہیں۔

۱۔ صحیح ، ۲۔ مہموز ، ۳۔ مثال ، ۴۔ اجوف ، ۵۔ ناقص ، ۶۔ لفیف ، ۷۔ مضاعف

ان سب کو اس شعر میں جمع کیا گیا ہے۔ صحیح است و مثال است و مضاعف ۔ لفیف و ناقص مہموز و اجوف

ان کے لغوی معنی بھی کسی نے نظم میں بیان کیے ہیں

صحیح تندرست و مثال مانند ۔۔۔ مہموز کوز پشت و مضاعف دوچند
اجوف میان خالی لفیف پیچند ۔۔۔ ناقص دم بریدہ ہمہ را پسند

اور اصطلاحی معنی یہ ہیں۔

صحیح۔ وہ کلمہ ہے جس کے فا عین لام کلمہ (حرف اصلی) کے مقابلے میں نہ ہمزہ ہو نہ کوئی حرف علت ہو اور نہ دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ جیسا کہ ضَرَبٌ دٌ ضَرَبَ بروزن فَعْلٌ وٌفَعَلَ۔ وجہ تسمیہ:۔ اس کو صحیح اس لئے کہتے ہیں کہ لغت

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

میں صحیح کا معنی تندرست اور سلامت ہے اور صحیح اصطلاحی بھی تغیر وتبدل سے سلامت رہتا ہے۔

حرف علت تین ہیں۔ واوٗ، الف، یا۔ ان کے نام بھی تین ہیں حرف علت، حرف لین، حرف مد۔ حرف علت والا نام ان کا عام نام ہے خواہ متحرک ہوں یا ساکن۔ اور اگر ساکن ہوں تو ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو یا مخالف ہر حالت میں ان کو حرف علت کہنا درست ہے۔ اور حرف لین اس وقت کہیں گے جب یہ ساکن ہوں اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو یا مخالف۔ اور حرف مد اس وقت کہیں گے جب یہ ساکن ہوں اور ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو۔ واوٗ کے موافق ضمہ، یا کے موافق کسرہ اور الف کے موافق فتحہ ہے اسی لئے واوٗ کو اُختِ ضمہ، یا کو اُختِ کسرہ اور الف کو اُختِ فتحہ کہتے ہیں۔ وجہ تسمیہ:۔ ان کو حرف علت اس لئے کہتے ہیں کہ لغت میں علت کا معنی ہے بیماری اور ان تین حرفوں کا مجموعہ جو وای ہے وہ بھی اکثر بیماروں کی زبان سے نکلتا ہے۔ جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے

حرف علت نام کردند واوٗ الف ویای را۔ ہر کہ را درد رسد نا چار گوید وای را،

چونکہ عجمی در مصیبت زود گوید ہای ہای۔ ہمچناں عربی بوقت ضرر گوید وای وای

نیز جس طرح بیمار کا حال تبدیل ہوتا رہتا ہے اسی طرح ان میں بھی قلب، اسکان اور حذف وغیرہ کے ساتھ تغیر وتبدل ہوتا رہتا ہے ان کو حرف لین اس لئے کہتے ہیں کہ لغت میں لین (مصدر) کا معنی ہے نرمی اور ان کا تلفظ بھی نرمی کے ساتھ ادا ہو جاتا ہے اور ان کو حرف مد اس لئے کہتے ہیں کہ لغت میں مد کا معنی ہے کھینچنا اور یہ حروف بھی حرکات یعنی ضمہ فتحہ کسرہ کے کھینچنے سے پیدا ہوتے ہیں نیز مدِّ صوت (آواز کا لمبا کرنا) کلام عرب میں انہی حروف میں ہوتا ہے۔ کبھی لین مدہ کے مقابل بولا جاتا ہے۔ اور کبھی لین اور مدہ مطلق حرف علت پر بھی بولے جاتے ہیں۔

مہموز۔ وہ کلمہ ہے کہ جس کے فا عین لام کلمہ (حرف اصلی) کے مقابلے میں ہمزہ ہو۔ اگر فا کے مقابلے میں ہو تو اس کو مہموز الفاء کہتے ہیں جیسا کہ اَمْرٌ وَ اَمَرَ بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ اور اگر عین کے مقابلے میں ہو تو اس کو مہموز العین کہتے ہیں جیسا کہ سَئْلٌ وَ سَئَلَ بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ اور اگر لام کلمے کے مقابلے میں ہو تو اسکو مہموز الام کہتے ہیں جیسا کہ قَرْءٌ و قَرَءَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ۔

وجہ تسمیہ:۔ مہموز کا لغوی معنی ہے ہمزہ دیا ہوا اور مہموز اصطلاحی میں بھی ایک حرف اصلی ہمزہ ہوتا ہے یا مہموز کا لغوی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معنی ہے کوزپشت (ٹیڑھی کمروالا) جس طرح کوزپشت کو چلنے میں تنگی ہوتی ہے اسی طرح ہمزہ پڑھنے میں بھی تنگی ہوتی ہے۔

مثال۔وہ کلمہ ہے کہ اس کے فا کلمے کے مقابلے میں حرف علت ہو۔اگر واؤ ہو تو مثال واوی کہتے ہیں جیسا کہ وَعْدٌ وَ وَعَدَ بروزن فَعْلٌ وَفَعَلَ اور اگر یا ہو تو مثال یائی کہتے ہیں جیسا کہ یَسْرٌ وَ یَسَرَ بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ۔اس کے دو نام ہیں معتل الفاء اور مثال ۔وجہ تسمیہ:۔اس کو معتل الفاء اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے فا کلمے کے مقابلے میں حرف علت ہے اور مثال اس لئے کہتے ہیں کہ مثال کا لغوی معنی مانند ہے اور مثال اصطلاحی کی ماضی بھی صحیح کی ماضی کی مانند ہوتی ہے جیسا کہ وَعَدَ وَعَدَا وَعَدُوْا الی آخرہ مانند ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا الی آخرہ کی ہے۔یا اس لئے کہ مثال اصطلاحی کا امر بھی اجوف کے امر کی مانند ہوتا ہے جیسا کہ عِدْ لفظ بِعْ کی مانند ہے۔

اجوف۔وہ کلمہ ہے کہ اس کے عین کلمہ کے مقابلے میں حرف علت ہو۔اگر واؤ ہو تو اجوف واوی کہتے ہیں جیسا کہ قَوْلٌ و قَالَ (دراصل قَوَلَ) بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ اور اگر یا ہو تو اجوف یائی کہتے ہیں جیسا کہ بَیْعٌ وَبَاعَ (دراصل بَیَعَ) بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ۔اس کے تین نام ہیں۔معتل العین ، ذوثلثہ اور اجوف ۔وجہ تسمیہ:۔اس کو معتل العین اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے عین کلمے کے مقابلے میں حرف علت ہوتا ہے اور ذوثلثہ اس لئے کہتے ہیں کہ لغت میں ذوثلثہ کا معنی ہے صاحب تین کا اور اس کی مجرد کی ماضی کے واحد متکلم کے صیغے میں تین حرف ہوتے ہیں (متکلم کلام میں اصل ہے کیونکہ کلام کی ابتداء متکلم سے ہوتی ہے) اور اجوف اس لئے کہتے ہیں کہ لغت میں اجوف کا معنی ہے خالی پیٹ والا اور اجوف اصطلاحی کا درمیان بھی حرف صحیح سے خالی ہوتا ہے۔یا اس لئے کہ اجوف اصطلاحی کا عین کلمہ بوجہ حرف علت ہونے کے بعض جگہ گر جاتا ہے جیسا کہ لَمْ یَقُلْ و لَمْ یَبِعْ۔

ناقص۔ناقص وہ کلمہ ہے کہ اس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں کوئی حرف علت ہو اگر واؤ ہو تو اس کو ناقص واوی کہتے ہیں جیسا کہ دَعْوٌ وَ دَعَا (دراصل دَعَوَ) بروزن فَعْلٌ وَ فَعَلَ اور اگر یا ہو تو اس کو ناقص یائی کہتے ہیں جیسا کہ رَمْیٌ وَ رَمٰی (دراصل رَمَیَ) بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ۔وجہ تسمیہ:۔اس کے بھی تین نام ہیں معتل اللام ، ذواربعہ اور ناقص اس کو معتل اللام اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہوتا ہے اور ذواربعہ اس لیے کہتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لا نُضرَبَنْ : ضرور نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم الخ

گردان : ترجمہ صرف کبیر اسم ظرف

مَضرِبٌ : ایک وقت یا ایک جگہ مارنے کی صیغہ واحد اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مَضرِبَانِ : دو وقت یا دو جگہ مارنے کی صیغہ تثنیہ اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مَضَارِبُ : سب وقت یا سب جگہ مارنے کی صیغہ جمع اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مُضَیرِبٌ : ایک وقت یا ایک جگہ تھوڑی سی مارنے کی صیغہ واحد مصغر اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

گردان : ترجمہ صرف کبیر اسم آلہ

صِغریٰ :

مِضرَبٌ : ایک چیز مارنے کی صیغہ واحد اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مِضرَبَانِ : دو چیزیں مارنے کی صیغہ تثنیہ اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مَضَارِبُ : سب چیزیں مارنے کی صیغہ جمع مکسر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

مُضَیرِبٌ : ایک چیز تھوڑی سی مارنے کی صیغہ واحد مصغر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفعِلُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وسطیٰ :

مِضْرَبَةٌ : ایک چیز مارنے کی صیغہ واحد اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مِضْرَبَتَانِ : دو چیزیں مارنے کی صیغہ تثنیہ اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مَضَارِبُ : سب چیزیں مارنے کی صیغہ جمع مکسر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مُضَیْرِبَةٌ : ایک چیز تھوڑی سی مارنے کی صیغہ واحد مصغر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

کبریٰ :

مِضْرَابٌ : ایک چیز مارنے کی صیغہ واحد اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مِضْرَابَانِ : دو چیزیں مارنے کی صیغہ تثنیہ اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مَضَارِیْبُ : سب چیزیں مارنے کی صیغہ جمع مکسر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

مُضَیْرِیْبُ : ایک چیز تھوڑی سی مارنے کی صیغہ واحد مصغر اسم آلہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

گردان : ترجمہ صرف کبیر اسم تفضیل مذکر

أَضْرَبُ : ایک مرد زیادہ مارنے والا صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

أَضْرَبَانِ : دو مرد زیادہ مارنے والے صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

أَضْرَبُوْنَ : سب مرد زیادہ مارنے والے صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

أَضَارِبُ : سب مرد زیادہ مارنے والے صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

أُضَیْرِبُ : ایک مرد تھوڑا سا زیادہ مارنے والا صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

گردان : ترجمہ صرف کبیر اسم تفضیل مؤنث

ضُرْبٰی : ایک عورت زیادہ مارنے والی صیغہ واحد مؤنث اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

ضُرْبَیَانِ : دو عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ تثنیہ مؤنث اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

ضُرْبَیَاتٌ : سب عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ جمع مؤنث سالم اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

ضُرَبٌ : سب عورتیں زیادہ مارنے والی صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

ضُرَیْبٰی : ایک عورت تھوڑا سا زیادہ مارنے والی صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

فعل تعجب : ترجمہ

مَا اَضْرَبَهٗ : کیا عجب مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل تعجب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

وَ اَضْرِبْ بِهٖ : کیا عجب مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل تعجب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

وَضَرُبَ : کیا عجب مارا اس ایک مرد نے صیغہ واحد مذکر غائب فعل تعجب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابتدائی طلباء کو معنے یاد کرانے کا آسان انداز

میرے عزیز طلباء اللہ پاک کے فضل و کرم سے آپ نے باب ضَرَبَ یَضرِبُ کی صرف صغیر و کبیر کی تمام گردانیں یاد کر لیں ہیں اب آپ نے ماضی سے لے کر فعل تعجب تک کی تمام گردانوں کے معنے یاد کرنے ہیں۔

لہٰذا بندہ اللہ پاک کی مہربانی سے آپ کے سامنے معنی یاد کرنے کے لیے ایک عام فہم طریقہ ذکر کرتا ہے جس سے آپ کو ان گردانوں کا معنی یاد کرنا آسان ہو جائے گا۔

استاذ : میرے عزیز طلباء آپ بتلائیں آپ کی صرف کی جماعت میں کتنے ساتھی ہیں؟

شاگرد : ہم کل چودہ ساتھی ہیں۔

اُستاذ : ماشاء اللہ آپ نے بہت عمدہ عدد بتلایا اب آپ بتلائیں ماضی کے کل کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

شاگرد : ماضی کے کل چودہ صیغے ہیں۔

اُستاذ : میرے عزیز آپ چودہ ساتھیوں میں سے ہر ایک ساتھی ترتیب کے ساتھ ماضی کے چودہ صیغوں میں ایک ایک صیغہ اپنے ذمہ لے لے۔

شاگرد : اُستاذ جی ہم میں سے ہر ایک ساتھی نے دائیں طرف سے ترتیب کے ساتھ ایک ایک صیغہ اپنے ذمہ لے لیا ہے۔

اُستاذ : آپ میں سے ایک مجاہد ساتھی فرضی مضروب یعنی تھوڑی سی تکلیف برداشت کرنے کے لیے تیار ہو جائے۔

شاگرد : (مجاہد) اُستاذ جی میں نے اللہ پاک کی خصوصی مہربانی سے دُشمنان اسلام کی سرکوبی کے لیے مختلف محاذوں پر جہاد میں حصہ لیا ہے اور بڑے پُر کٹھن مراحل سے گزرا ہوں لہٰذا دین کے ایک مسئلے کو سیکھنے اور سمجھنے کے لیے فرضی مضروب بننے کی بجائے حقیقی مضروب بننا بھی اپنے لیے سعادت سمجھتا ہوں اور اسی میں دُنیا اور آخرت کی کامیابی کو مضمر سمجھتا ہوں۔

اُستاذ : بارك الله فِي جُهْدِكُمْ وَ اِخْلَاصِكُمْ. میرے عزیز طلباء آپ میں سے ایک طالبعلم درسگاہ میں تکرار اور مطالعہ کرنے والے طلباء میں سے چند طلباء کو بُلا کر لائے۔

وقفہ ــــــــــ برائے ــــــــــ آمدِ ــــــــــ طلباء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاگرد : جی اُستاذ جی : ہم حاضر خدمت ہیں آپ کا فرمان سر آنکھوں پر۔

اُستاذ : میرے عزیز طلباء آپ میں سے ایک طالبعلم اس مجاہد کو ہلکا سا مار کر غائب ہو جائے۔

وقفہ.............برائے............غائب............شدن

اُستاذ : میرے عزیز طلباء آپ کے سامنے مجاہد کو مارنے والا یہ واقعہ رُونما ہوا اب آپ اس واقعہ کو دوسرے آدمی کے سامنے کیسے بیان کریں گے اُسی ترتیب سے جواب دیں جس ترتیب سے آپ نے اپنے ذمے صیغوں کو لیا ہے۔

طالبعلم ۱ : تو ایک مرد نے مارا۔

اُستاذ : ارے احمق تُو کا لفظ تو آپ تب استعمال کرتے جب وہ مارنے والا طالبعلم آپ کے سامنے موجود ہوتا۔ حالانکہ وہ تو مارنے کے بعد درسگاہ سے غائب ہو چکا ہے۔

طالبعلم ۱ : اُستاذ جی مجھ سے غلطی ہوئی اس واقعہ کو بیان کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ ہم یوں کہیں اُس ایک مرد (طالبعلم) نے مارا۔

اُستاذ : شاباش۔ میرے عزیز آپ نے جو واقعہ بیان کیا ہے۔ یہ واقعہ کا بیان بعینہٖ اس ضَرَبَ صیغے کا معنیٰ ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا لہٰذا آپ نے ایک تیر سے دو شکار کر لیے کہ واقعہ بھی بیان کر دیا اور ساتھ ہی ضَرَبَ صیغے کا معنیٰ بھی کر دیا۔

اُستاذ : اگر دو طالبعلم مارنے کے بعد غائب ہو جائیں تو آپ اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۲ : اُن دو مردوں نے مارا۔

اُستاذ : آپ نے اس واقعہ کے بیان کرنے کے ساتھ اس ضَرَبَا صیغے کا معنیٰ بھی کر دیا جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

اُستاذ : اور اگر تین یا اس سے زیادہ طالبعلم مارنے کے بعد غائب ہو جائے تو آپ اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۳ : اُن سب مردوں نے مارا۔

اُستاذ : یہ آپ کا اس واقعہ کو بیان کرنا بعینہٖ اس ضَرَبُوا صیغے کا معنیٰ ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

اُستاذ : اگر ایسا ہی مارنے کا واقعہ چند مُجاہد عورتوں نے کسی دشمن اسلام کے ساتھ کیا ہو اور وہ مارنے کے بعد غائب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو گئیں ہوں اب اگر مارنے والی ایک عورت ہو تو آپ اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۴ : اس ایک عورت نے مارا۔

اُستاذ : آپ کا اس واقعہ کو بیان کرنا بعینہٖ اس ضَرَبَتْ صیغے کا معنی ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

اُستاذ : اگر دو عورتیں مارنے کے بعد غائب ہو جائیں تو آپ اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۵ : اُن دو عورتوں نے مارا۔

اُستاذ : یہ آپ کا واقعہ بیان کرنا بعینہٖ اس ضَرَبَتَا صیغے کا معنی ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

اُستاذ : تین یا تین سے زیادہ عورتیں مارنے کے بعد غائب ہو جائیں تو آپ اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۶ : ان سب عورتوں نے مارا۔

اُستاذ : یہ آپ کا اس طرح اس واقعہ کو بیان کرنا بعینہٖ اس ضَرَبْنَ صیغے کا معنی ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

اُستاذ : اگر ایک طالبعلم اس مجاہد کو مارنے کے بعد غائب نہ ہو بلکہ وہیں حاضر اور سامنے موجود ہو تو آپ اس کے سامنے اس واقعہ کو کیسے بیان کریں گے ؟

طالبعلم ۷ : تو ایک مرد نے مارا۔

اُستاذ : یہ آپ کا یوں اس واقعہ کو بیان کرنا بعینہٖ اس ضَرَبْتَ صیغے کا معنی ہے جو آپ نے اپنے ذمہ لیا تھا۔

طلباء کرام : اُستاذ جی آپ نے بڑی شفقت فرمائی اب مزید سوال کرنے کی آپ زحمت نہ اٹھائیں۔ کیونکہ اَلحمد لِلّٰہِ صیغوں کا معنی یاد کرنے کا طریقہ ہمیں سمجھ آگیا ہے۔ للہٰذا باقی صیغوں کا معنی جس ترتیب سے ہم نے صیغے ذمہ لیے تھے اس ترتیب کے مطابق باری باری خود سنائیں گے۔

اُستاذ : اللہ پاک اپنے عزیزوں کے علم و عمل اور اخلاص میں خوب برکت عطا فرمائے اور دونوں جہانوں میں خوشیوں سے مالا مال فرمائے۔ جب آپ نے صیغوں کا معنی یاد کرنے کا طریقہ سمجھ لیا ہے تو اب پوری توجہ کے ساتھ باقی صیغوں کا معنی بھی سنائیں۔

طالبعلم نمبر ۸ : ضَرَبْتُمَا تم دو مردوں نے مارا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

طالبعلم نمبر ۹ : ضَرَبْتُمْ تم سب مردوں نے مارا۔

طالبعلم نمبر ۱۰ : ضَرَبْتِ تو ایک عورت نے مارا۔

طالبعلم نمبر ۱۱ : ضَرَبْتُمَا تم دو عورتوں نے مارا۔

طالبعلم نمبر ۱۲ : ضَرَبْتُنَّ تم سب عورتوں نے مارا۔

طالبعلم نمبر ۱۳ : ضَرَبْتُ میں ایک مرد یا ایک عورت نے مارا۔

طالبعلم نمبر ۱۴ : ضَرَبْنَا ہم دو مرد یا دو عورتوں یا سب مرد یا سب عورتوں نے مارا۔

فائدہ :- ایسے ہی باقی افعال (فعل مضارع مثبت و منفی، فعل جحد بلم مؤکدہ بالن ناصبہ، امر و نہی) و اسماء (اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ) کی گردانوں کا ایک ایک صیغہ طلباء کرام کے ذمہ لگا دیا جائے اور ابتدائی دو تین صیغوں کا معنی ان کو بتلا دیا جائے انشاء اللہ باقی صیغوں کا معنی طلباء خود سنا لیں گے۔

اُستاذ :- میرے عزیز طلباء اب آپ کے سامنے باقی گردانوں میں سے ہر گردان کے پہلے صیغے کا معنی بیان کیا جاتا ہے تاکہ آپ کو ہر گردان کے پہلے صیغے کا معنی معلوم ہو جائے اور باقی صیغوں کا معنی معلوم کرنے میں آسانی ہو جائے۔

يَضْرِبُ : مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد۔

يُضْرَبُ : مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد۔

لَا يَضْرِبُ : نہیں مارتا یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد۔

لَا يُضْرَبُ : نہیں مارا جاتا یا نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد۔

لَمْ يَضْرِبْ : نہیں مارا اُس ایک مرد نے۔

لَمْ يُضْرَبْ : نہیں مارا گیا وہ ایک مرد۔

لَنْ يَّضْرِبَ : ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک مرد۔

لَنْ يُّضْرَبَ : ہرگز نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد۔

اِضْرِبْ : مار تو ایک مرد۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِتُضرَبْ : مارا جائے تو ایک مرد۔

لا تَضرِبْ : نہ مار تو ایک مرد۔

لا تُضرَبْ : نہ مارا جائے تو ایک مرد۔

ضَارِبٌ : مارنے والا ایک مرد۔

مَضرُوبٌ : مارا ہوا ایک مرد۔

شَرِیفٌ : عزت والا ایک مرد۔

مَضرِبٌ : مارنے کی ایک جگہ یا ایک وقت۔

مِضرَبٌ : مارنے کا ایک آلہ۔

أضرَبُ : زیادہ مارنے والا ایک مرد۔

مَا أضرَبَهٗ : کیا ہی عجیب اُس ایک آدمی نے مارا۔

میرے عزیز طلباء جب آپ نے ہر گردان کے پہلے صیغے کا معنی معلوم کر لیا تو ذرا سے غور و فکر سے آپ باقی صیغوں کا معنی بھی معلوم کر لیں گے۔ بس آپ اتنا کریں کہ تثنیہ کے صیغوں میں دو کا عدد اور جمع کے صیغوں میں سب کا لفظ اور مذکر کے صیغوں میں مرد کا لفظ اور مؤنث کے صیغوں میں عورت (اگر واحد مؤنث کا صیغہ ہو) یا عورتیں (اگر جمع مؤنث کا صیغہ ہو) کا لفظ بڑھا دیں۔ لہٰذا یَضرِبَانِ کا معنی یوں کریں گے مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد اور یَضرِبُوْنَ کا معنی یوں کریں گے مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد اور تَضرِبُ کا معنی یوں کریں گے مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت۔ اسی ترتیب سے باقی صیغوں کا معنی بھی کر لیں۔

علامات :۔ ماضی کے اندر غائب کے صیغوں کے اردو ترجمے میں اُس اور اُن کا لفظ آئے گا۔ اور حاضر میں تُو اور تم اور متکلم میں میں اور ہم کے الفاظ آئیں گے۔ ماضی مجہول اور مضارع وغیرہ کے اندر غائب کے صیغوں میں وہ ایک، وہ دو اور وہ سب کے الفاظ آئیں گے باقی حاضر اور متکلم کے ترجمے میں وہی الفاظ استعمال ہوں گے جو ماضی میں استعمال ہوئے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

﴿صیغوں کا ابتدائی تعارف﴾

میرے عزیز جب آپ نے صیغوں کا معنی معلوم کر لیا۔ اب آپ کے سامنے صیغوں کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے تا کہ آپ کو تمام صیغوں کے معنی کے بعد لکھی ہوئی ہر صیغے کی تعریف کا یاد کرنا آسان ہو جائے۔ لہٰذا آپ صیغوں کے تعارف کے بارے میں یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ افعال کی گردانوں میں کل چودہ صیغے ہیں اُن چودہ صیغوں میں سے پہلے چھ صیغے غائب کے ہیں یعنی ان صیغوں میں کام کرنے والا (فاعل) غائب ہوگا۔ دوسرے چھ صیغے حاضر کے ہیں یعنی ان چھ صیغوں میں کام کرنیوالا حاضر ہوگا اور آخری دو صیغے متکلم کے ہیں یعنی ان دو صیغوں میں کام کرنے والا اپنے کام کو خود بیان کرنے والا ہوگا۔ پھر غائب کے چھ صیغوں میں سے پہلے تین صیغے مذکر غائب کے ہیں اور دوسرے تین صیغے مؤنث غائب کے ہیں۔ پھر تین مذکر غائب کے صیغوں میں سے پہلا صیغہ واحد مذکر غائب کا دوسرا صیغہ تثنیہ مذکر غائب کا اور تیسرا صیغہ جمع مذکر غائب کا ہے اور تین مؤنث غائب کے صیغوں میں سے پہلا صیغہ واحد مؤنث غائب کا دوسرا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب کا اور تیسرا صیغہ جمع مؤنث غائب کا ہے یہی تفصیل مخاطب کے صیغوں کی ہے۔ یعنی مخاطب (حاضر) کے چھ صیغوں میں پہلے تین صیغے مذکر حاضر کے ہیں اور دوسرے تین صیغے مؤنث حاضر کے ہیں پھر تین مذکر حاضر کے صیغوں میں سے پہلا صیغہ واحد مذکر حاضر کا دوسرا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر کا تیسرا صیغہ جمع مذکر حاضر کا ہے اور تین مؤنث حاضر کے صیغوں میں سے پہلا صیغہ واحد مؤنث حاضر کا دوسرا صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر کا اور تیسرا صیغہ جمع مؤنث حاضر کا ہے اور آخر میں دو صیغے متکلم کے ہیں۔ واحد متکلم اور جمع متکلم اور یہ دونوں صیغے مذکر اور مؤنث میں مشترک ہیں۔

جب آپ کو صیغوں کا معنی معلوم کرنے کا طریقہ اور ان کا مختصر تعارف معلوم ہو گیا۔ اب ابتدائی طلباء صیغوں کے تعارف کا باقی ماندہ وہ حصہ جو ہر گردان کے صیغہ کے بعد لکھا ہوا ہے یعنی ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ وہ ایک ہی مرتبہ یاد کر کے ہر صیغے کے معنی کے ساتھ ملا لیں مثلاً ضَرَبَ صیغے کے اندر معنی اور تعریف کو اکٹھا یوں یاد کریں گے کہ ضَرَبَ مارا اُس ایک مرد نے زمانہ گذشتہ میں صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

گذارش :۔

ابتدائی طلباء کو صیغوں کا معنی شروع کرانے سے پہلے مذکورہ انداز سے معنی یاد کرنے کا طریقہ سمجھادیا جائے اور سمجھانے کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے صرف ہر گردان کے صیغوں کا معنی سمجھا دیا جائے پھر صیغوں کا تعارف (تعریف) (شش اقسام ہفت اقسام اورباب کے بیان کیے بغیر) ذہن نشین کروادیا جائے۔ پھر صیغوں کی تعریف کا یہ حصہ ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفعِلُ ایک مرتبہ یاد کرادیا جائے۔ الحمد للہ اس انداز سے طلباء کرام چند منٹوں میں صیغوں کا معنی سمجھ جائیں گے۔ لیکن صیغوں کے معنی کے اندر مزید پختگی حاصل کرنے کے لیے صیغوں کا معنی یاد کرنے کا طریقہ سمجھانے کے بعد ہر گردان کے اندر صیغوں کا لکھا ہوا معنی بمع تعریف کے مزید اوریاد کروادیا جائے لیکن بڑی عمر کے طلباء کو یا کم ذہن طلباء کو صرف معنی یاد کرنے کا طریقہ سمجھادیا جائے یعنی اتنی بات اُنکے ذہن میں آجائے کہ یہ کون سا صیغہ ہے اور اس کا معنی کیا ہے تو پھر وہ اگر ہر گردان کے صیغے کا ترجمہ رٹا لگا کر یاد نہ بھی کرسکیں تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ اصل مقصد صیغوں کے معنی کی فہم ہے اور وہ ان کو حاصل ہو چکی ہے۔ اللہ پاک اپنے عزیزوں کی فہم اور سمجھ میں برکت عطا فرمائے۔

﴿نکات مُہمہ برائے معنی یاد کردن﴾

جس طالبعلم نے ماضی مثبت کی گردان کا معنے یاد کرلیا اس کو ماضی منفی اور فعل جحد بلم کی گردان کا معنے خود بخود یاد ہو گیا۔ بس معنے کرتے وقت شروع میں لفظ "نہیں" کا اضافہ کردے اور معنے کے بعد صیغہ بیان کرتے وقت گردان کا نام تبدیل کرلے یعنی فعل ماضی منفی یا فعل جحد بلم کہے جیسے :۔ لَمْ یَضرِبْ کا معنے ہے۔ نہیں مارا اس ایک مرد نے زمانہ گذشتہ میں ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفعِلُ جس طالبعلم نے فعل مضارع کی گردان کا معنی یاد کرلیا اس کو فعل مضارع منفی (فعل نفی غیر مؤکد) کا معنی خود بخود یاد ہو گیا بس معنی کرتے وقت شروع میں نہیں کا لفظ لگادے اور صیغہ بیان کرتے وقت فعل مضارع منفی یا فعل نفی غیر مؤکد کہے جیسے لاَیَضرِبُ کا معنی ہے نہیں مارتا یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع منفی (فعل نفی غیر مؤکد) معلوم ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفعِلُ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور جس طالبعلم کو فعل مضارع منفی کی گردان کا معنی یاد ہو گیا اس کو فعل نفی مؤکد بالن ناصبہ کی گردان کا معنی خود بخود یاد ہو گیا بس اتنا کرو کہ شروع میں لفظ ہرگز لگا کر فعل مضارع منفی کا آدھا معنی اس کے ساتھ جوڑ دو یعنی اس میں استقبال والا معنی اور زمانہ تو ہو گا لیکن اس میں حال والا معنی اور زمانہ نہیں ہو گا کیونکہ لفظ لَنْ فعل مضارع پر داخل ہو کر اسکو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے جیسے لَنْ یَّضرِبَ کا معنی ہے ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم مؤکد بالن ناصبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ اور جس طالب علم نے فعل امر کی گردان کا معنی یاد کر لیا اس کو نہی کی گردان کا معنی خود بخود یاد ہو گیا۔ یعنی جو صیغے امر کے ہیں اگر وہی صیغے فعل نہی کی گردان میں آجائیں تو ان کا وہی معنی ہو گا جو امر کی گردان میں ان صیغوں کا معنی تھا۔ بس تھوڑا سا فرق ہے کہ فعل نہی کی گردان میں صیغوں کا معنی کرتے وقت شروع میں 'نہ' کا لفظ بڑھا دو جیسے لاَ تَضرِبْ کا معنے ہے نہ مار تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

دوسرے صیغوں میں معنی کے اجراء کا ایک انداز

اُستاذ : ضَرَبَ کا کیا معنی ہے؟

شاگرد : مارے گا وہ ایک مرد

اُستاذ : میرے عزیز یہ صیغہ کون سا ہے؟

شاگرد : ماضی کا

اُستاذ : معنے تو آپ مضارع والا کر رہے ہیں۔

شاگرد : مارا اُس ایک مرد نے۔

استاذ : شاباش۔ ضَرَبَ کے ہمشکل قرآن پاک سے صیغے نکالو۔

شاگرد۔ نَصَرَ، خَتَمَ، ذَهَبَ، خَلَقَ، اَمَرَ۔

استاذ :۔ جیسے آپ نے ضَرَبَ کا معنی کیا ہے اسی طرح نَصَرَ کا معنی کریں۔

شاگرد۔ نَصَرَ کا معنی ہے مدد کی اس ایک آدمی نے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ابواب ثلاثی مجرد﴾

باب دوم : صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعُلُ چوں اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَةُ یاری کردن (مدد کرنا)

نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ لَمْ يَنْصُرْ لَمْ يُنْصَرْ لاَ يَنْصُرُ لاَيُنْصَرُ لَنْ يَنْصُرَ لَنْ يُنْصَرَ اَلاَمْرُمِنْهُ اُنْصُرْ لِتُنْصَرْ لِيَنْصُرْ لِيُنْصَرْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لاَ تَنْصُرْ لاَتُنْصَرْ لاَيَنْصُرْ لاَيُنْصَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ مَنْصَرَانِ مَنَاصِرُ مُنَيْصِرٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ مِنْصَرَانِ مَنَاصِرُ مُنَيْصِرٌ مِنْصَرَةٌ مِنْصَرَتَانِ مَنَاصِرُ مُنَيْصِرَةٌ مِنْصَارٌ مِنْصَارَانِ مَنَاصِيْرُ مُنَيْصِيْرٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَنْصَرُ اَنْصَرَانِ اَنْصَرُوْنَ اَنَاصِرُ اُنَيْصِرٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰى نُصْرَيَانِ نُصْرَيَاتٌ نُصَرٌ نُصَيْرٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَنْصَرَهٗ وَاَنْصِرْ بِهٖ وَنَصُرَ

تنبیہ : ۔آگے ثلاثی مجرد کے ابواب میں اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی گردانوں کا پہلا پہلا صیغہ لکھا گیا ہے۔ لیکن ان ابواب کے یاد کرتے وقت باب ضرب ونصر کی اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی گردانوں کے مثل ان ابواب کی اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی گردانوں کو بھی مکمل یاد کر لیا جائے۔

باب سوم : صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعِلَ يَفْعَلُ چوں اَلْعِلْمُ دانستن (جاننا) عَلِمَ يَعْلَمُ عِلْمًافَهُوَ عَالِمٌ وَعُلِمَ يُعْلَمُ عِلْمًا فَذَاكَ مَعْلُوْمٌ لَمْ يَعْلَمْ لَمْ يُعْلَمْ لاَيَعْلَمُ لاَيُعْلَمُ لَنْ يَّعْلَمَ لَنْ يُّعْلَمَ اَلاَمْرُمِنْهُ اِعْلَمْ لِتُعْلَمْ لِيَعْلَمْ لِيُعْلَمْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لاَتَعْلَمْ لاَتُعْلَمْ لاَيَعْلَمْ لاَيُعْلَمْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَعْلَمٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِعْلَمٌ وَمِعْلَمَةٌ وَمِعْلاَمٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَعْلَمُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ عُلْمٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَااَعْلَمَهٗ وَاَعْلِمْ بِهٖ وَعَلُمَ

باب چہارم: صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ يَفْعَلُ چوں اَلْمَنْعُ بازداشتن (منع کرنا) مَنَعَ يَمْنَعُ مَنْعًا فَهُوَ مَانِعٌ وَمُنِعَ يُمْنَعُ مَنْعًا فَذَاكَ مَمْنُوْعٌ لَمْ يَمْنَعْ لَمْ يُمْنَعْ لاَيَمْنَعُ لاَيُمْنَعُ لَنْ يَّمْنَعَ لَنْ يُّمْنَعَ اَلاَمْرُ مِنْهُ اِمْنَعْ لِتُمْنَعْ لِيَمْنَعْ لِيُمْنَعْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لاَتَمْنَعْ لاَتُمْنَعْ لاَيَمْنَعْ لاَيُمْنَعْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَمْنَعٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِمْنَعٌ وَمِمْنَعَةٌ وَمِمْنَاعٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَمْنَعُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ مُنْعٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَمْنَعَهٗ وَاَمْنِعْ بِهٖ وَمَنُعَ

باب پنجم: صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ يَفْعِلُ چوں اَلْحِسْبَانُ وَالْمَحْسِبَةُ وَالْمَحْسَبَةُ پنداشتن (گمان کرنا)

حَسِبَ يَحْسِبُ حِسْبَانًا فَهُوَ حَاسِبٌ وَحُسِبَ يُحْسَبُ حِسْبَانًا فَذَاكَ مَحْسُوْبٌ لَمْ يَحْسِبْ لَمْ يُحْسَبْ لَايَحْسِبُ لَايُحْسَبُ لَنْ يَّحْسِبَ لَنْ يُّحْسَبَ الْاَمْرُمِنْهُ اِحْسِبْ لِتُحْسَبْ لِيَحْسِبْ لِيُحْسَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَحْسِبْ لَاتُحْسَبْ لَايَحْسِبْ لَايُحْسَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَحْسِبٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِحْسَبٌ وَمِحْسَبَةٌ وَمِحْسَابٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَحْسَبُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ حُسْبٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَحْسَبَهٗ وَاَحْسِبْ بِهٖ وَحَسُبَ

باب ششم: صرف صغیر ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعُلَ يَفْعُلُ چوں اَلشَّرَفُ وَالشَّرَافَةُ بزرگ شدن (بزرگ ہونا)

شَرُفَ يَشْرُفُ شَرَفًا فَهُوَ شَرِيْفٌ وَشُرِفَ يُشْرَفُ شَرَفًا فَذَاكَ مَشْرُوْفٌ لَمْ يَشْرُفْ لَمْ يُشْرَفْ لَا يَشْرُفُ لَايُشْرَفُ لَنْ يَّشْرُفَ لَنْ يُّشْرَفَ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُشْرُفْ لِتُشْرَفْ لِيَشْرُفْ لِيُشْرَفْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَشْرُفْ لَا تُشْرَفْ لَا يَشْرُفْ لَا يُشْرَفْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَشْرَفٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِشْرَفٌ وَمِشْرَفَةٌ وَمِشْرَافٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَشْرَفُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ شُرْفٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَشْرَفَهٗ وَاَشْرِفْ بِهٖ وَشَرُفَ

صرف کبیر صفت مشبہ: شَرِيْفٌ شَرِيْفَانِ شَرِيْفُوْنَ شِرَافٌ شُرُوْفٌ شُرُفٌ شُرَفَاءُ شُرْفَانٌ شِرْفَانٌ اَشْرَافٌ اَشْرِفَاءُ اَشْرِفَةٌ شَرِيْفَةٌ شَرِيْفَتَانِ شَرِيْفَاتٌ شَرَائِفُ شُرَيِّفٌ شُرَيِّفَةٌ

﴿ابواب ثلاثی مزیدفیه﴾

بداں اَسْعَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِى الدَّارَيْنِ **باب اول** صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعَالٌ چوں اَلْاِكْرَامُ بزرگی دادن (بزرگی دینا) اَكْرَمَ يُكْرِمُ اِكْرَامًا فَهُوَ مُكْرِمٌ وَاُكْرِمَ يُكْرَمُ اِكْرَامًا فَذَاكَ مُكْرَمٌ لَمْ يُكْرِمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَمْ يُكْرَمْ لَايُكْرِمُ لَايُكْرَمُ لَنْ يُّكْرِمَ لَنْ يُّكْرَمَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اَكْرِمْ لِتُكْرَمْ لِيُكْرِمْ لِيُكْرَمْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لَاتُكْرِمْ لَاتُكْرَمْ لَايُكْرِمْ لَايُكْرَمْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُكْرَمٌ مُكْرَمَانِ مُكْرَمَيْنِ مُكْرَمَاتٌ

فائدہ:۔ثلاثی مزید اور رباعی مجرد و مزید کے بابوں میں اسم فاعل اور اسم مفعول کے چھ چھ صیغے ہوتے ہیں اور اگر حالت نصبی وجری والے صیغوں کو شمار کیا جائے تو پھر نو نو صیغے ہوتے ہیں۔سوال: ثلاثی مجرد کے جو باب ہیں ان کے نام تم نے ماضی مضارع کے وزن پر رکھے ہیں اور ثلاثی مزید اور رباعی مجرد و مزید کے جو باب ہیں ان کے نام مصادر کے وزن پر کیوں رکھے ہیں۔جواب: مصدر کے اصل ہونے کی وجہ سے قیاس یہ چاہتا تھا کہ سب بابوں کے نام مصادر کے وزن پر ہوں لیکن ثلاثی مجرد کی مصادر سماعی ہیں ایک وزن پر نہیں آتیں اس لئے ان کے نام ماضی مضارع کے وزن پر رکھے ہیں۔ يُكْرِمُ تُكْرِمُ اُكْرِمُ نُكْرِمُ دراصل يُاَ كْرِمُ تُاَ كْرِمُ اُاَ كْرِمُ نُاَ كْرِمُ بودند پس دو ہمزہ در واحد متکلم بہم آمدند وایں چنیں ثقیل بود بنا براں ہمزہ ثانی را حذف کردند علی خلاف القیاس و در باقی صیغها نیز حذف کردند طَرْدًا لِلْبَاب (باب کی موافقت اور فعل مضارع کی گردان کے تمام صیغوں کو ایک جیسا بنانے کے لیے باقی صیغوں میں بھی ہمزہ کو حذف کر دیا) يُكْرِمُ تُكْرِمُ اُكْرِمُ نُكْرِمُ شدند۔

باب دوم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تَفْعِيْلٌ چوں اَلتَّكْرِيْمُ، بزرگی دادن (بزرگی دینا) اور تَفْعِلَةٌ، تَفْعَالٌ فَعَالٌ، فِعَالٌ، فِعَّالٌ کے وزن پر بھی سماعاً آتی ہے جیسا کہ تَكْرِمَةٌ، تَجْرِبَةٌ، تَبْصِرَةٌ، تَكْرَارٌ، تَقْتَالٌ، سَلَامٌ، كَلَامٌ، كِذَابٌ، كِذَّابٌ

كَرَّمَ يُكَرِّمُ تَكْرِيْمًا فَهُوَ مُكَرِّمٌ وَكُرِّمَ يُكَرَّمُ تَكْرِيْمًا فَذَاكَ مُكَرَّمٌ لَمْ يُكَرِّمْ لَمْ يُكَرَّمْ لَايُكَرِّمُ لَايُكَرَّمُ لَنْ يُّكَرِّمَ لَنْ يُّكَرَّمَ اَلْاَمْرُ مِنْهُ كَرِّمْ لِتُكَرَّمْ لِيُكَرِّمْ لِيُكَرَّمْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لَا تُكَرِّمْ لَا تُكَرَّمْ لَا يُكَرِّمْ لَا يُكَرَّمْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُكَرَّمٌ مُكَرَّمَانِ مُكَرَّمَيْنِ مُكَرَّمَاتٌ

باب سوم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تَفَعُّلٌ چوں اَلتَّصَرُّفُ دست اندازی کردن (کسی کام میں ہاتھ ڈالنا)

تَصَرَّفَ يَتَصَرَّفُ تَصَرُّفًا فَهُوَ مُتَصَرِّفٌ وَتُصُرِّفَ يُتَصَرَّفُ تَصَرُّفًا فَذَاكَ مُتَصَرَّفٌ لَمْ يَتَصَرَّفْ لَمْ يُتَصَرَّفْ لَايَتَصَرَّفُ لَايُتَصَرَّفُ لَنْ يَّتَصَرَّفَ لَنْ يُّتَصَرَّفَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَصَرَّفْ لِتُتَصَرَّفْ لِيَتَصَرَّفْ لِيُتَصَرَّفْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لَاتَتَصَرَّفْ لَاتُتَصَرَّفْ لَايَتَصَرَّفْ لَايُتَصَرَّفْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَصَرَّفٌ مُتَصَرَّفَانِ مُتَصَرَّفَيْنِ مُتَصَرَّفَاتٌ

باب چہارم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب مُفَاعَلَةٌ چوں اَلْمُضَارَبَةُ با یکدیگر زدن (ایک دوسرے کو مارنا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضَارَبَ يُضَارِبُ مُضَارَبَةً فَهُوَ مُضَارِبٌ وَضُوْرِبَ يُضَارَبُ مُضَارَبَةً فَذَاكَ مُضَارَبٌ لَمْ يُضَارِبْ لَمْ يُضَارَبْ لَايُضَارِبُ لَايُضَارَبُ لَنْ يُضَارِبَ لَنْ يُضَارَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ ضَارِبْ لِتُضَارَبْ لِيُضَارِبْ لِيُضَارَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتُضَارِبْ لَاتُضَارَبْ لَايُضَارِبْ لَايُضَارَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُضَارَبٌ مُضَارَبَانِ مُضَارَبَيْنِ مُضَارَبَاتٌ

باب پنجم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تَفَاعُلْ چوں اَلتَّضَارُبُ بایکدیگر زدن (ایک دوسرے کو مارنا)

تَضَارَبَ يَتَضَارَبُ تَضَارُبًا فَهُوَ مُتَضَارِبٌ وَتُضُوْرِبَ يُتَضَارَبُ تَضَارُبًا فَذَاكَ مُتَضَارَبٌ لَمْ يَتَضَارَبْ لَمْ يُتَضَارَبْ لَا يَتَضَارَبُ لَا يُتَضَارَبُ لَنْ يَّتَضَارَبَ لَنْ يُّتَضَارَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَضَارَبْ لِتُتَضَارَبْ لِيَتَضَارَبْ لِيُتَضَارَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَتَضَارَبْ لَاتُتَضَارَبْ لَا يَتَضَارَبْ لَا يُتَضَارَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَضَارَبٌ مُتَضَارَبَانِ مُتَضَارَبَيْنِ مُتَضَارَبَاتٌ

باب ششم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْتِعَالْ چوں اَلْاِكْتِسَابُ بکوشش حاصل نمودن (کوشش سے حاصل کرنا)

اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ اِكْتِسَابًا فَهُوَ مُكْتَسِبٌ وَاُكْتُسِبَ يُكْتَسَبُ اِكْتِسَابًا فَذَاكَ مُكْتَسَبٌ لَمْ يَكْتَسِبْ لَمْ يُكْتَسَبْ لَايَكْتَسِبُ لَايُكْتَسَبُ لَنْ يَّكْتَسِبَ لَنْ يُّكْتَسَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِكْتَسِبْ لِتُكْتَسَبْ لِيَكْتَسِبْ لِيُكْتَسَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَكْتَسِبْ لَاتُكْتَسَبْ لَايَكْتَسِبْ لَايُكْتَسَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُكْتَسَبٌ مُكْتَسَبَانِ مُكْتَسَبَيْنِ مُكْتَسَبَاتٌ

باب ہفتم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِسْتِفْعَالْ چوں اَلْاِسْتِخْرَاجُ طلب خروج کردن (نکلنے کو طلب کرنا)

اِسْتَخْرَجَ يَسْتَخْرِجُ اِسْتِخْرَاجًا فَهُوَ مُسْتَخْرِجٌ وَاُسْتُخْرِجَ يُسْتَخْرَجُ اِسْتِخْرَاجًا فَذَاكَ مُسْتَخْرَجٌ لَمْ يَسْتَخْرِجْ لَمْ يُسْتَخْرَجْ لَايَسْتَخْرِجُ لَايُسْتَخْرَجُ لَنْ يَّسْتَخْرِجَ لَنْ يُّسْتَخْرَجَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِسْتَخْرِجْ لِتُسْتَخْرَجْ لِيَسْتَخْرِجْ لِيُسْتَخْرَجْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَسْتَخْرِجْ لَاتُسْتَخْرَجْ لَايَسْتَخْرِجْ لَايُسْتَخْرَجْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُسْتَخْرَجٌ مُسْتَخْرَجَانِ مُسْتَخْرَجَيْنِ مُسْتَخْرَجَاتٌ

باب ہشتم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِنْفِعَالْ چوں اَلْاِنْصِرَافُ برگشتن (پھرنا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنْصَرَفَ يَنْصَرِفُ اِنْصِرَافًا فَهُوَ مُنْصَرِفٌ وَاُنْصُرِفَ يُنْصَرَفُ اِنْصِرَافًا فَذَاكَ مُنْصَرَفٌ لَمْ يَنْصَرِفْ لَمْ يُنْصَرَفْ لَايَنْصَرِفُ لَايُنْصَرَفُ لَنْ يَّنْصَرِفَ لَنْ يُّنْصَرَفَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِنْصَرِفْ لِتُنْصَرَفْ لِيَنْصَرِفْ لِيُنْصَرَفْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَنْصَرِفْ لَاتُنْصَرَفْ لَايَنْصَرِفْ لَايُنْصَرَفْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُنْصَرَفٌ مُنْصَرَفَانِ مُنْصَرَفَيْنِ مُنْصَرَفَاتٌ

باب نہم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِيْعَالٌ چوں اَلْاِحْدِيْدَابُ کوز پشت شدن (ٹیڑھی کمر والا ہونا)۔

اِحْدَوْدَبَ يَحْدَوْدِبُ اِحْدِيْدَابًا فَهُوَ مُحْدَوْدِبٌ وَاُحْدُوْدِبَ يُحْدَوْدَبُ اِحْدِيْدَابًا فَذَاكَ مُحْدَوْدَبٌ لَمْ يَحْدَوْدِبْ لَمْ يُحْدَوْدَبْ لَايَحْدَوْدِبُ لَايُحْدَوْدَبُ لَنْ يَّحْدَوْدِبَ لَنْ يُّحْدَوْدَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِحْدَوْدِبْ لِتُحْدَوْدَبْ لِيَحْدَوْدِبْ لِيُحْدَوْدَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَحْدَوْدِبْ لَاتُحْدَوْدَبْ لَايَحْدَوْدِبْ لَايُحْدَوْدَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُحْدَوْدَبٌ مُحْدَوْدَبَانِ مُحْدَوْدَبَيْنِ مُحْدَوْدَبَاتٌ

باب دہم : صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِلَالٌ چوں اَلْاِحْمِرَارُ سرخ شدن (سرخ ہونا)

اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَاراً فَهُوَ مُحْمَرٌّ و اُحْمُرَّ يُحْمَرُّ اِحْمِرَاراً فَذَاكَ مُحْمَرٌّ لَمْ يَحْمَرَّ لَمْ يَحْمَرِّ لَمْ يَحْمَرِرْ لَمْ يُحْمَرَّ لَمْ يُحْمَرِّ لَمْ يُحْمَرَرْ لَا يَحْمَرُّ لَايُحْمَرُّ لَنْ يَّحْمَرَّ لَنْ يُّحْمَرَّ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ لِتُحْمَرَّ لِتُحْمَرِّ لِتُحْمَرَرْ لِيَحْمَرَّ لِيَحْمَرِّ لِيَحْمَرِرْ لِيُحْمَرَّ لِيُحْمَرِّ لِيُحْمَرَرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَحْمَرَّ لَاتَحْمَرِّ لَاتَحْمَرِرْ لَاتُحْمَرَّ لَاتُحْمَرِّ لَاتُحْمَرَرْ لَايَحْمَرَّ لَايَحْمَرِّ لَايَحْمَرِرْ لَايُحْمَرَّ لَايُحْمَرِّ لَايُحْمَرَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُحْمَرٌّ مُحْمَرَّانِ مُحْمَرَّيْنِ مُحْمَرَّاتٌ

باب یازدہم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِيْلَالٌ چوں اَلْاِحْمِيْرَارُ بسیار سرخ شدن (زیادہ سرخ ہونا)

اِحْمَارَّ يَحْمَارُّ اِحْمِيْرَارًا فَهُوَ مُحْمَارٌّ و اُحْمُوْرَّ يُحْمَارُّ اِحْمِيْرَارًا فَذَاكَ مُحْمَارٌّ لَمْ يَحْمَارَّ لَمْ يَحْمَارِّ لَمْ يَحْمَارِرْ لَمْ يُحْمَارَّ لَمْ يُحْمَارِّ لَمْ يُحْمَارَرْ لَايَحْمَارُّ لَايُحْمَارُّ لَنْ يَّحْمَارَّ لَنْ يُّحْمَارَّ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِحْمَارَّ اِحْمَارِّ اِحْمَارِرْ لِتُحْمَارَّ لِتُحْمَارِّ لِتُحْمَارَرْ لِيَحْمَارَّ لِيَحْمَارِّ لِيَحْمَارِرْ لِيُحْمَارَّ لِيُحْمَارِّ لِيُحْمَارَرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَحْمَارَّ لَاتَحْمَارِّ لَاتَحْمَارِرْ لَاتُحْمَارَّ لَاتُحْمَارِّ لَاتُحْمَارَرْ لَايَحْمَارَّ لَايَحْمَارِّ لَايَحْمَارِرْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

لَا يُحْمَارَّ لَا يُحْمَارِّ لَا يُحْمَارَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُحْمَارٌّ مُحْمَارَّانِ مُحْمَارَّيْنِ مُحْمَارَّاتٌ۔

باب دوازدہم: صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِوَّالٌ چوں اَلاِجْلِوَّاذُ شتافتن (دوڑنا) اِجْلَوَّذَ يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فَهُوَ مُجْلَوِّذٌ وَاُجْلُوِّذَ يُجْلَوَّذُ اِجْلِوَّاذًا فَذَاكَ مُجْلَوَّذٌ لَمْ يَجْلَوِّذْ لَمْ يُجْلَوَّذْ لَا يَجْلَوِّذُ لَا يُجْلَوَّذُ لَنْ يَّجْلَوِّذَ لَنْ يُّجْلَوَّذَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِجْلَوِّذْ لِتُجْلَوَّذْ لِيَجْلَوِّذْ لِيُجْلَوَّذْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَجْلَوِّذْ لَا تُجْلَوَّذْ لَا يَجْلَوِّذْ لَا يُجْلَوَّذْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُجْلَوَّذٌ مُجْلَوَّذَانِ مُجْلَوَّذَيْنِ مُجْلَوَّذَاتٌ۔

﴿ابواب رباعی مجرد﴾

بداں اسعدك الله تعالى فِي الدَّارَيْنِ **باب اول** صرف صغیر رباعی مجرد صحیح از باب فَعْلَلَةٌ چوں اَلدَّحْرَجَةُ وَالدِّحْرَاجُ سنگ غلطانیدن (پتھر لڑھکانا) دَحْرَجَ يُدَحْرِجُ دَحْرَجَةً فَهُوَ مُدَحْرِجٌ وَدُحْرِجَ يُدَحْرَجُ دَحْرَجَةً فَذَاكَ مُدَحْرَجٌ لَمْ يُدَحْرِجْ لَمْ يُدَحْرَجْ لَا يُدَحْرِجُ لَا يُدَحْرَجُ لَنْ يُّدَحْرِجَ لَنْ يُّدَحْرَجَ اَلْاَمْرُمِنْهُ دَحْرِجْ لِتُدَحْرَجْ لِيُدَحْرِجْ لِيُدَحْرَجْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُدَحْرِجْ لَا تُدَحْرَجْ لَا يُدَحْرِجْ لَا يُدَحْرَجْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُدَحْرَجٌ مُدَحْرَجَانِ مُدَحْرَجَيْنِ مُدَحْرَجَاتٌ۔

﴿ابواب رباعی مزید فیه﴾

بداں اسعدك الله تعالى فِي الدَّارَيْنِ **باب اول** صرف صغیر رباعی مزید فیہ صحیح از باب تَفَعْلُلٌ چوں اَلتَّدَحْرُجُ سنگ غلطیدن (پتھر کا لڑھکنا) تَدَحْرَجَ يَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فَهُوَ مُتَدَحْرِجٌ وَتُدُحْرِجَ يُتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فَذَاكَ مُتَدَحْرَجٌ لَمْ يَتَدَحْرَجْ لَمْ يُتَدَحْرَجْ لَا يَتَدَحْرَجُ لَا يُتَدَحْرَجُ لَنْ يَّتَدَحْرَجَ لَنْ يُّتَدَحْرَجَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَدَحْرَجْ لِتُتَدَحْرَجْ لِيَتَدَحْرَجْ لِيُتَدَحْرَجْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَدَحْرَجْ لَا تُتَدَحْرَجْ لَا يَتَدَحْرَجْ لَا يُتَدَحْرَجْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَدَحْرَجٌ مُتَدَحْرَجَانِ مُتَدَحْرَجَيْنِ مُتَدَحْرَجَاتٌ۔

باب دوم: صرف صغیر رباعی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِنْلَالٌ چوں اَلاِحْرِنْجَامُ انبوہ شدن شتراں بر آب (پانی پر اونٹوں کا اکٹھا ہونا) اِحْرَنْجَمَ يَحْرَنْجِمُ اِحْرِنْجَامًا فَهُوَ مُحْرَنْجِمٌ وَاُحْرُنْجِمَ يُحْرَنْجَمُ اِحْرِنْجَامًا فَذَاكَ

www.KitaboSunnat.com

مُحْرَنْجَمٌ لَمْ يَحْرَنْجِمْ لَمْ يُحْرَنْجَمْ لاَيَحْرَنْجِمُ لاَيُحْرَنْجَمُ لَنْ يَّحْرَنْجِمَ لَنْ يُّحْرَنْجَمَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِحْرَنْجِمْ لِتُحْرَنْجَمْ لِيَحْرَنْجِمْ لِيُحْرَنْجَمْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لاَتَحْرَنْجِمْ لاَتُحْرَنْجَمْ لاَيَحْرَنْجِمْ لاَيُحْرَنْجَمْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُحْرَنْجَمٌ مُحْرَنْجَمَانِ مُحْرَنْجَمِيْنِ مُحْرَنْجَمَاتٌ

باب سوم: صرف صغیر رباعی مزید فیہ صحیح از باب اِفْعِلَّالٌ (اِفْعِلَّالٌ) چوں اَلْاِقْشِعْرَارُ خاستن موئے بربدن (جسم پر بالوں کا کھڑا ہونا) اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فَهُوَ مُقْشَعِرٌّ وَاُقْشُعِرَّ يُقْشَعَرُّ اِقْشِعْرَارًا فَذَاكَ مُقْشَعَرٌّ لَمْ يَقْشَعِرَّ لَمْ يَقْشَعِرِ لَمْ يَقْشَعْرِرْ لَمْ يُقْشَعَرَّ لَمْ يُقْشَعَرِ لَمْ يُقْشَعْرَرْ لاَ يَقْشَعِرُّ لاَيُقْشَعَرُّ لَنْ يَّقْشَعِرَّ لَنْ يُّقْشَعَرَّ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِ اِقْشَعْرِرْ لِتُقْشَعَرَّ لِتُقْشَعَرِ لِتُقْشَعْرَرْ لِيَقْشَعِرَّ لِيَقْشَعِرِ لِيَقْشَعْرِرْ لِيُقْشَعَرَّ لِيُقْشَعَرِ لِيُقْشَعْرَرْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لاَتَقْشَعِرَّ لاَتَقْشَعِرِ لاَتَقْشَعْرِرْ لاَتُقْشَعَرَّ لاَتُقْشَعَرِ لاَتُقْشَعْرَرْ لاَيَقْشَعِرَّ لاَيَقْشَعِرِ لاَيَقْشَعْرِرْ لاَيُقْشَعَرَّ لاَيُقْشَعَرِ لاَيُقْشَعْرَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُقْشَعَرٌّ مُقْشَعَرَّانِ مُقْشَعَرَّيْنِ مُقْشَعَرَّاتٌ

﴿تمام گردانوں اور صیغوں کا مختصر اور آسان تعارف﴾

گردانوں کا مختصر تعارف :۔

مصدر کام کو کہتے ہیں آگے کام تین حال سے خالی نہیں۔ کام ہو چکا ہو گا یا ہو رہا ہو گا یا آئندہ زمانے کے اندر ہو گا اگر کام ہو چکا ہو تو اس کو ماضی کہیں گے اور اگر کام ہو رہا ہو یا آئندہ زمانے کے اندر ہو گا تو اس کو مضارع کہیں گے اور اگر زمانہ ماضی میں کسی کام کی نفی مقصود ہو تو وہ نفی دو حال سے خالی نہیں یا تو وہ نفی ماضی کے صیغے کے ذریعے ہو گی یا مضارع کے صیغے کے ذریعے ہو گی اگر ماضی کے صیغے کے ذریعے ہو تو اس کو ماضی منفی کہیں گے اور اگر مضارع کے صیغے کے ذریعے ہو تو اس کو فعل جحد بلم کہیں گے اور اگر نفی فی الحال ہو یا آئندہ زمانے میں بغیر تاکید کے ہو تو اسے فعل مضارع منفی کہیں گے اور اگر آئندہ زمانے میں نفی تاکید کے ساتھ ہو تو اس کو مؤکد بالن ناصبہ کہیں گے اور اگر کسی کام کا حکم کرنا مقصود ہو تو اس کو امر کہیں گے اور اگر کسی کام سے منع کرنا مقصود ہو تو اس کو نہی کہیں گے اور اگر کوئی کام (صفت) کسی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ذات کے ساتھ کبھی کبھی قائم ہو تو اس کو اسمِ فاعل کہیں گے اور اگر کوئی کام (صفت) کسی ذات کے ساتھ ہمیشہ کے لیے قائم ہو تو اس کو صفتِ مشبہ کہیں گے اور اگر کوئی کام کسی ذات پر واقع ہو تو اس کو اسمِ مفعول کہیں گے اور اگر کوئی کام کسی جگہ اور وقت میں واقع ہو تو اس کو اسمِ ظرف کہیں گے اور اگر کوئی چیز کسی کام کے کرنے کا آلہ بنے تو اس کو اسمِ آلہ کہیں گے اور اگر کوئی کام کسی ذات کے لیے غیر پر زیادتی کے ساتھ ثابت ہو تو اس کو اسمِ تفضیل کہیں گے اور اگر کسی کام پر تعجب اور حیرانگی کا اظہار ہو تو اس کو فعل تعجب کہیں گے۔

صیغوں کا مختصر تعارف :۔

جیسا کہ ابھی آپ کو معلوم ہوا کہ مصدر کام کو کہتے ہیں آگے کام کرنے والا تین حال سے خالی نہیں :۔

۱۔ غائب ہوگا ۲۔ حاضر ہوگا۔ ۳۔ متکلم ہوگا۔ یعنی اپنے کام کو خود بیان کرنے والا ہوگا۔

اگر کام کرنے والا غائب ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں :۔ ۱۔ مرد ہوگا۔ ۲۔ عورت ہوگی۔

اگر مرد ہو تو پھر تین حال سے خالی نہیں۔ ۱۔ ایک ہوگا۔ ۲۔ دو ہونگے۔ ۳۔ تین ہوں گے۔

اگر ایک ہو تو اس کے لیے واحد مذکر غائب کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر دو ہوں اس کے لیے تثنیہ مذکر غائب کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر تین ہوں اس کے لیے جمع مذکر غائب کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر عورت ہو تو پھر وہ تین حال سے خالی نہیں۔ ۱۔ ایک ہوگی ۲۔ دو ہونگی ۳۔ تین ہونگی

اگر ایک عورت ہو تو اس کے لیے واحد مؤنث غائب کا صیغہ استعمال کریں گے۔ اگر دو ہوں تو تثنیہ مؤنث غائب کا صیغہ استعمال کریں گے۔ اگر تین ہوں تو جمع مؤنث غائب کا صیغہ استعمال کریں گے ایسے ہی کام کرنے والے حاضر ہوئے تو پھر وہ دو حال سے خالی نہیں۔ ۱۔ مرد ہوں گے ۲۔ عورتیں ہونگی۔

اگر مرد ہوں تو پھر تین حال سے خالی نہیں :۔ ۱۔ ایک ہوگا ۲۔ دو ہونگے ۳۔ تین ہوں گے

اگر ایک مرد ہو تو واحد مذکر حاضر کا صیغہ استعمال کریں گے اگر دو ہوئے تو تثنیہ مذکر حاضر کا صیغہ استعمال کریں گے اگر تین ہوئے تو جمع مذکر حاضر کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر عورت ہو تو پھر وہ تین حال سے خالی نہیں۔

۱۔ ایک ہوگی ۲۔ دو ہوں گی ۳۔ تین ہوں گی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اگر ایک عورت ہو تو واحد مؤنث حاضر کا صیغہ استعمال کرینگے اگر دو ہوں تو تثنیہ مؤنث حاضر کا صیغہ استعمال کریں گے اگر تین ہو تو جمع مؤنث حاضر کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر اپنے کام کو خود بیان کرنے والا ہو اگر ایک مرد یا ایک عورت ہو تو واحد متکلم کا صیغہ استعمال کریں گے اور اگر کام کرنے والے دو مرد یا دو عورتیں' یا کئی مرد یا کئی عورتیں ہوں تو جمع متکلم کا صیغہ استعمال کریں گے۔

فائدہ :اسم فاعل، اسم مفعول، اسم تفضیل، صفتِ مشبہ کے صیغہ بیان کرتے وقت غائب حاضر متکلم کے الفاظ استعمال نہیں کریں گے لہٰذا ضَارِبٌ صیغہ کی تعریف یوں ہوگی ضَارِبٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ ان گردانوں میں غائب، حاضر، متکلم کا پتہ قرینہ سے چلے گا جیسے اَنَا عَابِدٌ میں عَابِدٌ اسم فاعل کا صیغہ متکلم کے لیے استعمال ہوا ہے اور اس پر قرینہ اَنَا ضمیر متکلم کی ہے اور اسمِ ظرف، اسمِ آلہ اور اسم مصدر میں نہ غائب حاضر اور متکلم کے الفاظ استعمال کریں گے اور نہ ہی مذکر مؤنث کے الفاظ استعمال کریں گے لہٰذا مَضْرِبٌ صیغہ کی تعریف یوں ہوگی۔مَضْرِبٌ صیغہ واحد اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

﴿صیغے نکالنے کا ایک آسان انداز﴾

عزیز طلباء :۔جب آپ نے ثلاثی مجرد (صحیح) کے چھ ابواب اور ثلاثی مزید کے کچھ ابواب یاد کر لیے ہیں اور باقی ابواب بھی آہستہ آہستہ یاد کر رہے ہیں تو اب ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرآن کریم سے صیغوں کا اجراء شروع کرتے ہیں۔ تاکہ آپ کو صیغوں کی پہچان ہو جائے اور اصل مقصود یعنی قرآن، حدیث کے سمجھنے میں آسانی ہو جائے۔اپنے عزیز طلباء کے سامنے سب سے پہلے تمام گردانوں اور صیغوں کا مختصر تعارف پیش کیا اب آپکے سامنے صیغوں میں پوچھی جانے والی بنیادی باتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

﴿صیغوں میں پوچھی جانے والی باتیں﴾

وہ باتیں جو صرف کے ابتدائی طلباء سے پوچھی جاتی ہیں وہ نو ہیں بشرطیکہ وہ صیغہ افعال متصرفہ (گردان والے افعال) میں سے ہوں یا آٹھ ہیں اگر وہ صیغہ اسماء متصرفہ (گردان والے اسماء) میں سے ہو کیونکہ ان میں معلوم اور مجہول والا سوال نہیں ہوگا۔اسی طرح نمبر ۹ کا سوال بھی ان صیغوں میں ہوگا جن میں قانون لگے ہیں ورنہ یہ سوال نہیں ہوگا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک عرض :۔ اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک صرف پڑھانے والے مبتدی اساتذۂ کرام کی خدمت میں عرض ہے کہ صیغوں میں پوچھی جانے والی ان آٹھ یا نو باتوں کا اجراء اکٹھا ایک ہی دن میں نہ کروایا جائے بلکہ آہستہ آہستہ ایک ایک بات کی مشق کروائی جائے یہاں تک کہ اُس بات کا اجراء خوب ذہن نشین ہو جائے۔ پھر جب پہلی بات کا اجراء ایک دن یا کئی دنوں میں خوب ذہن نشین ہو جائے تو پھر دوسری بات کا اجراء شروع کروادیا جائے اور ہر اگلی بات کے اجراء کیساتھ پچھلی باتوں کے اجراء کو ضرور دوہرایا جائے تاکہ ان تمام باتوں میں ربط برقرار رہے۔

صیغوں میں پوچھی جانے والی نو باتیں :۔

۱۔ گردان کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ کس گردان کا ہے)۔

۲۔ صیغہ کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ واحد تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث، غائب، حاضر، متکلم میں سے کونسا ہے)

۳۔ افعال کے اندر معلوم، مجہول کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ معلوم کا ہے یا مجہول کا)

۴۔ شش اقسام کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ ثلاثی مجرد ومزید یا رباعی مجرد ومزید میں کونسی قسم کا ہے)

۵۔ باب اور ہمچوں (ہمشکل) کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ کس باب کا ہے اور یہ صیغہ اس باب کے کس صیغے کے ساتھ مشابہ ہے)

۶۔ مادہ نکالنا (آیا اس صیغے میں اصلی حروف کون سے ہیں)

۷۔ ہفت اقسام کی پہچان کرنا (آیا یہ صیغہ سات قسموں میں سے کونسی قسم کا ہے)

۸۔ صیغے کا وزن پہچاننا (آیا اس صیغے کا وزن کیا ہے)

۹۔ قوانینِ مستعملہ کی پہچان کرنا (اس صیغہ میں اگر قانون لگے ہوں تو ان قوانین کی پہچان کرنا)

اب آپ کو اللہ پاک کے خصوصی فضل وکرم سے صیغے میں پوچھی جانے والی ان نو باتوں میں سے اکثر اہم باتوں کی علامات اور خاص طریقوں کے ذریعہ پہچان کروائی جائے گی اور ساتھ ساتھ ان علامات اور خاص طریقوں کا اجراء بھی کرایا جائے گا جس سے الحمد للہ آپ کو صیغوں کے نکالنے اور ان کی حقیقت کو معلوم کرنے میں اور صیغے کے اندر ان تمام باتوں کو اکٹھا بیان کرنے میں آسانی ہو جائے گی یہاں تک کہ آپ شش اقسام (ثلاثی مجرد و مزید، رباعی مجرد و مزید

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہفت اقسام (صحیح، مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف، مضاعف) کے وہ تمام صیغے نکال سکیں گے جن میں حذف، ابدال اور ادغام والے قانون نہیں لگے ہیں اور جن صیغوں میں حذف، ابدال اور ادغام والے قانون لگے ہیں تو حذف، ادغام اور ابدال والے قوانین پڑھنے کے بعد اور ان قوانین کا اجراء کرنے کے بعد ان صیغوں کا نکالنا بھی انشاء اللہ آسان ہو جائے گا۔

﴿گردانوں کی علامات﴾

(یعنی ایسی اہم علامات کا بیان جن کے ذریعے اس بات کی پہچان ہو جائے کہ یہ صیغہ کس گردان کا ہے)

ماضی کی گردان کے صیغوں کی علامات :۔

جس صیغے کے آخر میں تَ، تُمَا، تُمْ، تِ، تُمَا، تُنَّ، تُ، نَا یہ الفاظ (ضمیریں) آجائیں تو یہ سب ماضی کے صیغے ہوتے ہیں لہٰذا صَلَّيْتَ و سَلَّمْتَ، وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ یہ سب صیغے ماضی کے ہیں کیونکہ ان سب کے آخر میں ماضی کے صیغے کی علامت تَ آرہی ہے۔ اور اسی طرح ظَلَمْتُمْ، قَتَلْتُمْ، فَادّٰرَئْتُمْ، حَسِبْتُمْ، قُلْتُمْ، یہ سب ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ ان سب کے آخر میں ماضی کے صیغوں کی علامت لفظ "تُمْ" آرہا ہے اور اسی طرح اَنْزَلْنَا، کَرَّمْنَا، خَلَقْنَا، ظَلَمْنَا، ظَلَّلْنَا یہ سب ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ ان سب کے آخر میں لفظ نا آرہا ہے۔

سوال : کِتَابُنَا کے آخر میں بھی تو "نا" ہے کیا یہ ماضی کا صیغہ ہے ؟

جواب : لفظ "نا" ماضی کے صیغے کی علامت تب بنے گا جب ہم لفظ "نا" کو ہٹا دیں، تو باقی حروف کی شکل ماضی کے صیغوں کی طرح ہو اور یہاں لفظ "نا" کی ہٹانے کے بعد لفظ "کتاب" کی شکل ماضی کے صیغوں سے نہیں ملتی لہٰذا یہ ماضی کا صیغہ نہیں ہے اور اسی طرح جس صیغے کے آخر میں لفظ "نَ" آجائے بشرطیکہ اُس کے شروع میں مضارع کی علامت حروفِ اَتین نہ ہوں تو وہ بھی ماضی کا صیغہ ہو گا لہٰذا اقْتَلْنَ، ظَلَمْنَ، نَصَرْنَ یہ سب ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ ان کے آخر میں لفظ "نَ" آرہا ہے اور جس صیغہ کے آخر میں تْ (تائے تانیث ساکنہ) اور تا (تانیث) آجائے تو وہ بھی ماضی کا صیغہ ہو گا۔ لہٰذا اِنْشَقَّتْ، اَذِنَتْ، حُقَّتْ، تَخَلَّتْ، کُوِّرَتْ، سُجِّرَتْ یہ سب ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ ان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سب صیغوں کے آخر میں ماضی کی علامت تْ (تائے تانیث ساکنہ) آرہی ہے اور جس صیغہ کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم یاالف ماقبل مفتوح آجائے تو وہ بھی ماضی کے صیغے ہوں گے بشر طیکہ اس کے شروع میں حروفِ اَتین، یا کسی اور گردان کی علامت موجود نہ ہو لہٰذا خَلَقُوْا، وَجَدُوْا، عَلِمُوْا، جَاهَدُوْا، جَآءُ وْا یہ سب ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ ان کے آخر میں ماضی کی علامت واؤ ماقبل مضموم ہے اور اسی طرح ضَرَبَ، عَلِمَ شَرُفَ، اَكْرَمَ، تَصَرَّفَ، تَضَارَبَ، ضَارَبَ، اِكْتَسَبَ، اِسْتَخْرَجَ اِنْصَرَفَ وغیرہ کی ہم شکل کوئی صیغہ آجائے تو وہ بھی ماضی کا صیغہ ہوگا۔ لہٰذا خَتَمَ، ذَهَبَ، جَعَلَ یہ ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ یہ ہم شکل ہیں ماضی کے پہلے صیغے ضَرَبَ کے ساتھ اور صَدَّقَ اور سَلَّمَ، كَذَّبَ، حَدَّثَ وغیرہ یہ ماضی کے صیغے ہیں کیونکہ یہ ہم شکل ہیں بابِ تفعیل کی ماضی کے پہلے صیغہ كَرَّمَ کے ساتھ۔

مضارع کی گردان کے صیغوں کی علامت

جن صیغوں کے شروع میں مضارع کی علامت حروف اَتین، آجائے وہ سب مضارع کے صیغے ہوں گے لہٰذا يَسْجُدُوْنَ، يَعْلَمُوْنَ، يَعْقِلُوْنَ وغیرہ یہ سب مضارع کے صیغے ہیں کیونکہ ان کے شروع میں مضارع کی علامت حروف "اتین" میں سے یا آرہی ہے۔

سوال : يَسَّرَ کے شروع میں بھی تو "یا" ہے کیا یہ مضارع کا صیغہ ہے؟

جواب : اُستاذ جی یہ مضارع کا صیغہ نہیں ہے کیونکہ یہ "یا" حروفِ اتین میں سے نہیں ہے اس لیے کہ یہ "یا" اصلی ہے اور حروف اتین تو مضارع کی علامت ہیں اور علامات سب کی سب زائد ہوتی ہیں۔

سوال : باب عَلِمَ يَعْلَمُ اور باب فَتَحَ يَفْتَحُ میں فعل مضارع کی گردان میں واحد متکلم کا صیغہ اَعْلَمُ، اَفْتَحُ اور اسم تفضیل کا پہلا صیغہ اَعْلَمُ، اَفْتَحُ ایک جیسا ہوتا ہے تو ان دونوں صیغوں میں فرق کیسے ہوگا۔

جواب : ان دونوں صیغوں کے اندر فرق معنے سے ہوگا اگر مضارع والا معنی ٹھیک بن سکے۔ تو وہ مضارع کا صیغہ ہوگا اور اگر اسم تفضیل والا معنی ٹھیک ہو تو پھر وہ اسم تفضیل کا صیغہ ہوگا۔ جیسے اَعْلَمُ اگر مضارع کی گردان کا صیغہ ہو۔ تو پھر اس کا معنی ہوگا۔ جانتا ہوں یا جانوں گا "میں ایک مرد یا ایک عورت" اور اگر اسم تفضیل کا صیغہ ہو تو پھر اس کا معنی یہ ہوگا کہ "زیادہ جاننے والا ایک مرد"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تنبیہ :۔

کبھی کبھی فعل مضارع کے صیغوں پر لام کَی داخل ہوتا ہے۔ اس کا معنی "تاکہ" ہوتا ہے جیسے اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ (میں اسلام لایا تاکہ جنت میں داخل ہو جاؤں)۔ تثنیہ، جمع اور واحد مؤنث حاضر کے صیغوں میں لامِ کَی کا لام امر کے ساتھ التباس آجاتا ہے کیونکہ یہ دونوں لام مکسور ہوتے ہیں۔ لہٰذا قرینے سے فرق معلوم کر لیا جائے وہ اس طرح کہ اگر امر والا معنی ٹھیک ہو تو وہ امر والا صیغہ ہوگا جیسے وَلِيَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ (پ ۱۵) اور اگر لامِ کَی والا معنی ٹھیک ہو یعنی مابعد والا فعل علت اور سبب بن رہا ہو ماقبل والے فعل کے لیے تو وہ فعل مضارع والا صیغہ ہوگا۔ جیسے فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ (پ ۱۱)۔

فعل نفی غیر مؤکد (فعل مضارع منفی) اور فعل نہی کی گردان کے صیغوں کی علامت

فعل نفی غیر مؤکد (فعل مضارع منفی) اور فعل نہی کی گردانوں کی علامت (نشانی) یہ ہے کہ ان کے صیغوں کے شروع میں لفظ "لا" داخل ہوگا پھر ان دونوں گردانوں کے جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے صیغوں میں فرق قرینہ سے معلوم ہوگا وہ اس طرح کہ اگر نہی والا معنی ٹھیک بنتا ہے تو وہ نہی کا صیغہ ہوگا اور اگر نہی والا معنی ٹھیک نہ بن سکے تو پھر فعل نفی غیر مؤکد کا صیغہ ہوگا۔ جیسے: لَا يَضْرِبْنَ کا معنی یہ کریں کہ "نہیں مارتی یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں" تو یہ فعل نفی غیر مؤکد کا صیغہ ہوگا اور اگر لَا يَضْرِبْنَ کا معنی یہ کریں کہ نہ ماریں وہ سب عورتیں تو یہ فعل نہی کا صیغہ ہوگا اور باقی بارہ میں سے پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم) کے آخر میں جزم ہو (آگے جزم سے مراد عام ہے۔ خواہ سکون کے ساتھ ہو جیسا کہ لَا تَضْرِبْ خواہ حرفِ علت کے گرانے کے ساتھ ہو جیسے کہ لَا تَدْعُ) اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے اور دو جمع مذکر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر میں نون اعرابی گرا ہوا ہو تو یہ نہی کے صیغے ہوں گے اور اگر مذکورہ پانچ صیغوں کے آخر میں جزم نہ ہو اور مذکورہ سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی ہو تو وہ فعل نفی غیر مؤکد کا صیغہ ہوگا جیسے لَا تَقْتُلُوْا نہی کا صیغہ ہے کیونکہ اس کے آخر میں نون اعرابی گرا ہوا ہے اور لَا تَقْتُلُوْنَ فعل نفی کا صیغہ ہے کیونکہ اس کے آخر میں نون اعرابی موجود ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل جحد بلم اور مؤکد بالن ناصبہ کے صیغوں کی علامت

فعل جحد بلم اور مؤکد بالن ناصبہ کا پہچاننا تو بالکل آسان ہے کہ جس صیغے کے شروع میں لفظ "لَمْ" یا لفظ "لَنْ" ہو تو وہ فعل جحد بلم اور مؤکد بلن ناصبہ کی گردان کا صیغہ ہوگا جیسے لَمْ تَفْعَلُوْا، فعل جحد بلم کی گردان کا صیغہ ہے کیونکہ اس کے شروع میں لفظ "لَمْ" ہے اور لَنْ یَّنَالَ، فعل نفی مؤکد بالن ناصبہ کا صیغہ ہے کیونکہ اس کے شروع میں لفظ "لَنْ" ہے۔

فعل امر کی گردان کے صیغوں کی علامت

جس صیغے کے شروع میں لام مکسور ہو اور آخر میں جزم ہو یا اُس صیغے کی شکل ماقبل پڑھے ہوئے امر حاضر معلوم کے صیغوں کے ساتھ ملتی ہو تو وہ امر کی گردان کا صیغہ ہوگا جیسے لِیَعْبُدُوْا، یہ امر کا صیغہ ہے کیونکہ اس کے شروع میں لام مکسور ہے اور آخر میں جزم ہے۔ اِسقاط (گرانے) نون اعرابی کے ساتھ۔

فائدہ: کبھی کبھی لامِ امر حروف کے داخل ہونے کی وجہ سے ساکن بھی ہو جاتا ہے جیسے وَلْیَتَلَطَّفْ اور فَلْیَعْبُدُوْا اصل میں لِیَتَلَطَّفْ اور لِیَعْبُدُوْا ہے اور بَلِّغْ یہ بھی امر کا صیغہ ہے کیونکہ یہ ہم شکل ہے ماقبل پڑھے ہوئے امر حاضر کے صیغے کَرِّمْ کے ساتھ۔

اسم فاعل کی گردان کے صیغوں کی علامت

اسم فاعل کے صیغوں کی علامت یہ ہے کہ اس کے صیغے ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ الخ کے وزن پر آئیں گے جیسے جَاعِلٌ، نَاصِرٌ، قَاتِلٌ، بَائِعٌ، سَائِلٌ اور ثلاثی مزید، رُباعی مجرد، رباعی مزید میں اسم فاعل کے صیغوں کے شروع میں میم مضموم اور درمیان میں زیر ہوگا جیسے مُسْتَقِیْمٌ، مُتَصَرِّفٌ، مُنْزِلٌ یا درمیان میں زیر نہیں تو زبر بھی نہ ہو جیسے مُتَّقُوْنَ، مُدَّعُوْنَ، مُرْمُوْنَ۔

اسم مفعول کی گردان کے صیغوں کی علامت

اسم مفعول کے صیغوں کی علامت یہ ہے کہ ثلاثی مجرد سے اس کے صیغے مَفْعُوْلٌ الخ کے وزن پر آئیں گے۔
یعنی شروع میں میم مفتوح ہوگی اور درمیان (آخری حرف سے پہلے) میں واؤ ماقبل مضموم یا یا ماقبل مکسور ہوگی جیسا کہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَنْصُوْرٌ، مَفْتُوحٌ، مَقْوْلٌ، مَبِيْعٌ یا آخر میں واؤ یا یاء مشدد ہوگی جیسا کہ مَدْعُوٌّ، مَتْلُوٌّ، مَرْمِیٌّ، مَجْنِیٌّ اور ثلاثی مزید، رباعی مجرد، رباعی مزید میں اسم مفعول کے صیغوں کے شروع میں میم مضموم اور درمیان میں فتحہ ہوگا جیسا کہ مُنَزَّلٌ، مُفَصَّلٌ، مُتَطَهَّرُوْنَ یا درمیان میں الف ہوگا جیسا کہ مُخْتَارٌ، مُبْتَاعٌ

اسم ظرف کی گردان کے صیغوں کی علامت

اگر صیغوں کے شروع میں میم مفتوح ہو اور درمیان میں زبر یا زیر ہو تو وہ اسم ظرف کا صیغہ ہوگا بشر طیکہ وہاں مصدر والا معنی ٹھیک نہ ہو۔ اور اگر مصدر والا معنی ٹھیک ہو تو وہ مصدر میمی کا صیغہ ہوگا (مصدر میمی اس کو کہتے ہیں جسکے شروع میں میم ہو جیسے کہ مَنْظَرٌ، مَرْجِعٌ، مَصِيْرٌ، مَسِيْرٌ۔

اسم آلہ کی گردان کے صیغوں کی علامت

اگر کسی صیغے کے شروع میں میم مکسور اور درمیان میں زبر یا الف ہو تو وہ اسم آلہ کا صیغہ ہوگا جیسا کہ مِنْصَرٌ، مِعْلَمٌ، مِنْبَرٌ، مِحْرَابٌ، مِفْتَاحٌ۔

اسم تفضیل کی گردان کے صیغوں کی علامت :۔

اگر کوئی صیغہ اَضْرَبُ اِلٰی آخِرِہٖ، ضُرْبٰی اِلٰی اٰخِرِہٖ کی ہمشکل ہو اور اس میں زیادتی والا معنی ہو تو وہ اسم تفضیل کا صیغہ ہوگا جیسے :۔ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ۔

فعل تعجب کی گردان کے صیغوں کی علامت :۔

اگر کوئی صیغہ مَا اَضْرَبَهٗ وَاَضْرِبْ بِهٖ وَضَرُبَ ان صیغوں کے ہمشکل آجائے اور اس صیغہ میں تعجب اور حیرانگی والا معنی بھی ٹھیک ہو تو وہ فعل تعجب کا صیغہ ہوگا۔ جیسے مَااَقْرَاہ (کیسا عجیب اس نے پڑھا) اور اگر تعجب والا معنی ٹھیک نہ ہو تو پھر مَا اَضْرَبَهٗ وَضَرُبَ۔ ان دو صیغوں کے ہمشکل صیغوں میں ماضی کے صیغہ کا احتمال پیدا ہو جائے گا اور وَاَضْرِبْ بِهٖ کے ہمشکل صیغے میں امر کے صیغے کا احتمال پیدا ہو جائے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

گردانوں کی علامات کا اجراء

صیغھائے قرآنیہ

اَنْعَمْتَ يُؤْمِنُوْنَ لَايُحِبُّ لَمْ تَفْعَلُوْا لَنْ يَّنَالَ مُفْسِدِيْن مُلْقُوْنَ مُشَيَّدَةٍ مُطَهَّرَةٌ جَاهِدْ لَا تَقُوْلُوْا

استاذ : اَنْعَمْتَ کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد : ماضی کا۔

استاذ : کیسے معلوم ہوا؟

شاگرد : استاذ جی۔ ہم نے گردانوں کی علامات میں پڑھا تھا کہ جس صیغے کے آخر میں تَ تُمَا تُمْ الخ یہ ضمیر یعنی یہ الفاظ آجائیں تو وہ سب ماضی کے صیغے ہوتے ہیں۔

استاذ : جَاهِدْ کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد : امر کا صیغہ ہے کیونکہ اس کی مشابہت باب مفاعلہ کے امر (ضَارِبْ) کے ساتھ ہے۔

استاذ : مُشَيَّدَةٍ مُطَهَّرَةٌ کس گردان کے صیغے ہیں؟

شاگرد : اسم مفعول کے کیونکہ ہم نے گردانوں کی علامات میں پڑھا تھا جس صیغے کے شروع میں میم مضموم اور درمیان میں فتحہ ہو تو وہ اسم مفعول کا صیغہ ہوگا۔ ایسے ہی مذکورہ علامات کے ذریعہ باقی صیغوں کی گردانوں کو پہچان لیں۔

﴿صیغوں کی علامات﴾

ابتدائی طلباء کے لیے ماضی کے صیغوں کی علامات :۔

ماضی کے صیغہ کے آخر میں تَ ہو تو وہ واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہوگا اور تِ ہو تو وہ واحد مؤنث حاضر کا صیغہ ہوگا۔ اور اگر تُ ہو تو واحد متکلم کا صیغہ ہوگا اور اگر تْ (تا ساکن) ہو تو یہ پکا واحد مؤنث غائب کا صیغہ ہوگا اور اگر تا ہو تو تثنیہ مؤنث غائب کا صیغہ ہوگا اور اگر تُمَا ہو تو اس صیغہ میں دو احتمال ہوں گے۔ نمبر ۱ تثنیہ مذکر حاضر۔ نمبر ۲ : تثنیہ مؤنث حاضر اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اگر تمُ ہو تو جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہو گا اور اگر تنَّ ہو تو وہ جمع مؤنث حاضر کا صیغہ ہو گا اور اگر نَ ہو تو جمع مؤنث کا غائب کا صیغہ ہو گا اور اگر نا ہو تو جمع متکلم کا صیغہ ہو گا اور اگر واؤ ساکن ہو تو جمع مذکر غائب کا صیغہ ہو گا اور اگر الف ہو تو تثنیہ مذکر غائب کا صیغہ ہو گا اور اگر ان مذکورہ علامات میں سے کوئی بھی آخر میں نہ ہو تو وہ واحد مذکر غائب کا صیغہ ہو گا۔

ابتدائی طلباء کے لیے فعل مضارع کے صیغوں کی علامات :۔

فعل مضارع کے آخر میں نون مکسور سے پہلے الف ہو تو وہ تثنیہ کا صیغہ ہو گا اگر شروع میں یا ہو تو تثنیہ مذکر غائب کا صیغہ ہو گا اور اگر شروع میں تا ہو تو اسمیں تین صیغوں کا احتمال پیدا ہو جائے گا۔

نمبر ۱: تثنیہ مؤنث غائب　　نمبر ۲: تثنیہ مذکر حاضر　　نمبر ۳: تثنیہ مؤنث حاضر

اور اگر نون مفتوح سے پہلے واؤ ہو تو جمع مذکر کا صیغہ ہو گا اب اگر شروع میں یا ہو تو جمع مذکر غائب اور اگر تا ہو تو جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہو گا اور اگر نون مفتوح سے پہلے یا (زائدہ) ساکن ہو واحد مؤنث حاضر کا صیغہ ہو گا اور اگر نون سے پہلے واؤ اور یا کے علاوہ کوئی اور حرف ساکن ہو یا واؤ اور یا ساکن ہو لیکن اصلی ہو جیسا کہ یَدْعُوْنَ یَرْمِیْنَ تو یہ جمع مؤنث کا صیغہ ہو گا۔ اب اگر شروع میں یا ہو تو جمع مؤنث غائب اور اگر تا ہو تو جمع مؤنث حاضر کا صیغہ ہو گا۔ اور اگر ان علامات میں سے کوئی بھی نہ ہو تو پھر وہ صیغہ باقی پانچ صیغوں میں سے ہو گا اب اگر شروع میں یا ہو تو واحد مذکر غائب اور اگر شروع میں تا ہو تو اس میں دو صیغوں کا احتمال ہو گا۔　　نمبر ۱۔ واحد مؤنث غائب　　نمبر ۲۔ واحد مذکر غائب

اور اگر شروع میں ہمزہ ہو تو واحد متکلم کا صیغہ ہو گا اور نون ہو تو جمع متکلم کا صیغہ ہو گا۔ انہی علامات کے ذریعہ فعل مضارع سے بننے والی دیگر افعال کی گردانوں کے صیغوں کی پہچان کر لی جائے اسی طرح اسماء (اسم فاعل اسم مفعول وغیرہ) میں نون مکسور سے پہلے الف آجائے تو یہ تثنیہ کا صیغہ ہو گا اب اگر الف سے پہلے تا (زائدہ) نہ ہو تو تثنیہ مذکر اور اگر تا (زائدہ) ہو تو تثنیہ مؤنث کا صیغہ ہو گا۔ نون مفتوح سے پہلے واؤ ساکن آجائے تو جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو گا اور اگر الف اور تا آجائے تو جمع مؤنث سالم کا صیغہ ہو گا اور اگر شروع میں پہلے دو حرفوں پر فتحہ ہو اور تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی ہو تو وہ جمع اقصیٰ کا صیغہ ہو گا اور اگر جمع کا صیغہ ہے لیکن اس میں تینوں مذکورہ جمعوں کی علامتوں میں سے کوئی علامت بھی اس میں نہیں پائی گئی تو وہ جمع مکسر کا صیغہ ہو گا اب اگر یہ جمع کا صیغہ جمع مذکر کے صیغوں کے بعد بھی ذکر ہو تو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر مکسر کا صیغہ ہوگا اور اگر جمع مؤنث کے صیغوں کے بعد ذکر ہو تو وہ جمع مؤنث مکسر کا صیغہ ہوگا اور اگر شروع میں ضمہ ہو اور درمیان میں یا ما قبل مفتوح ہو تو وہ تصغیر کا صیغہ ہوگا اب اگر آخر میں تا زائدہ نہ ہو تو وہ واحد مذکر مصغر اور اگر تا (زائدہ) ہو تو واحد مؤنث مصغر کا صیغہ ہوگا اور اگر ان مذکورہ علامتوں میں سے کوئی بھی نہ ہو تو پھر دیکھو آخر میں تائے (زائدہ) متحرکہ ہے یا کہ نہیں اگر نہیں ہے تو وہ واحد مذکر کا صیغہ ہوگا اگر تائے متحرکہ ہے تو وہ واحد مؤنث کا صیغہ ہوگا۔

صیغوں کی علامات کا اجراء

صیغھائے قرآنیہ:۔ اَصۡلَحُوۡا، یأمُرُوۡنَ، اَلمنافِقِیۡنَ، فَاَعۡرِضۡ، لَمۡ یُرِدۡ، لَنۡ تَنَالُوۡ، مُبِیۡنٌ، مُخۡتَالٌ

استاذ: مُبِیۡنٌ کس گرادن کا صیغہ ہے؟

شاگرد: اسم فاعل کا کیونکہ ہم نے گردانوں کی علامات میں پڑھا تھا کہ جس صیغہ کے شروع میں میم مضموم اور درمیان میں زیر ہو تو وہ اسم فاعل کا صیغہ ہوگا۔

استاذ: یہ کونسا صیغہ ہے؟ آگے اسم فاعل کی گردان میں اس سوال میں دو سوال پوشیدہ ہیں۔

نمبرا: واحد تثنیہ جمع میں کیا ہے؟ نمبر ۲: مذکر مؤنث میں کیا ہے؟

شاگرد: واحد مذکر کا صیغہ ہے واحد اس لیے کہ اس کے آخر میں تثنیہ جمع کی علامت نہیں اور مذکر اس لیے ہے کہ اس کے آخر میں تانیث کی علامت نہیں ہے

اُستاذ: یَقُوۡلُوۡنَ کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد: فعل مضارع کا کیونکہ اس کے شروع میں حروفِ اَتین میں سے یا ہے۔

اُستاذ: یہ کونسا صیغہ ہے؟ آگے فعل مضارع کی گردان میں اس سوال میں تین سوال پوشیدہ ہیں۔

ا۔واحد تثنیہ جمع میں کیا ہے؟ ۲۔مذکر مؤنث میں کیا ہے؟ ۳۔غائب حاضر متکلم میں سے کیا ہے؟

شاگرد: یہ جمع مذکر غائب کا صیغہ ہے کیونکہ ہم نے صیغوں کی علامات میں پڑھا تھا کہ نون اعرابی سے پہلے واوٗ ما قبل مضموم آجائے اور شروع میں یا ہو تو وہ جمع مذکر غائب کا صیغہ ہوگا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿فعل معلوم و مجہول کی علامات﴾

فعل ماضی میں پہلے حرف پر فتحہ ہو تو وہ ہمیشہ معلوم کا صیغہ ہو گا جیسے : نَزَّلَ، عَلَّمَ۔ اور اگر پہلے حرف پر ضمہ ہو تو وہ مجہول کا صیغہ ہو گا جیسے : خُلِقَ، شُبِّهَ، قُوْتِلُوْا، بشر طیکہ اجوف واوی سے ماضی مضموم العین و مفتوح العین کا صیغہ نہ ہو اگر ہوا تو اُس کے ماضی معلوم و مجہول کے اندر جمع مؤنث غائب سے لے کر جمع متکلم تک تمام صیغوں میں شروع میں ضمہ ہو گا اور فرق اصل کے لحاظ سے ہو گا جیسے قُلْنَ، طُلْنَ اور فعل مضارع میں پہلے حرف پر فتحہ ہو یا پہلے حرف پر ضمہ اور درمیان میں کسرہ ہو تو وہ معلوم کا صیغہ ہو گا جیسے یَقُوْلُ اور یَبِیعُ، یُقَاتِلُوْنَ۔ اور اگر پہلے حرف پر ضمہ ہو اور درمیان میں فتح یا الف ہو تو وہ مجہول کا صیغہ ہو گا جیسے یُرَدُّ، یُرْجَعُوْنَ، یُقَالُ

معلوم اور مجہول کی علامات کا اجراء

صیغھائے قرآنیہ :۔ اَرْسَلْنَا۔ تَضَرَّعُوْا۔ وَاُوْحِیَ۔ اَسْتَغْفِرُ۔ نُنَزِّلُ۔ اُسْجُدُوْا۔ لَاتَتَّبِعُوْا۔

استاذ : اَرْسَلْنَا۔ یہ معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا؟

شاگرد : یہ معلوم کا صیغہ ہے۔

اُستاذ : آپ کو کیسے معلوم ہوا؟

شاگرد : ہم نے معلوم اور مجہول کی علامات میں پڑھا تھا کہ اگر ماضی کے صیغے کے شروع میں فتحہ ہو تو وہ معلوم کا صیغہ ہو گا۔ چونکہ "اَرْسَلْنَا" کے شروع میں بھی فتحہ ہے لہذا یہ بھی معلوم کا صیغہ ہو گا۔

استاذ : نُنَزِّلُ معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا؟

شاگرد : یہ معلوم کا صیغہ ہے۔

اُستاذ : اس کے شروع میں تو ضمہ ہے تو پھر یہ معلوم کا صیغہ کیسے ہے؟

شاگرد : مضارع کی گردان کے اندر مجہول کا صیغہ بننے کے لیے صرف ضمہ کافی نہیں ہو تا بلکہ شروع میں ضمہ بھی ہو اور درمیان میں فتحہ بھی ہو تو پھر وہ مجہول کا صیغہ ہو گا۔ تو نُنَزِّلُ میں شروع میں ضمہ تو ہے لیکن درمیان میں فتحہ نہیں ہے لہذا یہ معلوم کا صیغہ ہو گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

استاذ : میرے عزیز طلباء! جب آپ نے دو صیغوں میں معلوم اور مجہول کی علامات کا اجراء کر لیا تو اب تیسرے صیغے (اُسجُدُوْا) میں ماقبل پڑھی ہوئی علامات کا اجراء کر لیں تاکہ صیغے میں ماقبل پڑھی ہوئی تمام علامات کا ربط برقرار رہے۔ الغرض ہر صیغے کے اندر علامات کے اجراء کے ساتھ ماقبل پڑھی ہوئی علامات کا اجراء اور ان کے سوالات کو ساتھ ساتھ ضرور دُھرائیں۔ اب بتایئے کہ اُسجدُوْا کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد : یہ امر کی گردان کا صیغہ ہے۔

استاذ : آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ یہ امر کا صیغہ ہے۔

شاگرد : اسکی مشابہت ثلاثی مجرد کے امر کے صیغے اُنصُرُوْا کے ساتھ ہے۔

اُستاذ : یہ کونسا صیغہ ہے؟

شاگرد : یہ جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے۔

اُستاذ : آپ کو کیسے معلوم ہوا؟

شاگرد : امر حاضر کے صیغے میں واؤ ماقبل مضموم آجائے تو وہ جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہوتا ہے۔

اُستاذ : یہ معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا؟

شاگرد : یہ معلوم کا صیغہ ہے کیونکہ امر حاضر مجہول کے شروع میں تو لام امر ہوتا ہے اور اس صیغے کے شروع میں لام امر نہیں ہے۔

اُستاذ : میرے عزیز جب آپ نے اُسجُدُوْا صیغے میں گردان، صیغہ اور معلوم و مجہول کی پہچان الگ الگ کر لی اب ان تینوں کو اکٹھا بیان کریں اور اکٹھا بیان کرتے وقت پہلے صیغے کو بیان کریں پھر گردان کا نام ذکر کریں پھر آخر ین معلوم و مجہول میں سے کسی ایک کا تعین کر کے ساتھ ملائیں۔

شاگرد : اُسجُدُوْا صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم

﴿شش اقسام اور ابواب کو پہچاننے کا طریقہ﴾

ماضی کے پہلے صیغے میں اگر تین حرف ہوں جیسے نَصَرَ یا آخر سے ضمیروں کو الگ کرنے کے بعد تین حرف باقی بچیں تو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہوگا جیسے ظَلَمْتُمْ میں تُمْ کو ہٹانے کے بعد تین حرف (ظ، ل، م) باقی بچتے ہیں للذا یہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہے آگے ثلاثی مجرد کے چھ بابوں میں سے کس باب سے اس کے لیے سب سے پہلے قرآن پاک میں دیکھو کہ اس کے ماضی اور مضارع کس باب سے استعمال ہوئے ہیں للذا قران کریم میں جس باب سے ماضی اور مضارع استعمال ہوئے ہیں تو وہ صیغہ اسی باب سے ہوگا۔ جیسے دَخَلَ صیغہ ہے اب اسکی ماضی بھی قرآن پاک میں استعمال ہوئی ہے جیسے دَخَلَ عَلَيْهَا الْمِحرابَ الآیۃ اور اسکا مضارع بھی قرآن کریم میں استعمال ہوا ہے جیسے یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنَ اللّٰہِ اَفْوَاجًا تو قران کریم میں اس صیغہ کی ماضی اور مضارع کا استعمال بتلا رہا ہے کہ یہ صیغہ ثلاثی مجرد کے باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے ہیں۔ قرآن کریم میں بعض صیغے ایک سے زیادہ بابوں سے بھی استعمال ہوئے ہیں جیسے کَبُرَ یَکْبُرُ اور کَبِرَ یَکْبَرُ اور اگر قرآنِ کریم سے اس صیغے کا باب معلوم نہ ہو تو اس صیغے کا مادہ (اصلی حروف) نکال کر لغت کی کتاب مصباح اللغات یا المنجد وغیرہ میں دیکھیں اب اگر اس مادہ کے ساتھ ض لکھا ہوا ہے تو وہ ضَرَبَ یَضْرِبُ کے باب سے ہوگا اور اگر ن لکھا ہوا ہے تو نَصَرَ یَنْصُرُ کے باب سے ہوگا اور اگر فَ لکھا ہوا ہے تو فَتَحَ یَفْتَحُ کے باب سے ہوگا اور اگر س لکھا ہوا ہے تو سَمِعَ یَسْمَعُ کے باب سے ہوگا اور اگر ك لکھا ہوا ہے تو کَرُمَ یَکْرُمُ کے باب سے ہوگا اور اگر حَ لکھا ہے تو حَسِبَ یَحسِبُ کے باب سے ہوگا اور بعض مادوں کے ساتھ ض ن ف وغیرہ لکھے ہوئے ہوں گے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس مادہ سے ثلاثی مجرد کے کئی باب آتے ہیں جیسے نَعِمَ۔ اس مادے کے ساتھ مصباح اللغات وغیرہ میں ف ن س ك یہ چاروں حروف لکھے ہوئے ہیں تو یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس مادے سے ثلاثی مجرد کے چاروں ابواب آسکتے ہیں۔

اور اگر ضمیر کو الگ کرنے کے بعد چار یا اس سے زیادہ حرف باقی بچیں تو پھر وہ عام طور پر ثلاثی مزید کا صیغہ ہوگا اب اگر شروع میں ہمزہ (زائدہ) ہو تو وہ باب افعال کا صیغہ ہوگا جیسے اَنْزَلَ اور اگر شروع میں ہمزہ نہ ہو یا ہو لیکن اصلی ہو اور درمیان میں تشدید ہو تو وہ بابِ تفعیل کا صیغہ ہوگا جیسے صَدَّقَ، اَمَّرَ اور اگر شروع میں تا ہو اور درمیان میں تشدید ہو تو باب تَفَعُّل کا صیغہ ہوگا جیسے تَکَلَّمَ۔ اور اسی طرح ہمزہ کے بعد یا حروفِ اَتین وغیرہ کے بعد دو شدّیں آجائیں تو بابِ تَفَعُّل کا صیغہ ہوگا جیسے اِصَّدَّقَ یَصَّدَّقُ اصل میں تَصَدَّقَ یَتَصَدَّقُ تھا۔ اگر شروع میں تاء ہو درمیان میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الف ہو اور زائدہ ہو تو وہ بابِ تفاعل کا صیغہ ہو گا جیسے: تَعَاوَنُوْا اور اسی طرح ہمزہ کے بعد یا حروفِ اَتین وغیرہ کے بعد ایک شد ہو اور اس کے بعد درمیان میں الف آجائے تو یہ بابِ تفاعل کا صیغہ ہو گا جیسا کہ اِدَّارَكَ يَدَّارَكُ اصل میں تَدَارَكَ يَتَدَارَكُ تھا۔ اور اسی طرح اگر شروع میں پہلے حرف (فا کلمہ) کے بعد الف زائدہ آجائے تو وہ بابِ مفاعلہ کا صیغہ ہو گا جیسے جَاهَدَ اور اگر شروع میں ہمزہ مکسور ہو یا حروف اتین وغیرہ ہوں اور درمیان میں تاء آجائے تو وہ بابِ افتعال کا صیغہ ہو گا جیسے اِفْتَتَحَ يَفْتَتِحُ

۲۔ شروع میں ہمزہ ہو یا حروف اتین وغیرہ ہوں اور درمیان میں طا ہو جیسے۔ اِضْطَرَّ يَضْطَرُّ

۳۔ شروع میں ہمزہ ہو یا حروف اتین وغیرہ ہوں اور درمیان میں دال ہو جیسے: اِذْدَكَرَ يَذْدَكِرُ

۴۔ ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد طا مشدد ہو جیسے: اِطَّلَعَ يَطَّلِعُ

۵۔ ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد تا مشدد ہو جیسے: اِتَّعَدَ يَتَّعِدُ

۶۔ ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد دال مشدد ہو جیسے: اِدَّكَرَ يَدَّكِرُ

عام طور پر بابِ افتعال میں ابدال اور ادغام کی صورت میں یہی حرف آتے ہیں اس لیے ان کو بطور علامت کے ذکر کر دیا گیا ہے ان کے علاوہ دیگر حروف بھی آسکتے ہیں اس کے لیے یہ چار قانون اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ والا قانون، دال ذال زا والا قانون، ص ض ط ظ والا قانون اور گیارہ حرفی والا قانون ملاحظہ ہوں۔ اور اگر ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد سین (زائدہ) اور تاء آجائے تو وہ بابِ استفعال کا صیغہ ہو گا جیسا کہ اِسْتَأْذَنَ يَسْتَأْذِنُ اور اگر ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد سین اصلی ہو تو بابِ افتعال کا صیغہ ہو گا جیسے اِسْتَلَمَ يَسْتَلِمُ اور اگر ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد نون زائدہ ہو تو وہ بابِ انفعال کا صیغہ ہو گا جیسے اِنْسَلَخَ يَنْسَلِخُ اور اگر ہمزہ کے بعد یا حروف اتین وغیرہ کے بعد نون اصلی ہو (اس کی نشانی یہ ہے کہ اسکے بعد تاء ہو گی) تو وہ بابِ افتعال کا صیغہ ہو گا جیسے اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ۔ ثلاثی مزید کے باقی چار ابواب اور اسی طرح رُباعی کے چار ابواب کا استعمال نسبتاً باقی ابواب کے کم ہے ان ابواب کی علامات حرف کی علامت کے مثل ہے کہ اگر کسی صیغہ میں مذکورہ ابواب کی کوئی علامت نہیں پائی گئی تو وہ صیغہ قلیل الاستعمال ابواب میں سے ہو گا لہٰذا ان ابواب کو خوب یاد کر لیا جائے انشاء اللہ جب آپ کو یہ ابواب خوب یاد ہو جائیں گے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تو تھوڑی سی سوچ و فکر سے مذکورہ بابوں کی علامات کی طرح ان بابوں کی علامات آپ خود بنا لیں گے پھر جیسے آپ نے ان علامات کے ذریعے ماضی و مضارع کی گردان میں پہچان لیا کہ یہ صیغہ فلاں باب کا ہے ایسے ہی یہ علامات ماضی و مضارع کے علاوہ باقی گردانوں کے اندر آجائیں تو وہاں بھی وہ صیغہ اسی باب کا ہوگا جس باب کی علامت اُس گردان میں پائی جا رہی ہے لیکن بس تھوڑا سا فرق ہوگا کہ ان گردانوں باب کی علامات کے علاوہ گردانوں کی علامات کا اضافہ ہو جائے گا جیسے فعل نفی جحد بلم کے شروع میں فعل نفی جحد بلم کی علامت حرفِ لم زائد ہوگا جیسے لَمْ یُجَاهِدُوْا اور اسم فاعل کے اندر ثلاثی مزید وغیرہ میں شروع میں میم مضموم زائد ہوگا۔

شش اقسام اور ابواب کا اجراء

یَتَفَکَّرُوْنَ۔ فَسَبِّحْ۔ لاَ تَعَاوَنُوْا۔ لاَ تُکَلِّفُ۔ نُؤْتِیهِ۔ اِجْعَلْ مُحْسِنٌ۔

استاذ : یَتَفَکَّرُوْنَ کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد : مضارع کا کیونکہ یا علامت مضارع کی شروع میں ہے۔

اُستاذ : کونسا صیغہ ہے؟

شاگرد : جمع مذکر غائب ہے کیونکہ آخر میں نون اعرابی سے پہلے واؤ ماقبل مضموم ہے اور شروع میں یا علامت مضارع کی ہے۔

اُستاذ : یہ معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا؟

شاگرد : یہ معلوم کا صیغہ ہے کیونکہ اسکے شروع میں یا علامت مضارع کی مفتوح ہے۔

اُستاذ : شش اقسام میں کیا ہے؟

شاگرد : ثلاثی مزید کا ہے۔ ا۔ کیونکہ گردان کی علامت یا اور آخر سے واؤ ضمیر اور نون اعرابی کو حذف کرنے کے بعد پانچ حرف باقی بچتے ہیں۔ ۲۔ اس کی شکل کا بڑا ہونا بھی بتلا رہا ہے کہ یہ ثلاثی مزید کا صیغہ ہے کیونکہ ثلاثی مجرد کی صیغہ کی شکل تو چھوٹی ہوتی ہے۔

استاذ : باب کونسا ہے؟

شاگرد : باب تَفَعُّل کیونکہ شروع میں علامت مضارع کے بعد تا ہے اور درمیان میں شدّ ہے اور یہ باب تَفَعُّل کی علامت ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿مادہ اور ہفت اقسام کو معلوم کرنے کا طریقہ﴾

میرے عزیز طلباء! سب سے پہلے آپ مادہ نکالیں اس کی وجہ سے ہفت اقسام کا تعین خود بخود ہو جائے گا۔

مادہ نکالنے کا اجمالی طریقہ یہ ہے کہ افعال اور اسماء کی گردانوں میں علامت کو حذف کر دیں۔ آگے علامت سے مراد عام ہے خواہ باب کی علامت ہو یا گردان کی علامت۔ تثنیہ جمع اور تانیث کی علامت ہو یا اعراب کی علامت اور آخر سے ضمیر بارز کو حذف کر دیں جیسے ماضی کے بارہ اور مضارع کے نو صیغوں کے آخر میں ضمیر مرفوع متصل بارز ہوتی ہے۔

مادہ نکالنے کا تفصیلی طریقہ یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کی ماضی میں مادہ اور ہفت اقسام کو معلوم کرنا تو بالکل آسان ہے وہ یوں کہ ماضی کا پہلا صیغہ بعینہٖ خود مادہ ہے لہٰذا اس کو فَعَلَ کے وزن پر تولو یعنی اس کو اس کے مقابلہ میں اُوپر یوں

شَرُفَ	عَلِمَ	نَصَرَ
۱	۱	۱
فَعُلَ	فَعِلَ	فَعَلَ

برابر رکھ دو پھر دیکھو کہ اگر فا عین لام کلمہ کے مقابلہ میں کوئی حرف علۃ نہ ہو اور ہمزہ بھی نہ ہو اور دو حرف ایک جنس کے بھی نہ ہوں تو وہ صحیح ہے اور اگر شروع میں (فا کلمہ) میں حرف علۃ ہے تو وہ مثال (الخ) ہے اور واحد مؤنث غائب کے آخر سے تا ساکن کو ہٹا دیں باقی مادہ ہے۔ تثنیہ مؤنث غائب کے آخر سے لفظ تا کو ہٹا دیں باقی مادہ ہے۔ باقی گیارہ صیغوں کے آخر سے ضمیر بارز کو الگ کر دیں تو باقی مادہ ہے اور اگر ثلاثی مزید کی ماضی ہو تو اس میں آخر سے ضمیر بارز اور دو صیغوں میں تانیث کی علامت کو حذف کرنے کے ساتھ باب کی علامت کو بھی حذف کر دیں (جیسے بابِ افعال کی علامت ہمزہ ہے۔ بابِ تفعیل کی علامت عین کلمہ کے جنس سے ایک حرف ہے۔ بابِ تفعّل کی علامت شروع میں تا اور عین کلمہ کی جنس سے ایک حرف ہے۔ بابِ تفاعل کی علامت شروع میں تا اور درمیان میں الف ہے۔ بابِ مفاعلہ کی علامت فا کلمہ کے بعد الف (زائدہ) ہے۔ بابِ افتعال کی علامت شروع میں ہمزہ اور درمیان میں تا ہے چاہے خود موجود ہو یا وہ حرف موجود ہو جس کے ساتھ تا کا ابدال یا ادغام ہوا ہے۔ بابِ استفعال کی علامت ہمزہ کے بعد سین اور تا زائدہ ہے اور بابِ انفعال کی علامت شروع میں ہمزہ کے بعد نون (زائدہ) ہے) تو باقی جو حرف بچیں گے وہ مادہ ہوں گے جیسے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حَرَّمُوا میں ایک را عین کلمہ کی جنس سے بابِ تفعیل کی علامت ہے اس کو حذف کر دیں آخر سے واؤ ضمیر بارز کو حذف کر دیں باقی جو حرف بچیں گے یعنی ح ر م وہ مادہ ہوں گے۔ اب اس کو فَعَلَ کے وزن پر تولو تو خود بخود معلوم ہو جائے گا کہ یہ ہفت اقسام میں صحیح ہے کیونکہ اس کے ف ع ل کلمہ کے مقابلے میں نہ حرفِ علت ہے نہ ہمزہ ہے نہ دو حرف ایک جنس کے ہیں اور فعل مضارع کے اندر پانچ صیغے (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم) اگر ثلاثی مجرد کے ہوں تو مادہ نکالنے کے لیے صرف حروف اَتین کو حذف کریں گے جیسے یَفْتَحُ میں یَا علامت مضارع کو حذف کرنے کے بعد مادہ فَتَحَ ہوگا آگے دو صیغے (جمع مؤنث غائب، جمع مؤنث حاضر) اگر ثلاثی مجرد کے ہوں تو مادہ نکالتے وقت دو چیزوں کو حذف کریں گے شروع سے علامت مضارع کو اور آخر سے نون ضمیر بارز کو حذف کریں گے جیسے یَقْتُلْنَ میں شروع سے یا علامت مضارع اور آخر سے ضمیر کو حذف کرنے کے بعد مادہ قَتَلَ ہو گا اور باقی سات (چار تثنیہ، دو جمع مذکر، ایک واحد مؤنث حاضر) صیغوں میں مادہ نکالتے وقت تین چیزوں کو حذف کریں گے شروع سے علامت مضارع کو آخر سے ضمیر بارز اور نون اعرابی کو جیسے یَدْخُلُوْنَ میں شروع میں یَا علامت مضارع اور آخر سے واؤ ضمیر بارز اور نون اعرابی کو حذف کرنے کے بعد مادہ دَخَلَ ہوگا اور اگر فعل مضارع کے یہ صیغے ثلاثی مزید کے ہوں تو وہاں ان صیغوں میں مادہ نکالنے کے لیے ایک اور چیز بھی حذف کرنا ہوگی اور وہ ہے باب کی علامت جیسے یَسْتَكْبِرُوْنَ شروع سے علامت مضارع اور آخر سے واؤ ضمیر اور نون اعرابی کو حذف کرنے کے ساتھ بابِ استفعال کی علامت س اور ت کو بھی حذف کریں گے لہٰذا یَسْتَكْبِرُوْنَ کے اندر مادہ كَبُرَ ہوگا اسی طرح باقی گردانوں کے اندر بھی علامات (آگے علامات سے مراد عام ہے خواہ وہ گردان کی علامت ہو یا تثنیہ، جمع، تانیث اور باب کی علامت ہو جیسے ثلاثی مجرد میں الف اور ثلاثی مزید، رباعی مجرد، رباعی مزید میں میم مضموم اسم فاعل کی علامت ہے) حذف کرنے کے بعد اصل مادہ معلوم ہو جائے گا لہٰذا مُطَهَّرُوْنَ میں جب اسم مفعول کی علامت میم اور بابِ تفعیل کی علامت عین کلمہ کی جنس سے ایک حرف اور جمع کی علامت واؤ اور اسی طرح نون عوضی (وہ نون جو اس ضمہ یا تنوین کے عوض میں ہے جو مفرد کے آخر میں ہے) کو حذف کر دیا تو اصلی مادہ نکل آیا اور وہ ہے طَهُرَ جب مادہ نکل آیا تو اب اس کو فَعُلَ کے ترازو میں تولیں تو آپ کو خود بخود معلوم ہو جائے گا کہ یہ ہفت اقسام میں صحیح ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہفت اقسام اور مادہ کا اجراء

جَادَلْتُمْ، يُرِيدُ، لَنْ تَسْتَطِيعُوا، فلا يُجْزَى، لا تُسدُوا، لَمْ يَتَفَكَّرُوا، رَمَيْتَ، نَجَوْتَ، نَرْجُوْ

استاذ : نَجَوْتَ کس گردان کا صیغہ ہے ؟

شاگرد : ماضی کا ہے کیونکہ اس کے آخر میں تَ ہے۔

استاذ : یہ صیغہ کونسا ہے ؟

شاگرد : واحد مذکر حاضر کا کیونکہ ہم نے صیغوں کی علامات میں پڑھا ہے کہ ماضی کے صیغے کے آخر میں تا ہو تو وہ واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہوگا۔

استاذ : معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا ؟

شاگرد : معلوم کا کیوں کہ شروع میں فتحہ ہے۔

اُستاذ : شش اقسام میں کیا ہے ؟

شاگرد۔ ثلاثی مجرد ہے کیونکہ ہم نے شش اقسام کے پہچاننے کے طریقے میں پڑھا تھا کہ ماضی کے صیغے میں آخر سے ضمہ کو حذف کرنے کے بعد تین حروف باقی ہوں تو وہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہوگا۔

اُستاذ : ثلاثی مجرد کے کس باب سے ؟

شاگرد : نَصَرَ يَنْصُرُ کے باب سے کیونکہ مصباح اللغات میں اس کے مادے کے ساتھ ن لکھا ہوا ہے اور ہم نے پڑھا تھا کہ جس مادہ کے آگے ن لکھا ہو وہ نَصَرَ يَنْصُرُ کے باب سے ہوگا۔

اُستاذ : اس کا مادہ کیا ہے ؟

شاگرد : نَجَوَ

اُستاذ : کیسے معلوم ہوا ؟

شاگرد : ہم نے مادہ نکالنے کے طریقے میں پڑھا تھا کہ ثلاثی مجرد کی ماضی میں آخر سے ضمیر کو حذف کرنے کے بعد جو حرف باقی بچیں گے وہ حرف مادے کے ہوں گے لہٰذا یہاں پر آخر سے ضمیر کو حذف کرنے کے بعد بھی تین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرف ن، ج، و باقی بچے ہیں۔

اُستاذ : ہفت اقسام میں کیا ہے؟

شاگرد : ناقص واوی ہے۔

اُستاذ : کیسے معلوم ہوا؟

شاگرد : ہم نے ہفت اقسام کو پہچاننے کے طریقے میں پڑھا تھا کہ مادہ کو نکالنے کے فوراًبعد اس کو فَعَلَ کے ترازو میں تولو یعنی اس کے مقابلہ میں اُوپر رکھ دو تو آپ کو خود بخود ہفت اقسام معلوم ہو جائیں گی یہاں پر بھی ہم نے جب نَحَوَ کو فَعَلَ کے ترازو میں تولا یعنی اس کے مقابلے میں یوں اوپر رکھا

نَحَوَ
ا
فَعَلَ

تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ یہ ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے کیونکہ اس کے لام کلمہ کے مقابلے میں واؤ ہے

﴿وزن موزون کو سمجھنے کا ایک عام فہم طریقہ﴾

جس چیز کو تولا جائے اسے موزون کہتے ہیں جیسے سونا چاندی، خوبانی، سیب، امرود وغیرہ اور جس چیز پر تولا جائے اسے عربی میں میزان اور اردو میں ترازو کہتے ہیں۔آگے وزن اور تول کے لحاظ سے اشیاء تین قسم پر ہیں۔

ا۔کم مقدار میں بکنے جانیوالی قیمتی اشیاء جیسے سونے چاندی کے زیورات ان اشیاء کو تولنے کے لئے چھوٹی ترازو استعمال ہو گی۔

۲۔عام استعمال میں آنیوالی درمیانے درجے کی اشیاء جیسے پھل اور سبزیاں۔ان اشیاء کو تولنے کے لئے درمیانے درجے کی ترازو استعمال ہو گی۔

۳۔وہ اشیاء جنکی زیادہ مقدار میں خرید و فروخت ہوتی ہے جیسے چاول، گندم وغیرہ۔ان اشیاء کو تولنے کے لئے بڑے درجے کی ترازو استعمال ہو گی۔

میرے عزیز طلباء اب آپ چند سوالوں کا جواب عنائت فرمائیں تاکہ آپ کو وزن موزون کو سمجھنے میں آسانی ہو جائے۔

استاذ :۔ اگر خربوزے ہزار ہوں تو کیا انکے لئے ترازو بھی ہزار ہوں گے؟

شاگرد :۔ جی نہیں بلکہ ترازو ایک ہی ہو گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

استاذ : تربوز کو سونے چاندی کے ترازو میں تول سکتے ہیں ؟۔

شاگرد : جی نہیں۔ کیونکہ تربوز کو اگر سونے چاندی کے ترازو کے اندر تولا تو وہ اس ترازو کا ستیاناس کر دے گا۔ بلکہ تربوز کو اسکی شکل کے مناسب بڑی ترازو میں تولیں گے۔

استاذ : میرے عزیز طلباء! آپکو یہ بات بھی خوبی معلوم ہوگی کہ جو چیز تول میں آجائے خریدنے والے کیلئے وہی چیز اصل ہوتی ہے اور جو چیز تول میں نہ آئے اور مفت مل جائے وہ زائد اور چونگا شمار ہوتی ہے۔

شاگرد : استاذ جی! آپ نے بجا فرمایا ایسا ہی ہے۔

اُستاذ : جب آپ نے اتنی بات سمجھ لی تو اب آپ سمجھیں کہ عربی کلمات میں ضَرَبَ، نَصَرَ فَتَحَ وغیرہ کی مثال امرود، تربوز، خربوزے وغیرہ کی طرح ہے۔ یعنی جیسے وہ ترازو میں تولے جاتے ہیں ایسے ہی یہ بھی تولے جاتے ہیں اور فا۔ عین۔ لام کی مثال ترازو کی طرح ہے۔ پھر جیسے خربوزے ہزار ہوں توان کے لیے ایک ترازو کافی ہوتی ہے ایسے ہی ضَرَبَ، نَصَرَ، فَتَحَ وغیرہ ہزار صیغے ہوں توان کے لیے بھی فا۔ عین۔ لام کی ایک ترازو کافی ہے پھر جیسے خرید و فروخت والی اشیاء کے اندر تین قسم (چھوٹی، درمیانی، بڑی) کی ترازو استعمال ہوتی ہیں ایسے ہی یہاں پر بھی تین قسم کی ترازو استعمال ہوگی۔ یعنی ضَرَبَ، نَصَرَ، فَتَحَ، اَکْرَمَ و کَرَّمَ وغیرہ ثلاثی مجرد و مزید کے صیغوں کے لیے ترازو فا، عین، لام ہوں گے اور دَحْرَجَ و تَدَحْرَجَ وغیرہ رباعی مجرد و مزید کے صیغوں کے لیے ترازو (میزان) فا، عین اور دو لام ہوں گے اور جَحْمَرِشٌ و خَنْدَرِیْسٌ خماسی مجرد و مزید کے کلمات کے لیے ترازو (میزان) فا، عین اور تین لام ہوں گے۔ پھر جیسے تربوز اور خربوزے سونے چاندی کے ترازو میں نہیں تولے جاسکتے ایسے ہی جَحْمَرِشٌ، جَعْفَرٌ جو مثل تربوز اور خربوزے کے ہیں ان کو ف، عین، لام والے چھوٹے ترازو میں نہیں تول سکتے بلکہ ان کو انکی شکل کے مناسب بڑی ترازو (ف، عین، دو لام یا ف، عین، تین لام) میں تولے نگے۔

استاذ : پھر یہ بتائیں کہ تربوز (موزون) کی شکل دیکھ کر ترازو کو لاتے ہیں یا ترازو کی شکل دیکھ کر تربوز کو لاتے ہیں ؟

شاگرد : استاذ جی تربوز اور خربوزے (موزون) کو دیکھ کر ان کی شکل کے مناسب بڑی ترازو کو لایا جاتا ہے نہ یہ کہ ترازو کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دیکھ کر اس کی شکل کے مناسب تربوز اور خربوزے کو لایا اور خرید اجاتا ہے۔

استاذ : ایسے ہی سمجھو ضَرَبَ، نَصَرَ، فَتَحَ وغیرہ موزون کی شکل کو دیکھ کر فا، عین، لام (میزان) کی شکل بنائی جاتی ہے یعنی جو حرکات و سکنات موزون (ضَرَبَ نَصَرَ فَتَحَ) پر ہوتی ہیں وہی حرکات و سکنات میزان (فا، عین، لام) پر لگادی جاتی ہیں پھر وزن کرتے وقت جو حرف فا عین لام کلمے کے ترازو (مقابلہ) میں آجائے وہ اصلی ہوگا جو حرف فا عین لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہو وہ زائد ہوگا۔ اور یہاں پر یہ بات بھی یاد رکھیں کہ ثلاثی مجرد کے ماضی کے پہلے صیغے میں جو حرف اصلی ہوتے ہیں باقی گردانوں (فعل مضارع اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ) کے اندر بھی یہی حرف اصلی ہوتے ہیں لہٰذا ثلاثی مجرد کی ماضی کے پہلے صیغے کے علاوہ باقی صیغوں کے اندر جو حروف زائد ہوں گے وہی حروف ہم وزن کے اندر بھی زائد کر دیں گے۔ جیسے یَنْصُرُ بروزن یَفْعُلُ اس میں ن، ص، ر یہ تین حرف اصلی ہیں کیوں کہ ماضی کے پہلے صیغے (نَصَرَ) میں یہی تین حرف اصلی تھے لہٰذا ماضی سے بننے والی باقی گردانوں کے اندر بھی یہی تین حرف اصلی ہوں گے۔

اجراء :۔

كُتِبَ۔ خَلَقُوا۔ فَضَلَّتْ۔ مُنْذِرِيْنَ۔ مُطَهَّرُوْن۔ أُذْكُرُوا۔ يَتَسَاءَ لُوْنَ

استاذ : يَتَسَاءَ لُوْنَ کا وزن کیا ہے؟

شاگرد : یَتَفَا عَلُوْنَ۔

استاذ : يَتَسَاءَ لُوْنَ میں کون کون سے حروف اصلی ہیں اور کون کون سے حروف زائد ہیں؟

شاگرد : يَتَسَاءَ لُوْنَ میں س ء ل یہ تین حرف اصلی ہیں باقی زائد ہیں۔

استاذ : آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ یہ تین حرف اصلی ہیں؟

شاگرد : اس لیے کہ ہم نے ماقبل پڑھا تھا کہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے پہلے صیغہ میں جو تین حرف اصلی ہیں باقی گردانوں میں بھی وہی تین حرف اصلی ہوں گے لہٰذا اس کی ثلاثی مجرد کی ماضی سَئَلَ میں س ء ل یہی تین حرف اصلی ہیں تو يَتَسَاءَ لُوْنَ میں بھی یہی تین حرف اصلی ہوں گے۔

(وزن اور موزون کی مزید تفصیل کے لیے وزن کے اہم ضوابط صفحہ نمبر ۳۲۶ پر ملاحظہ فرمائیں۔)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿صیغے نکالنے کے انداز﴾

یعنی

﴿صیغے میں ان تمام باتوں کو اکٹھے اور ملا کر بیان کرنے کے تین انداز﴾

جب آپ نے گردان، صیغے، شش اقسام، ہفت اقسام اور وزن موزون کی الگ الگ پہچان کر لی تو اب آپ کے لیے ان تمام باتوں کا اکٹھا بیان کرنا آسان ہو جائے گا آگے اکٹھا بیان کرنے کے تین انداز ہیں ایک عام فہم طریقہ بندۂ ضعیف کا ہے (یہ طریقہ اللہ پاک نے محض اپنے فضل وکرم سے اپنے اساتذہ کرام کی نیک اور پُر شفقت توجہات اور اپنے عزیز طلباء کرام کے ساتھ تکرار کی برکت سے بندہ کے دل میں القاء فرمایا الحمد للہ علیٰ نعمہ و کرمہ واحسانہ) دوسرا بہترین طریقہ قانونچہ کھیوالی اور الصرف الکامل پڑھانے والے اساتذہ کرام کا اور تیسرا عمدہ طریقہ ارشاد الصرف پڑھانے والا اساتذہ کرام کا ہے۔

انداز نمبر ا:۔ وہ یہ ہے کہ جس ترتیب سے آپ نے مذکورہ باتوں کا الگ الگ اجراء کیا ہے اُسی ترتیب سے ان کو اکٹھا بیان کر لیا جائے اور پوچھ لیا جائے۔ تجربۃً یہ ترتیب اللہ کے فضل وکرم سے انتہائی آسان اور مفید ثابت ہوئی ہے۔ لہٰذا اپنے عزیز طلباء کی آسانی کے لیے مذکورہ باتوں کو اکٹھا بیان کرنے اور پوچھنے کا انداز ایک نقشے کی شکل میں پیش خدمت ہے۔

اَنْعَمْتَ	
استاد	شاگرد
کس گردان کا صیغہ ہے؟	فعل ماضی کا
کونسا صیغہ ہے؟	واحد مذکر حاضر کا
معلوم کا ہے یا مجہول کا؟	معلوم کا
شش اقسام میں کیا ہے؟	ثلاثی مزید
کس باب کا ہے؟	باب افعال کا
اس کا ہمچوں کیا ہے؟	اَکْرَمْتَ
اس کا مادہ کیا ہے؟	نَعِمَ
ہفت اقسام میں کیا ہے؟	صحیح
اس کا وزن کیا ہے؟	اَفْعَلْتَ
اس میں کون سے قانون لگے ہیں؟	اس میں اظہار والا قانون لگا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ باتوں کو اکٹھا لکھنے کا انداز:۔

موزون	گردان	صیغہ	معلوم مجہول	شش اقسام	باب	ہمچوں	مادہ	ہفت اقسام	وزن
اَنْعَمْتَ	ماضی	واحد مذکر حاضر	معلوم	ثلاثی مزید	افعال	اَکْرَمْتَ	نَعِمَ	صحیح	اَفْعَلْتَ
جَاهِدْ	امر	واحد مذکر حاضر	معلوم	ثلاثی مزید	مفاعلہ	ضَارِبْ	جَهَدَ	صحیح	فَاعِلْ
خُلِقْتُ	ماضی	واحد متکلم	مجہول	ثلاثی مجرد	ن	نُصِرْتُ	خَلَقَ	صحیح	فُعِلْتُ
يَرْمِيْنَ	مضارع	جمع مؤنث غائب	معلوم	ثلاثی مجرد	ض	ابتدائی صیغہ	رَمَیَ	ناقص یائی	يَفْعِلْنَ
مُعَاوِنٌ	اسم فاعل	واحد مذکر	------	ثلاثی مزید	مفاعلہ	مُقَاوِلٌ	عون	اجوف واوی	مُفَاعِلٌ
تَعْلِيْمٌ	------	واحد اسم مصدر	------	ثلاثی مزید	تفعیل	تَكْرِيْمٌ	عَلِمَ	صحیح	تَفْعِيْلٌ

انداز نمبر ۲ :۔ قانونچہ کھیوالی اور الصرف الکامل پڑھانے والے اساتذہ کرام کے انداز کے مطابق ان باتوں کو صیغے میں اکٹھا بیان کرنے کا اور صیغہ نکالنے اور لکھنے کا طریقہ یہ ہے مثلاً

اَنْعَمْتَ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید صحیح از باب افعال ہمچوں اَکْرَمْتَ بروزن اَفْعَلْتَ

فائدہ : اس انداز سے صیغہ نکالنے کے بعد اس صیغے کا تعلق جس باب سے ہے وہ پورا باب سنا جائے اور جس گردان سے اس صیغے کا تعلق ہے وہ گردان سنی جائے اور اس گردان کے علاوہ اور بھی چند گردانیں سنی جائیں

انداز نمبر ۳ :۔ ارشاد الصرف پڑھانے والے اساتذہ کرام کے انداز کے مطابق ان باتوں کو صیغے میں اکٹھا بیان کرنے کا اور صیغہ نکالنے کا طریقہ یہ ہے۔

اُستاذ : اَنْعَمْتَ کا وزن کیا ہے ؟

شاگرد : اَفْعَلْتَ۔

اُستاذ : سہ اقسام میں کیا ہے ؟

شاگرد : فعل

اُستاذ : شش اقسام میں کیا ہے ؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاگرد : ثلاثی مزید

استاذ : ہفت اقسام میں کیا ہے ؟

شاگرد : صحیح

استاذ : صیغہ کونسا ہے ؟

شاگرد : صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم۔

استاذ : کس باب کا صیغہ ہے ؟

شاگرد : باب افعال کا۔

استاذ : ہجوں کیا ہے یعنی اس جیسا کونسا صیغہ پہلے آپ نے پڑھا ہے ؟

شاگرد : اَكْرَمْتَ

اُستاذ : مادہ کیا ہے ؟

شاگرد : نَعِمَ

اُستاذ : میرے عزیز چند صیغے لکھ کر بتائیں تاکہ آپ کے سامنے صیغے لکھنے کا انداز بھی آجائے ؟

شاگرد : آپ ارشاد فرمائیں کون کونسے صیغے لکھوں۔

اُستاذ : اَنْعَمْتَ ' اَلْمُزَّمِّلُ اَقِيْمُوْا

شاگرد : صیغہ لکھنے کا طریقہ یہ ہے :-

موزون	وزن	سہ اقسام	شش اقسام	ہفت اقسام	صیغہ	باب	ہجوں	مادہ
اَنْعَمْتَ	اَفْعَلْتَ	فعل	ثلاثی مزید	صحیح	واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم	افعال	اَكْرَمْتَ	نَعِمَ
المزّمِّلُ	اَلْمُفْتَعِلُ	اسم	ثلاثی مزید	صحیح	واحد مذکر اسم فاعل	تفعل	----	زمل
اَقِيْمُوْا	اَفْعِلُوْا	فعل	ثلاثی مزید	اجوف واوی	جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم	افعال	اَقِيْلُوْا	قَوَمَ
نَتْلُوْا	نَفْعُلُ	فعل	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	جمع متکلم فعل مضارع معلوم	فَعَلَ يَفْعُلُ	نَدْعُوْا	تَلَوَ
لِ	اِفْعِلْ باعتبار اصل	فعل	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم	فَعِلَ يَفْعِلُ	قِ	وَلِیَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صیغوں کا معنی معلوم کرنے کا طریقہ

صیغہائے قرآنیہ

بَشِّرْ نُسَبِّحُ اِهْبِطُوْا اِسْتَغْفِرُوا يَسْطُرُوْنَ كُوِّرَتْ اِنْشَقَّتْ لَايَتَكَلَّمُوْنَ مُنْذَرِيْنَ مُسَخَّرَاتٍ

اُستاذ : بَشِّرْ کونسا صیغہ ہے

بَشِّرْ بروزن فَعِّلْ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید صحیح از باب تفعیل۔ ہمچوں کَرِّمْ

اُستاذ : بَشِّرْ صیغہ کا معنی کریں

شاگرد : اُستاذ جی :الحمد للہ قرآن کریم سے صیغوں کے اجراء کی برکت سے صیغوں کا نکالنا آسان ہو گیا لیکن صیغوں کا معنے معلوم کرنے کا طریقہ نہیں آتا۔

اُستاذ : میرے عزیز کسی صیغے کا معنے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے اس لفظ کا مادہ نکالیں (اور مادہ نکالنے کا طریقہ ما قبل پڑھ لیا ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں) اب اگر وہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہے تو پھر مصباح اللغات۔ المنجد وغیرہ سے اس مادہ سے ثلاثی مجرد کی مصدر یا ماضی کے پہلے صیغے کے بعد لکھا ہوا مصدری معنے دیکھیں پھر ہر صیغے میں گردان کے مطابق لفظی ترجمہ کریں۔ (نہ کہ مصدری معنی کریں کیونکہ مصدری معنی تو صرف مصدر کے صیغے میں یا اس صیغے میں ہو سکتا ہے جس پر حرفِ مصدر داخل ہے جیسے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوْضَةً) للہذا اگر ماضی کا صیغہ ہے تو ماضی والا ترجمہ کریں (بشرطیکہ ماضی کا صیغہ ان مقامات میں واقع نہ ہو جہاں ماضی مضارع کے معنے میں ہوتی ہے جیسے شرط اور جزاء کے مقام میں ماضی عام طور پر مضارع کے معنے میں ہوتی ہے جیسے اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ اگر تو مارے گا تو میں بھی ماروں گا) اور اگر مضارع کا صیغہ ہے تو مضارع والا معنے کریں اور اگر اسم فاعل و اسم مفعول کا صیغہ ہے تو اسمِ فاعل اور اسم مفعول والا ترجمہ کریں۔ اگر ثلاثی مزید کا صیغہ ہے تو پھر لغت کی کتاب میں اس مادہ سے ثلاثی مزید کی اس باب کی مصدر یا ماضی کے پہلے صیغے کے بعد لکھا ہوا مصدری معنے دیکھیں جس باب کی گردان کا یہ صیغہ ہے پھر اگر لغت کی بعض کتابوں میں ماضی کے پہلے صیغے کے بعد کئی معنے لکھے ہوں تو آپ صیغے کا وہ معنی کریں جو مقام کے مناسب ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

جیسے اَذَّنَ بابِ تفعیل سے اس کے دو معنے آتے ہیں اذان دینا۔ بچے کا کان مروڑنا لیکن نماز کے بیان میں اَذَّنَ کا صیغہ آجائے تو اس کا معنی اذان دینا ہوگا کیونکہ یہی معنی مقام کے مناسب ہے۔

شاگرد: اُستاذ جی! الحمد اللہ صیغوں کا معنے معلوم کرنے کا طریقہ ذہن نشین ہوگیا اور بَشِّر کا معنی بھی معلوم ہوگیا۔

اُستاذ: کیسے معلوم ہوا؟

شاگرد: اُستاذ جی! پہلے میں نے بَشِّرْ کا مادہ نکالا وہ ہے بَشَرَ پھر مصباح اللغات میں "بشر" والی تختی نکالی اس میں میں نے اس مادے سے بابِ تفعیل کا صیغہ تلاش کیا تو وہاں اس مادے سے بابِ تفعیل کے صیغے بشَّرَہ' کے بعد مصدری معنی خوشخبری دینا لکھا ہوا تھا لہٰذا اب بَشِّرْ میں امر کی گردان کے مطابق صیغہ کا ترجمہ یوں ہوگا۔ بَشِّرْ تو خوشخبری دے اور قرآن پاک کی آیت وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الآیۃ) میں اس صیغے کا باادب ترجمہ یوں ہوگا آپ خوشخبری سنائیں ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے عمل کیے۔

ایسے ہی باقی صیغوں کا مصدری معنی بھی لغت کی کتابوں سے معلوم کر کے پھر ہر صیغہ میں گردان کے مطابق ترجمہ کریں

﴿قوانین الصرف﴾

قانون کی جمع

قانون یونانی یا سُریانی زبان کا لفظ ہے عربی کا نہیں۔ قانون لغت میں مسطر کتاب (سطر لگانے کا آلہ) کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں هِيَ قَاعِدَةٌ كُلِّيَّةٌ مُنْطَبِقَةٌ عَلٰى جَمِيْعِ جُزْئِيَّاتِهَا۔ یعنی قانون ایک ایسے قاعدے کلیے کا نام ہے جو اپنی تمام جزئیات پر صادق آتا ہے۔ جیسے شریعت محمدیہ ﷺ میں یہ قانون ہے کہ قتلِ عمد کرنے والے پر قصاص ہے، زانی پر حدّ زنا (سو کوڑے اگر غیر شادی شدہ ہو۔ رجم یعنی سنگسار اگر شادی شدہ ہو) ہے، چوری کرنے والے پر حدِ سرقہ ہے۔ اب یہ قانون ہر اس فرد پر صادق آئے گا جو ان افعال کا ارتکاب کرے گا خواہ وہ امیر ہو یا غریب

قانون۔ قاعدہ۔ کلیہ۔ ضابطہ۔ اصل یہ تمام الفاظ مترادف ہیں اور ان سب کا معنی ایک ہے۔

فائدہ:۔ ہر قانون کے اندر چار باتوں کا جاننا ضروری ہے۔

۱:۔ قانون کا نام
۲:۔ قانون کا حکم (آیا یہ قانون وجوبی ہے یا جوازی)
۳:۔ قانون کا مطلب
۴:۔ قانون کی مثالیں (خواہ مطابقی ہوں یا احترازی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ماضی کے صیغوں میں لگنے والے قانون﴾

یعنی اس عنوان کے تحت وہ اہم قوانین ذکر کئے جائیں گے جنکے استعمال ہونے کی ابتداء ماضی کی گردان سے ہو رہی ہے آگے عام ہے کہ وہ قوانین ماضی کے ساتھ خاص ہوں یا ماضی کے علاوہ باقی گردانوں کے صیغوں میں بھی لگتے ہوں۔ ایسے ہی باقی عنوانات (مثلاً مضارع کے صیغوں میں لگنے والے قوانین) کے ذیل میں وہ قوانین ذکر کیے جائیں گے جنکے استعمال ہونے کی ابتداء اس گردان سے ہو رہی ہے آگے عام ہے کہ وہ قوانین اسی گردان کیساتھ خاص ہوں یا دوسری گردانوں میں بھی لگتے ہوں۔

قانون نمبر ۱

قانون کا نام :۔ دو علامت تانیث والا قانون۔

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دو علامت تانیث کا فعل میں جمع ہونا مطلقاً منع ہے۔ مطلقاً کا مطلب یہ ہے خواہ ایک جنس کی ہوں یا الگ الگ جنس کی۔ ایک جنس کی مثال تو کلام عرب میں پائی ہی نہیں گئی۔ الگ الگ جنس کی مثال پائی گئی ہے اور وہ یہ ہے کہ ضَرَبْنَ اصل میں ضَرَبَتْنَ تھا۔ اس میں تا اور نون دو علامتیں تانیث کی جمع ہو گئیں۔ تا کو حذف کر کے با کو ساکن کر دیا ضَرَبْنَ ہو گیا اور اسم میں دو علامت تانیث کا جمع ہونا تب منع ہے جب دونوں علامتیں ایک جنس کی ہوں جیسا کہ ضَارِبَاتٌ اصل میں ضَارِبَتَاتٌ تھا۔ دو تا علامت تانیث کی اسم میں جمع ہو گئیں پہلی کو حذف کر دیا ضَارِبَاتٌ ہو گیا۔ اور اسم میں دو علامت تانیث اگر ایک جنس کی نہ ہوں تو دونوں کا جمع ہونا جائز ہے جیسا کہ ضُرُبَیَاتٌ کو ضُرُبٰی سے بنایا۔ اس میں دو علامت تانیث ایک الف مقصورہ اور ایک تا جمع ہو گئیں کسی کو حذف نہیں کیا بلکہ الف کو یا سے بدلا دیا (الف مقصورہ الف ممدودہ والے قانون کے تحت) ضُرُبَیَاتٌ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر۲

قانون کا نام:۔ توالی اربع حرکات والا قانون

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ چار حرکتوں کا مسلسل ایک کلمہ یا حکم ایک کلمہ میں جمع ہونا منع ہے

فائدہ:۔ حکم ایک کلمہ وہ ہوتا ہے کہ ہوں تو دو کلمے لیکن شدّت اتصال کی وجہ سے انکو ایک کلمہ کا حکم دے دیا ہو جیسے ضمیر مرفوع متصل کا اپنے عامل کیساتھ سخت اتصال ہوتا ہے لہٰذا یہ ضمیر اور ماقبل عامل دونوں ایک کلمہ کے حکم میں ہوں گے۔ مثال ایک کلمہ کی جیسا کہ یَضْرِبُ، ضَرَبَ سے بنا ہے، یا علامت مضارع کو داخل کر کے ضاد کو ساکن کر دیا، مکمل بناء صفحہ نمبر۳۲۷ پر ملاحظہ ہو) مثال حکم ایک کلمہ کی جیسا کہ ضَرَبْنَ۔

قانون نمبر۳

قانون کا نام:۔ ضَرَبْتُمْ والا قانون

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ ہو اسم غیر متمکن کے آخر میں ہو تو اس واؤ کو حذف کرنا واجب ہے سوائے واؤ ھُوَ اور ذُوْ کے۔ جیسا کہ ضَرَبْتُمْ اصل میں ضَرَبْتُمُوْ تھا۔ واؤ کو اسی قانون کے ساتھ حذف کر کے آخر سے میم کو ساکن کر دیا ضَرَبْتُمْ ہو گیا۔

فائدہ:۔ جب اس صیغے کے آخر میں ضمیر منصوب کی لاحق کریں گے تو یہ واؤ محذوفہ درمیان میں آنے کی وجہ سے واپس لوٹ آئے گی۔ جیسے وَجَدْتُمُوْھُمْ، ثَقِفْتُمُوْھُمْ، رَأَيْتُمُوْهُ

قانون نمبر۴

قانون کا نام:۔ حروف یرملون والا قانون۔

قانون کا حکم:۔ یہ قانون آدھا وجوبی ہے اور آدھا جوازی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب دو شقوں پر مشتمل ہے۔

شق نمبر ۱۔ نون ساکن اور نون تنوین ساکن کے بعد دوسرے کلمے میں چھ حروف یرملون میں سے کوئی ایک حرف آجائے تو اس نون ساکن اور نون تنوین کو حروف یرملون کی جنس کرنا واجب ہے اور پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا بھی واجب ہے۔ جیسا

شق نمبر ۲۔ نون متحرک یا نون تنوین متحرک کے بعد دوسرے کلمے میں حروف یرملون میں سے کوئی ایک حرف آجائے تو اس نون متحرک یا نون تنوین متحرک کو حروف یرملون کی جنس کرنا جائز ہے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔

یَمُوْنُ کے چار حروف میں ادغام غنہ کے ساتھ ہوگا اور دو حرف لَرْ میں ادغام بلاغنہ ہوگا۔ **(نون غنہ کی تعریف۔** نُوْنٌ سَاكِنَةٌ تَخْرُجُ مِنْ هَوَاءِ الْخَيْشُوْمِ یعنی وہ ایک نون ساکن ہوتا ہے جو ناک کے خلاء سے نکلتا ہے)۔

مثال نون ساکن کی جیساکہ مَنْ يَّشَاءُ ۔ مِنْ رَّبِّهِمْ۔ مِنْ مَّقَامٍ۔ مِنْ لَّدُنْكَ۔ مِنْ وَّرَائِهِمْ۔ مِنْ نَّصِيْرٍ۔ اصل میں مَنْ يَشَاءُ ۔ مِنْ رَبِّهِمْ۔ (الخ) تھا۔ ان مثالوں میں نون ساکن کے بعد دوسرے کلمے میں حروف یرملون واقع ہوئے ہیں لہذا نون ساکن کو حروف یرملون کے ساتھ بدلا کر وجوباً ادغام کر دیا۔ مثال نون تنوین ساکن کی جیساکہ غَدًايَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ ۔ غَفُوْرٌرَّحِيْمٌ۔ نَصْرٌمِّنَ اللهِ۔ عَدُوًّالِّجِبْرِيْلَ۔ رَعْدٌوَّبَرْقٌ۔ كُلًّا نُّمِدُّ۔ اصل میں غَدًايَرْتَعْ وَيَلْعَبْ ۔ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ (الخ) تھا ان مثالوں میں نون تنوین ساکن کے بعد حروف یرملون واقع ہوئے ہیں لہذا نون تنوین ساکن کو حروف یرملون کے ساتھ بدلا کر وجوباً ادغام کر دیا تو غَدًايَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ ۔ غَفُوْرٌرَّحِيْمٌ (الخ) ہوگیا۔ مثال نون متحرک کی جیساکہ اَنْ يَّتِيْمُ۔ اَنْ رَّفِيْقُ۔ اَنْ مُّقِيْمُ۔ اَنْ لَّئِيْقُ۔ اَنْ وَّلِيّ اَنْ نَّائِمُ۔ اصل میں اَنَ يَتِيْمُ۔ اَنَ رَفِيْقُ (الخ) تھا ان مثالوں میں نون متحرک کے بعد حروف یرملون دوسرے کلمے میں واقع ہوئے ہیں لہذا نون متحرک کو حروف یرملون کے ساتھ جوازاً بدلا کر وجوباً ادغام کر دیا تو اَنْ يَّتِيْمُ (الخ) ہوگیا۔ مثال نون تنوین متحرک کی جیساکہ عَادَنِ الْأُوْلٰى اصل میں عَادًاالْأُوْلٰى تھا۔ ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا۔ نون تنوین اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ نون تنوین کو حرکت کسرہ کی دے دی عَادَنِ الْأُوْلٰى ہوگیا۔ پھر اُوْلٰى والے ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل لام کو دے کر ہمزہ کو گرا دیا عَادَ نِ لُوْلٰى ہوگیا۔ اب یہاں نون تنوین متحرک کے بعد حروف یرملون میں سے لام واقع ہوا ہے تو اس نون تنوین متحرک کو لام سے بدل کر لام کو لام میں ادغام کر کے عَادَلُّوْلٰى پڑھنا جائز ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۵

قانون کا نام :۔ بائے مطلق والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون کمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد با مطلق واقع ہو تو اس نون ساکن اور نون تنوین کو میم کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ با مطلق کا مطلب یہ ہے کہ وہ با نون کے ساتھ ایک کلمہ میں ہو یا دوسرے کلمہ میں۔ مثال ایک کلمہ کی جیسا کہ یَنۡبَغِیۡ مثال دو کلمہ کی مِنۡۢ بَعۡدِ۔ لَفِیۡ شِقَاقٍۢ بَعِیۡدٍ۔ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد با مطلق واقع ہوئی ہے لہذا اس کو میم کے ساتھ وجوباً بدل دیا۔

قانون نمبر ۶

قانون کا نام :۔ اظہار والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون کمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی ایک حرف آجائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو ظاہر کر کے پڑھنا واجب ہے مثال اس کی جیسا کہ مِنۡ خَلۡقٍ جَدِیۡدٍ۔ جَآءُوۡ بِسِحۡرٍ عَظِیۡمٍ۔ حروف حلقی چھ ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے شعر میں بیان کیے ہیں۔

حروف حلقی شش بود اے نور عین ۔ همزہ ھا و حا و خا و عین و غین

قانون نمبر ۷

قانون کا نام :۔ اخفاء والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون کمل وجوبی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد مذکورہ حروف کے علاوہ باقی پندرہ حروف میں سے کوئی ایک حرف آجائے تو وہاں اخفاء کرنا واجب ہے (اخفاء کہتے ہیں ادغام اور اظہار کی درمیانی حالت کو)۔ مثال اس کی جیسا کہ فَمَنْ كَانَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ

فائدہ :۔ حروف مذکورہ چودہ ہیں چھ یرملون چھ حلقی ایک با، ایک الف اور باقی پندرہ ہیں۔ جیسا کہ کسی شاعر نے اس شعر میں بیان کیے ہیں ؎ تا و ثا و جیم و دال و ذال و زا و سین و شین ۔ صاد و ضاد و طا و ظا و فا و قاف و کاف ہیں۔

فائدہ :۔ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد الف نہیں آسکتا کیونکہ التقائے ساکنین لازم آتا ہے۔

قانون نمبر ۸

قانون کا نام :۔ الف والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ الف کا ما قبل ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ لہذا اگر الف کا ما قبل مضموم ہو تو اس الف کو واؤ کے ساتھ بدلنا واجب ہے اور اگر الف کا ما قبل مکسور ہو تو اس الف کو یا کے ساتھ بدلنا واجب ہے بشرطیکہ اس الف کو حذف کرنے کا کوئی سبب موجود نہ ہو۔ جیسا کہ ضُوْرِبَ جو کہ ماضی مجہول ہے ضَارَبَ جب اس کو ضَارَبَ سے بنایا تو ضاد کو ضمہ دیا اب الف کا ما قبل مضموم ہو گیا لہذا اس الف کو واؤ کے ساتھ بدلا کر درمیان میں را کو کسرہ دے دیا۔ ضُوْرِبَ ہو گیا۔ اور اسی طرح جب مِضْرَابٌ سے جمع اقصیٰ مَضَارِيْبُ کو بنایا تو را کو کسرہ دیدیا اب الف کا ما قبل مکسور ہو گیا لہذا اس الف کو یا کے ساتھ بدلا دیا مَضَارِيْبُ ہو گیا۔ اور اگر اس الف کو حذف کرنے کا کوئی سبب پایا گیا تو اس کو حذف کر دیا جائے گا جیسا کہ دُ حَيْرِجٌ جو تصغیر ہے دِ حْرَاجٌ کی اس کو جب دِحْرَاجٌ سے بنایا تو را کو کسرہ دینے کے بعد الف کو یا کے ساتھ نہیں بدلا بلکہ حذف کر دیا کیونکہ الف زائدہ ہے اور تصغیر میں ترخیم (محض تخفیف کے لئے کسی حرف کو حذف کر دینا) کے وقت زائد حروف حذف کر دیے جاتے ہیں۔ دُحَيْرِجٌ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۹

قانون کا نام :۔ ہمزہ وصلی و قطعی والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہمزہ ہو، زائدہ ہو، کلمے کے شروع میں واقع ہو تو وہ ہمزہ دو حال سے خالی نہیں ہو گا۔ وصلی ہو گا یا قطعی۔ اگر وصلی ہو تو اس کا مابعد دو حال سے خالی نہیں ہو گا۔ ساکن ہو گا یا متحرک۔ اگر ساکن ہو تو درج کلام میں لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا وجوبًا۔ جیسا کہ وَاضرِبُوْهُمْ اصل میں اِضرِبُوْهُمْ تھا۔ جب واؤ اول میں آئی تو ہمزہ اگرچہ درج کلام میں لکھا ہوا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔ اور اگر مابعد اس کا متحرک ہو تو اکثر لکھا بھی نہیں جاتا۔ جیسا کہ سَلْ اصل میں اِسْئَلْ تھا درمیان والے ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرا دیا اور پہلا ہمزہ اپنے مابعد کے متحرک ہونیکی وجہ سے گر گیا سَلْ ہو گیا۔ اور اگر قطعی ہو تو اس کا مابعد خواہ ساکن ہو یا متحرک نہ درج کلام میں گرتا ہے نہ مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے گرتا ہے وجوبًا۔ مثال درج کلام کی جیسا کہ وَأَكْرَمَ وَاَكْرَامًا۔ اس ہمزہ کا مابعد ساکن ہے اور ہمزہ درج کلام میں واقع ہوا ہے لیکن گرا نہیں کیونکہ قطعی ہے۔ مثال مابعد متحرک ہونے کی جیسا کہ اَقَامَ اصل میں اَقْوَمَ تھا۔ واؤ کا فتحہ نقل کر کے ماقبل کو دے کر واؤ کو الف کے ساتھ بدلا دیا اَقَامَ ہو گیا۔ اس ہمزہ کا مابعد متحرک ہے لیکن گرا نہیں کیونکہ قطعی ہے۔ ہمزہ قطعی نو قسم پر ہے اس کے ماسوا سب ہمزہ وصلی ہیں۔ وہ نو قسم یہ ہیں۔ ہمزہ باب افعال کا جیسا کہ اَكْرَمَ۔ واحد متکلم کا جیسا کہ اَضرِبُ اسم تفضیل کا جیسا کہ اَضرَبُ۔ جمع کا جیسا کہ اَشْرَافٌ۔ اعلام کا جیسا کہ اِسْمَاعِيلُ اِسْحَاقُ بناء کا (ہمزہ بناء کا وہ ہوتا ہے کہ وہ ہمزہ جس کلمہ میں موجود ہے وہ مبنی ہو یا ہمزہ کے گرانے سے معنی فاسد ہو جاتا ہو) کا جیسا کہ اَنْتَ اِنَّ اَنَّ۔ فعل تعجب کا جیسا کہ مَا اَضرَبَهٗ وَاَضرِبْهٖ۔ استفہام کا جیسا کہ اَاَنْذَرْتَهُمْ۔ نداء کا جیسا کہ اَعَبْدَاللّٰهِ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۱۰

قانون کا نام :۔ اِتَّخَذَ،یَتَّخِذُ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ اور یا بدل ہمزہ سے نہ ہو باب افتعال، تفعّل یا تفاعل کے فا کلمے کے مقابلے میں ہو تو اس واؤ اور یا کو تا کے ساتھ بدلا کر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ اکثر اہل حجاز بابِ افتعال میں وجوباً بدلاتے ہیں اور بعض اہل حجاز باب تفعل اور تفاعل میں وجوباً بدلاتے ہیں (اور اکثر اہلِ حجاز باب تفعُّل اور تفاعل میں واؤ اور یاء کو برحال رکھ کر پڑھتے ہیں) مثال اُسکی جیسا کہ اِوْتَعَدَ،اِیْتَسَرَ،تَوَعَّدَ،تَیَسَّرَ،تَوَاعَدَ،تَیَاسَرَ۔ پہلی دو مثالیں باب افتعال کی، دوسری دو باب تفعل کی اور تیسری دو باب تفاعل کی ہیں۔ ان بابوں میں واؤ اور یا فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہوئی ہیں اور بدل ہمزہ سے نہیں لہذا ان کو تا کے ساتھ بدلا کر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے ادغام کے بعد اس طرح پڑھیں گے اِتَّعَدَ،اِتَّسَرَ،اِتَّعَّدَ،اِتَّسَّرَ،اِتَّاعَدَ،اِتَّاسَرَ۔ لیکن اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ شاذ ہیں۔ یہ اس لیے شاذ ہے کہ اصل میں اِئْتَخَذَ تھا۔ ہمزہ ساکن مظہر کو ما قبل کی حرکت کے موافق یا سے بدل دیا اِیْتَخَذَ ہو گیا۔ یہ یا باب افتعال کے فا کلمہ کے مقابلے میں واقع ہوئی ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ اس کو تا کے ساتھ بدلا کر ادغام نہ کیا جائے کیونکہ یہ بدل ہمزہ سے ہے لیکن اس کے باوجود اس یا کو تا سے بدلا کر ادغام کرتے ہیں۔ یہ شاذ ہے یعنی خلافِ قانون ہے۔

قانون نمبر ۱۱

قانون کا نام :۔ ص،ض،ط،ظ،والا قانون

قانون کا حکم :۔ ایک شق (صورت) وجوبی باقی جوازی ہے

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ صاد، ضاد، طاء، ظاء میں سے کوئی ایک حرف بابِ افتعال

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے فا کلمے کے مقابلہ میں واقع ہو تو تائے افتعال کو طاء کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔آگے تین صورتیں ہیں۔

صورت نمبر ۱ :۔اب اگر باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں بھی طاء ہو تو طاء کا طاء میں ادغام کرنا واجب ہے۔

صورت نمبر ۲ :۔اور اگر فا کلمے کے مقابلے میں ظاء ہو تو ادغام اور اظہار دونوں جائز ہیں۔ادغام اس طرح کہ طاء کو ظاء کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے اور ظاء کو طاء کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے۔**صورت نمبر ۳** :۔اور اگر فا کلمہ میں صاد، ضاد ہوں تب بھی ادغام اور اظہار دونوں جائز ہیں۔لیکن ادغام اسطرح کہ طاء کو صاد، ضاد کرنا جائز ہے لیکن صاد، ضاد کو طاء کرنا جائز نہیں۔ان تین صورتوں کی مثالیں جیسا کہ اِطْتَلَبَ، اِظْتَلَمَ، اِصْتَبَرَ، اِضْتَرَبَ۔ان مثالوں میں طاء، ظاء، صاد، ضاد باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہوئے ہیں۔لہٰذا ان سب مثالوں میں پہلے تاء کو طاء کے ساتھ وجوباً تبدیل کر دیا۔اِطْطَلَبَ، اِظْطَلَمَ، اِصْطَبَرَ، اِضْطَرَبَ ہو گیا۔اب پہلی مثال میں ادغام کر کے اِطَّلَبَ پڑھنا واجب ہے اور دوسری مثال میں اظہار بھی جائز ہے اور ادغام بھی جائز ہے اور ادغام دو طریقوں سے جائز ہے۔اس طرح کہ طاء کو ظاء کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے جیسے اِظَّلَمَ اور ظاء کو طاء کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے جیسے اِطَّلَمَ اور تیسری اور چوتھی مثال میں بھی اظہار اور ادغام دونوں جائز ہیں۔لیکن ادغام کی ایک صورت جائز ہے اس طرح کہ طاء کو صاد، ضاد کرنا جائز ہے اور صاد، ضاد کو طاء کرنا جائز نہیں۔لہٰذا اِصَّبَرَ اور اِضَّرَبَ پڑھنا جائز ہے اور اِطَّبَرَ اور اِطَّرَبَ پڑھنا جائز نہیں۔

قانون نمبر ۱۲

قانون کا نام :۔ دال، ذال، زا والا قانون

قانون کا حکم :۔اس قانون کی ایک شق وجوبی باقی جوازی ہے

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دال، ذال، زا میں سے کوئی ایک حرف بابِ اِفتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہو تو تائے افتعال کو دال کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔آگے تین صورتیں ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر ۱ :۔اب اگر باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں دال ہو تو دال کا دال میں ادغام کرنا واجب ہے۔

نمبر ۲ :۔اور اگر باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں ذال ہو تو ادغام اور اظہار دونوں جائز ہیں۔ادغام اس طرح کہ دال کو ذال کر کے ذال کا ذال میں ادغام کرنا بھی جائز ہے اور ذال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کرنا بھی جائز ہے۔

نمبر ۳ :۔اگر فا کلمے کے مقابلے میں زا آجائے تو پھر بھی ادغام اور اظہار دونوں جائز ہیں لیکن ادغام کی ایک صورت جائز ہے وہ یہ کہ دال کو زا کر کے زا کا زا میں ادغام کرنا تو جائز ہے مگر زا کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کرنا جائز نہیں۔

ان تین صورتوں کی مثالیں جیسا کہ اِدْتَغَمَ، اِذْتَکَرَ،اِزْتَلَفَ ۔ان مثالوں میں دال،ذال،زا باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہوئی ہیں لہذا پہلے تا کو دال کے ساتھ وجوباً بدل دیا۔اِدْدَغَمَ،اِذْدَکَرَ،اِزْدَلَفَ ہو گیا۔اس کے بعد پہلی مثال میں ادغام کر کے اِدَّغَمَ پڑھنا واجب ہے اور دوسری مثال میں اظہار بھی جائز ہے اور ادغام بھی اور ادغام دو طریقوں سے جائز ہے۔وہ اس طرح کہ دال کو ذال کر کے ذال کا ذال میں ادغام کرنا بھی جائز ہے جیسے اِذَّکَرَ اور ذال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کرنا بھی جائز ہے جیسے اِدَّکَرَ تیسری مثال میں بھی اظہار اور ادغام دونوں جائز ہیں لیکن ادغام اس طرح کہ دال کو زا کر کے زا کا زا میں ادغام کر کے اِزَّلَفَ پڑھنا جائز ہے لیکن زا کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر کے اِدَّلَفَ پڑھنا جائز نہیں۔

قانون نمبر ۱۳

قانون کا نام :۔گیارہ حرفی والا قانون

قانون کا حکم :۔یہ قانون آدھا وجوبی ہے اور آدھا جوازی ہے

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب دو صورتوں پر مشتمل ہے۔ **نمبر ۱** :۔ ثا،دال،ذال،زا،سین،شین، صاد،ضاد،طاء،ظاء میں سے کوئی ایک حرف بابِ افتعال کے عین کلمے کے مقابلے میں آجائے تو تائے افتعال کو عین کلمہ کی جنس کرنا جائز ہے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔جیسا کہ اِنْتَثَرَ،اِعْتَدَلَ،اِعْتَذَرَ،اِعْتَزَلَ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِکْتَسَرَ، اِحْتَشَرَ، اِنْتَصَرَ، اِغْتَصَبَ، اِحْتَطَبَ، اِنْتَظَمَ۔ اب ان مثالوں میں تا کو عین کلمہ کی جنس کر دیا تو اِنْتَثَرَ، اِعْدَدَلَ، اِعْذَذَرَ (الخ) ہو گیا۔ پھر دو حرف متجانسین میں سے اول کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دی اور ہمزہ مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا تو نَثَّرَ، عَدَّلَ، عَذَّرَ، عَزَّلَ، کَسَّرَ، حَشَّرَ، نَصَّرَ، غَصَّبَ، خَطَّبَ، نَظَّمَ ہو گیا اور اگر باب افتعال کے عین کلمے کے مقابلے میں تا واقع ہو تو ادغام کرنا جائز ہے جیسا کہ اِستَتَرَ۔ اس میں اگر ادغام کریں تو سَتَّرَ پڑھیں گے۔ **نمبر ۲** :۔ اور اگر ان مذکورہ حروف میں سے کوئی ایک حرف بابِ تفعل یا تفاعل کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہو تو ان بابوں کی تا کو فا کلمہ کی جنس کرنا جائز ہے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔ جیسا کہ تَثَبَّتَ، تَثَابَتَ، تَدَغَّمَ، تَدَاغَمَ، تَذَکَّرَ، تَذَاکَرَ، تَزَلَّفَ، تَزَالَفَ، تَسَمَّعَ، تَسَامَعَ، تَشَبَّهَ، تَشَابَهَ، تَصَبَّرَ، تَصَابَرَ، تَضَرَّبَ، تَضَارَبَ، تَطَلَّبَ، تَطَالَبَ، تَظَلَّمَ، تَظَالَمَ ان مثالوں میں تا کو فا کلمہ کی جنس کر دیا تو ثَثَبَّتَ، ثَثَابَتَ، دَدَغَّمَ، دَدَاغَمَ (الخ) ہو گیا۔ پھر دو حرف متجانسین میں سے اول کی حرکت کو گرا کر ادغام کر دیا۔ اب ابتداء بالسکون محال تھی (یعنی شروع میں ساکن کو پڑھنا مشکل تھا) اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے تو اس طرح پڑھیں گے اِثَّبَّتَ، اِثَّابَتَ، اِدَّغَّمَ، اِدَّاغَمَ، اِذَّکَّرَ، اِذَّاکَرَ، اِزَّلَّفَ، اِزَّالَفَ، اِسَّمَّعَ، اِسَّامَعَ، اِشَّبَّهَ، اِشَّابَهَ، اِصَّبَّرَ، اِصَّابَرَ، اِضَّرَّبَ، اِضَّارَبَ، اِطَّلَّبَ، اِطَّالَبَ، اِظَّلَّمَ، اِظَّالَمَ۔ اور اگر تا بابِ تفعل یا تفاعل کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہو جائے تو ادغام کرنا جائز ہے جیسا کہ تَتَرَّكَ، تَتَارَكَ اس میں اگر ادغام کیا تو اِتَّرَّكَ، اِتَّارَكَ پڑھے نگے

قانون نمبر ۱۴

قانون کا نام :۔ میعادٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ ساکن ہو مظہر ہو اور ما قبل اس کا مکسور ہو تو اس واؤ کو یا کے ساتھ بدلنا واجب ہے بشرطیکہ وہ واؤ باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں نہ ہو اور اس کو حرکت دینے کا سبب بھی موجود نہ ہو۔ مثال اس کی جیسا کہ مِیْعَادٌ اصل میں مِوْعَادٌ تھا۔ یہ واؤ ساکن ہے مظہر ہے ما قبل اس کا مکسور ہے اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں بھی نہیں ہے اور نہ ہی اس کو حرکت دینے کا کوئی سبب موجود ہے لہٰذا اس کو یا کے ساتھ بدل دیا مِیۡعَادٌ ہو گیا اور اگر باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہو تو اس واؤ کو تا سے بدل کر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ اِتَّعَدَ اصل میں اِوۡتَعَدَ تھا۔ واؤ کو تا سے بدلا کر تا کا تا میں ادغام کر دیا اِتَّعَدَ ہو گیا اور اگر حرکت دینے کا کوئی سبب موجود ہو تو پھر اس کو یا کے ساتھ نہیں بدلا جائے گا بلکہ حرکت دے دی جائے گی۔ مثال اس کی جیسا کہ اِوَزَّةٌ اصل میں اِوۡزَزَةٌ تھا۔ یہاں دو زاء جمع ہو گئیں ادغام کرنا واجب ہے لہٰذا پہلی زا کی حرکت نقل کر کے واؤ کو دے دی اور زا کا زا میں ادغام کر دیا اِوَزَّةٌ ہو گیا۔

قانون نمبر ۱۵

قانون کا نام :۔ وَعَدتَّ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کے مطلب کی دو صورتیں ہیں۔ **نمبر ۱ :۔** دال ساکن ہو اور اس کے بعد تا متحرک ہو تو اس دال کو تا کر کے تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے بشرطیکہ وہ تا باب افتعال کی نہ ہو۔ مثال اس کی جیسا کہ وَعَدتَّ اصل میں وَعَدۡتَ تھا۔ دال کو تا کر کے تا کا تا میں ادغام کر دیا وَعَدتَّ ہو گیا۔ اور اگر دال ساکن کے بعد تا افتعال کی واقع ہو جائے تو وہاں تا کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کرنا واجب ہے جیسا کہ اِدۡتَغَمَ اس میں اِدَّغَمَ پڑھنا واجب ہے۔ **نمبر ۲ :۔** اور اگر تا ساکن کے بعد دال متحرک واقع ہو تو تا کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کرنا واجب ہے جیسا کہ فَلَمَّآ اَثۡقَلَتدَّعَوَاللّٰهَ اصل میں اَثۡقَلَتۡ دَعَوَاللّٰهَ تھا۔ تا کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا۔

قانون نمبر ۱۶

قانون کا نام :۔ یُوۡسَرُ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تمہید: ۔اس قانون کو سمجھنے سے پہلے ایک تمہید سمجھ لیں۔تمہید کا حاصل یہ ہے کہ فُعلیٰ تین قسم پر ہے

۱۔فُعلیٰ صفتی۔جوصفت والے معنی پر دلالت کرے۔یعنی اس میں رنگ اور عیب والا معنی موجود ہو جیسا کہ حیُکیٰ (ناز نخرے سے چلنے والی عورت)۔

۲۔فُعلیٰ اسمی۔جو کسی کا نام ہو جیسا کہ طوبیٰ (ایک درخت کا نام) اصل میں طُیْبیٰ تھا۔

۳۔فُعلیٰ تفضیلی۔جس میں زیادتی والا معنی پایا جائے۔جیسا کہ ضُربیٰ

اَفْعَلُ بھی تین قسم پر ہے۔

۱۔اَفعَلُ صفتی ۔جس میں صفت والا معنی موجود ہو جیسا کہ اَحْمَرُ، اَسْوَدُ

۲۔افعَلُ اسمی ۔جس میں اسمیت والا معنی پایا جائے یعنی جو کسی کا نام ہو جیسا کہ اَحْمَدُ، اَشْرَفُ۔

۳۔افعَلُ تفضیلی ۔جس میں زیادتی والا معنی پایا جائے۔جیسا کہ اَضْرَبُ، اَعْلَمُ، اَکْبَرُ۔

قانون کا مطلب: ۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ یا ہو، ساکن ہو، مظہر ہو، ماقبل اسکا مضموم ہو تو اس یا کو واؤ کے ساتھ بدلانا واجب ہے جیسے یُیْسَرُ میں یُوْسَرُ پڑھنا واجب ہے۔بشرطیکہ

نمبر۱۔وہ یا باب افتعال کے فاکلمے کے مقابلے میں نہ ہو۔اگر ہوئی تو اس یا کو تا کے ساتھ بدلا کر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔جیسا کہ اُیْتُسِرَ میں اُتُّسِرَ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر۲۔وہ یا فُعلیٰ صفتی میں بھی نہ ہو اگر ہوئی تو ماقبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔جیسا کہ حِیُکیٰ اصل میں حُیْکیٰ تھا ماقبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلا دیا حِیْکیٰ ہو گیا۔

نمبر۳۔اور اس اَفعَلُ صفتی کی جمع میں نہ ہو جس کی مؤنث فَعْلاءُ کے وزن پر آتی ہے۔اگر ہوئی تو ماقبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلانا واجب ہے جیسا کہ اَبْیَضُ بروزن اَفعَلُ، یہ اَفعَلُ صفتی ہے۔اس کی مؤنث فَعْلاءُ کے وزن پر بَیْضَاءُ آتی ہے اور وہ اَفعَلُ صفتی جسکی مؤنث فَعْلاءُ کے وزن پر آتی ہے اس کی دو جمع آتی ہیں۔۱۔فُعْلٌ کے وزن پر ۲۔فُعْلَانٌ کے وزن پر۔لہذا اَبْیَضُ کی بھی دو جمع آئیں گی بُیْضٌ اور بُیْضَانٌ تو اب یہاں یا کو واؤ سے نہیں بدلیں گے بلکہ ماقبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ وجوبا بدل دیں گے لہذا بُیْضٌ، بُیْضَانٌ میں بِیْضٌ، بِیْضَانٌ پڑھنا واجب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر ۴۔ وہ یا اجوف یائی کے اسم مفعول کے عین کلمے کے مقابلے میں نہ ہو۔ اگر ہوئی تو یا کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیں گے (یقول تقول والے قانون کے تحت)۔ پھر فوراً اس ضمہ منقولی کو کسرہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔ جیسا کہ مَبِیْعٌ اصل میں مَبْیُوْعٌ تھا۔ یا کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا پھر اس قانون کی بناء پر ضمہ منقولی کو کسرہ سے بدل دیا تو واوٗ اور یا کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ اب اگر واوٗ کو حذف کریں تو مَبِیْعٌ ہو جائیگا۔ اور اگر یا کو حذف کریں تو مَبُوْعٌ ہو جائے گا پھر مِیْعَادٌ والے قانون کے تحت واوٗ کو یا سے بدل دیا مَبِیْعٌ ہو گیا۔

قانون نمبر ۱۷

قانون کا نام :۔ قَالَ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واوٗ اور یا متحرک ہو، حرکت بھی لازمی ہو، ماقبل مفتوح ہو اور کلمہ بھی ایک ہو تو اس واوٗ اور یا کو الف کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔ جیسا کہ قَالَ، بَاعَ اصل میں قَوَلَ، بَیَعَ تھے۔ یہ واوٗ اور یا متحرک ہے حرکت بھی لازمی ہے اور ماقبل اس کا مفتوح اسی کلمے میں ہے لہٰذا اس کو الف کے ساتھ بدلا دیا قَالَ، بَاعَ ہو گیا۔ لیکن اس واوٗ اور یا کو الف کے ساتھ بدلنا چند شرائط کیساتھ مشروط ہے۔ وہ شرائط یہ ہیں۔

۱۔ وہ واوٗ اور یا فا کلمے کے مقابلہ میں نہ ہو۔ جیسا کہ تَوَعَّدَ، تَیَسَّرَ۔

۲۔ وہ واوٗ اور یا ناقص کے عین کلمے کے مقابلہ میں نہ ہو جیسا کہ قَوِیَ، حَیِیَ۔ (یہاں ناقص سے مراد لفیف مقرون ہے)

۳۔ حکم عین کلمہ ناقص میں بھی نہ ہو۔ حکم عین کلمہ ناقص کا مطلب یہ ہے کہ وہ واوٗ اور یا ہو تو لام کلمہ کے مقابلے میں لیکن اس کے بعد کوئی دوسری واوٗ اور یا آجائے تو اب پہلی واوٗ اور یا حکماً عین کلمہ کے مقابلہ میں ہو جائیں گی اگرچہ حقیقت میں لام کلمہ کے مقابلے میں ہیں۔ مثال اس کی جیسا کہ اِرْعَوَا، اِرْمَیَا۔ اصل میں اِرْعَوَوَ، اِرْمَیَیَ بر وزن اِفْعَلَلَ تھے۔ ثانی واوٗ اور یا کو الف کے ساتھ بدلا دیا اِرْعَوَا، اِرْمَیَا ہو گیا۔ لیکن پہلی اور یا کو نہیں بدلا کیونکہ یہ حکماً عین کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۴۔ واؤ اور یا کے بعد مدہ زائدہ بے فائدہ معنے کا بھی نہ ہو جیسا کہ سَوَادٌ، بَیَاضٌ، طَوِیْلٌ، غَیُوْرٌ اور اگر اس واؤ اور یا کے بعد مدہ زائدہ مفید معنی (جیسے واؤ جمع کے صیغے میں جمع کے معنے کا فائدہ دیتی ہے) کا ہوا تو تعلیل کریں گے جیسا کہ تَدْعُوْنَ، تَرْمِیْنَ۔ اصل میں تَدْعُوُوْنَ، تَرْمِیِیْنَ تھے۔ واؤ اور یا کو الف کے ساتھ بدلا کر التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیا تَدْعُوْنَ، تَرْمِیْنَ ہو گیا۔

۵۔ واؤ اور یا کے بعد حرف تثنیہ کا بھی نہ ہو جیسا کہ دَعَوَا، رَمَیَا۔

۶۔ الف جمع مؤنث سالم کا بھی نہ ہو جیسا کہ عَصَوَاتٌ، رَحَیَاتٌ۔

۷۔ یا مشدد بھی نہ ہو جیسا کہ عَصَوِیٌّ، رَحَیِیٌّ۔

۸۔ نون تاکید کا بھی نہ ہو جیسا کہ اِخْشَوُنَّ، اِخْشَیِنَّ

۹۔ وہ کلمہ فَعَلٰی یا فَعَلَانٌ کے وزن پر بھی نہ ہو جیسا کہ مَوَتَانٌ، حَیَوَانٌ، صَوَرٰی، حَیَدٰی۔

۱۰۔ وہ واؤ اور یا جس کلمہ کے اندر موجود ہیں وہ کلمہ کسی ایسے کلمے کا ہم معنی بھی نہ ہو کہ جس میں تعلیل نہیں ہو سکتی جیسا کہ عَوِرَ (یک چشم شد) صَیِدَ (کج گردن شد) ہم معنی اِعْوَرَّ، اِصْیَدَّ کے ہیں اور ان دونوں میں واؤ اور یا کا ما قبل ساکن ہے لیکن ان میں تعلیل نہیں ہوئی (یعنی قانون نہیں لگا اور قانون نہ لگنے کی وجہ یَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون میں معلوم ہو جائیگی) تو عَوِرَ، صَیِدَ میں بھی تعلیل نہیں ہو سکتی۔

۱۱۔ وہ واؤ اور یا فعل غیر متصرف (جسکی گردان نہ آتی ہو یا صرف ماضی آتی ہو) کے عین کلمے کے مقابلہ میں بھی نہ ہو۔ جیسا کہ قَوُلَ بَیُعَ۔ اگر فعل غیر متصرف کے لام کلمہ کے مقابلے میں ہو تو تعلیل کریں گے جیسا کہ مَاأَدْعَاهُ، مَاأَرْمَاهُ۔ اصل میں مَاأَدْعَوَهُ، مَاأَرْمَیَهُ تھا۔ واؤ اور یا کو الف سے بدل دیا مَاأَدْعَاهُ، مَاأَرْمَاهُ ہو گیا۔

۱۲۔ وہ واؤ اور یا ملحق کے عین کلمے کے مقابلے میں بھی نہ ہو۔ جیسا کہ قَوَلُوْلٌ، بَیَعُوْعٌ ملحق ہیں قَرَبُوْسٌ کے ساتھ۔ اور اگر ملحق کے لام کلمے کے مقابلے میں ہو تو تعلیل کریں گے جیسا کہ قَلْسٰی، تَقَلْسٰی اصل میں قَلْسَیَ، تَقَلْسَیَ تھے۔ یا کو الف کے ساتھ بدلا دیا قَلْسٰی، تَقَلْسٰی ہو گیا۔

الحاق کی آسان تعریف:۔

ایک کلمہ کی شکل دوسرے کلمہ کے ساتھ ملانے (برابر کرنے) کیلئے کوئی حرف بڑھا دینا لیکن اس حرف کے بڑھانے کی وجہ سے معنے میں کوئی تبدیلی نہ ہو۔ جیسا کہ قَوْلٌ، بَیْعٌ کی شکل قَرَبُوْسٌ کیساتھ ملانے کے لئے قَوْلٌ کے آخر میں واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور لام اور بَیَعٌ کے آخر میں واؤ اور عین کا اضافہ کر دیا تو قَوَلُوْلٌ بَیَعُوْعٌ ہو گیا۔ جس کلمہ کی شکل ملائی جائے اس کو ملحق اور جس کے ساتھ ملائی جائے اس کو ملحق بہ کہیں گے۔

۱۳۔ وہ واؤ اور یا عین کلمے کے مقابلے میں حرف صحیح سے بدل نہ ہوں۔ جیسا کہ شَیَرٌ۔ اصل میں شَجَرٌ تھا۔ جیم کو یا کے ساتھ بدلا دیا شَیَر ہو گیا۔ اور اگر لام کلمے کے مقابلے میں حرف صحیح سے بدل ہو تو تعلیل کریں گے جیسا کہ تَظَنّٰی، تَقَضّٰی۔ اصل میں تَظَنَّنَ، تَقَضَّضَ تھا۔ ثانی نون اور ضاد کو یا کے ساتھ بدلا دیا تو تَظَنّٰی، تَقَضّٰی ہو گیا۔

قانون نمبر ۱۸

قانون کا نام :۔ التقائے ساکنین علیٰ حدہٖ وغیر حدہٖ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ التقائے ساکنین دو قسم پر ہے۔ علیٰ حدہٖ اور علیٰ غیر حدہٖ۔

علیٰ حدہٖ (جو شرائط کے ساتھ ثابت ہو) وہ ہے جس میں تین شرطیں پائی جائیں۔ نمبر ا۔ پہلا ساکن مدہ ہو یا یا تصغیر کی ہو۔ نمبر ۲۔ ثانی ساکن مدغم ہو۔ نمبر ۳۔ کلمہ بھی ایک ہو۔ مثال اس کی کہ پہلا ساکن مدہ ہو، ثانی ساکن مدغم ہو اور کلمہ بھی ایک ہی ہو جیسا کہ اِحْمَارٌّ، اُحْمُوْرٌّ، سِیْرٌ۔ مثال اس کی کہ پہلا ساکن یا تصغیر کی ہو اور ثانی ساکن مدغم ہو اور کلمہ بھی ایک ہی ہو جیسا کہ خُوَیْصَّۃٌ۔ ماسوا اس کے علیٰ غیر حدہٖ ہے۔ یعنی علیٰ غیر حدہٖ (جو بغیر شرائط کے ثابت ہو) وہ ہے جس میں ان تین شرطوں میں سے کوئی ایک شرط نہ پائی جائے آگے نہ پائے جانے کی سات صورتیں ہیں۔

۱۔ علیٰ حدہٖ کی تینوں شرطیں نہ پائی جائیں نہ پہلا ساکن مدہ ہو نہ ثانی ساکن مدغم ہو نہ کلمہ ایک ہو جیسا کہ قُلِ الْحَقَّ اصل میں قُلْ اَلْحَقَّ تھا۔ ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا تو دو لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ پہلے لام کو کسرہ دے دیا قُلِ الْحَقَّ ہو گیا۔

۲۔ پہلی شرط نہ پائی جائے (دوسری اور تیسری موجود ہو) جیسا کہ یَخِصِّمُوْنَ۔ یہ اصل میں یَخْتَصِمُوْنَ تھا۔ صاد واقع ہوا ہے باب افتعال کے عین کلمے کے مقابلہ میں۔ تائے افتعال کو صاد کے ساتھ بدل دیا اسکے بعد پہلے صاد کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا اب التقائے ساکنین آگیا خا اور صاد کے درمیان خا کو کسرہ دے دیا یَخِصِّمُوْنَ ہو گیا

۳۔ دوسری شرط نہ پائی جائے (پہلی اور تیسری موجود ہو) جیسا کہ قَالْنَ۔ یہاں الف اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ الف کو حذف کر دیا۔ قَلْنَ ہو گیا۔ اس کے بعد قاف کے فتحہ کو ضمہ کے ساتھ بدل دیا قُلْنَ ہو گیا۔

۴۔ تیسری شرط نہ پائی جائے (پہلی دو شرطیں موجود ہو) جیسا کہ اِضْرِبُنَّ۔ اصل میں اِضْرِبُوْنَّ تھا۔ واؤ اور پہلے نون کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ واؤ کو حذف کر دیا اِضْرِبُنَّ ہو گیا۔

۵۔ پہلی دونوں شرطیں نہ پائی جائیں (تیسری موجود ہو) جیسا کہ زَیْدٌ۔

۶۔ آخری دو شرطیں نہ پائی جائیں (پہلی شرط موجود ہو) جیسا کہ اِضْرِبُوْاالْقَوْمَ اصل میں اِضْرِبُوْاالْقَوْمَ تھا۔ ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا جس سے واؤ اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ واؤ کو حذف کر دیا اِضْرِبُواالْقَوْمَ ہو گیا۔

۷۔ پہلی اور تیسری نہ پائی جائے (دوسری شرط پائی جائے) جیسا کہ لَتُدْعَوُنَّ۔ اصل میں لَتُدْعَوْنَّ تھا۔ واؤ اور نون مدغمہ کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ واؤ کو ضمہ دے دیا لَتُدْعَوُنَّ ہو گیا۔

حکم علیٰ حدّہٖ کا یہ ہے کہ پڑھنا ساکنین کا مطلقاً خواہ حالت وقف میں ہو جیسا کہ اِحْمَارَّ، اُحْمُوْرَّ، سِیْرُّ یا حالت وصل میں جیسا کہ اِحْمَارَّ زَیْدٌ، اُحْمُوْرَّ زَیْدٌ، سِیْرُّ زَیْدٍ

حکم علیٰ غیرِ حدّہٖ کا یہ ہے کہ پڑھنا ساکنین کا حالت وقف میں جیسا کہ غَفُوْرْ، رَحِیْمْ، مِیْعَادْ، اور نہ پڑھنا ساکنین کا حالت وصل میں بلکہ حالت وصل میں دیکھا جائے گا۔

اگر پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ ہو اتو اس کو سوا تین جگہ کے بالاتفاق حذف کر دیا جائے گا۔ مثال اس کی کہ پہلا ساکن مدہ ہو جیسا کہ قُلْنَ اور اِضْرِبُو الْقَوْمَ۔ مثال اسکی کہ پہلا ساکن نون خفیفہ کا ہو جیسا کہ لَا تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ اصل میں لَا تُهِيْنَنْ اَلْفَقِيْرَ تھا۔ ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا۔ نون خفیفہ اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ نون خفیفہ کو حذف کر دیا لَا تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ ہو گیا۔ وہ تین مقام جن میں صرف پہلے ساکن کو ہی حذف نہیں کیا جاتا وہ یہ ہیں۔

نمبر ۱۔ اجوف سے باب افعال کی مصدر نمبر ۲۔ اجوف سے باب استفعال کی مصدر نمبر ۳۔ اجوف سے اسم مفعول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ ان تینوں میں اختلاف ہے۔ بعض پہلے کو حذف کرتے ہیں اور بعض دوسرے کو حذف کرتے ہیں۔ جیسا کہ اِقَامَۃٌ ، اِستِقَامَۃٌ ، مَقُوْلٌ اصل میں اِقْوَامٌ ، اِستِقْوَامٌ ، مَقْوُوْلٌ تھے۔ پہلے دونوں میں واؤ کا فتحہ نقل کر کے ما قبل کو دے کر واؤ کو الف کے ساتھ بدل دیا۔ اب دو الف کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ بعض پہلے کو حذف کرتے ہیں اور بعض دوسرے کو حذف کرتے ہیں۔ ایک کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء لے آئے۔ اِقَامَۃٌ ، اِستِقَامَۃٌ ہو گیا۔ اور تیسرے میں واؤ کا ضمہ نقل کر کے ما قبل کو دے دیا۔ اب دو واؤ کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ بعض پہلی کو حذف کرتے ہیں اور بعض دوسری کو۔ ایک کو حذف کر دیا مَقُوْلٌ ہو گیا۔

اور اگر پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ نہ ہوا تو اس ساکن کو کسرہ کی حرکت دے دی جائے گی جو کلمہ کے آخر میں ہو۔ جیسا کہ لَوِ اسْتَطَعْنَا ، لَمْ یَحْمَرِّ اصل میں لَوْ اِسْتَطَعْنَا ، لَمْ یَحْمَرِرْ تھا۔ پہلی مثال میں ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا واؤ اور سین کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ پہلا ساکن کلمہ کے آخر میں تھا اسکو کسرہ کی حرکت دے دی لَوِاسْتَطَعْنَا ہو گیا۔ اور دوسری مثال میں دو را جمع ہو گئیں۔ پہلی را کو دوسری میں ادغام کرنے کیلئے ساکن کیا تو دو را کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ ثانی را کلمہ کے آخر میں تھی اس کو حرکت دے دیں گے اب اگر حرکت فتحہ کی دے کر ادغام کیا تو لَمْ یَحْمَرَّ پڑھیں گے اور اگر حرکت کسرہ کی دے کر ادغام کیا تو لَمْ یَحْمَرِّ پڑھیں گے۔ اور اگر پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ کا بھی نہ ہو اور کوئی ایک ساکن کلمہ کے آخر میں بھی نہ ہو تو پہلے ساکن کو حرکت کسرہ کی دی جائے گی جیسا کہ اَمَّنْ لاَّ یَھِدِّیْ اور یَخِصِّمُوْنَ۔ اصل میں اَمَّنْ لاَّ یَھْتَدِیْ اور یَخْتَصِمُوْنَ تھے۔ دال اور صاد واقع ہوئے باب افتعال کے عین کلمے کے مقابلے میں تائے افتعال کو دال اور صاد کے ساتھ بدلا کر دوسرے دال اور صاد میں ادغام کر دیا۔ پہلی مثال میں دال مدغم اور ھا کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ اور دوسری مثال میں خا اور صاد مدغمہ میں۔ پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ کا نہیں اور کوئی ایک ساکن کلمہ کے آخر میں بھی نہیں اس لئے پہلے کو حرکت کسرہ کی دے دی اَمَّنْ لاَّ یَھِدِّیْ اور یَخِصِّمُوْنَ ہو گیا۔ ساکن کو حرکت دینے میں کسرہ اصل ہے جیسا کہ ان پہلی مثالوں میں دیا ہے اور کسرہ کے علاوہ دوسری حرکت کسی عارضہ کی وجہ سے دی جائے گی۔ مثال فتحہ کی جیسا کہ الٓمّٓ اللّٰہُ اس جگہ میم اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آگیا میم کو خفت کی بناء پر فتحہ دے دیا اگر کسرہ دیتے تو اللہ کے لام کو پر کر کے پڑھنا جو مطلوب تھا وہ فوت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو جاتا۔ مثال ضمہ کی جیسا کہ لِتَدْعَوُنَّ اصل میں لِتَدْعَوُنَّ تھا۔ واؤ اور نون مدغم کے درمیان التقائے ساکنین آگیا۔ جمع مذکر میں نون تاکید کا ماقبل مضموم ہوتا تھا اس لئے واؤ کو ضمہ دے دیا لِتَدْعُوُنَّ ہو گیا۔

قانون نمبر ۱۹

قانون کا نام :۔ قُلْنَ ،طُلْنَ والا قانون۔

قانون کا حکم۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ مضموم ہو یا مفتوح، صیغہ ہو ماضی معلوم کا، شش اقسام میں ثلاثی مجرد ہو، ہفت اقسام میں اجوف ہو پھر وہ واؤ الف کیساتھ بدل کر گر جائے تو فا کلمے کو حرکت ضمہ کی دینی واجب ہے۔ تاکہ یہ ضمہ واؤ کی حذفیت پر دلالت کرے۔ جیسا کہ قُلْنَ ،طُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ ، طَوُلْنَ تھا پہلی مثال میں واؤ مفتوح ہے اور دوسری میں واؤ مضموم ہے اس کو الف کے ساتھ بدلا کر التقائے ساکنین کیوجہ سے جب حذف کیا تو فا کلمہ کو وجوباً ضمہ دیدیا تو قُلْنَ ،طُلْنَ ہو گیا۔

قانون نمبر ۲۰

قانون کا نام :۔ خِفْنَ ،بِعْنَ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ مکسور ہو اور یا عام ہے خواہ مفتوح ہو یا مکسور ہو یا مضموم، صیغہ ہو ماضی معلوم کا، شش اقسام میں ثلاثی مجرد ہو، ہفت اقسام میں اجوف ہو پھر وہ واؤ اور یا الف سے بدل کر گر جائے تو فا کلمہ کو حرکت کسرہ کی دینی واجب ہے۔ یا کی صورت میں کسرہ اس لئے دیں گے تاکہ یہ کسرہ یا کی حذفیت پر دلالت کرے۔ اور واؤ کی صورت میں کسرہ اس لئے دیں گے تاکہ یہ کسرہ بِنْیَت (اصلیت) باب پر دلالت کرے کہ یہ باب اصل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں ماضی مکسور العین کا ہے۔ مثال واؤ مکسور کی جیسا کہ خِفْنَ اصل میں خَوِفْنَ تھا۔ واؤ کو الف کے ساتھ بدلا کر بوجہ التقائے ساکنین جب حذف کیا تو فا کلمہ کو وجوباً کسرہ دے دیا۔ خِفْنَ ہو گیا۔ مثال یا کی جیسا کہ بِعْنَ، هِبْنَ، هِئْنَ۔ اصل میں بَيَعْنَ، هَيِبْنَ، هَيِئْنَ تھا۔ یا کو الف کے ساتھ بدلا کر بوجہ التقائے ساکنین کے جب حذف کیا تو فا کلمہ کو وجوباً کسرہ دے دیا۔ بِعْنَ، هِبْنَ، هِئْنَ ہو گیا۔

قانون نمبر ۲۱

قانون کا نام :۔ قِيْلَ، بِيْعَ والا قانون

قانون کا حکم :۔ اس قانون کا حکم قریب الوجوب ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ اور یا مکسور ہو، ما قبل مضموم ہو، صیغہ ہو ماضی مجہول کا، شش اقسام میں ثلاثی مجرد ہو یا مزید (مزید سے مراد دو باب ہیں باب افتعال، باب انفعال) ہفت اقسام میں اجوف ہو اور اس کے ماضی معلوم میں تعلیل بھی ہوئی ہو تو اس میں ماسوا اصل کے تین وجہیں پڑھنی جائز ہیں۔ کسرہ کو گرانا، کسرہ کو نقل کر کے ما قبل کو دینا اور اشمام کرنا۔ (**اشمام کی تعریف**۔ مائل کرنا کسرہ کو ضمہ کی طرف اور یا ساکن کو واؤ کی طرف۔)

مثال ماضی مجہول ثلاثی مجرد کی جیسا کہ قُوِلَ بُيِعَ۔ اور مثال ماضی مجہول ثلاثی مزید کی جیسا کہ اُنْقُوِدَ، اُخْتُيِرَ۔ ان کی ماضی معلوم میں اعلال ہوا ہے۔ اس لئے ان میں ماسوا اصل کے تینوں وجہیں پڑھنا جائز ہیں۔ اگر کسرہ حذف کیا تو بُيْعَ اور اُخْتُيْرَ (یعنی اجوف یائی کی ماضی مجہول) ہو گیا پھر ان کی یا کو واؤ کے ساتھ بدلا دیا تو قُوْلَ، بُوْعَ، اُنْقُوْدَ، اُخْتُوْرَ ہو گئے۔ اگر کسرہ نقل کر کے ما قبل کو دیا تو قِوْلَ، اُنْقِوْدَ (یعنی اجوف واوی کی ماضی مجہول) ہو گیا پھر ان کی واؤ کو یا کے ساتھ بدلا دیا تو قِيْلَ، بِيْعَ، اِنْقِيْدَ، اِخْتِيْرَ ہو گئے اور تیسری وجہ اشمام بھی ان میں جائز ہے جو ان دونوں حالتوں کے درمیان واقع ہے۔ اگر ماضی معلوم میں اعلال نہ ہوا ہو تو وہاں یہ وجہیں جائز نہ ہونگی۔ مثال اس کی جیسا کہ عُوِرَ، صُيِدَ۔ ان میں واؤ اور یا مکسور ضمہ کے بعد واقع ہوئی ہے لیکن یہ وجہیں یہاں جائز نہیں کیونکہ ان کی ماضی معلوم میں جو کہ عَوِرَ، صَيِدَ ہے اعلال نہیں ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ :۔ اجوف واوی کی ماضی مجہول میں جب واؤ کے کسرہ کو نقل کریں گے تو واؤ ساکن مظہر ما قبل مکسور ہو جائے گی لہذا میعادٌ والے قانون کے ساتھ واؤ کو یاء سے بدل دینگے جسے قُوِلَ، اُقْتُوِلَ، اُنْقُوِلَ، میں قِيْلَ ،اُقْتِيْلَ ، اُنْقِيْلَ پڑھیں گے اور اجوف یائی کی ماضی مجہول میں جب یاء کا کسرہ گرائیں گے تو یا ساکن مظہر ما قبل مضموم ہو جائے گی لہذا یُوْسِرُ والے قانون کے تحت یاء کو واؤ سے بدل دینگے جیسے بُيِعَ ، اُبْتُيِعَ ، اُنْبُيِعَ میں بُوْعَ ،اُبْتُوْعَ ،اُنْبُوْعَ پڑھیں گے۔

قانون نمبر ۲۲

قانون کا نام :۔ يَقُوْلُ تَقُوْلُ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ اور یا متحرک ہو ما قبل حرف صحیح ساکن ہو اور یہ واؤ اور یا اصل میں سلامت نہ رہی ہو (اصل سے مراد ماضی معلوم کا پہلا صیغہ ہے)۔ فعل یا شبہ بالفعل کے عین کلمے کے مقابلہ میں ہو (شبہ بالفعل سے مراد تین چیزیں ہیں ا۔ مصدر ۲۔ مشتق من المصدر ۳۔ اسم جامد (جو فعل کا ہم وزن ہو وزن صوری یا وزن عروضی کے ساتھ) تو اس واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دینی واجب ہے۔ حرکت نقل کرنے کے بعد دیکھیں گے (حرکت نقل کرنے سے پہلے) اگر واؤ مضموم تھی تو اسکو بر حال چھوڑ دیں گے۔ جیسے يَقُوْلُ اصل میں يَقْوُلُ تھا۔ اور اگر مفتوح تھی تو اس کو الف کے ساتھ بدلا دیں گے جیسے يُقَالُ اصل میں يُقْوَلُ تھا۔ اور اگر مکسور تھی تو اس کو یا کے ساتھ بدل دیں گے۔ جیسے يُقِيْلُ اصل میں يُقْوِلُ تھا۔ اسی طرح اگر یا مکسور تھی (حرکت نقل کرنے سے پہلے) تو اس کو بر حال چھوڑ دیں گے جیسے يَبِيْعُ اصل میں يَبْيِعُ تھا۔ اور اگر مفتوح تھی تو اس کو الف کے ساتھ بدل دیں گے جیسے يُبَاعُ اصل میں يُبْيَعُ تھا اور اگر مضموم تھی تو اس کو واؤ کے ساتھ بدل دیں گے جیسے يَغُوْطُ اصل میں يَغْيُطُ تھا۔ مثال واؤ اور یا مکسور، مضموم کی جو شبہ بالفعل میں واقع ہو جیسا کہ مَبِيْعٌ ، مُقِيْلٌ ، مَعُوْنٌ ۔ اصل میں مَبْيِعٌ ، مُقْوِلٌ، مَعْوُنٌ تھا۔ پہلی مثال مصدر کی دوسری اسم فاعل کی باب افعال سے اور تیسری اسم جامد کی جو ہم وزن تَنْصُرُ کا ہے۔ واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ما قبل کو دے دی۔مُقْوِلٌ میں واؤ ساکن مظہر ما قبل مکسور اس کو یا کے ساتھ بدل دیا مَبِیْعٌ مُقِیْلٌ مَعُوْنٌ ہو گیا۔ مَعُوْنٌ بروزن مَقُوْلٌ بمعنی مَعُوْنَۃٌ یعنی اِعَانت یا مَعُوْنَت کی جمع ہے۔

بشرطیکہ

نمبر ۱۔ وہ واؤ اور یا ملحق کے عین کلمے کے مقابلے میں نہ ہو جیسا کہ اِجْوَنْدَدَ ، اِبْیَنْعَعَ۔یہ ملحق ہیں اِحْرَنْجَمَ کے ساتھ۔اس واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو نہ دیں گے۔

نمبر ۲۔ ناقص کے عین کلمے کے مقابلے میں نہ ہو جیسا کہ یَقْوٰی یَحْیٰی اس واؤ اور یا کی حرکت بھی ما قبل کو نہ دیں گے۔اس جگہ ناقص سے مراد لفیف مقرون ہے۔

نمبر ۳۔اس کلمہ کے اندر رنگ اور عیب والا معنی نہ پایا جائے۔جیسا کہ اِسْوَدَّ ،اِبْیَضَّ،اِعْوَرَّ ، اِصْیَدَّ ۔ پہلی دو لون کی مثالیں ہیں اور پچھلی دو عیب کی مثالیں ہیں۔اس واؤ اور یا کی حرکت بھی ما قبل کو نہ دیں گے۔

نمبر ۴۔اسم آلہ کا صیغہ نہ ہو جیسا کہ مِقْوَلٌ ، مِبْیَعٌ۔اس واؤ اور یا کی حرکت بھی ما قبل کو نہ دیں گے۔

نمبر ۵۔اسم تفضیل کا صیغہ نہ ہو جیسا کہ اَقْوَلُ ، اَبْیَعُ ۔اس واؤ اور یا کی حرکت بھی ما قبل کو نہ دیں گے۔

نمبر ۶۔ فعل تعجب کا صیغہ نہ ہو جیسا کہ مَا اَقْوَلَہ' و اَقْوِلْ بِہٖ ، مَا اَبْیَعَہ' و اَبْیِعْ بِہٖ ۔اس واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو نہ دیں گے۔

نمبر ۷۔ تعلیل کرنے کی وجہ سے اس کلمے کا التباس کسی مشہور کلمے کے ساتھ نہ آتا ہو جیسا کہ تَصْوِیْرٌ تَمْیِیْزٌ تَقْوَالٌ تَسْیَارٌ۔اس واؤ اور یا کی حرکت بھی نقل کر کے ما قبل کو نہ دیں گے۔کیونکہ تعلیل کرنے سے یہ سب کلمے ملتبس تَبِیْعٌ تَخَافُ کے ساتھ ہوتے ہیں اور اگر تعلیل کرنے سے وہ کلمہ ملتبس فعل غیر مشہور کے ساتھ ہو تو تعلیل کریں گے جیسا کہ تِبَاعٌ اصل میں تِبْیَعٌ تھا (بَیْعٌ سے اجوف یائی ہے ضَرَبَ یَضْرِبُ سے)یا کا فتحہ ما قبل کو دے کر اس کو الف کے ساتھ بدلا دیا تو تِبَاعٌ ہو گیا۔یہ اگرچہ ملتبس ہے تِخَالُ مضارع معلوم کے ساتھ اصل میں تِخْیَلُ تھا۔(خَیْلٌ سے اجوف یائی ہے عَلِمَ یَعْلَمُ سے)لیکن یہ وزن فعل کا غیر مشہور ہے کیونکہ غیر اہل حجاز حروف اَتَیْنَ کو سوایا کے حرکت کسرہ کی دے کر جوازاً اس طرح پڑھتے ہیں اور اجوف یائی کے اسم مفعول میں یا کے ضمہ منقولی کو کسرہ کے ساتھ بدلانا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واجب ہے مثال اسکی جیسا کہ مبِیعٌ اصل میں مَبْیُوعٌ تھا یا پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دے دیا پھر ضمہ منقولی کو کسرہ کے ساتھ بدل دیا یا کی مناسبت کی وجہ سے مَبِیُوعٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آ گیا یا اور واؤ کے درمیان بعضے صرفیاں یارا حذف کردند لاَنَّ الْوَاوَ عَلاَمَةٌ وَالْعَلاَمَةُ لاَ تُحْذَفُ مَبِوْعٌ شد پس واؤ ساکن مظہر ماقبلش مکسور آں واؤ را بیا بدل کردند مَبِیْعٌ شد بروزن مَفِیْل وبعضے صرفیاں واؤ را حذف کردند لاَنَّها زائدةٌ والزائد اَحَقُّ بالحذف مَبِیْعٌ شد بروزن مَفِعْلٌ۔ اور اجوف یائی میں تصحیح بہت آئی ہے یعنی یا کو بر حال رکھنا اور ضمہ ماقبل کی طرف نقل نہ کرنا جیسا کہ مَبْیُوْعٌ مَطْیُوْبٌ مَعْیُوْبٌ مَخْیُوْطٌ مَدْیُوْنٌ وغیرہ اور واوی میں تصحیح کم آئی ہے جیسا کہ مَصْوُوْغٌ مَصْوُوْنٌ۔ لیکن مَقْوَدَةٌ مَصْیَدَةٌ مَشْوَرَةٌ مَدْیَنٌ وغیرہ کی تصحیح باوجود علت تعلیل کے شاذ ہے۔

قانون نمبر ۲۳

قانون کا نام:۔ دُعِیَ والا قانون۔

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ ہو لام کلمے کے مقابلہ میں ہو، ماقبل اس کا مکسور ہو تو اس کو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے جیسا کہ دُعِیَ، دَاعِیَةٌ اصل میں دُعِوَ، دَاعِوَةٌ تھا۔ یہ واؤ لام کلمے کے مقابلہ میں واقع ہوئی ہے اور ماقبل اس کا مکسور ہے اس لئے اس کو یا کے ساتھ وجوباً بدلا دیا۔ دُعِیَ، دَاعِیَةٌ ہو گیا۔

قانون نمبر ۲۴

قانون کا نام:۔ یَدْعُوْ، تَدْعُوْ والا قانون۔

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

تمہید:۔ اس قانون کو سمجھنے سے پہلے یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ اس قانون کی آٹھ صورتیں ہیں۔ دو صورتوں میں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

واؤ اور یا کی حرکت کو نقل کریں گے اور باقی چھ صورتوں میں حرکت کو حذف کریں گے۔ لہذا نقل والی دو صورتوں کو ذہن نشین کر لیا جائے ان کے علاوہ جتنی بھی صورتیں ہیں ان میں واؤ اور یا کی حرکت کو حذف کریں گے۔

قانون کا مطلب: ۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دو صورتوں میں واؤ اور یا کی حرکت نقل کریں گے۔

صورت نمبر ۱: ۔ واؤ اور یا مضموم ہو، ماقبل مکسور ہو اور مابعد واؤ مدہ ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دینا واجب ہے جیسا کہ دَاعُوْنَ ، رَامُوْنَ اصل میں دَاعِوُوْنَ ، رَامِیُوْنَ تھا۔ واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی پھر دوسری مثال میں یا ساکن مظہر ماقبل مضموم ہے اس کو واؤ کے ساتھ بدلا دیا (یُوسِرُ والے قانون کے تحت) دَاعُوْوْنَ ، رَامُوْوْنَ ہو گیا۔ پھر بوجہ التقائے ساکنین پہلی واؤ کو حذف کر دیا دَاعُوْنَ ، رَامُوْنَ ہو گیا۔ اور اس صورت کا خلاصہ عِوُوْ، مِیُوْ والی شکل ہے۔ اور یہ شکل ناقص اور لفیف کی اُس گردان کے جمع مذکر کے صیغے میں پائی جائے گی جس کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو۔ خواہ وہ یا اصلی ہو جیسے خَشِیَ سے جمع مذکر خَشُوْا اصل میں خَشِیُوْ تھا۔ یا بدل کر آئی ہو جیسے رَضِیَ سے جمع مذکر رَضِوُوْ۔ یا محذوف ہو جیسے دَاعٍ ، رَامٍ سے جمع مذکر دَاعُوْنَ ، رَامُوْنَ اصل میں دَاعِوُوْنَ ، رَامِیُوْنَ تھے۔

صورت نمبر ۲: ۔ واؤ اور یا مکسور ہو ماقبل مضموم ہو اور مابعد یا مدہ ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دینا واجب ہے مثال اس کی جیسا کہ تَدْعِیْنَ ، تَنْہِیْنَ اصل میں تَدْعُوِیْنَ ، تَنْہُیِیْنَ تھا۔ واؤ اور یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی پہلی مثال میں واؤ ساکن مظہر ماقبل مکسور ہے اس واؤ کو یا کے ساتھ بدل دیا تو تَدْعِیِیْنَ ، تَنْہِیِیْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آ گیا۔ پہلی یا کو حذف کر دیا۔ تو تَدْعِیْنَ ، تَنْہِیْنَ ہو گیا۔ اور اس صورت کا خلاصہ عُوِیْ ، ھُیِیْ والی شکل ہے۔ اور یہ شکل ناقص اور لفیف کی اُس گردان کے واحد مؤنث حاضر کے صیغے میں پائی جائے گی جس کے پہلے صیغے کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم ہو۔ خواہ وہ واؤ اصلی ہو جیسے یَدْعُوْ سے واحد مؤنث حاضر کا صیغہ تَدْعِیْنَ اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔ یا بدل کر آئی ہو جیسے یَنْھُوْ سے واحد مؤنث حاضر کا صیغہ تَنْہِیْنَ اصل میں تَنْہُیِیْنَ۔ یا محذوف ہو جیسے لَمْ یَدْعُ ، لَمْ یَنْہُ سے واحد مؤنث حاضر کا صیغہ لَمْ تَدْعِیْ ، لَمْ تَنْہِیْ اصل میں لَمْ تَدْعُوِیْ ، لَمْ تَنْہُیِیْ تھے۔

ان کے علاوہ چھ صورتوں میں حرکت کو حذف کریں گے۔

صورت نمبر ۱: ۔ واؤ اور یا مضموم ہو ماقبل مکسور ہو لیکن مابعد واؤ مدہ نہ ہو جیسا کہ یَرْمِیْ ، تَرْمِیْ ، اَرْمِیْ ، نَرْمِیْ اصل میں یَرْمِیُ ، تَرْمِیُ ، اَرْمِیُ ، نَرْمِیُ تھا۔ یا کے ضمہ کو حذف کیا تو یَرْمِیْ ، تَرْمِیْ ، اَرْمِیْ ، نَرْمِیْ ہو گیا۔

صورت نمبر ۲: ۔ واؤ اور یا مضموم ہو مابعد واؤ مدہ ہو لیکن ماقبل مکسور نہ ہو جیسا کہ یَدْعُوْنَ ، تَدْعُوْنَ اصل میں یَدْعُوُوْنَ ، تَدْعُوُوْنَ تھا۔ واؤ کا ضمہ حذف کر دیا پھر پہلی واؤ کو بوجہ التقائے ساکنین گرا دیا یَدْعُوْنَ ، تَدْعُوْنَ ہو گیا۔

صورت نمبر ۳: ۔ واؤ اور یا مضموم ہو لیکن نہ ماقبل مکسور ہو نہ مابعد واؤ مدہ ہو جیسا کہ یَدْعُوْ ، تَدْعُوْ ، اَدْعُوْ ، نَدْعُوْ اصل میں یَدْعُوُ ، تَدْعُوُ ، اَدْعُوُ ، نَدْعُوُ تھا۔ واؤ کا ضمہ حذف کر دیا تو یَدْعُوْ ، تَدْعُوْ ، اَدْعُوْ ، نَدْعُوْ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صورت نمبر ۴ :۔ واؤ اور یا مکسور ہو ما قبل مضموم ہو لیکن مابعد یا مدہ نہ ہو جیسا کہ بِتَرَامٍ اصل میں بِتَرَامُيٍ تھا۔ یا کے کسرہ کو حذف کر دیا۔ پھر یا مشدد مخفف والے قانون کے تحت ما قبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا بِتَرَامِيْنٍ ہو گیا۔ پھر بوجہ التقائے ساکنین کے یا کو حذف کر دیا۔ بِتَرَامٍ ہو گیا۔

صورت نمبر ۵ :۔ واؤ اور یا مکسور ہو مابعد یا مدہ ہو لیکن ما قبل مضموم نہ ہو جیسا کہ تَرْمِيْنَ ، تَجْثِيْنَ اصل میں تَرْمِيِيْنَ ، تَجْثِوِيْنَ تھا۔ واؤ اور یا کا کسرہ حذف کر دیا۔ دوسری مثال میں واؤ ساکن مظہر ما قبل مکسور ہونے کی وجہ سے واؤ کو یا کے ساتھ بدلا دیا تو تَرْمِيْيْنَ تَجْثِيْيْنَ ہو گیا پھر بوجہ التقائے ساکنین پہلی یا کو حذف کر دیا تَرْمِيْنَ تَجْثِيْنَ ہو گیا۔

صورت نمبر ۶ :۔ واؤ اور یا مکسور ہو لیکن نہ ما قبل مضموم ہو نہ مابعد یا مدہ ہو جیسا کہ بِدَاعٍ ، بِرَامٍ اصل میں بِدَاعِوٍ بِرَامِيٍ تھا۔ واؤ اور یا کا کسرہ حذف کر کے پہلی مثال میں واؤ کو یا کے ساتھ بدلا دیا۔ بِدَاعِيْنٍ، بِرَامِيْنٍ ہو گیا۔ پھر بوجہ التقائے ساکنین یا کو حذف کر دیا۔ بِدَاعٍ ، بِرَامٍ ہو گیا۔

لیکن پہلی دو صورتوں کے اندر واؤ اور یا کی حرکت کو نقل کرنا اور باقی میں گرا دینا ایک شرط کیساتھ مشروط ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ واؤ اور یا ہمزہ سے بدل کسی جوازی قانون کے تحت نہ ہو جیسا کہ قَارِئٌ ، مُسْتَهْزِئٌ، بِقَارِئٍ، بِمُسْتَهْزِئٍ ،بِقَارِيِيْنَ، بِمُسْتَهْزِيِيْنَ، قَارِيُوْنَ، مُسْتَهْزِيُوْنَ ۔اصل میں قَارِئٌ، مُسْتَهْزِئٌ، بِقَارِئٍ، بِمُسْتَهْزِئٍ، بِقَارِئِيْنَ، بِمُسْتَهْزِئِيْنَ ،قَارِئُوْنَ ، مُسْتَهْزِئُوْنَ تھا۔ اب قَارِيُوْنَ، مُسْتَهْزِيُوْنَ میں یا کی حرکت کو نقل نہیں کیا۔ اور قَارِيٌ، مُسْتَهْزِيٌ، بِقَارِيٍ، بِمُسْتَهْزِيٍ، بِقَارِيِيْنَ، بِمُسْتَهْزِيِيْنَ میں یا کہ حرکت کو نہیں گرایا۔ کیونکہ ان تمام مثالوں میں یا ہمزہ سے بدلی ہوئی ہے جوازی قانون کے ساتھ۔

اور اگر وہ واؤ اور یا ہمزہ سے بدل کسی وجوبی قانون کے ساتھ ہو تو پھر واؤ اور یا کی حرکت کو حذف یا نقل کر دیا جائے گا جیسا کہ جَاءٍ، جَائُوْنَ اصل میں جَايِئٌ، جَايِئُوْنَ تھا۔ یا واقع ہوئی الف فاعل کے بعد لہذا اس کو ہمزہ کے ساتھ بدلا دیا۔ جَاءِءٌ، جَائِئُوْنَ ہو گیا۔ دو ہمزے ایک کلمے میں جمع ہو گئے ایک ان میں سے مکسور ہے ثانی کو یا کے ساتھ وجوباً بدلا دیا ۔جَائِيٌ ، جَائِيُوْنَ ہو گیا۔ پہلی مثال میں یا کا ضمہ حذف کر دیا جَائِيْنٌ ہو گیا۔ پھر بوجہ التقائے ساکنین یا کو حذف کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دیا جاءٍ ہو گیا۔ دوسری مثال میں یا کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا پھر یا ساکن ماقبل اسکے مضموم ہونے کی وجہ سے یا کو واؤ کے ساتھ بدلا دیا۔ جَاءُ وُوْنَ ہو گیا۔ پھر بوجہ التقائے ساکنین پہلی واؤ کو حذف کر دیا جَاءُوْنَ ہو گیا۔

قانون نمبر ۲۵

قانون کا نام :۔ یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو واؤ اصل میں تیسری جگہ ہو (اصل سے مراد ماضی معلوم کا پہلا صیغہ ہے یا مصدر سہ حرفی) پھر تیسری جگہ سے بلند ہو کر چوتھی یا پانچویں یا چھٹی یا ساتویں جگہ چلی جائے اور ماقبل کی حرکت اس کے مخالف یعنی فتحہ ہو تو اس واؤ کو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔

مثال چوتھی جگہ کی جیسے یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ۔ اصل میں یُدْعَوَانِ، تُدْعَوَانِ تھا۔ واوَ تیسری جگہ تھی اب چوتھی جگہ آگئی ہے اس کو یا کے ساتھ بدل دیا یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ ہو گیا۔

مثال پانچویں جگہ کی جیسے مُدَّعَیَانَ، مُدَّعَیَیْنِ، مُدَّعَیَاتٌ۔ اصل میں مُدَّعَوَانِ، مُدَّعَوَیْنِ، مُدَّعَوَاتٌ تھا۔ واوَ کو یا کے ساتھ بدل دیا مُدَّعَیَانَ، مُدَّعَیَیْنِ، مُدَّعَیَاتٌ ہو گیا۔ مثال چھٹی جگہ کی جیسے مُسْتَدْعَیَانِ، مُسْتَدْعَیَیْنِ، مُسْتَدْعَیَاتٌ۔ اصل میں مُسْتَدْعَوَانِ (ثج) تھا۔ واؤ کو یا سے بدل دیا مُسْتَدْعَیَانِ (اغ) ہو گیا۔ مثال ساتویں جگہ کی جیسے اِسْتِدْعَاءًا اصل میں اِسْتِدْعَاوًا تھا۔ اس میں اختلاف ہے۔ بعض دُعَاءٌ والے قانون کے ساتھ اس واؤ کو ہمزہ کے ساتھ بدلا دیتے ہیں کیونکہ ماقبل اس کا متحرک ہی نہیں بلکہ الف ساکن ہے۔ اور بعض اس قانون کی بناء پر واؤ کو یا سے بدلتے ہیں پھر دعاءٌ والے قانون کیساتھ یا کو ہمزہ سے بدلا کر اِسْتِدْعَاءً پڑھتے ہیں۔

قانون نمبر ۲۶

قانون کا نام :۔ نَھُوَ والا قانون۔

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو یا کسی فعل کے لام کلمہ کے مقابلہ میں واقع ہو ماقبل اس کا مضموم ہو تو اس یا کو واؤ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ نَهُوَ ، نَهُوْتَ۔ اصل میں نَهُيَ ، نَهُيْتَ تھا۔ یہ یا فعل کے لام کلمہ کے مقابلہ میں واقع ہوئی ہے ماقبل اس کا مضموم ہے لہٰذا اس یا کو واؤ کے ساتھ بدل دیا۔ نَهُوَ ، نَهُوْتَ ہو گیا۔

قانون نمبر ۲۷

قانون کا نام :۔ اٰمَنَ ، اُوْمِنَ اِيْمَانًا والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہمزہ ہو، ساکن ہو، مظہر ہو ماقبل دوسرا ہمزہ متحرک اسی کلمے میں ہو تو اس ہمزہ ساکن مظہر کو ماقبل ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف علت کے بدلنا واجب ہے۔ یعنی اگر ماقبل ہمزہ مضموم ہو تو واؤ کے ساتھ اور اگر مفتوح ہو تو الف کے ساتھ اور اگر مکسور ہو تو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ بشرطیکہ اس ہمزہ ساکن کو حرکت دینے کا کوئی سبب موجود نہ ہو۔ مثال اس کی جیسا کہ اٰمَنَ ، اُوْمِنَ ، اِيْمَانًا اصل میں أَءْمَنَ ، أُءْمِنَ، اِئْمَانًا تھا۔ ہمزہ ساکن کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت کے ساتھ وجوباً بدل دیا اٰمَنَ ، اُوْمِنَ ، اِيْمَانًا ہو گیا۔ مثال اس ہمزہ ساکن مظہر کی کہ اس کو حرکت دینے کا سبب موجود ہو جیسا کہ أَءُمٌّ، أَءْ وُسٌ ۔ اصل میں أَءْمُمٌ ، أَءْ وُسٌ تھا۔ یہ ہمزہ ساکن مظہر ہے۔ ماقبل اس کے دوسرا ہمزہ متحرک اسی کلمہ میں ہے لیکن ابدال نہیں کیا کیونکہ اس کو حرکت دینے کا سبب موجود ہے۔ پہلی مثال میں میم کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کو دے کر میم کا میم میں ادغام کر دیا أَءُمٌّ ہو گیا۔ دوسری مثال میں واؤ کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کو دے دی أَءُ وْسٌ ہو گیا۔ پہلی مثال میں ادغام اور دوسری مثال میں اعلال کو ابدال پر ترجیح ہوئی۔ لیکن كُلْ، خُذْ وجوباً اور مُرْ جوازاً شاذ ہیں۔ كُلْ ، خُذْ، مُرْ اصل میں أُءْكُلْ، أُءْخُذْ ، أُءْمُرْ تھے۔ قانون چاہتا تھا کہ ان میں دوسرے ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر اُوْكُلْ ، اُوْخُذْ ، اُوْمُرْ پڑھتے لیکن دوسرے ہمزہ کو بسبب کثرت استعمال کے تخفیف کے لئے خلاف القیاس حذف کر دیا۔ اور پہلا ہمزہ بوجہ استغناء (مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے) کے گر گیا۔ البتہ مُرْ میں دوسرے ہمزہ کو درج کلام ، میں باقی رکھنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فصیح ہے جیسا کہ قول باری تعالیٰ وَأْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ۔ اور ابتداء کلام میں دونوں کا حذف فصیح ہے۔ جیسا کہ قول نبی ﷺ مُرُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالصَّلٰوةِ (الحدیث)۔

قانون نمبر ۲۸

قانون کا نام :۔ دو حرف متجانسین والا قانون۔ (یہ قانون چار شقوں پر مشتمل ہے)

شق نمبر ۱ :۔

شق کا حکم :۔ کچھ جوازی کچھ منعی (ادغام کرنا منع ہو)

مطلب :۔ مطلب اس شق کا یہ ہے کہ دو حرف متجانسین اگر ثلاثی مجرد یا رباعی مجرد اور مزید کے شروع میں واقع ہوں تو ادغام کرنا منع ہے۔ مثال ثلاثی مجرد کی جیسا کہ دَدَنٌ، بَبَرٌ۔ مثال رباعی مجرد کی جیسا کہ تَتَرْجَمُ، مثال رباعی مزید کی جیسا کہ تَتَدَحْرَجَ۔ ان سب میں ادغام کرنا منع ہے۔ اور اگر ثلاثی مزید کے شروع میں واقع ہوں تو سوائے مضارع کے ادغام کرنا جائز ہے مطلقاً۔ مطلقاً کا مطلب یہ ہے کہ ادغام کے وقت ہمزہ وصلی کی ضرورت ہو یا نہ ہو۔ مثال اس کی کہ ہمزہ وصلی کی ضرورت ہو جیسا کہ تَتَرَّسَ ، تَتَارَكَ۔ یہ دو حرف متجانسین ثلاثی مزید کے شروع میں واقع ہوئے ہیں۔ ان میں ادغام جائز ہے۔ پہلی تا کی حرکت گرا کر دوسری میں ادغام کر دیا۔ ابتداء ساتھ سکون کے محال تھی یعنی شروع میں ساکن کو پڑھنا محال اور مشکل تھا لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے اِتَّرَّسَ ، اِتَّارَكَ ہو گیا۔ مثال اس کی کہ ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ ہو جیسا کہ فَتَتَرَّسَ ، فَتَتَارَكَ۔ یہ دو حرف متجانسین ثلاثی مزید کے شروع میں واقع ہوئے ہیں۔ ان میں ادغام کرنا جائز ہے۔ پہلی تا کی حرکت گرا کر دوسری میں ادغام کر دیا۔ فَتَّرَّسَ ، فَتَّارَكَ ہو گیا۔ یہاں پہلے فا موجود تھی اس لئے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اور اگر مضارع میں ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ ہو تو ادغام جائز ہے ورنہ منع ہے۔ مثال اس کی کہ ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ ہو جیسا کہ فَتَتَصَرَّفُ ، فَتَتَضَارَبُ ، قَالُوْا تَتَصَرَّفُ قَالُوْا تَتَضَارَبُ۔ یہ دو حرف متجانسین ثلاثی مزید کے مضارع کے شروع میں واقع ہوئے ہیں اور یہاں ادغام کے وقت ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں اس لئے ادغام جائز ہے پہلی تا کی حرکت کو گرا کر دوسری میں ادغام کر دیا۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پچھلی دو مثالوں میں واؤ کو بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا۔ فَتَّصَرَّفُ، فَتَّضَارَبُ، قَالُوا تَّصَرَّفُ ، قَالُوا تَّضَارَبُ ہو گیا۔ مثال اس کی کہ ہمزہ وصلی کی ضرورت ہو جیسا کہ تَتَصَرَّفُ ، تَتَضَارَبُ ۔ یہ دو حرف متجانسین ثلاثی مزید کے مضارع کے شروع میں واقع ہوئے ہیں لیکن ادغام منع ہے کیونکہ ادغام کے وقت ہمزہ وصلی کی ضرورت ہوتی ہے۔

شق نمبر ۲۔

شق کا حکم :۔ یہ شق مکمل وجوبی ہے۔

مطلب :۔ مطلب اس شق کا یہ ہے کہ اگر وہ متجانسین کلمے کے شروع میں نہ ہوئے اور پہلا ساکن ثانی متحرک ہوا تو ادغام کرنا واجب ہو گا پانچ شرائط کے پائے جانے کیساتھ۔ وہ شرطیں یہ ہیں۔

شرط نمبر ۱ :۔ وہ متجانسین دو ہمزے کلمہ غیر موضوع علی التضعیف میں نہ ہوں جیسا کہ قِرْءٌ یٌ اصل میں قِرْءٌ تھا۔ یہ دو حرف متجانسین کلمے کے شروع میں نہیں۔ پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ادغام منع ہے۔ کیونکہ یہ دو ہمزے کلمہ غیر موضوع علی التضعیف میں ہیں۔ (موضوع علی التضعیف کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ کے اندر تشدید باعتبار وضع واضع کے ہو یعنی واضع نے جب اس کلمہ کو بنایا ہو تو مشدد ہی بنایا ہو جیسے سَئَّلَ۔ غیر موضوع علی التضعیف کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ کی وضع بغیر تشدید کے ہوئی ہو جیسے قِرْءُءٌ۔) اگر دو ہمزے کلمہ موضوع علی التضعیف میں واقع ہوئے تو ادغام واجب ہو گا۔ جیسا کہ سَئَّلَ تَسَئَّلَ اصل میں سَئْئَلَ تَسَئْئَلَ تھا۔ یہ دو ہمزے کلمہ موضوع علی التضعیف میں واقع ہوئے ہیں اس لئے وجوباً ادغام کر دیا۔ سَئَّلَ تَسَئَّلَ ہو گیا۔

شرط نمبر ۲ :۔ پہلا متجانسین ھا وقف کی نہ ہو جیسا کہ اُغْزُهْ هِلاَلاً ۔ یہ دو حرف متجانسین کلمہ کی ابتداء میں نہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ادغام منع ہے کیونکہ پہلا متجانسین ھا وقف کی ہے۔ اگر پہلا متجانسین ھا وقف کی نہ ہوئی تو ادغام واجب ہو گا۔ جیسا کہ اِجْبَهَّارِباً اصل میں اِجْبَهْ هَارِباً تھا۔ یہ دو حرف متجانسین ہیں۔ پہلا ان میں ھا تو ہے لیکن وقف کی نہیں ہے۔ اس لئے وجوباً ادغام کر دیا اِجْبَهَّارِباً ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شرط نمبر ۳ :۔ پہلا متجانسین مدہ مُبدَلَہ (بدلا ہوا) جوازی قانون کے ساتھ نہ ہو۔ جیساکہ رِیْیَا اور یُوْوَا اصل میں رِئْیَا اور یُؤْوَا تھا۔ پہلی مثال میں ہمزہ کو یا کے ساتھ اور دوسری میں ہمزہ کو واؤ کے ساتھ جوازاً بدل دیا رِیْیَا اور یُوْوَا ہو گیا۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ادغام منع ہے کیونکہ پہلا متجانسین مدہ مُبدَلَہ جوازی قانون کے ساتھ ہے۔ اگر اس طرح نہ ہوا تو ادغام واجب ہو گا۔ نہ ہونے کی تین صورتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ اول متجانسین مدہ نہ ہوں جیساکہ اَوَّزَنُوْهُمْ اصل میں اَوْوَزَنُوْهُمْ تھا وجوباً ادغام کر دیا اَوَّزَنُوْهُمْ ہو گیا۔ دوسری یہ کہ اول متجانسین مدہ ہوں لیکن مُبدَلَہ نہ ہوں جیساکہ مَدْعُوٌّ اصل میں مَدْعُوْوٌ تھا وجوباً ادغام کر دیا مَدْعُوٌّ ہو گیا۔ تیسری یہ ہے کہ اول متجانسین مدہ مُبدَلَہ ہو لیکن بدل جوازی قانون کے ساتھ نہ ہو۔ بلکہ بدل وجوبی قانون کے ساتھ ہو جیساکہ اُوِّیٌ اصل میں اُءْوِیٌ تھا ثانی ہمزہ کو وجوباً واؤ کے ساتھ بدلا دیا اُوْوِیٌ ہو گیا۔ اس کے بعد پہلی واؤ کو دوسری میں وجوباً ادغام کر دیا اُوِّیٌ ہو گیا۔ یا مخفف اسم متمکن کے آخر میں واقع ہوئی ما قبل اس کا مضموم ہے ما قبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدل دیا اُوِّیٌ ہو گیا یا پر ضمہ ثقیل تھا۔ اس کو گرا دیا۔ اُوِّیْنٌ ہو گیا پھر یا کو بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا اُوٍّ ہو گیا۔

شرط نمبر ۴ :۔ پہلا متجانسین مدہ کلمہ کے آخر میں نہ ہو جیساکہ فِیْ یَوْمٍ اور قَالُوْا وَاللّٰهِ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ادغام منع ہے کیونکہ پہلا متجانسین مدہ کلمہ کے آخر میں ہے اور اگر اس طرح نہ ہوا تو ادغام واجب ہے۔ نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ کلمہ کے آخر میں ہو لیکن مدہ نہ ہو جیساکہ اَوَّزَنُوْهُمْ وَاذْكُرْرَّبَّكَ۔ اصل میں اَوْوَزَنُوْهُمْ وَاذْكُرْ رَبَّكَ تھا وجوباً ادغام کر دیا اَوَّزَنُوْهُمْ وَاذْكُرْرَّبَّكَ ہو گیا۔ دوسری یہ کہ مدہ ہو لیکن آخر کلمہ میں نہ ہو جیساکہ مَدْعُوٌّ اصل میں مَدْعُوْوٌ تھا۔ وجوباً ادغام کر دیا مَدْعُوٌّ ہو گیا۔

شرط نمبر ۵ :۔ ادغام ایک وزن قیاسی کا دوسرے وزن قیاسی کیساتھ التباس کا سبب نہ ہو یعنی ادغام کرنے کی وجہ سے ایک صیغے کا التباس دوسرے صیغے سے نہ آئے جیساکہ قُوْوِلَ اور تُقُوْوِلَ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں ہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ادغام منع ہے کیونکہ اگر ان میں ادغام کیا جائے تو قُوِّلَ اور تُقُوِّلَ کے ساتھ التباس آتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اگر کسی کلمہ میں یہ پانچوں شرطیں پائی گئیں تو اس میں ادغام کرنا واجب ہو گا۔ جیسا کہ مَدٌّ اصل میں مَدْدٌ تھا۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے دو ہمزے کلمہ غیر موضوع علی التضعیف میں بھی نہیں پہلا متجانسین ھاوقف کی بھی نہیں پہلا متجانسین مدہ مُبْدَلہ جوازی قانون کے ساتھ بھی نہیں پہلا متجانسین مدہ آخر کلمہ میں بھی نہیں اور ادغام سبب التباس کا بھی نہیں لہٰذا پہلے کا دوسرے میں وجوباً ادغام کر دیا مَدٌّ ہو گیا۔

شق نمبر ۳ :۔

شق کا حکم :۔ یہ شق اکثر وجوبی ہے۔

مطلب :۔ مطلب اس شق کا یہ ہے کہ اگر دو حرف متجانسین کے اول کلمہ میں نہ ہوں اور دونوں متحرک ہوں تو ادغام واجب ہو گا نو (۹) شرطوں کے پائے جانے کے ساتھ۔

شرط نمبر ۱ :۔ پہلا متجانسین مدغم فیہ نہ ہو جیسا کہ حَبَّبَ اور رَدَّدَ۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں لیکن ادغام منع ہے کیونکہ پہلا مدغم فیہ ہے۔

شرط نمبر ۲ :۔ کوئی متجانسین زائدہ الحاق کیلئے نہ ہو جیسا کہ جَلْبَبَ اور شَمْلَلَ۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں لیکن ادغام منع ہے۔ کیونکہ ثانی ان میں سے زائدہ الحاق کیلئے ہے۔

شرط نمبر ۳ :۔ پہلا متجانسین تائے افتعال کی نہ ہو جیسا کہ اِقْتَتَلَ۔ اس میں ادغام اور اظہار دونوں جائز ہیں۔

شرط نمبر ۴ :۔ وہ متجانسین دو واؤ باب افعلال میں نہ ہوں جیسا کہ اِحْوَوَیَ۔ اصل میں اِحْوَوَوَ تھا۔ اس میں اعلال اور ادغام دونوں جائز ہیں۔

شرط نمبر ۵ :۔ کوئی متجانسین مقتضی اعلال (اعلال کو چاہنے والا) کا نہ ہو۔ جیسا کہ قَوِیَ اصل میں قَوِوَ تھا۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں لیکن ادغام منع ہے کیونکہ ثانی مقتضی اعلال کا ہے۔ اور اعلال اور ادغام جب معارض (مقابل) ہو جائیں تو تخفیف کے زیادہ ہونے کی وجہ سے اعلال کو ترجیح ہوتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شرط نمبر ۶ :۔اہل حجاز کے نزدیک یہ ہے کہ حرکت ثانی متجانس کی عارضی نہ ہو جیسا کہ اُرْدُدِالْقَوْمَ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں لیکن اہل حجاز کے نزدیک ادغام منع ہے کیونکہ حرکت ثانی کی عارضی ہے۔اور بنی تمیم کے نزدیک یہاں ادغام کر کے رُدِّالْقَوْمَ پڑھنا جائز ہے۔

شرط نمبر ۷ :۔ متجانسین دو کلمہ میں نہ ہوں کیونکہ اگر دو کلمے ہوئے تو دیکھا جائے گا کہ اگر اول متجانسین کا ماقبل متحرک یالِیْن یامدّہ غیر مدغم ہو اتو ادغام جائز ہوگا ورنہ منع ہوگا۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل متحرک ہو جیسا کہ مَكَّنَنِيْ اور سَلَكَكُمْ۔اس میں ادغام کر کے مَكَّنِّيْ اور سَلَكُّمْ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل لِیْن ہو جیسا کہ ثَوْبُ بَكْرٍ۔اس مین ادغام کر کے ثَوْبَّكْرٍ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل مدّہ غیر مدغم ہو جیسا کہ اَلْمَالُ لِزَيْدٍ۔اس میں ادغام کر کے اَلْمَالُّزَيْدٍ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل متحرک نہ ہو جیسا کہ قَرْمُ مَالِكٍ یا مدّہ (لِیْن) مدغم ہو جیسا کہ عَدُوُّ وَلِيْدٍ اس میں ادغام کرنا منع ہے۔

شرط نمبر ۸ :۔ دو متجانسین دو یائیں نہ ہوں کیونکہ اگر ہوئیں تو دیکھا جائے گا کہ اگر ثانی یا کی حرکت تائے تانیث اور حرف تثنیہ کے ملنے کی وجہ سے ہو یا عامل ناصب کے داخل ہونے کی وجہ سے ہو تو ادغام منع ہوگا ورنہ جائز ہوگا۔ مثال اس کی کہ ثانی یا کی حرکت تائے تانیث کے ملنے کی وجہ سے ہو جیسا کہ مُحْيِيَةٌ۔ مثال اس کی کہ ثانی یا کی حرکت حرف تثنیہ کے ملنے کی وجہ سے ہو جیسا کہ مُحْيِيَانِ اور رُمَيِّيَانِ ۔ مثال اس کی کہ ثانی یا کی حرکت عامل ناصب کے داخل ہونے کی وجہ سے ہو جیسا کہ لَنْ يُّحْيِيَ ان سب میں ادغام کرنا منع ہے۔ مثال اس کی کہ ثانی یا کی حرکت ان تین مذکورہ وجوہ سے نہ ہو جیسا کہ حَيِيَ اس میں حَيَّ پڑھنا جائز ہے۔

شرط نمبر ۹ :۔دو حرف متجانسین کسی ایسے اسم میں نہ ہوں جو ان پانچ اوزان میں سے کسی ایک وزن پر ہو فَعَلٌ ، فَعِلٌ ،فُعُلٌ ،فِعَلٌ ،فُعَلٌ ۔جیسا کہ سَبَبٌ، رِدِدٌ ، سُرُرٌ، عِلَلٌ ، دُرَرٌ ان میں ادغام کرنا منع ہے۔اور اگر وہ متجانسین کسی ایسے فعل میں ہوں جو ان اوزان میں سے کسی وزن پر ہو تو ادغام واجب ہوگا۔ فعل میں اصالتاً صرف ایک وزن فَعَلَ پایا گیا ہے باقی نہیں پائے گئے۔ مثال اسکی جیسا کہ مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں مانع ادغام کا بھی کوئی نہیں اس لئے پہلے کی حرکت گرا کر دوسرے میں وجوباً ادغام کر دیا مَدَّ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شق نمبر۴:۔ (شق نمبر۴ حقیقۃ میں شق نمبر۳ کا تتمہ ہے)

شق کا حکم:۔ یہ شق مکمل وجوبی ہے۔

مطلب:۔ مطلب اس شق کا یہ ہے کہ اگر دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہ ہوئے اور دونوں متحرک بھی ہوئے تو ادغام کے وقت دیکھا جائے گا اگر اول متجانسین کا ماقبل متحرک یا لین (حرف علۃ ساکن ہو ماقبل کی حرکت موافق ہو یا مخالف) زائدہ ہوا تو اس کی حرکت کو حذف کر کے ادغام کیا جائے گا۔ مثال اس کی جیسا کہ مَدٌّ ، مَادٌّ ، مُوَیْدٌّ اصل میں مَدَدٌ ، مَادِدٌ ، مُوَیْدِدٌ تھا۔ پہلی مثال میں اول متجانسین کا ماقبل متحرک ہے اور پچھلی دو میں اول متجانسین کا ماقبل لین زائدہ ہے لہٰذا اس کی حرکت گرا کر دوسرے میں ادغام کر دیا مَدٌّ ، مَادٌّ ، مُوَیْدٌّ ہو گیا۔ اور اگر اول متجانسین (یعنی دو حرف متجانسین میں سے پہلا متجانس حرف) کا ماقبل متحرک یا لین زائدہ نہ ہوا بلکہ ساکن یا لین اصلی ہوا تو اس کی حرکت ماقبل کو دے کر ادغام کیا جائے گا۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل ساکن ہو جیسا کہ یَمُدُّ ، تَمُدُّ ، اَمُدُّ ، نَمُدُّ اصل میں یَمْدُدُ ، تَمْدُدُ ، اَمْدُدُ ، نَمْدُدُ تھا۔ یہ دو حرف متجانسین اول کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں ماقبل اول کا ساکن بھی ہے اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ادغام کر دیا۔ یَمُدُّ ، تَمُدُّ ، اَمُدُّ ، نَمُدُّ ہو گیا۔ مثال اس کی کہ اول متجانسین کا ماقبل لین اصلی ہو جیسا کہ یَوَدُّ ، تَوَدُّ ، اَوَدُّ ، نَوَدُّ اصل میں یَوْدَدُ ، تَوْدَدُ ، اَوْدَدُ ، نَوْدَدُ تھا۔ یہ دو حرف متجانسین ایک کلمہ میں نہیں اور دونوں متحرک بھی ہیں اول کا ماقبل لین اصلی بھی ہے۔ اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ادغام کر دیا یَوَدُّ ، تَوَدُّ ، اَوَدُّ ، نَوَدُّ ہو گیا۔ اور اگر اول متجانسین کا ماقبل متحرک ہو تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ادغام کرنا قلیل ہے جیسا کہ رُدَّ اصل میں رُدِدَ تھا۔ قیاس چاہتا تھا کہ اول دال کی حرکت حذف کرنے کے بعد ادغام کر کے رُدَّ پڑھا جائے لیکن حرکت نقل کر کے ماقبل کو دینے کے بعد ادغام کر کے رِدَّ پڑھنا قلیل ہے۔ اسی طرح اگر اول متجانسین کا ماقبل ساکن ہو تو اسکی حرکت حذف کر کے ادغام کرنا قلیل ہے جیسا کہ اِقْتَتَلَ قیاس چاہتا تھا کہ اول تا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دینے کے بعد ادغام کر کے قَتَّلَ پڑھا جائے لیکن حرکت حذف کرنے کے بعد فا کلمہ کو کسرہ دیکر ادغام کر کے قِتَّلَ پڑھنا قلیل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۲۹

قانون کا نام :۔ لَمْ یَمُدَّ ، لَمْ یُمَدَّ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دو حرف متجانسین کے ایک کلمہ میں جمع ہو جائیں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو دوسرے کا سکون تین حال سے خالی نہیں (۱) عامل جازم کے داخل ہونے کی وجہ سے ہے۔ (۲)۔امر حاضر معلوم بنانے کی وجہ سے ہے (۳)۔ ضمیر کے ملنے کی وجہ سے ہے۔۔ اگر دوسرے کا سکون عامل جازم کے داخل ہونے کی وجہ سے ہو یا امر حاضر معلوم بنانے کی وجہ سے ہو تو پھر اگر عین کلمہ مضموم ہے تو وہاں چار وجہیں پڑھنی جائز ہیں۔ ضمہ، فتحہ، کسرہ۔ فک ادغام (بغیر ادغام کے پڑھنا) جیسا کہ لَمْ یَمُدَّ، لَمْ یَمُدِّ، لَمْ یَمُدُّ ،لَمْ یَمْدُدْ اور اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو وہاں تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں۔ فتحہ، کسرہ، فک ادغام جیسا کہ لَمْ یفِرَّ، لَمْ یفِرِّ، لَمْ یفْرِرْ۔ فتحہ اس لئے پڑھیں گے کہ فتحہ تمام حرکتوں میں سے خفیف اور ہلکی حرکت ہے (لانَّ الفتحۃَ أخفُّ الحرکاتِ) اور کسرہ اس لئے پڑہیں گے کہ عام طور پر ساکن کو جب بھی حرکت دی جاتی ہے تو حرکت کسرہ کی دی جاتی ہے۔ (لانَّ السَّاکِنَ اِذا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ) اور اگر عین کلمہ مضموم ہو تو معلوم میں ضمہ پڑھیں گے عین کلمہ کی تابعداری کیلئے (تَبعًا للعین) اور مجہول میں ضمہ پڑھیں گے معلوم کی تابعداری کیلئے اور فک ادغام یعنی بغیر ادغام کے اس لئے پڑھے نگے کہ فک ادغام کی صورت میں وہ کلمہ اپنی اصل پر پڑھا جائے گا۔ (لانَّہ الاصلُ) اور اگر ثانی کا سکون ضمیر کے ملنے کی وجہ سے ہو تو اکثر کے نزدیک ادغام کرنا منع ہے جیسا کہ مَدَدْنَ ، مَدَدْتَ ، فَرَرْنَ ، فَرَرْتَ ، یَمْدُدْنَ ، یَفْرِرْنَ۔ اور بنی بکر بن وائل کے نزدیک ادغام جائز ہے۔ پھر ادغام کے وقت بعض ثانی کو فتحہ دیتے ہیں مطلقاً اور بعض کسرہ دیتے ہیں مطلقاً۔ خواہ عین کلمہ مفتوح یا مکسور یا مضموم ہو اور بعض ما قبل کی حرکت کے موافق حرکت دیتے ہیں یعنی اگر اول مفتوح ہو تو فتحہ اگر مکسور ہو تو کسرہ اگر مضموم ہو تو ضمہ دیتے ہیں اور بعض فتحہ کی صورت میں ادغام کے بعد ضمائر سے پہلے الف زیادہ کرتے ہیں اور بعض جمع مؤنث کے صیغہ میں ادغام کے بعد ضمیر سے پہلے نون زیادہ کر کے ادغام کر دیتے ہیں اور بنی سُلَیم وغیرہ ادغام نہ ہونے کی صورت ہیں بوجہ کراہتہ اجتماع مثلین یعنی بغیر ادغام کے ایک جنس کے دو حرفوں کا اجتماع مکروہ اور ناپسندیدہ ہونے کی وجہ سے عین کلمہ کو حذف کرتے ہیں لیکن یہ سب شاذ ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿نقشوں کو یاد کرنے اور سننے کا طریقہ﴾

میرے عزیز طلباء جب آپ نے ماضی کے صیغوں میں لگنے والے قوانین ختم کر لیے اب آپ ماضی کے نقشہ سے ماضی کی گردانوں کو یاد کریں اور یاد کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن ماضی کے نقشے سے صحیح مثال اجوف کی سطروں سے مجرد اور مزید کی گردانوں کو یاد کریں۔ اور ان میں پڑھے ہوئے قوانین کا اجراء کریں اور ساتھ ساتھ بطور مشق کے قرآن کریم سے خوب صیغے نکالیں اسی انداز سے دوسرے دن مہموز اور مضاعف کی سطروں سے مجرد اور مزید کی گردانوں کو یاد کریں اور ساتھ ہی ناقص کی ماضی کے تین نمونوں کو انکی علامات کے ذریعے یاد کریں اور تیسرے دن صرفی میزائل چلا کر ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی باقی گردانوں کو یاد کریں پھر ماضی مجہول کے نقشے سے ماضی مجہول کی گردانوں کو دو دن میں یاد کریں پہلے دن صحیح مثال اجوف کی گردانوں کو یاد کریں اور دوسرے دن ناقص لفیف مہموز اور مضاعف کی گردانوں کو یاد کریں۔ اساتذہ کرام نقشوں سے گردانیں سننے کے ساتھ ساتھ اگلی گردانوں کے صیغوں میں لگنے والے قوانین کے پڑھانے کا سلسلے جاری رکھیں۔ بشرطیکہ گردانوں کی یاد میں کمی واقع نہ ہو لیکن اگر گردانوں کی یاد میں کمی واقع ہونے کا اندیشہ ہو تو پھر قوانین کے پڑھانے کے سلسلہ کو ایک دو دن مؤخر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ پھر جس ترتیب سے ماضی کے نقشے سے ماضی کی گردانوں کو یاد کیا بعینہٖ اسی ترتیب سے مضارع کی گردانوں کو خوب یاد کریں اور ان میں پڑھے ہوئے قوانین کا اجراء کریں اور مشق کے طور پر قرآن کریم سے مضارع کے خوب صیغے نکالیں۔ جب آپ نے فعل مضارع کے نقشے سے مضارع کی گردانوں کو خوب یاد کر لیا تو اب اللہ کے فضل و کرم سے فعل مضارع سے بننے والی باقی افعال کی گردانوں کا یاد کرنا آسان ہو جائے گا لہٰذا اب باقی افعال کے نقشوں میں سے ہر روز ایک ایک یا دو دو نقشے یاد کیے جائیں۔ امر اور نہی کے نقشوں سے ابتداءً (شروع میں) امر اور نہی کی گردانوں کو بغیر نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ کے یاد کر لیا جائے۔ پھر امر اور نہی مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کی گردانوں کو علیحدہ یاد کر لیا جائے اور ان کو یاد کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کی گردانوں کو خوب یاد کر لیں کتاب ھذا میں فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کی گردانیں لکھ دی گئی ہیں اور ساتھ ہی اللہ پاک کے فضل و کرم سے فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کی گردانوں سے امر و نہی مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خفیفہ کی گردانوں کو بنانے کا ایک انتہائی آسان طریقہ بھی لکھ دیا گیا ہے۔ اس کو ملاحظہ فرمالیں جب افعال کے نقشے یاد کر لیے جائیں تو اب باقی اسماء (اسم فاعل اسم مفعول اسم ظرف وغیرہ) کے نقشے دو دو دن میں یاد کر لیں یا پھر جیسے آسانی سے یاد کر سکیں ویسے یاد کریں اور ان نقشوں کو یاد کرنے کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے دن میں ناقص اور لفیف کے علاوہ ہفت اقسام میں سے باقی اقسام (صحیح مثال اجوف وغیرہ) کی گردانوں کو یاد کر لیں اور دوسرے دن ناقص اور لفیف کی گردانوں کو یاد کریں اور ناقص اور لفیف کی گردانوں کو یاد کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ پہلے کتاب ہذا میں لکھے ہوئے ان گردانوں کے نمونوں کو خوب یاد کر لیں انشاء اللہ ان نمونوں کو یاد کرنیکی برکت سے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید (مزید سے اسماء کی تین گردانیں آتی ہیں اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف) کی تمام گردانوں کو یاد کرنا آسان ہو جائے گا۔ نقشوں کو یاد کرنے کا یہ طریقہ طلباء کے عمومی ذہن کو سامنے رکھ کر لکھا گیا ہے اگر طلباء کرام اس انداز سے بھی تیز اور جلد یاد کرنا چاہیں خوب یاد کریں کیونکہ ہمت اور محنت کا میدان بہت وسیع ہے لہٰذا اپنے اساتذہ کرام کے زیر شفقت رہتے ہوئے اور ان کی دعاؤں کو ساتھ لیتے ہوئے خوب آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔ جو طریقہ ان نقشوں کو یاد کرنے کا طلباء کرام کے لیے لکھا گیا بعینہٖ یہی طریقہ ان نقشوں کو طلباء کرام سے سننے کا ہے لہٰذا اساتذہ کرام اگر مناسب سمجھیں تو ترتیب ہذا کے مطابق نقشوں سے گردانیں سن لیں ورنہ وہ انداز اپنائیں جو اللہ پاک ان کے دل میں طلباء کے حال کے مناسب القاء فرمائیں۔

اجزاء

ماضی کی گردان سننے اور اُس میں قانون لگانے کا طریقہ

اُستاد : ضَرَبَ سے فعل ماضی معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد : ضَرَبَ۔ ضَرَبَا۔ ضَرَبُوا۔ ضَرَبَتْ۔ ضَرَبَتَا۔ ضَرَبْنَ۔ ضَرَبْتَ۔ ضَرَبْتُمَا۔ ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ۔ ضَرَبْتُمَا۔ ضَرَبْتُنَّ۔ ضَرَبْتُ۔ ضَرَبْنَا

اُستاد : ضَرَبْنَ اصل میں کیا تھا اور اس میں کتنے اور کون کون سے قانون لگے ہیں۔

شاگرد : ضَرَبْنَ اصل میں ضَرَبَتْنَ تھا اور اس میں دو قانون لگے ہیں ا۔ دو علامت تانیث والا ۲۔ توالی اربع حرکات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

والا وہ یوں کہ دو علامت تانیث کا فعل کے اندر جمع ہونا مطلقاً منع ہے خواہ ایک جنس کی ہوں یا الگ الگ جنس کی لہٰذا اس قانون کی بناء پر ضَرَبْتَنَ میں دو (ت ن) علامت تانیث میں سے ایک تا کو حذف کر دیا تو ضَرَبْنَ ہو گیا۔ پھر توالی اربع حرکات والے قانون کی بناء پر با کو ساکن کر دیا تو ضَرَبْنَ ہو گیا۔

فائدہ : جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اور مجہول کے جتنے بھی صیغے نَصَرْنَ عَلِمْنَ اَکْرَمْنَ وغیرہ آئیں گے ان میں یہ دو قانون ضرور لگیں گے۔

اُستاد : وَعَدَ سے فعل ماضی معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد : وَعَدَ وَعَدَا وَعَدُوْا وَعَدَتْ وَعَدَتَا وَعَدْنَ وَعَدْتَ (الخ)

اُستاد : وَعَدْتٌ وَجَدْتٌ وغیرہ میں کونسا قانون لگا ہے۔

شاگرد : وَعدتٌ والا قانون لگا ہے۔

اُستاذ : قال اجوف واوی سے فعل ماضی معلوم کی گردان سنائیں۔

شاگرد : قَالَ قَالاَ قَالُوْا قَالَتْ قَالَتَا قُلْنَ قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ (الخ)

استاذ : قُلْنَ اصل میں کیا تھا اور اس میں کتنے اور کون کون سے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا اور اس میں تین قانون لگے ہیں وہ یوں کہ قال والے قانون کے ذریعے واؤ کو الف کے ساتھ بدل دیا تو قَالْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو قَلْنَ ہو گیا پھر قُلْنَ طُلْنَ والے قانون کے تحت قاف کو ضمہ دیا تو قُلْنَ ہو گیا۔

اُستاذ : قِيْلَ بِيْعَ سے ماضی مجہول کی گردان سنائیں۔

شاگرد : قِيْلَ قِيْلاَ قِيْلُوْا قِيْلَتْ قِيْلَتَا قُلْنَ قُلْتَ (الخ) بِيْعَ بِيْعَا بِيْعُوْا بِيْعَتْ بِيْعَتَا بِعْنَ بِعْتَ (الخ)

اُستاذ : قُلْنَ ماضی مجہول اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : قُلْنَ اصل میں قُوِلْنَ تھا۔ قِيْلَ بِيْعَ والے قانون کی وجہ سے اس کا کسرہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا۔ پھر میعادٌ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو یا سے بدل دیا تو قِيْلْنَ ہو گیا پھر یا کو التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر دیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تو اصلی ضمہ واپس لوٹ آیا (کیونکہ جب ذات (یا) زائل ہو گئی تو اس کی صفت ماقبل کسرہ وہ بھی زائل ہو جائے گا) تو قُلْنَ ہو گیا۔ محققین نے قُلْنَ بِعْنَ (الخ) میں ضمہ اور کسرہ دونوں کو جائز قرار دیا ہے۔

استاذ : أَقَالَ ۔ أَبَاعَ (بابِ افعال) إِسْتَقَالَ ۔ إِسْتَبَاعَ (بابِ استفعال) اجوف سے ماضی کی گردان کریں؟

شاگرد : أَقَالَ أَقَالَا ۔ أَقَالُوا ۔ أَقَالَتْ ۔ أَقَالَتَا ۔ أَقَلْنَ ۔ أَقَلْتَ ۔ (الخ)

أَبَاعَ ۔ أَبَاعَا ۔ أَبَاعُوا ۔ أَبَاعَتْ ۔ أَبَاعَتَا ۔ أَبَعْنَ ۔ أَبَعْتَ (الخ)

استاذ : اقَالَ اصل میں کیا تھا، اس میں کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد : أَقَالَ اصل میں أَقْوَلَ تھا۔ يَقُوْلُ ۔ تَقُوْلُ والے قانون کے تحت واؤ کا فتحہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا اور پھر واؤ کو الف کے ساتھ بدل دیا أَقَالَ ہو گیا۔

استاذ : مَدَّ مضاعف ثلاثی سے فعل ماضی معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد : مَدَّ ، مَدَّا ، مَدُّوا ، مَدَّتْ ، مَدَّتَا ، مَدَدْنَ ، مَدَدْتَ (الخ)

استاذ : مَدَّ اصل میں کیا تھا؟

شاگرد : مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا پھر دو حرف متجانسین والے قانون کی وجہ سے پہلے دال کی حرکت گرا کر ثانی میں ادغام کر دیا مَدَّ ہو گیا۔

استاذ : مضاعف ثلاثی کی فعل ماضی معلوم کے کتنے صیغوں ادغام ہو گا اور کتنے صیغوں میں اظہار ہو گا؟

شاگرد : پہلے پانچ صیغوں (مَدَّ سے لیکر مَدَّتَا تک) میں ادغام ہو گا اور باقی نو صیغوں (مَدَدْنَ سے مَدَدْنَا تک) میں اظہار ہو گا کیونکہ ہم نے لَمْ يَمُدَّ لَمْ تَمُدُّ والے قانون میں پڑھا تھا کہ اگر دو حرف متجانسین میں سے ثانی کا سکون ضمیر کے ملنے کیوجہ سے ہو تو وہاں پر ادغام کرنا منع ہے تو ان نو صیغوں میں بھی ثانی متجانس کا سکون ضمیر کے ملنے کی وجہ سے ہے لہذا ان میں ادغام کرنا منع ہے۔

استاذ : دَعَا ناقص واوی سے فعل ماضی معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد : استاذ جی! ناقص کی گردانیں بہت مشکل ہیں ان کو یاد کرنے کے لیے کافی کوشش کی لیکن وہ یاد نہیں ہوتیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاید اسی لیے ناقص کے باب دَعَا: یَدْعُوْ کے بارے میں یہ مقولہ مشہور ہے کہ

دعا ید عودے نٹھے ، پھر مڑ کے نہ ڈِٹھے ، ڈِٹھے تے ھَل واہندے ڈِٹھے

اس لیے ازراہِ شفقت ناقص کی گردانوں کو یاد کرنے کے لیے کوئی آسان طریقہ ارشاد فرمادیں حسبِ معمول آپکی نوازشات میں سے یہ بھی آپ کی بڑی نوازش ہوگی۔

اُستاذ : میرے عزیز طلباء بندہ آپ کی خدمت میں ناقص اور لفیف کی گردانوں کو یاد کرنے کے لیے اللہ پاک کے فضل و کرم سے چند ایسی اہم نایاب اور قیمتی نشانیاں پیش کرتا ہے جن کی قیمت آپ کے پاس ہے بھی اور نہیں بھی اگر آپ قیمت کا معنی یہ کاغذی نوٹ لیں تو لاکھوں کروڑوں میں بھی ان علامات کی قیمت ادا نہیں ہو سکتی اور اگر قیمت کا معنی دعالیں تو یہ قیمت میرے عزیز طلباء میں سے ہر ایک کے پاس موجود ہے بندہ اسی قیمت کا طالب ہے کہ بارگاہ ایزدی میں میرے لیے اور میرے والدین اور تمام مدارس کے اساتذہ کرام و طلباء کرام کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے دین کی خدمت کے لیے قبول فرمائے اور خاتمہ بالخیر فرمائے۔(آمین)

﴿ناقص اور لفیف کی ماضی کی گردانوں کو یاد کرنے کا آسان طریقہ﴾

اُستاذ : میرے عزیز طلباء سب سے پہلے آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ناقص کی فعل ماضی معلوم کے تین نمونے (نقشے) ہیں۔

نمبر ۱۔ ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہو جیسے :۔ دَعَا رَمٰی

نمبر ۲۔ ماضی کے پہلے صیغہ کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو جیسے رَضِیَ خَشِیَ

نمبر ۳۔ ماضی کے پہلے صیغہ کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم ہو جیسے رَخُوَ نَھُوَ

علامات مہمّہ

دوسری بات یہ ذہن نشین کر لیں کہ ناقص کی ماضی میں تثنیہ مذکر غائب ، جمع مذکر غائب ، واحد مؤنث غائب ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

تثنیہ مؤنث غائب، جمع مؤنث غائب ان پانچ صیغوں میں عام طور پر اشتباہ پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اللہ پاک کے فضل و کرم سے چند ایسی قیمتی علامتیں مقرر کی گئی ہیں کہ اگر ان علامات کو ذہن نشین کر لیا جائے تو ان صیغوں کے اندر امتیاز میں اور پوری گردان کو یاد کرنے میں آسانی ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

نمونہ نمبر ۱ کی علامات۔

اگر ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہو جیسے دَعَا ، اَدْعَیٰ ، دَعَّیٰ ، تَرَمّٰی ، تَرَامٰی تو تثنیہ مذکر کے آخر میں وا کا لفظ آئے گا بشرطیکہ وہ تثنیہ مذکر ناقص واوی ثلاثی مجرد کا صیغہ ہو جیسے دَعَوَا ، تَلَوَا اور اگر ناقص یائی کا صیغہ ہو یا ناقص سے ثلاثی مزید کا صیغہ ہو (ثلاثی مزید میں ناقص سے مراد عام ہے خواہ ناقص واوی ہو یا ناقص یائی) تو اس کے آخر میں یا کا لفظ آئیگا۔ جیسے رَمَیَا ، اَدْعَیَا ، دَعَّیَا ، اور جمع مذکر غائب کے آخر میں عَوْ یا اس کے مثل کوئی اور لفظ مَوْ ، لَوْ ، تَوْ وغیرہ آئے گا جیسے دَعَوْ ، رَمَوْ ، تَلَوْ ، اَتَوْ ، (واو ما قبل مفتوح کے ساتھ) اور واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب کے آخر میں عَتْ ، عَتَا یا اس کے مثل کوئی اور لفظ مَتْ ، مَتَا ، لَتْ ، لَتَا آئے گا جیسا کہ رَمَتْ ، رَمَتَا ، تَلَتْ ، تَلَتَا اور جمع مؤنث غائب کے آخر میں عَوْنَ یا اس طرح کا کوئی اور لفظ لَوْنَ ، دَوْنَ وغیرہ آئے گا۔ بشرطیکہ وہ جمع مؤنث غائب ثلاثی مجرد ناقص واوی کی ہو جیسا کہ دَعَوْنَ ، تَلَوْنَ ، عَدَوْنَ۔ اور اگر وہ جمع مؤنث غائب کا صیغہ ناقص یائی کا ہے یا ثلاثی مزید کا ہے تو پھر جمع مؤنث کے آخر میں عَیْنَ یا اس طرح کا کوئی اور لفظ مَیْنَ ، قَیْنَ وغیرہ آئے گا جیسے رَمَیْنَ ، وَقَیْنَ ، اَدْعَیْنَ ، دَعَّیْنَ ، وغیرہ

نمونہ نمبر ۲ کی علامات :۔

اگر ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہو تو تثنیہ مذکر کے آخر میں یا کا لفظ آئے گا جیسا کہ رَضِیَا ، خَشِیَا اور جمع مذکر کے آخر میں ضُوْ یا اسکے ہم شکل کوئی اور لفظ لُوْ شُوْ وغیرہ آئے گا جیسا کہ رَضُوْ ، خَشُوْ ، وَلُوْ اور واحد مؤنث اور تثنیہ مؤنث کے آخر میں یَتْ ، یَتَا کے لفظ آئیں گے جیسا کہ رَضِیَتْ ، رَضِیَتَا ، خَشِیَتْ ، خَشِیَتَا ، وَلِیَتْ ، وَلِیَتَا اور جمع مؤنث کے آخر میں ضِیْنَ یا اسکے مثل کوئی اور لفظ شِیْنَ ، لِیْنَ وغیرہ آئے گا الغرض رَضِیَ ، خَشِیَ والی مکمل گردان مثل سَمِعَ ، عَلِمَ کے ہے سوائے رَضُوْ ، خَشُوْ کے

www.KitaboSunnat.com

نمونہ نمبر ۳ کی علامات :۔

اور اگر ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم ہو تو تثنیہ مذکر کے آخر میں وا کا لفظ آئے گا جیسا کہ رَخُوَا نَهُوَا اور جمع مذکر کے آخر میں خُوْ یا اس کے مثل کوئی اور لفظ هُوْ وغیرہ آئے گا جیسا کہ رَخُوْا، نَهُوْا اور واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب کے آخر میں وَتْ وَتَا کے لفظ آئیں گے جیسا کہ رَخُوَتْ، رَخُوَتَا، نَهُوَتْ نَهُوَتَا اور جمع مؤنث کے آخر میں خُوْنَ هُوْنَ یا انکے ہمشکل الفاظ آئیں گے جیسا کہ رَخُوْنَ، نَهُوْنَ يَمُوْنَ الغرض رَخُوَ، نَهُوَ والی مکمل گردان مثل شَرُفَ، کَرُمَ کے ہے سوائے صیغے رَخُوَ، نَهُوَ کے۔

تیسری بات :۔ جب آپ نے ان تین نمونوں کی گردانوں کی علامات کو سمجھ لیا تو اب بندہ آپکی آسانی کیلئے ان تین نمونوں میں سے ہر ایک نمونہ کی گردان لکھتا ہے ان علامات کو سامنے رکھ کر ان گردانوں کو خوب (رٹا لگا کر) یاد کرلیں انشاءاللہ تعالیٰ اللہ پاک کے فضل و کرم سے ناقص اور لفیف کی ماضی کی تمام گردانوں کا یاد کرنا آسان ہو جائیگا

نمونہائے ثلاثہ

نمونہ نمبر ۳		نمونہ نمبر ۲		نمونہ نمبر ۱	
ناقص کی ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم ہو		ناقص کی ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو		ناقص کی ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہو	
ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی
نَهُوَ	رَخُوَ	خَشِيَ	رَضِيَ	رَمٰى	دَعَا
نَهُوَا	رَخُوَا	خَشِيَا	رَضِيَا	رَمَيَا	دَعَوَا
نَهُوْا	رَخُوْا	خَشُوْا	رَضُوْا	رَمَوْا	دَعَوْا
نَهُوَتْ	رَخُوَتْ	خَشِيَتْ	رَضِيَتْ	رَمَتْ	دَعَتْ
نَهُوَتَا	رَخُوَتَا	خَشِيَتَا	رَضِيَتَا	رَمَتَا	دَعَتَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دَعَوْنَ	رَمَيْنَ	رَضِيْنَ	خَشِيْنَ	رَخُوْنَ	نَهُوْنَ
دَعَوْتَ	رَمَيْتَ	رَضِيْتَ	خَشِيْتَ	رَخُوْتَ	نَهُوْتَ
دَعَوْتُمَا	رَمَيْتُمَا	رَضِيْتُمَا	خَشِيْتُمَا	رَخُوْتُمَا	نَهُوْتُمَا
دَعَوْتُمْ	رَمَيْتُمْ	رَضِيْتُمْ	خَشِيْتُمْ	رَخُوْتُمْ	نَهُوْتُمْ
دَعَوْتِ	رَمَيْتِ	رَضِيْتِ	خَشِيْتِ	رَخُوْتِ	نَهُوْتِ
دَعَوْتُمَا	رَمَيْتُمَا	رَضِيْتُمَا	خَشِيْتُمَا	رَخُوْتُمَا	نَهُوْتُمَا
دَعَوْتُنَّ	رَمَيْتُنَّ	رَضِيْتُنَّ	خَشِيْتُنَّ	رَخُوْتُنَّ	نَهُوْتُنَّ
دَعَوْتُ	رَمَيْتُ	رَضِيْتُ	خَشِيْتُ	رَخُوْتُ	نَهُوْتُ
دَعَوْنَا	رَمَيْنَا	رَضِيْنَا	خَشِيْنَا	رَخُوْنَا	نَهُوْنَا

فائدہ :۔

لفیف کی ماضی کی گردان بِعَیْنِہٖ ناقص کی ماضی کی طرح ہوگی جیسا کہ وَقٰی۔ رَوٰی۔ طَوٰی وغیرہ کی گردان رَمٰی کی طرح ہوگی اور وَلِیَ وَجِیَ قَوِیَ وغیرہ کی گردان رَضِیَ خَشِیَ کی طرح ہوگی۔ بطور نمونہ لفیفِ مفروق و مقرون کی ماضی کی ایک ایک گردان لکھی جاتی ہے۔

از لفیفِ مفروق :۔

وَقٰی۔ وَقَیَا۔ وَقَوْا۔ وَقَتْ۔ وَقَتَا۔ وَقَیْنَ۔ وَقَیْتَ۔ وَقَیْتُمَا۔ وَقَیْتُمْ۔ وَقَیْتِ۔ وَقَیْتُمَا۔ وَقَیْتُنَّ۔ وَقَیْتُ۔ وَقَیْنَا

از لفیفِ مقرون :۔

رَوٰی رَوَیَا۔ رَوَوْ۔ رَوَتْ۔ رَوَتَا۔ رَوَیْنَ۔ رَوَیْتَ۔ رَوَیْتُمَا۔ رَوَیْتُمْ۔ رَوَیْتِ۔ رَوَیْتُمَا۔ رَوَیْتُنَّ۔ رَوَیْتُ۔ رَوَیْنَا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھی بات :۔

﴿ناقص کی ماضی میں قانون لگانے کا آسان انداز﴾

نمونہ نمبرا :۔اگر ناقص واوی کی ماضی کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہو' تو اس ماضی کی گردان میں ۱۴ صیغوں میں سے دس صیغے اپنی اصل پر ہونگے۔ صرف چار صیغوں میں قانون لگیں گے۔

۱:۔ واحد مذکر غائب جیسے دعا اصل میں دعَوَ تھا تو واؤ متحرک ماقبل مفتوح ہے لہٰذا قال والے قانون کے ذریعے واؤ کو الف سے بدل دیا تو دَعَا ہو گیا۔

۲:۔ جمع مذکر غائب : دَعَوْا دراصل دَعَوُوْا تھا تو قال والے قانون کے ذریعے واؤ کو الف سے بدل دیا تو دَعَاوْا ہو گیا۔ پھر الف کو التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے گرادیا تو دَعَوْا ہو گیا۔

۳:۔ اسی طرح دَعَتْ اصل میں دَعَوَتْ تھا تو قال والے قانون کے ذریعے واؤ کو الف کے ساتھ بدل دیا دَعَاتْ ہو گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے الف کو گرادیا۔ دَعَتْ ہو گیا۔

۴:۔ دَعَتَا اصل میں دَعَوَتَا تھا تو قال والے قانون کی وجہ سے واؤ کو الف کے ساتھ بدلا دیا دَعَاتَا ہو گیا۔ پھر التقائے ساکنین آگیا الف حقیقتاً ساکن اور تا حکماً ساکن کے درمیان (تا حکماً ساکن کا مطلب یہ ہے کہ دَعَاتَا میں تا پر فتحہ عارضی ہے صرف الف کی وجہ سے آیا ہے کیونکہ الف چاہتا ہے میرا ماقبل مفتوح ہو لہٰذا یہ عارضی فتحہ ساکن کے حکم میں ہوگا) تو الف کو گرادیا تو دَعَتَا ہو گیا۔

فائدہ :۔ ماضی میں جمع مؤنث غائب سے لے کر جمع متکلم تک بعض صیغوں میں اور بھی قانون لگتے ہیں (جیسے جمع مؤنث غائب دَعَوْنَ اصل میں دَعَوْتُنَ تھا تا تانیث کو حذف کر دیا دو علامت تانیث والے قانون کے ساتھ تو دَعَوَنَ ہو گیا پھر واؤ کو ساکن کر دیا توالی اربع حرکات والے قانون کے ساتھ۔ دَعَوْنَ ہو گیا) لیکن ناقص اور لفیف کی ماضی میں اُن کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اور ان صیغوں کو اپنی اصل پر فرض کیا جائے گا تاکہ ناقص اور لفیف میں لگنے والے نئے (جدید) اور اہم قوانین ذہن نشین ہو سکیں۔ اور ناقص یائی جس کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ماضی کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہو۔ جیسے رَمَیٰ سَعَیٰ کَفَیٰ دَرَیٰ وغیرہ اس کے ۱۴ صیغوں میں سے وہی دس صیغے اپنی اصل پر ہیں جو دعا کی ماضی میں اپنی اصل پر تھے اور باقی چار صیغوں میں وہی قانون لگیں گے جو دَعَا کی ماضی کے اندر ان چار صیغوں میں لگے تھے۔

نمونہ نمبر ۲ :۔ اور اگر ناقص واوی کی ماضی کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو تو پانچ صیغوں میں صرف دُعِیَ والا قانون لگے گا اور وہ پانچ صیغے یہ ہیں رَضِیَ۔ رَضِیَا۔ رَضُوْا۔ رَضِیَتْ، رَضِیَتَا۔ اور یہ اصل میں رَضِوَ۔ رَضِوَا۔ رَضِوُوْا۔ رَضِوَتْ۔ رَضِوَتَا تھا لہٰذا دُعِیَ والے قانون کے تحت واوَ کو یا سے بدلا دیا تو رَضِیَ۔ رَضِیَا۔ رَضِیُوْا۔ رَضِیَتْ۔ رَضِیَتَا ہو گیا لیکن جمع مذکر غائب رَضِیُوْا میں دُعِیَ والے قانون کے علاوہ تین قانون اور بھی لگے ہیں وہ یوں کہ یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی دو صورتوں میں سے ایک صورت (یَا مضموم اور ماقبل مکسور ہو اور مابعد واوَ مدہ ہو) پائی گئی ہے لہٰذا یاء کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا رَضُیْوْا ہو گیا پھر یُوْسَرُ والے قانون کے تحت یاء کو واوَ سے بدلا دیا رَضُوْوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے ایک واوَ کو گرا دیا رَضُوْا ہو گیا باقی ۹ صیغوں کے اندر یعنی رَضِیْنَ سے لے کر رَضِیْنَا تک ان سب میں مِیْعَادٌ والا قانون لگے گا کیونکہ رَضِیْنَ۔ رَضِیْتَ رَضِیْتُمَا (الخ) اصل میں رَضِوْنَ۔ رَضِوْتَ۔ رَضِوْتُمَا (الخ) تھے ان سب میں واوَ ساکن ماقبل مکسور ہے لہٰذا مِیْعَادٌ والے قانون کے تحت اس واوَ کو یا کیساتھ بدلا دیا۔ رَضِیْنَ رَضِیْتَ۔ رَضِیْتُمَا (الخ) ہو گیا اور وہ ناقص یائی جس کی ماضی معلوم کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو جیسے خَشِیَ اس کی گردان بھی بالکل رَضِیَ والی ماضی کی طرح ہے بس اتنا فرق ہے کہ اس میں دُعِیَ والا اور مِیْعَادٌ والا قانون نہیں لگے گا لہٰذا اس میں چودہ صیغوں میں سے تیرہ صیغے اپنے اصل پر رہیں گے۔ صرف خَشُوْ جمع مذکر غائب میں مثل رَضُوْ کے تین قانون لگے تگے۔ ۱۔ یَدْعُوْ تَدْعُوْ والا۔ ۲۔ یُوْسَرُ والا۔ ۳۔ التقائے ساکنین والا۔

نمونہ نمبر ۳ :۔ اور اگر ناقص واوی کے فعل ماضی معلوم کے آخر میں واوَ ماقبل مضموم ہو تو ماضی کے چودہ صیغوں میں سے تیرہ صیغے اپنی اصل پر ہوں گے صرف ایک صیغے جمع مذکر غائب میں دو قانون لگیں گے۔ وہ اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

طرح کہ رَخُوْا اصل میں رَخُوُوْا تھا یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے واؤ کے ضمہ کو گرا دیا رَخُوْوْا ہو گیا۔ پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے ایک واؤ کو گرا دیا رَخُوْا ہو گیا اور وہ ناقص یائی جس کی ماضی کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم ہو جیسے نَهُوَ اس کی گردان بھی رَخُوَ کی طرح ہے لیکن فرق یہ ہے کہ پانچ صیغوں میں رَمُوَ والا قانون لگا ہے اور وہ پانچ صیغے یہ ہیں: نَهُوَ. نَهُوَا. نَهُوْ. نَهُوَتْ. نَهُوَتَا. یہ اصل میں نَهُيَ. نَهُيَا. نَهُيُوْا. نَهُيَتْ. نَهُيَتَا. تھے۔ رَمُوَ والے قانون کے تحت یاء کو واؤ سے بدل دیا نَهُوَ. نَهُوَا. نَهُوُوْا. نَهُوَتْ. نَهُوَتَا. ہو گیا لیکن نَهُوُوْا جمع مذکر غائب میں رَمُوَ والے قانون کے علاوہ دو قانون اور لگے ہیں وہ یوں کہ یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کے تحت ضمہ کو گرا دیا نَهُوْوْا ہو گیا۔ پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت ایک واؤ کو گرا دیا تو نَهُوْا ہو گیا باقی ۹ صیغوں کے اندر یوسر والا قانون لگے گا مثلاً نَهُوْنَ (مختصر تعلیل) اصل میں نَهُيْنَ تھا۔ یوسر والے قانون کے تحت یا کو واؤ سے بدل دیا نَهُوْنَ ہو گیا۔

﴿صرفی میزائل﴾

یعنی ناقص کی ماضی کے ان تین نمونوں (نقشوں) کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ

میرے عزیز طلباء! جب آپ کو ماضی معلوم کے تین نمونے (نقشے) یاد ہو گئے اور ان میں قانون لگا لیے اور یہ بھی جان لیا کہ کتنے صیغوں میں قانون لگے ہیں اور کتنے صیغے اپنی اصل پر ہیں تو اب ان تین نمونوں کی قوت کو عام فہم انداز میں سمجھیں۔ وہ یوں کہ

دَعَا اور رَمَیٰ والے نمونہ کی مثال غوری مزائل کی طرح ہے

اور رَضِيَ اور خَشِيَ والے نمونہ کی مثال غزنوی میزائل کی طرح ہے

اور رَخُوَ اور نَهُوَ والے نمونہ کی مثال شاہین میزائل کی طرح ہے

جب آپ نے اتنی بات ذہن نشین کر لی تو آپ نعرۂ تکبیر لگا کر سب سے پہلے غوری میزائل چلائیں وہ یوں کہ

وجہ تشبیہ: ان نمونوں کو میزائلوں کے ساتھ تشبیہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح یہ میزائل (آلات حرب) کلمہ حق کو بلند کرنے کا ذریعہ ہیں اسی طرح یہ نمونے کلمہ حق کو سمجھنے کا ذریعہ ہیں۔ بِتَوْفِيْقِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَعَوْنِهٖ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



﴿غوری میزائل﴾

جس طالب علم نے دَعَا اور رَمَیٰ والی ماضی کی گردان یاد کرلی اُس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی ماضی کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے پہلے صیغہ کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہوتا ہے جیسے نقشے کے اندر ثلاثی مزید ناقص واوی ویائی کی ماضی معلوم کی جتنی بھی گردانیں ہیں ان سب کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ہے لہٰذا وہ ساری گردانیں اُس طالبعلم نے یاد کرلیں بس اتنی بات یاد رکھیں کہ ثلاثی مزید کے اندر ناقص واوی کی ماضی معلوم میں یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والا قانون تمام صیغوں میں لگے گا مثلاً اَدْعَیٰ یہ اصل میں اَدْعَوَ تھا۔ یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والے قانون کے تحت واؤ کو یاء سے بدل دیا اَدْعَیَ ہو گیا پھر قال والے قانون کے تحت یا کو الف سے بدلا دیا اَدْعَیٰ ہو گیا اور اَدْعَیٰ سے ماضی کی مکمل گردان یوں ہو گی۔ اَدْعَیٰ۔ اَدْعَیَا۔ اَدْعَوْا۔ اَدْعَتْ۔ اَدْعَتَا۔ اَدْعَیْنَ۔ اَدْعَیْتَ۔ اَدْعَیْتُمَا۔ اَدْعَیْتُمْ۔ اَدْعَیْتِ۔ اَدْعَیْتُمَا۔ اَدْعَیْتُنَّ۔ اَدْعَیْتُ۔ اَدْعَیْنَا۔

اسی گردان پر ناقص واوی اور یائی کی ثلاثی مزید وغیرہ کی تمام گردانوں کو قیاس کرلو اور ان کو خوب یاد کرو اور ہر گردان کے پہلے صیغے کو کم از کم دس مرتبہ کہو یعنی پہلے صیغے پر جب خوب زبان چل جائے تو پھر گردان کے باقی صیغے پڑھنا شروع کریں اور آخر سے بالکل اَدْعٰی۔ اَدْعَیا۔ اَدْعَوْا کی طرح پڑھیں اور زبر زیر کی پہچان کر کے بار بار پڑھیں۔

اللہ پاک کے فضل و کرم سے اسطرح آپ کو بڑی آسانی سے یہ گردانیں یاد ہو جائینگی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



﴿غزنوی میزائل﴾

اب غزنوی میزائل چلائیں وہ یوں کہ :۔

جس طالب علم نے رَضِيَ اور خَشِيَ والی ماضی کی گردان یاد کرلی اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی ماضی مجہول کی تمام گردانیں یاد کرلیں

کیونکہ ان سب کی ماضی مجہول کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہوتی ہے۔ بس شروع میں اتنا کرو ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دے دو اور آخر سے پہلے حرف کو کسرہ دے دو اگر پہلے کسرہ نہ ہو۔ جیسے رَضِيَ سے رُضِيَ ، خَشِيَ سے خُشِيَ ، اَدْعَىٰ سے اُدْعِيَ ، دَعَىٰ سے دُعِيَ لہٰذا دُعِيَ۔ اُدْعِيَ دُعِّيَ تُدُعِّيَ الخ رُمِيَ۔ اُرْمِيَ۔ رُمِّيَ۔ تُرُمِّيَ الخ۔ وُقِيَ۔ اُوْقِيَ۔ وُقِّيَ۔ تُوُقِّيَ الخ یہ سب گردانیں آخر سے بالکل رَضِيَ خَشِيَ والی گردان کی طرح ہیں لہٰذا ان میں سے ماضی مجہول کی ایک گردان مکمل لکھی جاتی ہے۔ دُعِيَ۔ دُعِيَا۔ دُعُوْ۔ دُعِيَتْ۔ دُعِيَتَا۔ دُعِيْنَ۔ دُعِيْتَ۔ دُعِيْتُمَا۔ دُعِيْتُمْ۔ دُعِيْتِ۔ دُعِيْتُمَا۔ دُعِيْتُنَّ۔ دُعِيْتُ۔ دُعِيْنَا ناقص واوی ویائی اور لفیف سے ثلاثی مجرد و مزید وغیرہ کی ماضی مجہول کی تمام گردانوں کو اسی گردان پر قیاس کر کے یاد کرلیں۔

اسی طرح جس طالبعلم نے رَضِيَ اور خشی والی ماضی کی گردان یاد کرلی اس نے ناقص اور لفیف کی ثلاثی مجرد کی ماضی معلوم کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہے

جیسے :۔ وَلِيَ۔ وَجِيَ۔ حَيِيَ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



﴿شاہین میزائل﴾

اب شاہین میزائل چلائیں وہ یوں کہ :۔

جس طالب علم نے رَخُوَ اور نَھُوَ والی ماضی کی گردان یاد کرلی اُس نے ناقص اور لفیف سے ثلاثی مجرد کی ماضی کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے آخر میں واوٗ ما قبل مضموم ہوتا ہے

جیسے یَکُوَ ، یَمُوَ لیکن یہ میزائل چھوٹا ہے کیونکہ اس کی افادیت ناقص اور لفیف سے ثلاثی مزید رُباعی مجرد و مزید کی ماضی کی طرف متعدی (بڑھتی) نہیں ہوتی کیونکہ ان کے کسی بھی ماضی کے پہلے صیغے کے آخر میں واوٗ ما قبل مضموم نہیں ہوتی بلکہ معلوم میں الف ما قبل مفتوح ہوتا ہے اور مجہول میں یا ما قبل مکسور ہوتی ہے۔

عرض :۔اجراء کے اسی انداز کے ساتھ ماضی کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

☆نکتہ :۔جس طالب علم نے دَعَا اور رَمَیٰ والی ماضی کی گردان میں قانون لگا لیے اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی ماضی کی ان تمام گردانوں میں قانون لگا لیے جن کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہوتا ہے لیکن ثلاثی مزید ناقص واوی کی ماضی میں ایک قانون اور بھی لگے گا اور وہ ہے یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والا قانون اور اسی طرح جس طالبعلم نے رَضِیَ اور خَشِیَ والی ماضی میں قانون لگا لئے اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی ماضی مجہول کی تمام گردانوں میں قانون لگا لئے کیونکہ ان سب کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے فعل ماضی معلوم از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام		ثلاثی مجرد		افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	ضَرَبَ	سَمِعَ	شَرُفَ	اَکْرَمَ	کَرَّمَ	تَصَرَّفَ	تَضَارَبَ	ضَارَبَ	اِکْتَسَبَ	اِسْتَخْرَجَ	اِنْصَرَفَ
مثال واوی	وَعَدَ	وَجِلَ	وَسُمَ	اَوْعَدَ	وَعَّدَ	تَوَعَّدَ	تَوَاعَدَ	وَاعَدَ	اِتَّعَدَ	اِسْتَوْعَدَ	/
مثال یائی	یَسَرَ	یَقِظَ	یَنُعَ	اَیْسَرَ	یَسَّرَ	تَیَسَّرَ	تَیَاسَرَ	یَاسَرَ	اِتَّسَرَ	اِسْتَیْسَرَ	/
اجوف واوی	قَالَ	خَافَ	طَالَ	اَقَالَ	قَوَّلَ	تَقَوَّلَ	تَقَاوَلَ	قَاوَلَ	اِقْتَالَ	اِسْتَقَالَ	اِنْقَالَ
اجوف یائی	بَاعَ	هَابَ	غَاطَ	اَبَاعَ	بَیَّعَ	تَبَیَّعَ	تَبَایَعَ	بَایَعَ	اِبْتَاعَ	اِسْتَبَاعَ	اِنْبَاعَ
ناقص واوی	دَعَا	رَضِیَ	رَخُوَ	اَدْعٰی	دَعّٰی	تَدَعّٰی	تَدَاعٰی	دَاعٰی	اِدَّعٰی	اِسْتَدْعٰی	اِنْدَعٰی
ناقص یائی	رَمٰی	خَشِیَ	نَهُوَ	اَرْمٰی	رَمّٰی	تَرَمّٰی	تَرَامٰی	رَامٰی	اِرْتَمٰی	اِسْتَرْمٰی	/
لفیف مفروق	وَقٰی	وَلِیَ	/	اَوْقٰی	وَقّٰی	تَوَقّٰی	تَوَاقٰی	وَاقٰی	اِتَّقٰی	اِسْتَوْقٰی	/
لفیف مقرون	رَوٰی	طَوِیَ	/	اَطْوٰی	طَوّٰی	تَطَوّٰی	تَطَاوٰی	طَاوٰی	اِطَّوٰی	اِسْتَطْوٰی	اِنْطَوٰی
مہموز الفاء	اَمَرَ	اَذِنَ	اَدُبَ	اٰمَرَ	اَمَّرَ	تَاَمَّرَ	تَاٰمَرَ	اٰمَرَ	اِیْتَمَرَ	اِسْتَاْمَرَ	اِنْاَمَرَ
مہموز العین	سَأَلَ	سَئِمَ	لَؤُمَ	اَسْأَلَ	سَأَّلَ	تَسَأَّلَ	تَسَائَلَ	سَائَلَ	اِسْتَأَلَ	اِسْتَسْأَلَ	اِنْسَأَلَ
مہموز اللام	قَرَأَ	بَرِئَ	جَرُؤَ	اَقْرَأَ	قَرَّأَ	تَقَرَّأَ	تَقَارَأَ	قَارَأَ	اِقْتَرَأَ	اِسْتَقْرَأَ	اِنْقَرَأَ
مضاعف ثلاثی	مَدَّ	عَضَّ	حَبَّ	اَمَدَّ	مَدَّدَ	تَمَدَّدَ	تَمَادَّ	مَادَّ	اِمْتَدَّ	اِسْتَمَدَّ	/

مکمل گردان: ضَرَبَ ، ضَرَبَا ، ضَرَبُوْا ، ضَرَبَتْ ، ضَرَبَتَا ، ضَرَبْنَ ، ضَرَبْتَ ، ضَرَبْتُمَا ، ضَرَبْتُمْ ، ضَرَبْتِ ، ضَرَبْتُمَا ، ضَرَبْتُنَّ ، ضَرَبْتُ ، ضَرَبْنَا ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے فعل ماضی مجہول از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد	افعال	تفعیل	تفعّل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	ضُرِبَ	اُکْرِمَ	کُرِّمَ	تُصُرِّفَ	تُضُوْرِبَ	ضُوْرِبَ	اُکْتُسِبَ	اُسْتُخْرِجَ	اُنْصُرِفَ
مثال واوی	وُعِدَ	اُوْعِدَ	وُعِّدَ	تُوُعِّدَ	تُوُوْعِدَ	وُوْعِدَ	اُتُّعِدَ	اُسْتُوْعِدَ	/
مثال یائی	یُسِرَ	اُوْسِرَ	یُسِّرَ	تُیُسِّرَ	تُیُوْسِرَ	یُوْسِرَ	اُتُّسِرَ	اُسْتُوْسِرَ	/
اجوف واوی	قُوْلَ / قِیْلَ	اُقِیْلَ	قُوِّلَ	تُقُوِّلَ	تُقُوْوِلَ	قُوْوِلَ	اُقْتِیْلَ	اُسْتُقِیْلَ	اُنْقِیْلَ
اجوف یائی	بُوْعَ / بِیْعَ	اُبِیْعَ	بُیِّعَ	تُبُیِّعَ	تُبُوْیِعَ	بُوْیِعَ	اُبْتِیْعَ	اُسْتُبِیْعَ	اُنْبُیْعَ
ناقص واوی	دُعِیَ	اُدْعِیَ	دُعِّیَ	تُدُعِّیَ	تُدُوْعِیَ	دُوْعِیَ	اُدُّعِیَ	اُسْتُدْعِیَ	اُنْدُعِیَ
ناقص یائی	رُمِیَ	اُرْمِیَ	رُمِّیَ	تُرُمِّیَ	تُرُوْمِیَ	رُوْمِیَ	اُرْتُمِیَ	اُسْتُرْمِیَ	/
لفیف مفروق	وُقِیَ	اُوْقِیَ	وُقِّیَ	تُوُقِّیَ	تُوُوْقِیَ	وُوْقِیَ	اُتُّقِیَ	اُسْتُوْقِیَ	/
لفیف مقرون	طُوِیَ	اُطْوِیَ	طُوِّیَ	تُطُوِّیَ	تُطُوْوِیَ	طُوْوِیَ	اُطُّوِیَ	اُسْتُطْوِیَ	اُنْطُوِیَ
مہموز الفاء	اُمِرَ	اُوْمِرَ	اُمِّرَ	تُئُمِّرَ	تُئُوْمِرَ	اُوْمِرَ	اُوْتُمِرَ	اُسْتُئْمِرَ	اُنْئُمِرَ
مہموز العین	سُئِلَ	اُسْئِلَ	سُئِّلَ	تُسُئِّلَ	تُسُوْئِلَ	سُوْئِلَ	اُسْتُئِلَ	اُسْتُسْئِلَ	اُنْسُئِلَ
مہموز اللام	قُرِءَ	اُقْرِءَ	قُرِّءَ	تُقُرِّءَ	تُقُوْرِءَ	قُوْرِءَ	اُقْتُرِءَ	اُسْتُقْرِءَ	اُنْقُرِءَ
مضاعف ثلاثی	مُدَّ	اُمِدَّ	مُدِّدَ	تُمُدِّدَ	تُمُوْدَّ	مُوْدَّ	اُمْتُدَّ	اُسْتُمِدَّ	/

مکمل گردان: ضُرِبَ ، ضُرِبَا ، ضُرِبُوْا ، ضُرِبَتْ ، ضُرِبَتَا ، ضُرِبْنَ ، ضُرِبْتَ ، ضُرِبْتُمَا ، ضُرِبْتُمْ ، ضُرِبْتِ ، ضُرِبْتُمَا ، ضُرِبْتُنَّ ، ضُرِبْتُ ، ضُرِبْنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عرض :۔ قرآن کریم سے روزانہ دو دو یا تین تین رکوع سے ابتداءً ماضی کے اور پھر دوسری گردانوں کے صیغے نکلوائے جائیں۔ جس گردان کا صیغہ ہے وہ پوری گردان سنی جائے اور اگر اس صیغے میں کوئی قانون لگا ہے تو اس قانون کا اجراء کروایا جائے۔ اسی طرح کبھی کبھی قرآن کریم کے ساتھ ساتھ احادیث مبارکہ کی کسی کتاب اور دیگر کتب درسیّہ میں سے بھی صیغے نکلوائے جائیں۔ تاکہ طلباء کرام کو اس بات کی پہچان ہو جائے کہ صرف و نحو سے اصل مقصود قرآن کریم اور احادیث نبویہ اور دیگر دینی کتب کو سمجھنا ہے۔

صیغہائے ماضویہ

صحیح	خَلَقْتُ	اَنْزَلْنَا	جَاهَدُوْا	اِكْتَسَبَتْ	اِنْقَلَبْتُمْ
مثال	وَجَدْتُّمْ	يَسَّرْنَا	تَوَكَّلْتُ	اِتَّحَدَ	اِسْتَوْقَدَ
اجوف	قُلْنَ	زُرْتُمْ	زُيِّنَ	تَزَوَّدُوْا	اِسْتَطَاعُوْا
ناقص	خَلَوْا	اَنْجَيْنَا	صَلّٰى	اِشْتَرَوْا	اِسْتَغْنٰى
لفیف	رَوَيْنَا	اَوْحَيْتُ	حُيِّيْتُمْ	تَوَلَّيْتُمْ	اِتَّقٰى
مضاعف	مَسَّ	اَمْدَدْنَا	ظَلَلْنَا	حَآجَّ	اِشْتَدَّ
مہموز	اَمَرَ۔سَئَلَ	قَرَئْنَا۔اٰمَنُوْا	اَمَرَهُمْ۔تَأَذَّنَ	اَخَذْتُ	اِسْتَاْذَنُوْا

صیغہائے ماضویہ

از ہفت اقسام و ابواب مختلفہ

تَبٰرَكَ اللّٰهُ	تَشَابَهَتْ	نَسِيْنَا	اَخْطَأْنَا	تَبَّتْ	عَفَا اللّٰهُ
غُلَّتْ	حُقَّتْ	وَمَا اَنْسٰنِيْهِ	وَاتَّخَذَ	اِذَا اسْتَسْقٰى	اَضَلَّنَا
لُمْتُنَّنِيْ	وَادَّكَرَ	فَمَنِ اضْطُرَّ	قُوْلِيْنَ	اَطَعْنَا اللّٰهَ	زُيِّنَ
اُوْرِثْتُمُوْهَا	اِسْتَيْقَنَتْهَا	وَمَا اَلَتْنٰهُمْ	مِتْنَا	وَمَا اَدْرٰكَ	عَصَوْا
اِرْتَدَّ	قَدْ قَصَصْنَاهُمْ	زُلْزِلَتْ	دَمْدَمَ	عَسْعَسَ	كُوِّرَتْ
اِنْكَدَرَتْ	سُيِّرَتْ	عُطِّلَتْ	زُوِّجَتْ	تَنَفَّسَ	وَوٰعَدْنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَلْهَا	جَلْهَا	بَنْهَا	زَكّهَا	قَدْخَابَ	فَسَوّٰهُنَّ
اَفَضْتُمْ	اَقَامُوْا	بَلِ ادّٰارَكَ	وُقّيَتْ	فَاسْتَيْأَسُوْا	مَكَّنّيْ
طَلَّقْتُمُوْهُ	وَجَدتُّمُوْهُمْ	تَقِفْتُمُوْهُمْ	اِنْشَقَّتْ	اَلْهٰكُمْ	تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

﴿مضارع کے صیغوں میں لگنے والے قوانین﴾

قانون نمبر ۳۰

قانون کا نام :۔ماضی چار حرفی والا قانون

قانون کا حکم :۔یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہر وہ باب جس کی ماضی میں چار حرف ہوں اس کے مضارع معلوم میں حروف اتین کو حرکت ضمہ کی دینی واجب ہے۔جیسا کہ اَکْرَمَ، یُکْرِمُ کَرَّمَ،یُکَرِّمُ، ضَارَبَ ، یُضَارِبُ ،دَحْرَجَ، یُدَحْرِجُ۔ان بابوں کی ماضی میں چار حرف ہیں۔اس لیے ان کے مضارع معلوم میں حروف اتین پر ضمہ پڑھتے ہیں۔ اور جس باب کی ماضی میں چار حرف نہ ہوں کم ہوں یا زیادہ۔اس کے مضارع معلوم میں حروف اتین کو حرکت فتحہ کی دینی واجب ہے جیسا کہ ضَرَبَ ، یَضْرِبُ ، اِکْتَسَبَ ، یَکْتَسِبُ، اِسْتَخْرَجَ یَسْتَخْرِجُ۔ان بابوں کی ماضی میں چار حرف نہیں اس لئے ان کے مضارع معلوم میں حروف اتین پر فتحہ پڑھتے ہیں۔

قانون نمبر ۳۱

قانون کا نام :۔تائے زائدہ مطردہ والا قانون

قانون کا حکم :۔یہ قانون مکمل وجوبی ہے

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جس باب کی ماضی کے شروع میں تائے زائدہ مطردہ ہو اس کے مضارع معلوم میں آخری حرف سے پہلے حرف کو حرکت فتحہ کی دینی واجب ہے۔تائے زائدہ مطردہ وہ ہوتی ہے جو باب کی تمام گردانوں میں پائی جائے۔جیسا کہ تَصَرَّفَ یَتَصَرَّفُ، تَضَارَبَ یَتَضَارَبُ، تَدَحْرَجَ یَتَدَحْرَجُ۔ان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بابوں کی ماضی کے شروع میں تا زائدہ مطّرد ہے لہٰذا ان کے مضارع معلوم کے آخری حرف سے پہلے حرف پر فتحہ پڑھتے ہیں۔ اور جس باب کی ماضی کے شروع میں تا زائدہ مطّرد نہ ہو اس کے آخر سے پہلے حرف کو حرکت کسرہ کی دینی واجب ہے۔ نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ ماضی میں تائے زائدہ مطّرد ہ بالکل نہ ہو جیسا کہ اَکْرَمَ یُکْرِمُ، کَرَّمَ یُکَرِّمُ، ضَارَبَ یُضَارِبُ، دَحْرَجَ یُدَحْرِجُ۔ ان بابوں کی ماضی کے شروع میں تائے زائدہ مطّرد ہ نہیں ہے اس لئے ان کے مضارع معلوم میں آخر سے پہلے حرف پر کسرہ پڑھتے ہیں۔ دوسری یہ کہ ماضی میں تائے زائدہ مطّرد ہ ہو لیکن شروع میں نہ ہو جیسا کہ اِکْتَسَبَ یَکْتَسِبُ، اِسْتَخْرَجَ یَسْتَخْرِجُ۔ ان بابوں کی ماضی کے شروع میں تائے زائدہ مطّرد ہ نہیں ہے اس لئے ان کے مضارع معلوم میں آخر سے پہلے حرف پر کسرہ پڑھتے ہیں۔ سوائے ثلاثی مجرّد کے ابواب کے۔ کیونکہ ان کے مضارع معلوم کے آخر کا ماقبل ایک حال پر نہیں ہوتا۔ جیسا کہ ضَرَبَ یَضْرِبُ، نَصَرَ یَنْصُرُ، عَلِمَ یَعْلَمُ۔ پہلے میں عین کلمہ مکسور دوسرے میں مضموم اور تیسرے میں مفتوح ہے۔

قانون نمبر ۳۲

قانون کا نام: ۔یَعِدُ تَعِدُ والا قانون

قانون کا حکم: ۔یہ قانون مکمل وجوبی ہے

قانون کا مطلب: ۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ باب ہو مثال واوی کا اور قیاس ہو مَنَعَ یَمْنَعُ پر، یا باب ہو مثال واوی کا اور اس کی ماضی کلام عرب میں نہ پائی گئی ہو، یا باب ہو مثال واوی کا اور اس کا مضارع یَفْعِلُ کے وزن پر ہو تو ان تینوں صورتوں میں ان کے مضارع معلوم میں فا کلمے کو حذف کرنا واجب ہے مثال اسکی کہ وہ باب قیاس ہو مَنَعَ یَمْنَعُ پر جیسے وَضَعَ یَضَعُ کہ اصل میں یَوْضَعُ تھا مثال اسکی کہ اس باب کی ماضی کلام عرب میں نہ پائی گئی ہو جیسے یَدَعُ، یَذَرُ کہ اصل میں یَوْدَعُ، یَوْذَرُ تھے مثال اسکی کہ اس کا مضارع یَفْعِلُ کے وزن پر ہو جیسے یَعِدُ، یَرِمُ کہ اصل میں یَوْعِدُ، یَوْرِمُ تھے۔ لہٰذا اس قانون کی بنا پر ان کے فاکلمہ کو حذف کر دیا تو یَضَعُ، یَدَعُ، یَذَرُ، یَعِدُ، یَرِمُ ہو گئے اور جو باب مثال واوی کے فَعِلَ یَفْعَلُ پر قیاس ہیں ان میں سے صرف دو بابوں میں فاکلمہ کو حذف کیا جائے گا۔ وہ دو باب یہ ہیں وَسِعَ یَسَعُ اور وَطِئَ یَطَأُ اصل میں یَوْسَعُ، یَوْطَأُ تھا واؤ کو اس قانون کی بنا پر حذف کر دیا یَسَعُ، یَطَأُ ہو گیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿فعل مضارع کی گردان سننے اور اُس میں قانون لگانے کا طریقہ﴾

اُستاذ : يُكْرِمُ سے فعل مضارع معلوم کی گردان سنائیں۔

شاگرد : يُكْرِمُ. يُكْرِمَانِ. يُكْرِمُوْنَ۔الخ

استاذ : يُكْرِمُ. يُكْرِمَانِ. يُكْرِمُوْنَ. الخ ان میں کتنے اور کون کونسے قانون لگے ہیں

شاگرد : دو قانون لگے ہیں نمبر۔ا۔ ماضی چار حرفی والا وہ یوں کہ ہر وہ باب کہ اُس کی ماضی میں چار حرف ہوں تو اسکے مضارع معلوم میں حروف اتین کو حرکت ضمہ کی دینی واجب ہے تو یہاں بھی اس کی ماضی (اَكْرَمَ) میں چار حرف ہیں لہٰذا اس کے مضارع معلوم میں حروف اتین کو حرکت ضمہ کی دینی واجب ہے نمبر ۲۔ تائے زائدہ مطردہ والا وہ یوں کہ جس باب کی ماضی میں تائے زائدہ مطردہ نہ ہو تو اس کے مضارع معلوم میں آخر سے ماقبل کو حرکت کسرہ کی دینی واجب ہے تو یہاں بھی اس کی ماضی میں تائے زائدہ مطردہ نہیں لہٰذا اسکے مضارع معلوم میں آخر کے ماقبل کو حرکت کسرہ کی دینی واجب ہے۔

استاذ : يَعِدُ سے فعل مضارع معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد : يَعِدُ. يَعِدَانِ. يَعِدُوْنَ. تَعِدُ. تَعِدَانِ. يَعِدْنَ۔الخ

استاذ : يَعِدُ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون سا قانون لگا ہے؟

شاگرد : يَعِدُ اصل میں يَوْعِدُ تھا پھر يَعِدُ تَعِدُ والے قانون کے تحت واؤ کو گرادیا۔ يَعِدُ ہو گیا۔

استاذ : يَقُوْلُ سے فعل مضارع کی گردان سنائیں۔

شاگرد : يَقُوْلُ. يَقُوْلَانِ. يَقُوْلُوْنَ. تَقُوْلُ. تَقُوْلَانِ. يَقُلْنَ. الخ

استاذ : يَقُوْلُ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون سا قانون لگا ہے؟

شاگرد : يَقُوْلُ اصل میں يَقْوُلُ تھا پھر يَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کے ذریعے واو کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور واؤ کو برحال چھوڑ دیا۔

استاذ : يَمُدُّ سے فعل مضارع معلوم کی گردان کریں۔ یہ بھی واضح کریں مضاعف ثلاثی سے مضارع کی گردان میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کتنے صیغوں کے اندر ادغام ہوگا اور کتنے صیغوں کے اندر ادغام کرنا منع ہے۔

شاگرد : یَمُدُّ۔ یَمُدَّانِ۔ یَمُدُّوْنَ۔ تَمُدُّ۔ تَمُدَّانِ۔ یَمْدُدْنَ۔ (الخ) مضاعف ثلاثی سے فعل مضارع کی گردان کے ۱۲ صیغوں میں ادغام ہوگا اور جمع مؤنث کے دو صیغوں میں ادغام کرنا منع ہے کیونکہ ان میں دو حرف متجانسین میں سے ثانی کا سکون ضمیر کے ملنے کی وجہ سے ہے اور جہاں ثانی کا سکون ضمیر کے ملنے کیوجہ سے ہو تو وہاں پر ادغام کرنا منع ہے اور اسی طرح مضاعف ثلاثی سے باب تَفْعِیْل اور تَفَعُّل کی ماضی اور مضارع وغیرہ کی گردانوں میں بھی ادغام نہیں ہوگا کیونکہ ان میں پہلا متجانسین مدغم فیہ ہے جیسے مَدَّدَ۔ یُمَدِّدُ۔ تَمَدَّدَ۔ یَتَمَدَّدُ

استاذ : یَدْعُوْ ناقص سے فعل مضارع معلوم کی گردان سنائیں۔

شاگرد : استاذ جی! جیسے آپ نے ناقص کی ماضی کی گردانوں کو یاد کرنے کے لیے قیمتی علامات کے ساتھ ایک بڑا آسان طریقہ ارشاد فرمایا تھا جس کی وجہ سے ناقص کی ماضی کی گردانوں کو یاد کرنا آسان ہو گیا تھا ایسا ہی طریقہ اگر ناقص کے مضارع میں ارشاد فرمادیں تو آپ کی بڑی نوازش ہوگی۔

﴿ناقص اور لفیف کے مضارع کی گردانوں کو یاد کرنے کا آسان طریقہ﴾

اُستاذ : میرے عزیز طلباء سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ ناقص کی ماضی کی طرح ناقص کے مضارع معلوم کی گردانوں کے اندر بھی تین نمونے (نقشے) ہیں۔

نمبر ۱۔ مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں واو ما قبل مضموم ہو جیسے یَدْعُوْ۔ یَنْهُوْا

نمبر ۲۔ مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہو جیسے یَجْتِیْ۔ یَرْمِیْ

نمبر ۳۔ مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہو جیسے یَرْضٰی۔ یَخْشٰی

علامات مھمہ

دوسری بات یہ ذہن نشین کرلیں کہ ناقص کے فعل مضارع کے صیغوں میں بالخصوص جمع مذکر غائب و حاضر و جمع مؤنث غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر کے صیغوں میں اشتباہ پیدا ہو جاتا ہے اور ان میں امتیاز کرنا مشکل ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جاتا ہے لہٰذا اللہ پاک کے فضل و کرم سے چند ایسی قیمتی علامات مقرر کی گئی ہیں کہ اگر ان علامات کو یاد کر لیا جائے تو ان صیغوں کے درمیان امتیاز میں اور پوری گردان کو یاد کرنے میں آسانی ہو جائے گی۔

نمونہ نمبر ۱ کی علامات:۔ اگر ناقص کے مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں یا قبل مکسور ہو جیسے یَجْتِيْ یَرْمِي تو اسکے جمع مذکر کے آخر میں تُوْنَ یا اس کے ہمشکل کوئی اور لفظ مُوْنَ، عُوْنَ وغیرہ آئے گا جیسے یَجْتُوْنَ، یَرْمُوْنَ، یُدْعُوْنَ، (بابِ افعال) یُدَعُّوْنَ، (بابِ تفعیل) اور جمع مؤنث غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر کے آخر میں تِيْنَ یا اس کے ہمشکل کوئی اور لفظ مِيْنَ، عِيْنَ وغیرہ آئے گا جیسے یَجْتِيْنَ، تَجْتِيْنَ، یَرْمِيْنَ، تَرْمِيْنَ، تُدْعِيْنَ، تُدَعِّيْنَ (واحد مؤنث حاضر اور جمع مؤنث حاضر کے صیغے ایک جیسے آئیں گے فرق اصل کے لحاظ سے ہو گا) اور تثنیہ کے آخر میں یانِ کا لفظ آئے گا جیسے یَجْتِيَانِ، یَرْمِيَانِ۔ اور باقی پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم و جمع متکلم) کے آخر میں تِيْ کا لفظ یا اسکے ہمشکل کوئی اور لفظ مِيْ، عِيْ وغیرہ آئیگا جیسے یَجْتِيْ، تَجْتِيْ، یَرْمِيْ، تَرْمِيْ، یُدْعِيْ، تُدْعِيْ، اُدْعِيْ، نُدْعِيْ۔

نمونہ نمبر ۲ کی علامات:۔ اگر ناقص کے فعل مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہو جیسے یَرْضٰی، یَخْشٰی تو اس کے جمع مذکر کے آخر میں ضَوْنَ یا اس کے ہمشکل کوئی اور لفظ شَوْنَ، عَوْنَ وغیرہ آئے گا جیسے یَرْضَوْنَ، یَخْشَوْنَ، یُدْعَوْنَ اور اس کی جمع مؤنث غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر کے آخر میں ضَيْنَ یا اس کے ہمشکل کا کوئی اور لفظ شَيْنَ، مَيْنَ، عَيْنَ وغیرہ آئے گا جیسے:۔ یَرْضَيْنَ، تَرْضَيْنَ، یَخْشَيْنَ، تَخْشَيْنَ، یَتَدَعَّيْنَ، تَتَدَعَّيْنَ (اس نمونہ میں بھی واحد مؤنث حاضر اور جمع مؤنث حاضر کے صیغے ایک جیسے آئیں گے فرق اصل کے لحاظ سے ہو گا) اور تثنیہ کے صیغوں کے آخر میں یانِ کا لفظ آئے گا جیسے یَرْضَيَانِ، یُدْعَيَانِ، یَتَدَعَّيَانِ اور باقی پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، جمع متکلم) کے آخر میں ضٰی یا اس کے ہمشکل کا کوئی اور لفظ شٰی، عٰی وغیرہ آئے گا جیسے: یَرْضٰی، تَرْضٰی، یَخْشٰی، تَخْشٰی، یَتَدَعّٰی، تَتَدَعّٰی۔

نمونہ نمبر ۳ کی علامات:۔ اگر ناقص کے فعل مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں واوٗ ما قبل مضموم ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جیسے: یَدْعُوْ، یَنْھُوْ تو جمع مذکر اور جمع مؤنث دونوں صیغوں کے آخر میں عُوْنَ یا اس کے ہمشکل کوئی اور لفظ ھُوْنَ، لُوْنَ وغیرہ آئے گا جیسے یَدْعُوْنَ، تَدْعُوْنَ، یَنْھُوْنَ، تَنْھُوْنَ، یَتْلُوْنَ، تَتْلُوْنَ، (ناقص واوی سے جمع مذکر اور جمع مؤنث کے صیغوں میں فرق یہ ہے کہ جمع مؤنث کا صیغہ اپنی اصل پر ہے اور جمع مذکر کا صیغہ قانون لگنے کے بعد یَدْعُوْنَ، تَدْعُوْنَ، بنا ہے) اور واحد مؤنث کے آخر میں عِیْنَ یا اس کے ہمشکل کا کوئی اور لفظ ھِیْنَ، لِیْنَ وغیرہ آئے گا جیسے: تَدْعِیْنَ، تَنْھِیْنَ، تَتْلِیْنَ اور تثنیہ کے آخر میں وَانِ کا لفظ آئیگا جیسے یَدْعُوَانِ، یَنْھُوَانِ، یَتْلُوَانِ اور باقی پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم و جمع متکلم) کے آخر میں عُوْ یا اس کی شکل کا کوئی اور لفظ ھُوْ، لُوْ وغیرہ آئیگا جیسے یَدْعُوْ، تَدْعُوْ، یَنْھُوْ، تَنْھُوْ، یَتْلُوْ، تَتْلُوْ، اَتْلُوْ، نَتْلُوْ وغیرہ۔

تیسری بات:۔ جب آپ نے ان تین نمونوں کی گردانوں کی علامات کو سمجھ لیا تو اب بندہ آپ کی آسانی کے لیے ان تین نمونوں میں سے ہر ایک نمونہ کی گردان لکھتا ہے ان علامات کو سامنے رکھ کر ان گردانوں کو خوب (رٹا لگا کر) یاد کر لیں انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک کے فضل و کرم سے ناقص کے مضارع کی تمام گردانوں کا یاد کرنا آسان ہو جائے گا

﴿نمونہائے ثلاثہ﴾

نمونہ نمبر۱		نمونہ نمبر۲		نمونہ نمبر۳	
ناقص کے مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہو		ناقص کے مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہو		ناقص کے مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں واو ما قبل مضموم ہو	
ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی
یَجْتِیْ	یَرْمِیْ	یَرْضٰی	یَخْشٰی	یَدْعُوْ	یَنْھُوْ
یَجْتِیَانِ	یَرْمِیَانِ	یَرْضَیَانِ	یَخْشَیَانِ	یَدْعُوَانِ	یَنْھُوَانِ
یَجْتُوْنَ	یَرْمُوْنَ	یَرْضَوْنَ	یَخْشَوْنَ	یَدْعُوْنَ	یَنْھُوْنَ
تَجْتِیْ	تَرْمِیْ	تَرْضٰی	تَخْشٰی	تَدْعُوْ	تَنْھُوْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَجْثِيَانِ	تَرْمِيَانِ	تَرْضَيَانِ	تَخْشَيَانِ	تَدْعُوَانِ	تَنْهُوَانِ
يَجْثِيْنَ	يَرْمِيْنَ	يَرْضَيْنَ	يَخْشَيْنَ	يَدْعُوْنَ	يَنْهُوْنَ
تَجْثِيْ	تَرْمِيْ	تَرْضٰى	تَخْشٰى	تَدْعُوْ	تَنْهُوْ
تَجْثِيَانِ	تَرْمِيَانِ	تَرْضَيَانِ	تَخْشَيَانِ	تَدْعُوَانِ	تَنْهُوَانِ
تَجْثُوْنَ	تَرْمُوْنَ	تَرْضَوْنَ	تَخْشَوْنَ	تَدْعُوْنَ	تَنْهُوْنَ
تَجْثِيْنَ	تَرْمِيْنَ	تَرْضَيْنَ	تَخْشَيْنَ	تَدْعِيْنَ	تَنْهِيْنَ
تَجْثِيَانِ	تَرْمِيَانِ	تَرْضَيَانِ	تَخْشَيَانِ	تَدْعُوَانِ	تَنْهُوَانِ
تَجْثِيْنَ	تَرْمِيْنَ	تَرْضَيْنَ	تَخْشَيْنَ	تَدْعُوْنَ	تَنْهُوْنَ
أَجْثِيْ	أَرْمِيْ	أَرْضٰى	أَخْشٰى	أَدْعُوْ	أَنْهُوْ
نَجْثِيْ	نَرْمِيْ	نَرْضٰى	نَخْشٰى	نَدْعُوْ	نَنْهُوْ

فائدہ:

لفیف کے مضارع کی گردان آخر سے بالکل ناقص کے مضارع کی طرح ہے جیسے یَقِيْ (آخر سے) یَرْوِیْ، یَطْوِیْ، وغیرہ کی گردان (آخر سے) یَجْثِيْ اور یَرْمِيْ کی گردان کی طرح ہے اور یَوْجَیْ، یَقْوٰی، یَحْیٰی وغیرہ کی گردان (آخر سے) یَرْضٰی کی طرح ہے۔ بطور نمونہ لفیف مفروق و مقرون کے مضارع کی ایک ایک گردان لکھی جاتی ہے۔

از لفیف مفروق: یَقِيْ، یَقِیَانِ، یَقُوْنَ، تَقِيْ، تَقِیَانِ، یَقِیْنَ، تَقِيْ، تَقِیَانِ، تَقُوْنَ، تَقِیْنَ، تَقِیَانِ، تَقِیْنَ، أَقِيْ، نَقِيْ،

از لفیف مقرون: یَقْوٰی، یَقْوَیَانِ، یَقْوَوْنَ، تَقْوٰی، تَقْوَیَانِ، یَقْوَیْنَ، تَقْوٰی، تَقْوَیَانِ، تَقْوَوْنَ، تَقْوَیْنَ، تَقْوَیَانِ، تَقْوَیْنَ، أَقْوٰی، نَقْوٰی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھی بات :۔

﴿ناقص کے مضارع میں قانون لگانے کا آسان انداز﴾

نمونہ نمبرا : ناقص واوی کے فعل مضارع کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو جیسے یَجْثِی. اس نمونہ کی گردان میں قانون لگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس گردان کے صیغوں کو چار حصوں میں تقسیم کرلیں : نمبرا۔ وہ صیغے جن میں صرف ایک ایک قانون لگا ہے وہ کل چھ صیغے ہیں چار تثنیہ اور دو جمع مؤنث کے۔ تثنیہ کے چار صیغوں میں صرف دُعِیَ والا قانون لگا ہے وہ اس طرح کہ ایک یَجْثِیَانِ اور تین تَجْثِیَانِ اصل میں یَجْثِوَانِ اور تَجْثِوَانِ تھے واؤ لام کلمہ کے مقابلہ میں واقع ہے اور ماقبل مکسور ہے تودُعِیَ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا تو یَجْثِیَانِ، تَجْثِیَانِ ہو گیا اور جمع مؤنث کے دو صیغوں میں صرف مِیعَادٌ والا قانون لگا ہے وہ اس طرح کہ یَجْثِیْنَ، تَجْثِیْنَ اصل میں یَجْثِوْنَ، تَجْثِوْنَ تھے واؤ ساکن ماقبل مکسور ہے مِیعَادٌ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا تو یَجْثِیْنَ، تَجْثِیْنَ ہو گئے۔ نمبر ۲ : وہ صیغے جن میں دو قانون لگے ہیں اور ایسے صیغے پانچ ہیں واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم وہ اس طرح کہ یَجْثِیْ۔ تَجْثِیْ۔ أَجْثِیْ۔ نَجْثِیْ اصل میں یَجْثِوُ۔ تَجْثِوُ۔ أَجْثِوُ۔ نَجْثِوُ تھے تودُعِیَ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا تو یَجْثِیُ (الخ) ہو گیا یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کے تحت یاء کے ضمہ کو گرادیا تو یَجْثِیْ (الخ) ہو گیا۔ نمبر ۳ : وہ صیغے جن میں تین قانون لگے ہیں وہ ایک واحد مؤنث حاضر کا صیغہ ہے جیسے تَجْثِیْنَ اصل میں تَجْثِوِیْنَ تھا دُعِیَ والے قانون کے ساتھ واؤ کو یا سے بدلا دیا تَجْثِیِیْنَ ہو گیا پھر یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کے تحت یا کے کسرہ کو گرادیا تَجْثِیْیْنَ ہو گیا پھر ایک یا کو التقاءِ ساکنین کی وجہ سے گرادیا تَجْثِیْنَ ہو گیا۔ نمبر ۴ : وہ صیغے جن میں چار قانون لگے ہیں وہ دو صیغے ہیں جمع مذکر غائب، جمع مذکر حاضر اور وہ قانون یوں لگے ہیں کہ یَجْثُوْنَ، تَجْثُوْنَ اصل میں یَجْثِوُوْنَ، تَجْثِوُوْنَ تھے تو دُعِیَ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو یا سے بدل دیا۔ یَجْثِیُوْنَ، تَجْثِیُوْنَ ہو گئے پھر یَدْعُوْ، تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے یاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کاضمہ نقل کر کے ماقبل کو دے دیا یَجْثُیُوْنَ اور تَجْثُیُوْنَ ہو گئے تو پھر یُوْسَرُ والے قانون کی وجہ سے یاء کو واؤ سے بدل دیا تو یَجْثُوُوْنَ اور تَجْثُوُوْنَ ہو گئے پھر ایک واؤ کو التقائے ساکنین کی وجہ سے گرا دیا تو یَجْثُوْنَ اور تَجْثُوْنَ ہو گئے۔

اور اگر ناقص یائی کے فعل مضارع معلوم کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہو جیسے یَرْمِیْ تَرْمِیْ الٰی اٰخِرِہٖ اس نمونہ کی گردان کے صیغوں میں قانون لگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس نمونہ کی گردان میں چودہ صیغوں میں سے چھ صیغے نکال لیں چار تثنیہ کے (ایک یَرْمِیَانِ اور تین تَرْمِیَانِ) اور دو جمع مؤنث کے (یَرْمِیْنَ ، تَرْمِیْنَ) یہ چھ صیغے اپنی اصل پر ہیں باقی آٹھ صیغوں میں وہی قانون لگیں گے جو یَجْثِیْ کی گردان کے ان آٹھ صیغوں میں لگے ہیں لیکن تھوڑا سا فرق ہے کہ یہاں یَرْمِیْ کی گردان میں آٹھ صیغوں میں دُعِیَ والا اور مِیْعَادٌ والا قانون نہیں لگے گا کیونکہ ان میں پہلے ہی یا موجود ہے۔

نمونہ نمبر ۲: اگر ناقص واوی کے فعل مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہو جیسے یُرْضٰی تو اس نمونہ کی گردان میں قانون لگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس گردان کے صیغوں کو چار حصوں میں تقسیم کر لیں۔

نمبر۱: وہ صیغے جن میں صرف ایک قانون لگا ہے اور ایسے صیغے چھ ہیں۔ چار تثنیہ کے اور دو جمع مؤنث کے۔ ان میں صرف یُدْعَیَانِ ، تُدْعَیَانِ والا قانون لگا ہے وہ اس طرح کہ یَرْضَیَانِ، تَرْضَیَانِ (الخ) یَرْضَیْنَ، تَرْضَیْنَ (الخ) اصل میں یَرْضَوَانِ، تَرْضَوَانِ (الخ) یَرْضَوْنَ ، تَرْضَوْنَ تھے اب یہاں واؤ چوتھی جگہ واقع ہوئی اور اصل میں تیسری جگہ تھی اور ما قبل کی حرکت مخالف ہے یعنی فتحہ ہے لہٰذا یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا تو یَرْضَیَانِ، تَرْضَیَانِ (الخ) یَرْضَیْنَ، تَرْضَیْنَ ہو گئے

نمبر ۲: وہ صیغے جن میں دو قانون لگے ہیں اور ایسے صیغے پانچ ہیں۔ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم وہ اس طرح کہ یَرْضٰی، تَرْضٰی اَرْضٰی، نَرْضٰی اصل میں یَرْضَوُ، تَرْضَوُ، اَرْضَوُ، نَرْضَوُ تھے تو یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدلا تو یَرْضَیُ، تَرْضَیُ (الخ) ہو گیا اب یا متحرک ما قبل مفتوح ہے لہٰذا قَالَ والے قانون کی وجہ سے یا کو الف کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساتھ بدل دیا یَرْضٰی، تَرْضٰی (الخ) ہو گیا۔ نمبر ۳: وہ صیغے جن میں تین قانون لگے ہیں ایسے صیغے تین ہیں جمع مذکر غائب، جمع مذکر حاضر، واحد مؤنث حاضر وہ قانون اس طرح لگے ہیں کہ یَرْضَوْنَ، تَرْضَوْنَ تَرْضَیْنَ اصل میں یَرْضَوُوْنَ، تَرْضَوُوْنَ، تَرْضَوِیْنَ تھے۔ یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ والے قانون کے تحت واؤ کو یاء سے بدل دیا یَرْضَیُوْنَ، تَرْضَیُوْنَ، تَرْضَیِیْنَ ہو گئے پھر قَالَ والے قانون کی وجہ سے یا کو الف کے ساتھ بدلا دیا یَرْضَاوْنَ، تَرْضَاوْنَ، تَرْضَایْنَ ہو گئے پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے الف کو حذف کر دیا۔ یَرْضَوْنَ، تَرْضَوْنَ، تَرْضَیْنَ ہو گئے۔

اور اگر ناقص یائی کے فعل مضارع کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہو جیسے یَخْشٰی اس نمونہ کی گردان میں قانون لگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس نمونہ کی گردان کے چودہ صیغوں میں سے چھ صیغے نکال لیں چار تثنیہ کے یَخْشَیَانِ، تَخْشَیَانِ (الخ) اور دو جمع مؤنث کے یَخْشَیْنَ، تَخْشَیْنَ تو یہ چھ صیغے اپنی اصل پر ہیں باقی آٹھ صیغوں میں وہی قانون لگیں گے جو یَرْضٰی کی گردان میں ان آٹھ صیغوں میں لگے ہیں صرف اتنا فرق ہے کہ ان آٹھ صیغوں میں یُدْعَیَانِ، تُدْعَیَانِ والا قانون نہیں لگے گا کیونکہ اس قانون کو لگانے کا مقصد واؤ کو یا سے بدلنا اور یہاں یَخْشٰی والی گردان میں تو یا پہلے ہی سے موجود ہے۔

نمونہ (نقشہ) نمبر ۳:۔ اگر ناقص واوی کے فعل مضارع معلوم کے پہلے صیغے کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم ہو جیسے یَدْعُوْ تو اس نمونے کی گردان میں قانون لگانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس نمونہ کی گردان کے چودہ صیغوں میں سے چھ صیغے نکال لیں چار تثنیہ کے (یَدْعُوَانِ اور تین تَدْعُوَانِ) اور دو جمع مؤنث کے (یَدْعُوْنَ، تَدْعُوْنَ) تو یہ چھ صیغے اپنی اصل پر ہیں باقی آٹھ صیغوں میں قانون لگے ہیں اس کی تفصیل یہ ہے کہ پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم) میں صرف ایک قانون یَدْعُوْ، تَدْعُوْ والا لگا ہے وہ یوں کہ یَدْعُوْ تَدْعُوْ اصل میں یَدْعُوُ تَدْعُوُ تھے واؤ پر ضمہ ثقیل تھا یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کے تحت اس کو گرا دیا یَدْعُوْ تُدْعُوْ الخ ہو گیا اور جمع مذکر کے دو صیغوں میں دو قانون لگے ہیں وہ اس طرح کہ یَدْعُوْنَ، تَدْعُوْنَ اصل میں یَدْعُوُوْنَ تَدْعُوُوْنَ تھے یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے واؤ کے ضمہ کو گرا دیا تو یَدْعُوْوْنَ اور تَدْعُوْوْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک واؤ کو گرادیا یَدْعُوْنَ تَدْعُوْنَ ہو گیا اور واحد مؤنث حاضر تَدْعِیْنَ اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔ یَدْعُوْ، تَدْعُوْ والے قانون کی نقل والی ایک صورت پائی گئی ہے لہٰذا واؤ کا کسرہ نقل کر کے ما قبل عین کو دے دیا تَدْعِوْیْن ہو گیا۔ پھر مِیْعَادٌ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو یاء سے بدل دیا تَدْعِیْیْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے ایک یاء کو گرادیا تَدْعِیْنَ ہو گیا۔

اگر ناقص یائی کے فعل مضارع معلوم کے پہلے صیغے کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم ہو جیسے یَنْهُوْ اس کی گردان شکل اور پڑھنے کے اعتبار سے بعینہ یَدْعُوْ والی گردان کی طرح ہے لیکن قوانین کے اجراء کے لحاظ سے تھوڑا سا فرق ہے اور وہ یہ ہے کہ یَنْهُوْ والی گردان میں مزید دو قانون اور بھی لگے ہیں :۔ ا۔ یُوْسَرُ والا قانون، ۲۔ رَمُوَ والا۔ یُوْسَرُ والا قانون صرف جمع مؤنث کے دو صیغوں میں لگے گا وہ یوں کہ یَنْهُوْنَ، تَنْهُوْنَ، اصل میں یَنْهُیْنَ، اور تَنْهُیْنَ تھے یا ساکن مظہر ما قبل مضموم ہے لہٰذا یُوْسَرُ والے قانون کے تحت یا کو واوَ سے بدل دیا۔ یَنْهُوْنَ، تَنْهُوْنَ ہو گیا اور باقی بارہ صیغوں میں رَمُوَ والا قانون لگا ہے جیسے : یَنْهُوْ، یَنْهُوَانِ، (الخ) اصل میں یَنْهُیُ اور یَنْهُیَانِ (الخ) تھے اب واوَ ہے لام کلمہ کے مقابلے میں ہے ما قبل مضموم ہے لہٰذا رَمُوَ والے قانون کے تحت یا کو واوَ سے بدل دیا تو یَنْهُوُ، یَنْهُوَانِ (الخ) ہو گئے پھر یَنْهُوُ، تَنْهُوُ وغیرہ میں واوَ کے ضمہ کو یَدْعُوْ اور تَدْعُوْ والے قانون کے تحت گرادیا تو یَنْهُوْ، تَنْهُوْ ہو گیا۔

﴿صرفی میزائل﴾

ناقص کے مضارع کے ان تین نمونوں (نقشوں) کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ

جب آپ نے ناقص کے مضارع معلوم کے ان تین نمونوں (نقشوں) کو یاد کر لیا اور ان میں قوانین کا اجراء بھی کر لیا اور یہ بھی جان لیا کہ کتنے صیغوں میں قانون لگے ہیں اور کتنے صیغے اپنی اصل پر ہیں تو اب ان تین نمونوں کی قوت کو عام فہم انداز میں سمجھیں وہ یوں کہ

یَجْتِیْ اور یَرْمِیْ والے نمونہ کی مثال غوری میزائل کی طرح ہے

اور یَرْضٰی اور یَخْشٰی والے نمونے کی مثال غزنوی میزائل کی طرح ہے

اور یَدْعُوْ اور یَنْهُوْ والے نمونے کی مثال شاہین میزائل کی طرح ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اب نعرہ تکبیر لگا کر سب سے پہلے غوری میزائل چلائیں وہ یوں کہ

جس طالب علم نے یَجْتِیْ اور یَرْمِیْ والے نمونہ کی گردان یاد کرلی اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی مضارع کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہے جیسے ناقص اور لفیف کے باب افعال، تفعیل، مفاعلہ، افتعال، استفعال، انفعال وغیرہ ان سب کے مضارع معلوم کے پہلے صیغے کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہے جیسے یُدْعِیْ۔ یُرْمِیْ یُوْقِیْ۔ یُدَعِّیْ۔ یُرَمِّیْ۔ یُوَقِّیْ یَدَّعِیْ۔ یَتَّقِیْ۔ یَسْتَدْعِیْ۔ یَسْتَرْمِیْ۔ یَسْتَوْقِیْ وغیرہ ان سب کی گردانیں یَجْتِیْ اور یَرْمِیْ کی گردان کی طرح ہیں یعنی جو الفاظ اور شکل یَجْتِیْ کی گردان میں صیغوں کے آخر کی ہے وہی الفاظ اور شکل ان گردانوں میں صیغوں کے آخر کی ہے لہٰذا یَجْتِیْ اور یَرْمِیْ والی گردان کے نمونے کو خوب یاد کرلیں پھر مضارع کے نقشے میں سے باقی گردانوں کے پہلے صیغے کو کم از کم دس مرتبہ پڑھ کر پھر اس کی گردان کو آخر سے یَجْتِیْ اور یَرْمِیْ کی گردان کی طرح پڑھیں اور بار بار پڑھتے رہیں یہاں تک کہ ایک گردان کو ایک سانس میں پڑھ سکیں انشاء اللہ اس طرح سے گردانیں آپ کو ازبر ہو جائیں گی۔

اپنے عزیز طلباء کی آسانی کے لیے ثلاثی مزید سے ناقص کے مضارع کی ایک گردان مکمل لکھی جاتی ہے۔ یُدْعِیْ، یُدْعِیَانِ، یُدْعُوْنَ، تُدْعِیْ، تُدْعِیَانِ، یُدْعِیْنَ، تُدْعِیْ، تُدْعِیَانِ، تُدْعُوْنَ، تُدْعِیْنَ، تُدْعِیَانِ، تُدْعِیْنَ، اُدْعِیْ، نُدْعِیْ اس نمونہ کی ناقص اور لفیف سے مزید وغیرہ کی باقی گردانوں کو اسی ایک گردان پر قیاس کر کے یاد کرلیں۔

نکتہ: ناقص اور لفیف سے ثلاثی مزید اور رباعی مجرد و مزید کی مضارع معلوم کی تمام گردانوں کے پہلے صیغے کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہوتی ہے سوائے تین بابوں کے باب تفعّل، تفاعل، تفعلُل ان تین بابوں میں پہلے صیغے کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اب غزنوی میزائل چلائیں وہ یوں کہ

جس طالب علم نے یَرْضٰی اور یَخْشٰی والے نمونے کی گردان یاد کرلی اس نے اللہ کے فضل وکرم سے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کے مضارع مجہول کی تمام گردانیں یاد کرلیں

کیونکہ ان سب کے مضارع مجہول کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ماقبل مفتوح ہوتا ہے بس اتنا کرو کہ مضارع مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دے دو اگر پہلے ضمہ نہ ہو اور آخر سے پہلے حرف کو فتحہ دے دو اگر پہلے فتحہ نہ ہو۔

اور اسی طرح جس طالب علم نے یَرْضٰی اور یَخْشٰی والے نمونہ کی گردان یاد کرلی اُس نے اللہ پاک کے فضل وکرم سے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کے مضارع معلوم کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہے جیسے باب تَفَعّل، تَفَاعُل، تَفَعْلُل کے مضارع معلوم کے پہلے صیغے کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہوتا ہے جیسے یَتَدَعّٰی۔ یَتَرَمّٰی یَتَوَفّٰی اور جیسے یُدْعٰی۔ یُدَعّٰی۔ یُتَدَعّٰی الخ یُرْمٰی یُرَمّٰی یُتَرَمّٰی الخ یُوْفٰی یُوَفّٰی یُتَوَفّٰی (الخ) ان سب کی گردانیں آخر سے بالکل یَرْضٰی کی گردان کی طرح ہیں لہٰذا ان گردانوں کے پہلے صیغے کو خوب مضبوطی سے یاد کرلیں پھر پوری گردان کو یَرْضٰی والی گردان سے ملا کر اور آخر سے اس کے ہمشکل بنا کر بار بار پڑھیں انشاء اللہ یہ سب گردانیں آپ کو بہت تھوڑے وقت میں یاد ہو جائیں گی۔ اپنے عزیز طلباء کی آسانی کے لیے مضارع مجہول کی ایک گردان مکمل لکھی جاتی ہے:۔ یُدْعٰی ، یُدْعَیَانِ، یُدْعَوْنَ، تُدْعٰی، تُدْعَیَانِ، یُدْعَیْنَ، تُدْعٰی ،تُدْعَیَانِ ،تُدْعَوْنَ، تُدْعَیْنَ، تُدْعَیَانِ، تُدْعَیْنَ، اُدْعٰی، نُدْعٰی ناقص اور لفیف کے مضارع مجہول کی باقی گردانوں کو اسی گردان پر قیاس کرکے یاد کرلیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اب شاہین میزائل چلائیں وہ یوں کہ

جس طالبعلم نے یَدْعُو اور یَنْھُوْ والی گردان یاد کرلی اُس نے ناقص اور لفیف کے مضارع کی وہ تمام گردانیں یاد کرلیں جن کے پہلے صیغے کے آخر میں واوٗ ما قبل مضموم ہوتا ہے

جیسے یَتْلُوْ وغیرہ۔ لیکن یہ میزائل چھوٹا ہے کیونکہ اسکی افادیت ثلاثی مزید رباعی مجرد و مزید کی طرف متعَدّی (بڑھتی) نہیں ہوتی کیونکہ انکے مضارع میں کے پہلے صیغے کے آخر میں واوٗ ما قبل مضموم نہیں آتی کیونکہ ان سب میں کسی کا مضارع بھی مضموم العین نہیں ہوتا۔ واللہ اعلمُ بالصَّواب

طلباء کرام :۔ استاذ جی پہلے تو ہمیں ناقص اور لفیف بالخصوص دَعا۔ یَدْعُوْ کی گردانوں سے بہت ڈر لگتا تھا کہ ان کو کیسے یاد کریں الحمد للہ ان نمونوں کو نشانیوں کے ساتھ یاد کرنے کے بعد ناقص اور لفیف کی گردانیں ہمارے لیے ضَرَبَ یَضْرِبُ کی گردان کی طرح بن گئیں اور ان کو یاد کرنا آسان ہو گیا۔

استاذ : اللہ آپ کو دونوں جہانوں میں خوشیوں سے مالامال فرمائے۔ میری ان ٹوٹی پھوٹی باتوں میں اگر کوئی فائدہ آپ کو نظر آرہا ہے تو اس میں بندے کا کوئی کمال نہیں بلکہ یہ اللہ پاک کا ہم سب پر خصوصی فضل و کرم ہے جو طلباء کرام اور ایک خادم کے اجتماع کی وجہ سے شامل حال ہوا اللہ پاک کے اس خصوصی انعام کے شکر کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ ہم سب مل کر اللہ پاک کی حمد و ثناء و کبریائی کو بیان کریں اور ساتھ ہی یہ نیت کرلیں کہ پورے عالم میں قریہ قریہ بستی بستی اللہ کے دین کے مدرسے بنانے ہیں تاکہ ایک ایک فرد خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا، بچہ ہو یا بوڑھا اللہ پاک کے دین کو سیکھ کر اللہ پاک کو خوش کرنے والے اعمال میں لگ جائے تاکہ سب کی دنیا بھی سدھر جائے اور آخرت بھی بن جائے

طلباء کرام اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عرض :۔ اجراء کے اسی انداز کے ساتھ مضارع کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

☆ **نکتہ** :۔ جس طالب علم نے یَجْنِي اور یَرْمِي والی مضارع کی گردان میں قانون لگا لئے اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی مضارع کی ان تمام گردانوں میں قانون لگا لئے جن کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہے۔ جیسا کہ یُدْعِي اور یُرْمِي۔ یُدَعِّي اور یُرَمِّي الخ کی گردانوں میں بھی وہی قانون لگیں گے جو یَجْنِي، یَرْمِي والی گردان میں لگے ہیں۔

اور جس طالب علم نے یَرْضٰی اور یَخْشٰی والی مضارع کی گردان میں قانون لگا لئے اس نے ناقص اور لفیف کی مجرد اور مزید کی مضارع کی ان تمام گردانوں میں قانون لگا لئے جن کے آخر میں الف ما قبل مفتوح ہے۔ جیسے یَتَدَعّٰی ، یَتَرَمّٰی، یَتَرَامٰی والی گردان میں وہی قانون لگیں گے جو یَرْضٰی اور یَخْشٰی والی گردان میں لگے ہیں۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے فعل مضارع معلوم از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد			افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	یَضرِبُ	یَنصُرُ	یَفتَحُ	یُکرِمُ	یُکَرِّمُ	یَتَصَرَّفُ	یَتَضَارَبُ	یُضَارِبُ	یَکتَسِبُ	یَستَخرِجُ	یَنصَرِفُ
مثال واوی	یَعِدُ	یَوسُمُ	یَوجَلُ	یُوعِدُ	یُوَعِّدُ	یَتَوَعَّدُ	یَتَوَاعَدُ	یُوَاعِدُ	یَتَّعِدُ	یَستَوعِدُ	/
مثال یائی	یَیسِرُ	یَیمُنُ	یَیقَظُ	یُوسِرُ	یُیَسِّرُ	یَتَیَسَّرُ	یَتَیَاسَرُ	یُیَاسِرُ	یَتَّسِرُ	یَستَیسِرُ	/
اجوف واوی	یَطِیحُ	یَقُولُ	یَخَافُ	یُقِیلُ	یُقَوِّلُ	یَتَقَوَّلُ	یَتَقَاوَلُ	یُقَاوِلُ	یَقتَالُ	یَستَقِیلُ	یَنقَالُ
اجوف یائی	یَبِیعُ	یَغُوطُ	یَهَابُ	یُبِیعُ	یُبَیِّعُ	یَتَبَیَّعُ	یَتَبَایَعُ	یُبَایِعُ	یَبتَاعُ	یَستَبِیعُ	یَنبَاعُ
ناقص واوی	یَجثِی	یَدعُو	یَرضٰی	یُدعِی	یُدَعِّی	یَتَدَعّٰی	یَتَدَاعٰی	یُدَاعِی	یَدَّعِی	یَستَدعِی	یَندَعِی
ناقص یائی	یَرمِی	یَکنُو	یَسعٰی	یُرمِی	یُرَمِّی	یَتَرَمّٰی	یَتَرَامٰی	یُرَامِی	یَرتَمِی	یَستَرمِی	/
لفیف مفروق	یَقِی	/	یَوجٰی	یُوقِی	یُوَقِّی	یَتَوَقّٰی	یَتَوَاقٰی	یُوَاقِی	یَتَّقِی	یَستَوقِی	/
لفیف مقرون	یَروِی	/	یَقوٰی	یُروِی	یُرَوِّی	یَتَرَوّٰی	یَتَرَاوٰی	یُرَاوِی	یَرتَوِی	یَستَروِی	/
مہموز الفاء	یَأفِكُ	یَأخُذُ	یَئذَنُ	یُئمِرُ	یُئَمِّرُ	یَتَئَمَّرُ	یَتَئَامَرُ	یُئَامِرُ	یَئتَمِرُ	یَستَئمِرُ	یَنئَمِرُ
مہموز العین	یَزئِرُ	یَلئُمُ	یَسئَلُ	یُسئِلُ	یُسَئِّلُ	یَتَسَئَّلُ	یَتَسَائَلُ	یُسَائِلُ	یَستَئِلُ	یَستَسئِلُ	یَنسَئِلُ
مہموز اللام	یَهنِئُ	یَجرُءُ	یَقرَءُ	یُقرِءُ	یُقَرِّءُ	یَتَقَرَّءُ	یَتَقَارَءُ	یُقَارِءُ	یَقتَرِءُ	یَستَقرِءُ	یَنقَرِءُ
مضاعف ثلاثی	یَفِرُّ	یَمُدُّ	یَعَضُّ	یُمِدُّ	یُمَدِّدُ	یَتَمَدَّدُ	یَتَمَادُّ	یُمَادُّ	یَمتَدُّ	یَستَمِدُّ	/

مثال گردان: یَضرِبُ، یَضرِبَانِ، یَضرِبُونَ، تَضرِبُ، تَضرِبَانِ، یَضرِبنَ، تَضرِبُ، تَضرِبَانِ، تَضرِبُونَ، تَضرِبِینَ، تَضرِبَانِ، تَضرِبنَ، اَضرِبُ، نَضرِبُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے فعل مضارع مجہول از ابواب ثلاثی مجرد ومزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد	افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	یُضْرَبُ	یُکْرَمُ	یُکَرَّمُ	یُتَصَرَّفُ	یُتَضَارَبُ	یُضَارَبُ	یُکْتَسَبُ	یُسْتَخْرَجُ	یُنْصَرَفُ
مثال واوی	یُوْعَدُ	یُوْعَدُ	یُوَعَّدُ	یُتَوَعَّدُ	یُتَوَاعَدُ	یُوَاعَدُ	یُتَّعَدُ	یُسْتَوْعَدُ	/
مثال یائی	یُوْسَرُ	یُوْسَرُ	یُیَسَّرُ	یُتَیَسَّرُ	یُتَیَاسَرُ	یُیَاسَرُ	یُتَّسَرُ	یُسْتَیْسَرُ	/
اجوف واوی	یُقَالُ	یُقَالُ	یُقَوَّلُ	یُتَقَوَّلُ	یُتَقَاوَلُ	یُقَاوَلُ	یُقْتَالُ	یُسْتَقَالُ	یُنْقَالُ
اجوف یائی	یُبَاعُ	یُبَاعُ	یُبَیَّعُ	یُتَبَیَّعُ	یُتَبَایَعُ	یُبَایَعُ	یُبْتَاعُ	یُسْتَبَاعُ	یُنْبَاعُ
ناقص واوی	یُدْعٰی	یُدْعٰی	یُدَعّٰی	یُتَدَعّٰی	یُتَدَاعٰی	یُدَاعٰی	یُدَّعٰی	یُسْتَدْعٰی	یُنْدَعٰی
ناقص یائی	یُرْمٰی	یُرْمٰی	یُرَمّٰی	یُتَرَمّٰی	یُتَرَامٰی	یُرَامٰی	یُرْتَمٰی	یُسْتَرْمٰی	/
لفیف مفروق	یُوْقٰی	یُوْقٰی	یُوَقّٰی	یُتَوَقّٰی	یُتَوَاقٰی	یُوَاقٰی ،	یُتَّقٰی	یُسْتَوْقٰی	/
لفیف مقرون	یُرْوٰی	یُرْوٰی	یُرَوّٰی	یُتَرَوّٰی	یُتَرَاوٰی	یُرَاوٰی	یُرْتَوٰی	یُسْتَرْوٰی	/
مہموز الفاء	یُؤْمَرُ	یُؤْمَرُ	یُؤَمَّرُ	یُتَأَمَّرُ	یُتَأَامَرُ	یُؤَامَرُ	یُؤْتَمَرُ	یُسْتَأْمَرُ	یُنْأَمَرُ
مہموز العین	یُسْئَلُ	یُسْئَلُ	یُسَئَّلُ	یُتَسَئَّلُ	یُتَسَائَلُ	یُسَائَلُ	یُسْتَئَلُ	یُسْتَسْئَلُ	یُنْسَئَلُ
مہموز اللام	یُقْرَءُ	یُقْرَءُ	یُقَرَّءُ	یُتَقَرَّءُ	یُتَقَارَءُ	یُقَارَءُ	یُقْتَرَءُ	یُسْتَقْرَءُ	یُنْقَرَءُ
مضاعف ثلاثی	یُمَدُّ	یُمَدُّ	یُمَدَّدُ	یُتَمَدَّدُ	یُتَمَادُّ	یُمَادُّ	یُمْتَدُّ	یُسْتَمَدُّ	/

مکمل گردان: یُضْرَبُ، یُضْرَبَانِ، یُضْرَبُوْنَ، تُضْرَبُ، تُضْرَبَانِ، یُضْرَبْنَ، تُضْرَبُ، تُضْرَبَانِ، تُضْرَبُوْنَ، تُضْرَبِیْنَ، تُضْرَبَانِ، تُضْرَبْنَ، اُضْرَبُ، نُضْرَبُ.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

صیغہائے مضارعیّہ

صحیح	یَعْبُدُوْنَ	نُطْعِمُ	یُسَبِّحُ	یَتَفَکَّرُوْنَ	تَسْتَعْجِلُوْنَ
مثال	یَجِدُوْنَ	یُوْلِجُ	نَتَوَکَّلُ	یَقِفُ	یَذَرُوْنَ
اجوف	اَعُوْذُ	یُقِیْمُوْنَ	یُبَیِّنُ	یَتَلَاوَمُوْنَ	یُبَایِعْنَ
ناقص	نَتْلُوْا	یُعْطِیْ	یُزَکِّیْ	یَتَنَاجَوْنَ	یَنْبَغِیْ
لفیف	یُوْمِیْ	یُحْیِیْ	یَتَوَلَّوْنَ	یَتَّقُوْنَ	یَسْتَوْفُوْنَ
مضاعف	یَفِرُّ	یُضِلُّ	یَتَمَاسَّانِ	تُحَآجُّوْنَ	یَنْشَقُّ
مہموز	یَاْمُرُوْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	یُنَبِّیءُ	یَتَسَآءَلُوْنَ	یَسْتَنْبِئُوْنَ

صیغہائے مضارعیّہ

از ہفت اقسام وابواب مختلفہ

نَسْتَعِیْنُ	فَسَنُیَسِّرُہٗ	نَسْتَنْسِخُ	یَدَّخِرُوْنَ	سَنَسِمُہٗ	یَسْتَهْزِئُ
اَعِظُكَ	یُطَاقُ	نُداوِلُھَا	یُرَاؤُوْنَ	تُكَذِّبانِ	یَتَطَیَّبُ
یَتَخَبَّطُہٗ	یُحْیِ	وَیُمِیْتُ	یُقِیْمُوْنَ	نَعْبُدُكُمْ	نُخْرِجُكُمْ
تَعُدُّوْنَ	یُخٰدِعُوْنَ	نُمَتِّعُهُمْ	یَصَّعَّدُ	یَتَوَفّٰكُمْ	تَتَجَافٰی
یَهْتَدُوْنَ	یُوْقِنُوْنَ	یَتَوَکَّلُوْنَ	تُتْلٰی	یَسْتَغِیْثُوْنَ	یَذَّکَّرُ
مَنْ یَّشْتَرِیْ	یَسْتَبْشِرُوْنَ	یَضُرُّ	یُمْدِدْكُمْ	یُعْطِیْكَ	نُصَلِّیْ
نَرْجُوْ	یَخْشٰی	تَشَاؤُنَ	نَرٰی	یَشَّقَّقُ	یُؤَدِّیْ
یُبَیِّتُوْنَ	یَظُنُّوْنَ	یُرِیْدُ	یُنَبِّئُكُمْ	نَسُوْقُ	حَتّٰی یَلِجَ
نَدُلُّكُمْ	تُخْفِیْ	یُوْصِیْكُمْ	یُجَاهِدُوْنَ	نَرْجُوْ اللّٰهَ	اَنْ یَّنْفَعَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کے حالیہ اور اصل صیغوں کو پہچاننے کا طریقہ﴾

فعل مضارع کے ۱۴ صیغے ہیں ان میں سے ۵ صیغے نکال لیں واحد مذکر غائب' واحد مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد متکلم اور جمع متکلم جب ان پانچ صیغوں کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کا لاحق کریں گے تو ان کا ما قبل مفتوح ہو گا جیسے : یَضرِبُ، یَعِدُ، یَقُولُ، یَدعُو، یَرمِی، یَقِی، تَعلَمُ، اَکِیدُ، نَصبِرُ وغیرہ صیغوں میں جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ لاحق کریں گے اور شروع میں لام تاکید داخل کریں گے تو نون تاکید کا ماقبل مفتوح ہو جائے گا اور ان کی شکل یوں ہو جائے گی : لَیَضرِبَنَّ، لَیَعِدَنَّ، لَیَقُولَنَّ، لَیَدعُوَ نَّ، لَیَرمِیَنَّ، لَیَقِیَنَّ، لَتَعلَمَنَّ، لاکِیدَنَّ، لَنَصبِرَنَّ ان پانچ صیغوں میں اصل صیغوں کو پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع سے لام تاکید اور آخر سے نون تاکید کو ہٹاؤ اور آخری حرف پر ضمہ پڑھو خواہ لفظی ہو یا تقدیری (جیسے معتل اللام میں) تو اصلی صیغے کی پہچان ہو جائیگی لہٰذا لَیَقُولَنَّ میں اصل صیغہ یَقُولُ ہے۔لَنَبلُوَنَّ میں اصل صیغہ نَبلُوْ ہے اور لَنَسفَعًا (نون خفیفہ بشکل تنوین) میں اصل صیغہ نَسفَعُ ہے اور جمع مذکر غائب وحاضر کے دو صیغوں کے آخر میں جب نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ لاحق کریں گے تو نون تاکید کا ما قبل ہمیشہ مضموم ہو گا جیسے یَضرِبُونَ، تَضرِبُونَ، یَعِدُونَ، یَقُولُونَ، یَدعُونَ، یَرمُونَ، یَقُونَ، وغیرہ صیغوں میں جب ان کے آخر میں نون تاکید کا لاحق کریں گے اور شروع میں لام تاکید کا داخل کریں گے تو آخر سے نون اعرابی بھی گر جائے گا (بقانون اعرابی) اور واؤ بھی گر جائے گی (بقانون التقائے ساکنین) اور ان کی شکل یوں ہو جائے گی لَیَضرِبُنَّ، لَتَضرِبُنَّ، لَیَعِدُنَّ، لَیَقُولُنَّ، لَیَدعُنَّ، لَیَرمُنَّ اور ان دو صیغوں میں اصل صیغہ کو نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع سے لام تاکید اور آخر سے نون تاکید کو ہٹادو اور آخر میں واؤ جمع اور نون اعرابی کو واپس لے آؤ تو اصل صیغہ نکل آئے گا لہٰذا لَیَقُولُنَّ میں اصل صیغہ یَقُولُونَ ہے لَتَعلَمُنَّ میں اصل صیغہ تَعلَمُونَ ہے لَتَدعُنَّ میں اصل صیغہ تَدعُونَ ہے اور واحد مؤنث حاضر کے صیغے میں جب نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ کا لاحق کریں گے تو نون تاکید کا ما قبل ہمیشہ مکسور ہو گا جیسے تَضرِبِینَ، تَعِدِینَ، تَقُولِینَ، تَدعِینَ، تَرمِینَ، تَقِینَ وغیرہ جب ان کے آخر میں نون تاکید کا لاحق کریں گے اور شروع میں لام ابتدائیہ تاکیدیہ داخل کریں گے تو آخر سے نون اعرابی بھی گر جائے گا (بقانون نون اعرابی) اور یا ساکن بھی گر جائے گی (بقانون التقائے ساکنین) اور ان کی شکل یوں ہو جائیگی لَتَضرِبِنَّ، لَتَعِدِنَّ، لَتَقُولِنَّ، لَتَدعِنَّ، لَتَرمِنَّ لَتَقِنَّ اور اس صیغہ کی اصل معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے لام تاکید (اگر شروع میں ہو) اور آخر سے نون تاکید کو ہٹادو (الگ کردو) اور یاء ساکن اور نون اعرابی کو واپس لاؤ تو اصل صیغہ معلوم ہو جائے گا لہٰذا اَلتَضرِبِنَّ میں اصل صیغہ تَضرِبِینَ ہے لَتَقُولِنَّ میں اصل صیغہ تَقُولِینَ، لَتَدعِنَّ میں اصل صیغہ تَدعِینَ۔ تَرَیِنَّ میں اصل صیغہ تَرَیِینَ ہے۔اور تثنیہ کے چار صیغوں کے آخر میں جب نون تاکید ثقیلہ کا لاحق کریں گے تو نون تاکید کے ماقبل ہمیشہ الف ہو گا جیسے یَضرِبَانِ، تَضرِبَانِ، یَعِدَانِ، یَقُولَانِ، یَدعُوَانِ، یَرمِیَانِ، یَقِیَانِ وغیرہ جب ان کے آخر میں نون تاکید کا لاحق کریں گے اور شروع میں لام تاکید داخل کریں گے تو نون اعرابی گر جائے گا (بقانون نون اعرابی) اور ان کی شکل یوں ہو جائے گی لَیَضرِبَانِّ، لَتَضرِبَانِّ، لَیَعِدَانِّ، لَیَقُولَانِّ، لَیَدعُوَانِّ، لَیَرمِیَانِّ، لَیَقِیَانِّ اور ان چار صیغوں میں اصل کو پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع سے لام تاکید اور آخر سے نون تاکید کو ہٹادو (الگ کردو) اور نون اعرابی کو واپس لے آؤ تو اصل صیغے کی پہچان ہو جائے گی لہٰذا لَیَضرِبَانِّ میں اصل صیغہ یَضرِبَانِ ہے اور لَیَدعُوَانِّ میں اصل صیغہ یَدعُوَانِ، لَیَسئَلَانِّ میں اصل صیغہ یَسئَلَانِ ہے اور جمع مؤنث کے دو صیغوں کے آخر میں جب نون تاکید کا لاحق کریں گے تو نون تاکید کے ماقبل الف اور الف کے ماقبل نون مفتوح ہو گا یعنی اس وقت جمع مؤنث کے صیغہ کے آخر میں نَانِّ کا لفظ آئے گا جیسے یَضرِبنَ، تَضرِبنَ، یَعِدنَ، یَقُلنَ، یَدعُونَ، یَرمِینَ، یَقِینَ وغیرہ جب ان کے آخر میں نون تاکید کا لاحق کریں گے اور شروع میں لام تاکید کا داخل کریں گے ساتھ ہی نون جمع مؤنث اور نون تاکید کے درمیان الف مُفاصلہ کا داخل کریں گے (تاکہ اجتماع نونات ثلاثہ کا لازم نہ آئے کیونکہ یہ عرب کلام میں پسندیدہ نہیں ہے) تو ان کی شکل یوں بن جائے گی لَیَضرِبنَانِّ، لَتَضرِبنَانِّ، لَیَعِدنَانِّ، لَیَقُلنَانِّ، لَیَدعُونَانِّ لَیَرمِینَانِّ، لَیَقِینَانِّ اور ان دو صیغوں میں اصل صیغے کو معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع سے لام تاکید اور آخر سے الف مفاصلہ اور نون تاکید کو ہٹادو (الگ کردو) تو اصل صیغے کی پہچان ہو جائے گی لہٰذا لَیَضرِبنَانِّ میں اصل صیغہ یَضرِبنَ ہے لَیَقُلنَانِّ میں اصل صیغہ یَقُلنَ ہے لَیَدعُونَانِّ میں اصل صیغہ یَدعُونَ ہے۔

﴿مؤکد بانون تاکید کے صیغوں کو پہچاننے کی علامات﴾

نون تاکید سے پہلے ضمہ یعنی پیش آجائے تو وہ جمع مذکر کا صیغہ ہو گا کیونکہ یہ ضمہ واؤ کی حذفیت پر دلالت کریگا۔ نون تاکید سے پہلے کسرہ آجائے تو وہ واحد مؤنث حاضر کا صیغہ ہو گا اور یہ کسرہ یا کی حذفیت پر دلالت کرے گا نون تاکید ثقیلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۔ سے پہلے الف آجائے تو وہ تثنیہ کا صیغہ ہو گا اگر شروع میں یا ہو تو تثنیہ مذکر غائب اور اگر تا ہو تو اس میں تین صیغوں کا احتمال ہو گا۔ تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر۔ اگر نون تاکید والے صیغے کے آخر میں نَانِّ کا لفظ جائے تو وہ جمع مؤنث کا صیغہ ہو گا۔ اگر شروع میں یا ہو تو جمع مؤنث غائب اور اگر شروع میں تا ہو تو جمع مؤنث حاضر ان علامات میں سے کوئی بھی اس صیغے میں نہ پائی جائے تو وہ صیغہ باقی پانچ صیغوں میں سے ہو گا اگر شروع میں یا ہو تو واحد مذکر غائب اگر تا ہو تو اس میں دو صیغوں کا احتمال ہو گا۔ ا۔ واحد مؤنث غائب کا۔ ۲۔ او احد مذکر حاضر کا اور اگر شروع میں ہمزہ ہو تو واحد متکلم اور نون ہو تو جمع متکلم کا صیغہ ہو گا۔

فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ کی مکمل گروان

ضرِبَنَّ ، لَیَضرِبَانِّ ، لَیَضرِبُنَّ ، لَتَضرِبَنَّ ، لَتَضرِبَانِّ ، لَیَضرِبنَانِّ ، لَتَضرِبَنَّ ، لَتَضرِبَانِّ ، لَتَضرِبُنَّ ضرِبِنَّ ، لَتَضرِبَانِّ ، لَتَضرِبنَانِّ ، لَاَضرِبَنَّ ، لَنَضرِبَنَّ

دہ نمبر۱ : نون تاکید خفیفہ آٹھ صیغوں میں آئے گا باقی چھ الف والے صیغوں (چار تثنیہ دو جمع) میں نہیں آئے گا کیونکہ اگر ان چھ صیغوں میں نون خفیفہ آئے تو التقائے ساکنین علی غیر حدّہٖ لازم آئے گا۔

فائدہ نمبر ۲ : فعل امر مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے صیغوں حال فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ خفیفہ کے صیغوں کی طرح ہے لہذا جب اِضرِبْ، عِدْ، قُلْ اُدْعُ، اِرْمِ وغیرہ کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ لاحق کریں گے تو نون کا ما قبل مفتوح ہو جائے گا اور ان کی شکل یوں ہو جائے گی :۔ اِضرِبَنَّ، عِدَنَّ، قُوْلَنَّ، اُدْعُوَنَّ، اِرْمِیَنَّ، قِیَنَّ (نون تاکید لاحق ہونے کے وقت گرا ہوا حرفِ علت واپس لوٹ آئے گا) اوزان میں اصل صیغہ معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آخر سے نون تاکید کو ہٹادیں تو اصل صیغہ معلوم ہو جائے گا لہٰذا اِضرِبَنَّ میں اصل صیغہ اِضرِبْ ہے۔ عِدَنَّ میں اصل صیغہ عِدْ ہے اور قُوْلَنَّ اُدْعُوَنَّ میں اصل صیغہ قُلْ اُدْعُ ہے۔

فائدہ نمبر ۳ : ناقص اور لفیف کے فعل مضارع میں بالخصوص امر اور نہی میں جمع مذکر (خواہ غائب ہو یا حاضر) کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم ہو اور واحد مؤنث حاضر میں یا ما قبل مکسور ہو تو جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لاحق کرینگے تو جمع مذکر میں واؤ اور واحد مؤنث حاضر میں یا حذف ہو جائے گی جیسے : یَدْعُوْنَ یَرْمُوْنَ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اُدْعُوْا۔اِرْمُوْا۔ اُدْعِیْ۔ اِرْمِیْ۔ جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ لاحق کریں گے تو واؤ اور یاء حذف ہو جائے گی اور فعل مضارع میں واؤ کے ساتھ نون اعرابی بھی حذف ہو جائے گا اور یہ صیغے یوں بن جائیں گے۔ لَیَدْعُنَّ۔ لَیَرْمُنَّ۔ اُدْعُنَّ۔ اِرْمُنَّ۔ اُدْعِنَّ۔ اِرْمِنَّ اور اگر جمع مذکر میں واؤ ما قبل مفتوح ہو اور واحد مؤنث حاضر میں یا ما قبل مفتوح ہو۔ تو جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لاحق کریں گے تو جمع مذکر میں واؤ کو حرکت ضمہ کی دیں گے اور واحد مؤنث حاضر میں یا کو حرکت کسرہ کی دیں گے جیسے :۔یُدْعَوْنَ۔ یُرْمَوْنَ۔ لِیُدْعَوْ۔ لِیُرْمَوْ۔ لِتُدْعَیْ۔ لِتُرْمَیْ جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لاحق کریں گے تو واؤ کو حرکت ضمہ کی اور یا کو حرکت کسرہ کی دیں گے اور یوں پڑھیں گے۔ لَیُدْعَوُنَّ ۔ لَیُرْمَوُنَّ۔ لِیُدْعَوُنَّ۔ لِیُرْمَوُنَّ۔ لِتُدْعَیِنَّ۔ لِتُرْمَیِنَّ

اپنے عزیز طلباء کی آسانی کیلئے ناقص سے فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ کی چند گردانیں لکھی جاتی ہیں۔

فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از ناقص واوی

لَیَدْعُوَنَّ، لَیَدْعُوَانِّ، لَیَدْعُنَّ، لَتَدْعُوَنَّ، لَتَدْعُوَانِّ، لَیَدْعُوْنَانِّ، لَتَدْعُوَنَّ، لَتَدْعُوَانِّ، لَتَدْعُنَّ، لَتَدْعِنَّ، لَتَدْعُوَانِّ ، لَتَدْعُوْنَانِّ، لَاَدْعُوَنَّ، لَنَدْعُوَنَّ،

فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از ناقص یائی

لَیَرْمِیَنَّ، لَیَرْمِیَانِّ، لَیَرْمُنَّ، لَتَرْمِیَنَّ، لَتَرْمِیَانِّ، لَیَرْمِیْنَانِّ، لَتَرْمِیَنَّ، لَتَرْمِیَانِّ، لَتَرْمُنَّ، لَتَرْمِنَّ، لَتَرْمِیَانِّ، لَتَرْمِیْنَانِّ، لَاَرْمِیَنَّ، لَنَرْمِیَنَّ۔

فعل مضارع مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از ناقص واوی

لَیُدْعَیَنَّ، لَیُدْعَیَانِّ، لَیُدْعَوُنَّ، لَتُدْعَیَنَّ، لَتُدْعَیَانِّ، لَیُدْعَیْنَانِّ، لَتُدْعَیَنَّ، لَتُدْعَیَانِّ، لَتُدْعَوُنَّ، لَتُدْعَیِنَّ، لَتُدْعَیَانِّ، لَتُدْعَیْنَانِّ، لَاُدْعَیَنَّ، لَنُدْعَیَنَّ

فعل مضارع مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از ناقص یائی

لَیُرْمَیَنَّ، لَیُرْمَیَانِّ، لَیُرْمَوُنَّ، لَتُرْمَیَنَّ، لَتُرْمَیَانِّ، لَیُرْمَیْنَانِّ، لَتُرْمَیَنَّ، لَتُرْمَیَانِّ، لَتُرْمَوُنَّ، لَتُرْمَیِنَّ، لَتُرْمَیَانِّ، لَتُرْمَیْنَانِّ، لَاُرْمَیَنَّ، لَنُرْمَیَنَّ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور مؤکد بانون تاکید ثقیلہ کے صیغوں سے مؤکد بانون تاکید خفیفہ کی گردان بنانی آسان ہے وہ یوں کہ جن آٹھ صیغوں کے آخر میں نون خفیفہ آتا ہے تو مؤکد بانون تاکید ثقیلہ کے آخر میں نون ثقیلہ کو ہٹا کر اسکی جگہ نون خفیفہ لگادو تو مؤکد بانون تاکید خفیفہ کی گردان بن جائے گی۔

بطور نمونہ ناقص سے فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ کی دو گردانیں لکھی جاتی ہیں۔

لَيَدْعُوَنْ، لَيَدْعُنْ، لَتَدْعُوَنْ، لَتَدْعُنْ، لَتَدْعُوَنْ، لَتَدْعُنْ، لَتَدْعِنْ، لَأَدْعُوَنْ، لَنَدْعُوَنْ۔

لَيَرْمِيَنْ، لَيَرْمُنْ، لَتَرْمِيَنْ، لَتَرْمِيَنْ، لَتَرْمُنْ، لَتَرْمِنْ، لَأَرْمِيَنْ، لَنَرْمِيَنْ،

عرض :۔ قرآن کریم سے مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے صیغے نکلوائے جائیں اور مذکورہ گردانوں پر قیاس کر کے انکی گردانیں سنی جائیں۔

﴿فعل مضارع کے علاوہ باقی گردانوں (فعل جحد بلم، مؤکد بالن ہمہ وغیرہ) کے صیغوں میں لگنے والے قوانین﴾

قانون نمبر ۳۳

قانون کا نام :۔ نون اعرابی والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ فعل مضارع کے سات صیغوں کے آخر میں نونِ اعرابی ہوتا ہے اور یہ نون اعرابی پانچ وجہوں سے گر جاتا ہے۔

نمبر ا۔ حروف جازمہ کے داخل ہونے کی وجہ سے۔ حروف جازمہ پانچ ہیں جیسا کہ اس شعر میں بیان ہوئے ہیں۔

اِن ولم ولما و لام امر ولائے نہی نیز ۔۔۔ ایں پنج حرف جازم فعل اندہر یک بے دغا

مثال اس کی جیسا کہ لَمْ يَضْرِبَا لَمْ يَضْرِبُوْ لَمْ تَضْرِبَا لَمْ تَضْرِبُوْ لَمْ تَضْرِبِي ۔ اصل میں يَضْرِبَانِ يَضْرِبُوْنَ تَضْرِبَانِ تَضْرِبُوْنَ تَضْرِبِيْنَ تھے۔ جس وقت لم جازمہ داخل ہوا تو نون اعرابی گر گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر ۲۔ حروف ناصبہ کے داخل ہونیکی وجہ سے۔ حروف ناصبہ چار ہیں جیسا کہ اس شعر میں بیان ہوئے ہیں

ے اَنْ وَ لَنْ پس کَیْ ، اِذَنْ ایں چار حرف معتبر نصب مستقبل کنند ایں جملہ دائم اقتضا

مثال اس کی جیسا کہ لَنْ یَّضرِبَا لَنْ یَّضرِبُوْ لَنْ تَضرِبَالَنْ تَضرِبُوْ لَنْ تَضرِبِی۔ اصل میں یَضرِبَانِ یَضرِبُوْنَ تَضرِبَانِ تَضرِبُوْنَ تَضرِبِیْن تھے۔ لَنْ ناصبہ داخل ہوا تو نون اعرابی گر گیا لَنْ یَّضرِ بَا (الخ) ہو گیا۔

نمبر ۳۔ نون تاکید ثقیلہ کے لاحق ہونے کی وجہ سے۔ مثال اس کی جیسا کہ لَیَضرِبَانِّ ، لَیَضرِبُنَّ لَتَضرِبَانِّ ، لَتَضرِبُنَّ ، لَتَضرِبِنَّ ۔ اصل میں یَضرِبَانِ یَضرِبُوْنَ (الخ) تھا۔ جب نون تاکید ثقیلہ کا لاحق ہوا تو نون اعرابی گر گیا۔ شروع میں لام ابتدائیہ تاکیدیہ لے آئے۔ لَیَضرِبَانِّ ، لَیَضرِبُنَّ (الخ) ہو گیا۔

نمبر ۴۔ نون تاکید خفیفہ کے لاحق ہونے کی وجہ سے۔ مثال اس کی جیسا کہ لَیَضرِبُنْ ، لَتَضرِبُنْ لَتَضرِبِنْ اصل میں یَضرِبُوْنَ ، تَضرِبُوْنَ ، تَضرِبِیْن تھا۔ جب نون تاکید خفیفہ کا لاحق ہوا تو نون اعرابی گر گیا۔ شروع میں لام ابتدائیہ تاکیدیہ لے آئے۔ لَیَضرِبُنْ (الخ) ہو گیا۔

نمبر ۵۔ امر حاضر معلوم بنانے کی وجہ سے۔

مثال اس کی جیسا کہ اِضرِبَا ، اِضرِبُوْا ، اِضرِبِیْ۔ اصل میں تَضرِبَانِ تَضرِبُوْنَ تَضرِبِیْن تھا۔ جب امر حاضر معلوم بنایا تو نون اعرابی گر گیا۔ تا کو حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصلی مکسورہ لے آئے۔ اِضرِبَا ، اِضرِبُوْا ، اِضرِبِیْ ہو گیا۔

قانون نمبر ۳۴

قانون کا نام :۔ لَمْ یَدَعْ ، لَمْ یُدَعْ والا قانون

قانون کا حکم ۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے اور ایک شق جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ حرف علت ساکن ہو، بدل ہمزہ سے نہ ہو، فعل مضارع کے آخر میں ہو وہ حرف علت دو وجہوں سے وجوباً گر جاتا ہے۔ ا۔ کسی عامل جازم کے داخل ہونے کی وجہ سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲۔امر حاضر معلوم بنانے کی وجہ سے اور حالت وقف میں حرف علت کو گرانا جائز ہے اور ان تین صورتوں کے علاوہ حرف علت کو گرانا شاذ ہے۔ مثال حروف جوازم کی جیسا کہ لَمْ یَدْعُ، لَمْ یَرْمِ ، لَمْ یَخْشَ اصل میں یَدْعُوْ ،یَرْمِیْ،یَخْشٰی تھا۔ یہ حرف علت ساکن غیر بدل ہمزہ سے فعل مضارع کے آخر میں واقع ہوا ہے۔ جب شروع میں لَمْ جازمہ داخل ہوا تو یہ گر گیا لَمْ یَدْعُ، لَمْ یَرْمِ ،لَمْ یَخْشَ ہو گیا۔ مثال امر حاضر معلوم کی جیسا کہ اُدْعُ ، اِرْمِ ، اِخْشَ اصل میں تَدْعُوْ ،تَرْمِیْ،تَخْشٰی تھا۔ یہ حرف علت ساکن غیر بدل ہمزہ سے فعل مضارع کے آخر میں واقع ہوا ہے جب اس سے امر حاضر معلوم بنایا تا حرف مضارعت کو حذف کر دیا مابعد ساکن تھا لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے اور آخر میں جو حرف علت تھا وہ گر گیا۔ اُدْعُ ، اِرْمِ ، اِخْشَ ہو گیا۔ مثال حالت وقف کی جیسا کہ وَاللَّیْلِ اِذَایَسْرِ اصل میں یَسْرِیْ تھا۔ یہ حرف علت غیر بدل ہمزہ سے فعل مضارع کے آخر میں واقع ہوا ہے جب اس پر وقف کیا تو حرف علت گر گیا وَاللَّیْلِ اِذَایَسْرِ ہو گیا۔ مثال شاذ کی جیسا کہ یَوْمَ یَأْتِ مَا كُنَّانَبْغِ لَا اَدْرِ اصل میں یَأْتِیْ نَبْغِیْ لَاَ اَدْرِیْ تھا۔ یہ حرف علت ساکن غیر بدل ہمزہ سے فعل مضارع کے آخر میں واقع ہوا ہے مذکورہ تینوں قسموں میں سے نہیں لیکن اس کا حذف عربوں سے سنا گیا ہے۔ یہ شاذ ہے اور شاذ مقبول ہے کیونکہ قرآن مجید میں موجود ہے۔ مثال اگر وہ حرف علت ساکن بدل ہمزہ سے ہوا تو نہیں گرے گا جیسا کہ یَجْرُوْ،تَجْرُوْ،اَجْرُوْ ،نَجْرُوْ اصل میں یَجْرُءُ ، تَجْرُءُ ، اَجْرُءُ ، نَجْرُءُ تھا۔ ہمزہ کو جوازاً واؤ ساکن سے بدل دیا یَجْرُوْ ، تَجْرُوْ ، اَجْرُوْ ، نَجْرُوْ ہو گیا۔ یہ حرف علت ساکن فعل مضارع کے آخر میں واقع ہوا ہے لیکن دخول جوازم، امر حاضر معلوم کی بنا کے وقت اور حالت وقف میں نہیں گرتا کیونکہ بدل ہمزہ سے ہے۔

قانون نمبر ۳۵

قانون کا نام :۔ قُوْلَنَّ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو حرف علت کسی سبب سے گر جائے اور پھر وہ گرنے کا سبب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چلا جائے تو وہ حرف علت واپس لوٹ آتا ہے وجوبًا۔ یعنی جب کسی عامل جازمہ کے داخل ہونے کی وجہ سے یا امر حاضر معلوم بنانے کی وجہ سے گر جائے پھر اس کے ساتھ ضمیر فاعل یا نون تاکید کا متصل (لاحق) ہو جائے تو وہ حرف علت اپنی جگہ واپس لوٹ آتا ہے وجوبًا۔ مثال اتصال ضمیر فاعل کی جیسا کہ قُوْلَا، بِيْعَا، لَمْ يَرْمِيَا، لَمْ يَخْشَيَا، اُدْعُوَا، اِرْمِيَا، اِخْشَيَا۔ مثال اتصال نون تاکید کی جیسا کہ قُوْلَنَّ، بِيْعَنَّ، اُدْعُوَنَّ، اِرْمِيَنَّ، اِخْشَيَنَّ۔

قانون نمبر ۳۶

قانون کا نام: ۔ امر حاضر والا قانون۔

قانون کا حکم: ۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب: ۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہر امر حاضر معلوم مضارع معلوم مخاطب کے چھ صیغوں سے بنایا جاتا ہے۔ اس کے بنانے میں بصریوں اور کوفیوں کا اختلاف ہے۔ بصریوں کے نزدیک تا کو حذف کر کے آخر میں حکم لَمْ جاری کر دیا جائے گا (لَمْ کا حکم یہ ہے کہ اگر امر کے صیغے کے آخر میں حرف علت نہ ہو تو اس کو ساکن کر دیا جائے جیسے اِضْرِبْ اور اگر حرف علت ہو تو اسے گرا دیا جائے جیسا کہ اُدْعُ اسی طرح امر کے صیغے کے آخر میں نون اعرابی ہو تو اسکو گرا دیا جائے) اور کوفیوں کے نزدیک پہلے لام امریّہ اول میں زیادہ کر کے آخر میں حکم لَمْ جو جزم ہے جاری کیا جائے گا۔ پھر لام اور تا کو حذف کر دیا جائے گا پھر تا کو حذف کرنے کے بعد دیکھا جائے گا کہ مابعد اُس کا متحرک ہے یا ساکن۔ اگر متحرک ہوا تو امر اسی طرح ہو گا جیسا کہ عِدْ اور کَرِّمْ اصل میں تَعِدُ اور تُکَرِّمُ تھا۔ تا کو حذف کر کے آخر میں حکم لَمْ جاری کر دیا عِدْ اور کَرِّمْ ہو گیا۔ اور اگر اس کا مابعد ساکن ہوا تو پھر دیکھیں گے کہ آیا وہاں سے ہمزہ قطعی حذف ہوا ہے یا نہیں۔ اگر ہمزہ قطعی حذف ہوا ہو تو وہی واپس لوٹ آئیگا وجوبًا۔ جیسا کہ اَکْرِمْ اصل میں تُکْرِمُ تھا تا کو حذف کرنے کے بعد دیکھا کہ کاف ساکن ہے تو یہاں سے جو ہمزہ قطعی حذف کیا گیا تھا وہی لوٹ آیا۔ اور آخر میں حکم لَمْ جاری کر دیا اَکْرِمْ ہو گیا۔ اور اگر وہاں سے ہمزہ قطعی حذف نہ ہوا ہو تو پھر عین کلمہ کو دیکھا جائے گا کہ مضموم ہے یا نہیں۔ اگر مضموم ہوا تو شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لائیں گے۔ جیسا کہ اُنْصُرْ اصل میں تَنْصُرُ تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس میں عین کلمہ مضموم ہے اس لیے تا کو حذف کرنے کے بعد شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لے آئے۔ اور آخر میں حکم لَم جاری کر دیا۔ اور اگر عین کلمہ مضموم نہ ہوا تو شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائیں گے جیسا کہ اِضْرِبْ اور اِعْلَمْ اصل میں تَضْرِبُ اور تَعْلَمُ تھا۔ پہلے میں عین کلمہ مکسور ہے اور دوسرے میں عین کلمہ مفتوح ہے۔ اس لیے تا کو حذف کرنے کے بعد شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے اور آخر میں حکم لَم جاری کر دیا اِضْرِب، اِعْلَمْ ہو گیا۔

تنبیہ:۔ یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ ہمزہ قطعی نہ درج کلام میں گرتا ہے اور نہ ہی مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گرتا ہے لیکن کسی دوسرے عارضے (جیسے طَرْدًا اَلْبَاب) کی وجہ سے گر سکتا ہے۔

قانون نمبر ۷ ۳

قانون کا نام:۔ لِتُدْعَوُنَّ والا قانون (یہ قانون ناقص اور لفیف کے مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے جمع مذکر و واحد مؤنث حاضر کے صیغوں میں خاص طور پر مستعمل ہوگا)

قانون کا حکم:۔ یہ قانون قریب الوجوب ہے۔

قانون کا مطلب:۔ مطلب قانون کا یہ ہے کہ جس جگہ جمع مذکر کے آخر میں واؤ ساکن ما قبل مضموم ہو اور واحد مؤنث حاضر کے آخر میں یا ساکن ما قبل مکسور ہو تو نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے لاحق ہونے کے وقت یا کسی اور ساکن حرف کے لاحق ہونے کے وقت اس واؤ اور یا کو گرانا واجب ہے۔ جیسے اُدْعُوْ، اُدْعِیْ جب ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کا یا کوئی اور ساکن لاحق کریں گے تو حرف علت کو گرا کر اُدْعُنَّ، اُدْعِنَّ، اُدْعُو اللّٰہ پڑھے گئے۔ جس جگہ جمع مذکر کے آخر میں واؤ ساکن ما قبل مفتوح ہو اور واحد مؤنث حاضر کے آخر میں یا ساکن ما قبل مفتوح ہو تو نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے لاحق ہونے کے وقت یا کسی اور ساکن حرف کے لاحق ہونے کے وقت اس واؤ کو حرکت ضمہ کی اور یا کو حرکت کسرہ کی دینی واجب ہے جیسے لِتُدْعَوْ، لِتُدْعَیْ، دَعَوْا ان کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کا یا کسی اور ساکن حرف کو لاحق کیا تو واؤ کو حرکت ضمہ کی اور یا کو حرکت کسرہ کی دینگے اور یوں پڑھیں گے لِتُدْعَوُنَّ، لِتُدْعَیِنَّ، دَعَوُا اللّٰہَ۔ لِتُدْعَوُنَّ پڑھنا اکثر اور مختار ہے اور لِتُدْعَوِنَّ (واؤ پر کسرہ) پڑھنا بھی جائز ہے لَوْ کی واؤ کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے۔ جیسا کہ لَوِ اسْتَطَعْنَا کی واؤ میں کسرہ پڑھنا اکثر اور مختار ہے اور واؤ پر ضمہ پڑھنا بھی جائز ہے ں کی واؤ کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿عظیم تحفہ﴾

میرے عزیز طلباء اللہ پاک کے خصوصی فضل اور کرم سے آپ نے صرفی میزائل چلالئے اب آپ نے میزائل سے بڑی چیز چلانی ہے جس سے آپ کا کئی مہینوں کا سفر چند دنوں اور چند گھنٹوں میں طے ہو جائے گا۔ لیکن اس کے چلانے سے قبل مضارع کی گردانوں کو خوب یاد کرلیں یہاں تک کہ ہر گردان کو ایک سانس میں پڑھ سکیں ساتھ ساتھ قرآن حکیم اور احادیث نبویہ ؐ سے مضارع کے صیغے خوب نکالیں۔ پھر اللہ پاک سے مانگیں کہ یا اللہ ہماری اس ٹوٹی پھوٹی محنت کو قبول فرما۔ ہم کمزوروں کے لئے اس نیک تعلیمی سفر کو آسان فرما اور پورے عالم میں اپنے دین عالی کے پھیلنے کا ذریعہ بنا۔

طلباء کرام :۔ استاذ جی ابھی ہماری صرفی میزائل چلانے کی خوشی ختم نہیں ہونے پائی تھی کہ آپ نے ایک اور عظیم مسرت (خوشی) کا پیغام سنادیا پھر تو ہماری خوشی کی انتہا نہ رہی اس لئے ہم نے آدھی رات تک فعل مضارع کی گردانوں کو خوب یاد کرلیا بالخصوص ناقص لفیف کی گردانوں کو پوری توجہ کے ساتھ یاد کیا اور پیچھے سے ماضی کی گردانوں کی بھی خوب دھرائی کی اور قرآن حکیم اور احادیث نبویہ ؐ سے صیغے نکالے تاکہ ہم قرآن پاک سے ارشادات عالیہ اور احادیث سے حضور ﷺ کے فرامین مبارکہ کو سمجھیں سکیں استاذ جی آپ بھی ہمارے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ پاک ہم سے اپنے دین کا کام لے لیں اور اللہ پاک ہم سے دونوں جہانوں میں خوش ہو جائیں۔

استاذ :۔ میرے عزیز طلباء آپ میری روحانی اولاد ہیں مجھے آپ نسبی اولاد سے بھی زیادہ عزیز ہیں کیونکہ آپ اللہ پاک اور اسکے رسول ﷺ کے مہمان ہیں نسبی اولاد تو اپنے گھر کی مہمان ہے۔ (اللہ پاک نسبی اولاد کو بھی آپ کے قدموں کی خاک کے طفیل اپنے دین کی خدمت کیلئے قبول فرمائے) میں آپ کیلئے دعا نہیں کروں گا تو اور کس کیلئے کروں گا؟ میری دعا ہے کہ جہاں جہاں دینی مدارس میں طلباء کرام ہیں جو شب و روز اللہ پاک کے دین کے علم کے حصول میں لگے ہوئے ہیں اللہ پاک انکے علم و عمل میں اور اخلاص میں برکت فرمائے اور انکو نسل در نسل اپنے دین کی خدمت کیلئے قبول فرمائے۔

اب ہم اپنے عزیز طلباء کو کچھ دیر کے لئے چاغی (وہ علاقہ جہاں پاکستان نے ایٹمی دھماکہ کیا) لئے چلتے ہیں جہاں آپ نے اللہ پاک کے فضل اور کرم سے ایک اہم اور عظیم فریضہ کو سرانجام دینا ہے۔

------وقفہ--------برائے--------سفر--------چاغی------

اور وہ عظیم فریضہ یہ ہے کہ اب آپ نعرۂ تکبیر (اللہ اکبر) لگا کر صرفی ایٹم بم چلائیں وہ یوں کہ

www.KitaboSunnat.com



﴿صرفی ایٹم بم﴾

★ جس طالب علم نے فعل مضارع کی گردانیں یاد کرلیں اس کو باقی تمام افعال (فعل نفی غیر مؤکد، فعل مؤکد بالن ناصبہ، فعل جحد بلم امر و نہی) کی گردانیں خود بخود یاد ہو گئیں۔

سوال: تمام گردانیں کیسے یاد ہو گئیں؟

جواب: اس سوال کا جواب معلوم کرنے کے لیے آگے لکھے ہوئے فعل مضارع کی گردان سے دیگر افعال کی گردانوں کے بنانے کے طریقے ملاحظہ فرمائیں۔

﴿فعل مضارع کی گردان سے دیگر افعال کی گردانوں کو بنانے کا آسان طریقہ﴾

فعل مضارع منفی کی گردان بنانے کا آسان طریقہ:۔

فعل مضارع سے فعل مضارع منفی کی گردان بنانی تو بالکل آسان ہے وہ یوں کہ مضارع کے شروع میں صرف لائے نافیہ داخل کر دو تو یہ فعل مضارع منفی کی گردان اور صیغے بن جائیں گے جیسے يَضْرِبُ يَضْرِبَانِ (الخ) يَعِدُ يَعِدَانِ (الخ) يَقُوْلُ يَقُوْلَانِ (الخ) وغیرہ صیغوں پر لا داخل کیا تو فعل منفی کے صیغے اور گردان تیار ہو جائیگی جیسے لَا يَضْرِبُ لَا يَضْرِبَانِ (الخ) لَا يَعِدُ لَا يَعِدَانِ (الخ) لَا يَقُوْلُ لَا يَقُوْلَانِ (الخ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل مؤکد بالن ناصبہ کی گردان بنانے کا آسان طریقہ:۔

فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لَنْ ناصبہ داخل کردو پھر فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے دو صیغے (جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر) مبنی ہیں یعنی یہ صیغے اپنے حال پر برقرار رہیں گے اور ان میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوگا جیسے لَنْ یَّضرِبْنَ لَنْ تَضرِبْنَ، لَنْ یَّعِدْنَ لَنْ تَعِدْنَ، لَنْ یَّقُلْنَ لَنْ تَقُلْنَ وغیرہ اور باقی بارہ صیغوں میں سے سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیں جیسے لَنْ یَّضرِبَا، لَنْ یَّضرِبُوْا، لَنْ یَّعِدَا، لَنْ یَّعِدُوْا، لَنْ یَّقُوْلَا، لَنْ یَّقُوْلُوْا وغیرہ اور پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب۔ واحد مؤنث غائب۔ واحد مذکر حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم) کے آخر میں فتحہ لفظی پڑھیں گے بشرطیکہ یہ پانچ صیغے معتل الفی کے نہ ہوں جیسے لَنْ یَّضرِبَ، لَنْ یَّعِدَ، لَنْ یَّقُوْلَ، لَنْ یَّدْعُوَ، لَنْ یَّرْمِیَ، لَنْ یَّقِیَ، لَنْ یَّسْئَلَ، لَنْ یَّمُدَّ وغیرہ اور اگر معتل الفی (جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت الف ہو جیسے یَرْضٰی، یَخْشٰی اور اسی طرح ناقص اور لفیف کے مضارع مجہول کے یہ مذکورہ پانچ صیغے جیسے یُدْعٰی، یُرْمٰی، یُوْقٰی وغیرہ معتل الفی میں داخل ہیں) کے ہوں تو پھر فتحہ تقدیری پڑھیں گے جیسے لَنْ یَّرْضٰی، لَنْ یُّخْشٰی، لَنْ یُّدْعٰی وغیرہ۔

فعل جحد بلم کی گردان بنانے کا آسان طریقہ:۔

فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لَمْ جازمہ داخل کر دیں تو پھر فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے دو صیغے (جمع مؤنث غائب جمع مؤنث حاضر) مبنی ہیں یعنی یہ اپنے حال پر برقرار رہیں گے مزید ان میں کوئی تغیّر و تبدل نہیں ہوگا جیسے لَمْ یَضرِبْنَ لَمْ تَضرِبْنَ، لَمْ یَعِدْنَ لَمْ تَعِدْنَ، لَمْ یَقُلْنَ لَمْ تَقُلْنَ وغیرہ باقی بارہ صیغوں میں سے سات صیغوں (چار تثنیہ۔ دو جمع مذکر۔ ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دو جیسے لَمْ یَضرِبَا، لَمْ یَضرِبُوْا، لَمْ یَعِدَا، لَمْ یَعِدُوْا، لَمْ یَقُوْلَا، لَمْ یَقُوْلُوْا وغیرہ اور پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب۔ واحد مؤنث غائب۔ واحد مذکر حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم) کے آخر میں جزم پڑھیں گے اب اگر یہ پانچ صیغے صحیح، مثال، اجوف، مہموز کے ہوں تو ان کے آخر میں جزم سکون کیساتھ پڑھیں گے جیسے لَمْ یَضرِبْ، لَمْ یَعِدْ، لَمْ یَقُلْ، لَمْ یَسْئَلْ وغیرہ اور اگر یہ پانچ صیغے ناقص اور لفیف کے ہوں تو انکے آخر میں جزم حذف لام کیساتھ پڑھیں گے یعنی انکے آخر سے حرف علت کو حذف کر دینگے جیسے لَمْ یَدْعُ، لَمْ یَرْمِ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَمْ یَقِ ،لَمْ یَطْوِ وغیرہ اور اگر یہ پانچ صیغے مضاعف ثلاثی کے ہوں (یا ان کا لام کلمہ مشدد) ہو تو پھر یہ دو حال سے خالی نہیں اگر عین کلمہ مضموم ہے تو پھر معلوم و مجہول میں چار وجہیں پڑھنی جائز ہیں ۱۔فتحہ ۲۔کسرہ ۳۔ضمہ ۴۔فکِّ ادغام یعنی بغیر ادغام کے پڑھنا جیسے لَمْ یَمُدَّ لَمْ یَمُدِّ لَمْ یَمُدُّ لَمْ یَمْدُدْ اور اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو پھر تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں ۱۔فتحہ ۲۔کسرہ ۳۔فک ادغام (اظہار) جیسے لَمْ یَحْمَرَّ لَمْ یَحْمَرِّ لَمْ یَحْمَرِرْ

فعل امر کی گردان بنانے کا آسان طریقہ:۔

فعل مضارع سے فعل امر کی گردان بنانے کا طریقہ وہی ہے جو فعل جحد کی گردان بنانے کا ہے بس اتنا فرق ہے کہ فعل جحد کی گردان میں فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لَمْ جازمہ داخل کریں گے اور فعل امر کی گردان میں فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لام امر داخل کریں گے (امر حاضر معلوم کی گردان اس طریقہ سے مستثنیٰ ہے۔امر حاضر معلوم کی گردان بنانے کا طریقہ امر حاضر والے قانون سے پہچان لیں جو کہ ماقبل گزر چکا ہے) باقی فعل امر کی گردان بنانے کے طریقے میں وہی تفصیل ہے جو فعل جحد کی گردان بنانے کے طریقے میں گزری ہے یعنی دو صیغے مبنی ہیں جیسے لِیَضْرِبْنَ ،لِتَضْرِبْنَ ،لِیَعِدْنَ ، لِتُوْعَدْنَ ،لِیَقُلْنَ ،لِتُقَلْنَ وغیرہ باقی بارہ صیغوں میں سے سات صیغوں (چار تثنیہ۔دو جمع مذکر۔ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیں گے جیسے لِیَضْرِبَا لِیَضْرِبُوْا ،لِیَعِدَا لِیَعِدُوْا ،لِیَقُوْلَا لِیَقُوْلُوْا وغیرہ اور پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب۔واحد مؤنث غائب۔واحد مذکر حاضر۔واحد متکلم۔جمع متکلم) کے آخر میں جزم پڑھے گے۔اب اگر یہ پانچ صیغے صحیح۔مثال۔اجوف۔مہموز کے ہوں تو ان کے آخر میں جزم سکون کیساتھ پڑھیں گے جیسے لِیَضْرِبْ ، لِیَعِدْ، لِیَقُلْ، لِیَسْئَلْ وغیرہ اور اگر یہ پانچ صیغے ناقص اور لفیف کے ہوں تو ان کے آخر میں جزم حذف لام کے ساتھ پڑھیں گے یعنی ان کے آخر سے حرف علت کو حذف کر دیں گے جیسے لِیَدْعُ ،لِیَرْمِ ،لِیَقِ ،لِیَطْوِ وغیرہ اور اگر یہ پانچ صیغے مضاعف ثلاثی کے ہوں (یا ان کا لام کلمہ مشدد) ہو تو پھر یہ دو حال سے خالی نہیں اگر عین کلمہ مضموم ہے تو پھر چار وجہیں پڑھنی جائز ہیں۔۱۔فتحہ۔۲۔کسرہ۔۳۔ضمہ۔ ۴۔فکِّ ادغام یعنی بغیر ادغام کے پڑھنا جیسے لِیَمُدَّ لِیَمُدِّ لِیَمُدُّ لِیَمْدُدْ اور اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو پھر تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں ۱۔فتحہ۔۲۔کسرہ۔ ۳۔فک ادغام (اظہار) جیسے لِیَحْمَرَّ لِیَحْمَرِّ لِیَحْمَرِرْ، لِیُمَدَّ لِیُمَدِّ لِیُمْدَدْ۔مجہول میں تین وجہیں پڑھیں گے کیونکہ اس میں عین کلمہ مضموم نہیں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل نہی کی گردان بنانے کا آسان طریقہ:۔

فعل مضارع سے فعل نہی کی گردان بنانے کا طریقہ بعینہ وہی ہے جو فعل جحد کی گردان بنانے کا ہے بس اتنا فرق ہے کہ فعل جحد کی گردان میں فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لَم جازمہ داخل کریں گے اور فعل نہی کی گردان میں فعل مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں لائے نہی داخل کریں گے۔لہٰذا ما قبل فعل جحد بلم کی گردان بنانے کے طریقہ میں فعل جحد بلم کی جو مثالیں پیش کی گئی ہیں اُن مثالوں میں لَم کی جگہ پر لائے نہی داخل کردو تو وہ فعل نہی کی مثالیں بن جائینگی جیسے

لا یَضْرِبْنَ لا تَضْرِبْنَ، لا یَعِدْنَ لا تَعِدْنَ، لا یَقُلْنَ لا تَقُلْنَ، لا یَضْرِبَا لا یَضْرِبُوا، لا یَعِدَا لا یَعِدُوْا، لا یَقُوْلَا، لا یَقُوْلُوْا، لا یَضْرِبْ، لا یَعِدْ، لا یَقُلْ، لا یَسْئَلْ، لا یَدْعُ، لا یَرْمِ، لا یَقِ، لا یَطْوِ، لا یَمُدَّ لا یَمُدِّ لا یَمُدُّ، لا یَمْدُدْ، لا یَحْمَرَّ لا یَحْمَرِّ لا یَحْمَرِرْ وغیرہ۔

مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی گردان سے امر ونہی مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی گردان بنانے کا آسان طریقہ

جس طالبعلم نے ہفت اقسام میں سے مجرد ومزید کی فعل مضارع معلوم ومجہول مؤکد بانوں تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی گردانیں یاد کر لیں اُس طالبعلم نے ہفت اقسام میں سے مجرد ومزید کی امر ونہی مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی ساری گردانیں یاد کرلیں بس اتنا کرو کہ امر کے اندر لام تاکید کی زبر کو اٹھا کر نیچے رکھ دو یعنی زیر دے کر لام امر بنادو (سوائے امر حاضر معلوم کے کیونکہ اس کے شروع میں لام امر نہیں ہوتا) جیسے لَیَضْرِبَنَّ سے لِیَضْرِبَنَّ، لَیَضْرِبَانِّ سے لِیَضْرِبَانِّ اور لَیَضْرِبُنَّ سے لِیَضْرِبُنَّ اور نہی میں فعل مضارع معلوم ومجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کے لام تاکید کی جگہ پر لائے نہی شروع میں لگا دو جیسے لَیَضْرِبَنَّ سے لا یَضْرِبَنَّ، لَیَضْرِبَانِّ سے لا یَضْرِبَانِّ اور لَیَضْرِبُنَّ سے لا یَضْرِبُنَّ آگے امر اور نہی کی گردانوں کو پڑھنے کے دو طریقے ہیں۔

نمبر۱: پہلے غائب کے صیغے پڑھے جائیں اور پھر حاضر اور آخر میں متکلم کے صیغے پڑھے جائیں۔

نمبر۲: ارشاد الصرف اور الصرف الکامل کے انداز کے مطابق پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے حاضر کے ۶ صیغوں کو پڑھا جائے اور پھر غائب کے چھ اور متکلم کے دو صیغوں کو ملا کر پڑھا جائے۔

فائدہ:۔ مؤکد بانون تاکید خفیفہ کے آٹھ صیغہ پڑھے جاتے ہیں۔ حاضر کے اندر خفیفہ کے تین صیغے پڑھے جاتے ہیں (واحد مذکر حاضر جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر) اور غائب اور متکلم میں پانچ صیغے پڑھے جاتے ہیں (واحد مذکر غائب جمع مذکر غائب واحد مؤنث غائب اور دو متکلم کے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿امر کی گردان سننے اور اُس میں قانون لگانے کا طریقہ﴾

اُستاذ: وَعَدَ يَعِدُ اور قَالَ يَقُوْلُ سے فعل امر حاضر معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد: عِدْ عِدَا عِدُوْا عِدِيْ عِدَا عِدْنَ ☆ قُلْ قُوْلَا قُوْلُوْا قُوْلِيْ قُوْلَا قُلْنَ۔

اُستاذ: قُلْ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد: قُلْ اصل میں اُقْوُلْ تھا يَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کی وجہ سے واؤ کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دیا تو اُقُوْلْ ہو گیا۔ واؤ کو التقائے ساکنین کی وجہ سے گرا دیا۔ اُقُلْ ہو گیا۔ ہمزہ مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا تو قُلْ ہو گیا۔

اُستاذ: قَالَ يَقُوْلُ سے فعل امر حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی گردان کریں۔

شاگرد: مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: قُوْلَنَّ قُوْلَانِّ قُوْلُنَّ قُوْلِنَّ قُوْلَانِّ قُلْنَانِّ
مؤکد بانون تاکید خفیفہ: قُوْلَنْ قُوْلُنْ قُوْلِنْ۔

استاذ: قُلْ میں تو واؤ گر گئی تھی تو قُوْلَنَّ میں واپس کیوں آ گئی؟

شاگرد: یہ واؤ قُوْلَنَّ والے قانون کی وجہ سے واپس آ گئی ہے اور وہ قُوْلَنَّ والا قانون یہ ہے کہ جب حرف علت کو گرانے والا سبب چلا جائے تو وہ حرف علۃ واپس لوٹ آتا ہے۔

اُستاذ: دَعَا يَدْعُوْا سے امر حاضر معلوم ومجہول کی گردان کریں۔

شاگرد: اُدْعُ اُدْعُوَا اُدْعُوْا اُدْعِيْ اُدْعُوَا اُدْعُوْنَ۔ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: اُدْعُوَنَّ اُدْعُوَانِّ اُدْعُنَّ اُدْعِنَّ اُدْعُوَانِّ اُدْعُوْنَانِّ مؤکد بانون تاکید خفیفہ: اُدْعُوَنْ اُدْعُنْ اُدْعِنْ۔
لِتُدْعَ لِتُدْعَيَا لِتُدْعَوْا لِتُدْعَيْ لِتُدْعَيَا لِتُدْعَيْنَ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِتُدْعَيَنَّ لِتُدْعَيَانِّ لِتُدْعَوُنَّ لِتُدْعَيِنَّ لِتُدْعَيَانِّ لِتُدْعَيْنَانِّ مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِتُدْعَيَنْ لِتُدْعَوُنْ لِتُدْعَيِنْ۔

اُستاذ: اُدْعُ فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ فعل مضارع حاضر معلوم سے کیسے بنا؟

شاگرد: اُدْعُ امر حاضر معلوم کا صیغہ فعل مضارع حاضر معلوم کے صیغے تَدْعُوْ سے بنا ہے وہ یوں کہ تاء علامت مضارع کو گرا دیا مابعد ساکن تھا اب اس کے عین کلمے کو دیکھا تو وہ مضموم ہے لہٰذا اسکے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لے آئیں اُدْعو ہو گیا پھر لَمْ يَدْعُ لَمْ يَخْشَ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو گرا دیا اُدْعُ ہو گیا۔

اُستاذ: دَعَا يَدْعُوْا سے فعل امر غائب معلوم ومجہول کی گردان کریں۔

شاگرد: لِيَدْعُ لِيَدْعُوَا لِيَدْعُوْا لِتَدْعُ لِتَدْعُوَا لِيَدْعُوْنَ لَادْعُ لِنَدْعُ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِيَدْعُوَنَّ لِيَدْعُوَانِّ لِيَدْعُنَّ لِتَدْعُوَنَّ لِتَدْعُوَانِّ لِيَدْعُوْنَانِّ لَادْعُوَنَّ لِنَدْعُوَنَّ
مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِيَدْعُوَنْ لِيَدْعُنْ لِتَدْعُوَنْ۔ لَادْعُوَنْ لِنَدْعُوَنْ
لِيُدْعَ لِيُدْعَيَا لِيُدْعَوْا لِتُدْعَ لِتُدْعَيَا لِيُدْعَيْنَ لَادْعَ لِنُدْعَ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِيُدْعَيَنَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِيُدْعَيَانِّ لِيُدْعَوُنَّ لِتُدْعَيِنَّ لِتُدْعَيَانِّ لِيُدْعَيْنَانِّ لَاُدْعَيَنَّ لِنُدْعَيَنَّ
مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِيُدْعَيَنْ لِيُدْعَوُنْ لِتُدْعَيِنْ۔

اُستاذ: رَمَا يَرْمِي سے امر حاضر معلوم ومجہول کی گردان کریں۔

شاگرد: اِرْمِ اِرْمِيَا اِرْمُوْا اِرْمِي اِرْمِيَا اِرْمِيْنَ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: اِرْمِيَنَّ اِرْمِيَانِّ اِرْمُنَّ اِرْمِنَّ اِرْمِيَانِّ اِرْمِيْنَانِّ۔ مؤکد بانون تاکید خفیفہ: اِرْمِيَنْ اِرْمُنْ اِرْمِنْ۔
لِتُرْمَ لِتُرْمَيَا لِتُرْمَوْا لِتُرْمَيْ لِتُرْمَيَا لِتُرْمَيْنَ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِتُرْمَيَنَّ لِتُرْمَيَانِّ لِتُرْمَوُنَّ لِتُرْمَيِنَّ لِتُرْمَيَانِّ لِتُرْمَيْنَانِّ مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِتُرْمَيَنْ لِتُرْمَوُنْ لِتُرْمَيِنْ۔

اُستاذ: رَمَا يَرْمِي سے فعل امر غائب معلوم ومجہول کی گردان کریں۔

شاگرد: لِيَرْمِ لِيَرْمِيَا لِيَرْمُوْا لِتَرْمِ لِتَرْمِيَا لِيَرْمِيْنَ لَاَرْمِ لِنَرْمِ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِيَرْمِيَنَّ لِيَرْمِيَانِّ لِيَرْمُنَّ لِتَرْمِيَنَّ لِتَرْمِيَانِّ لِيَرْمِيْنَانِّ لَاَرْمِيَنَّ لِنَرْمِيَنَّ
مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِيَرْمِيَنْ لِيَرْمُنْ لِتَرْمِيَنْ۔ لَاَرْمِيَنْ لِنَرْمِيَنْ
لِيُرْمَ لِيُرْمَيَا لِيُرْمَوْا لِتُرْمَ لِتُرْمَيَا لِيُرْمَيْنَ لَاُرْمَ لِنُرْمَ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ: لِيُرْمَيَنَّ لِيُرْمَيَانِّ لِيُرْمَوُنَّ لِتُرْمَيَنَّ لِتُرْمَيَانِّ لِيُرْمَيْنَانِّ لَاُرْمَيَنَّ لِنُرْمَيَنَّ
مؤکد بانون تاکید خفیفہ: لِيُرْمَيَنْ لِيُرْمَوُنْ لِتُرْمَيَنْ لَاُرْمَيَنْ لِنُرْمَيَنْ۔

اُستاذ: مَدَّ يَمُدُّ سے امر حاضر معلوم اور امر غائب معلوم کی گردان کریں۔

شاگرد: امر حاضر معلوم مُدَّ مُدِّ مُدُّ اُمْدُدْ مُدَّا مُدُّوْا مُدِّيْ مُدَّا اُمْدُدْنَ ثقیلہ: مُدَّنَّ مُدَّانِّ مُدُّنَّ مُدِّنَّ مُدَّانِّ اُمْدُدْنَانِّ خفیفہ: مُدَّنْ مُدُّنْ مُدِّنْ امر غائب معلوم۔ لِيَمُدَّ لِيَمُدِّ لِيَمُدُّ لِيَمْدُدْ لِيَمُدَّا لِيَمُدُّوْا لِتَمُدَّ لِتَمُدِّ لِتَمُدُّ لِتَمْدُدْ لِتَمُدَّا لِيَمْدُدْنَ لَاَمُدَّ لَاَمُدِّ لَاَمُدُّ لَاَمْدُدْ لِنَمُدَّ لِنَمُدِّ لِنَمُدُّ لِنَمْدُدْ ثقیلہ: لِيَمُدَّنَّ لِيَمُدَّانِّ لِيَمُدُّنَّ لِتَمُدَّنَّ لِتَمُدَّانِّ لِيَمْدُدْنَانِّ لَاَمُدَّنَّ لِنَمُدَّنَّ خفیفہ: لِيَمُدَّنْ لِيَمُدُّنْ لِتَمُدَّنْ لَاَمُدَّنْ لِنَمُدَّنْ

عرض:۔ یہاں امر کی گردان کے چند صیغوں کا اجراء بطور نمونہ لکھا گیا ہے باقی گردانوں (نفی، جحد بلم، مؤکد بالن ناصبہ اور نہی) کے اجراء کو مضارع کی گردان کے اجراء پر قیاس کر لیں کیونکہ ان گردانوں کے صیغوں میں تقریباً وہی قانون لگے ہیں جو مضارع کے صیغوں میں لگے ہیں اور اجراء کے اسی انداز کیساتھ نفی، جحد بلم، مؤکد بالن ناصبہ، امر اور نہی کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

☆ نکتہ:۔ جس طالب علم نے مضارع کی گردان میں قانون لگا لئے اس نے مضارع سے بننے والی تمام گردانوں میں قانون لگا لئے صرف چند ایک قانون اور لگیں گے جیسا کہ نون اعرابی والا قانون اور امر حاضر والا قانون وغیرہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے فعل نفی غیر مؤکد معلوم از ابواب ثلاثی مجرد ومزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد			افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	لَا یَضرِبُ	لَا یَنصُرُ	لَا یَفتَحُ	لَا یُکرِمُ	لَا یُکَرِّمُ	لَا یَتَصَرَّفُ	لَا یَتَضَارَبُ	لَا یُضَارِبُ	لَا یَکتَسِبُ	لَا یَستَخرِجُ	لَا یَنصَرِفُ
مثال واوی	لَا یَعِدُ	لَا یَوسَمُ	لَا یَوجَلُ	لَا یُوعِدُ	لَا یُوَعِّدُ	لَا یَتَوَعَّدُ	لَا یَتَوَاعَدُ	لَا یُوَاعِدُ	لَا یَتَّعِدُ	لَا یَستَوعِدُ	/
مثال یائی	لَا یَیسِرُ	لَا یَیمُنُ	لَا یَیقَظُ	لَا یُوسِرُ	لَا یُیَسِّرُ	لَا یَتَیَسَّرُ	لَا یَتَیَاسَرُ	لَا یُیَاسِرُ	لَا یَتَّسِرُ	لَا یَستَیسِرُ	/
اجوف واوی	لَا یَطِیحُ	لَا یَقُولُ	لَا یَخَافُ	لَا یُقِیلُ	لَا یُقَوِّلُ	لَا یَتَقَوَّلُ	لَا یَتَقَاوَلُ	لَا یُقَاوِلُ	لَا یَقتَالُ	لَا یَستَقِیلُ	لَا یَنقَالُ
اجوف یائی	لَا یَبِیعُ	لَا یَغُوطُ	لَا یَهَابُ	لَا یُبِیعُ	لَا یُبَیِّعُ	لَا یَتَبَیَّعُ	لَا یَتَبَایَعُ	لَا یُبَایِعُ	لَا یَبتَاعُ	لَا یَستَبِیعُ	لَا یَنبَاعُ
ناقص واوی	لَا یَجثِی	لَا یَدعُو	لَا یَرضَی	لَا یُدعِی	لَا یُدَعِّی	لَا یَتَدَعَّی	لَا یَتَدَاعَی	لَا یُدَاعِی	لَا یَدَّعِی	لَا یَستَدعِی	لَا یَندَعِی
ناقص یائی	لَا یَرمِی	لَا یَکنُوُ	لَا یَسعَی	لَا یُرمِی	لَا یُرَمِّی	لَا یَتَرَمَّی	لَا یَتَرَامَی	لَا یُرَامِی	لَا یَرتَمِی	لَا یَستَرمِی	/
لفیف مفروق	لَا یَقِی	/	لَا یَوجَی	لَا یُوقِی	لَا یُوَقِّی	لَا یَتَوَقَّی	لَا یَتَوَاقَی	لَا یُوَاقِی	لَا یَتَّقِی	لَا یَستَوقِی	/
لفیف مقرون	لَا یَروِی	/	لَا یَقوَی	لَا یُروِی	لَا یُرَوِّی	لَا یَتَرَوَّی	لَا یَتَرَاوَی	لَا یُرَاوِی	لَا یَرتَوِی	لَا یَستَروِی	/
مہموز الفاء	لَا یَأفِكُ	لَا یَأخُذُ	لَا یَأذَنُ	لَا یُؤمِرُ	لَا یُؤَمِّرُ	لَا یَتَأَمَّرُ	لَا یَتَآمَرُ	لَا یُؤَامِرُ	لَا یَئتَمِرُ	لَا یَستَئمِرُ	لَا یَنئَمِرُ
مہموز العین	لَا یَزئِرُ	لَا یَلؤُمُ	لَا یَسئَلُ	لَا یُسئِلُ	لَا یُسَئِّلُ	لَا یَتَسَئَّلُ	لَا یَتَسَائَلُ	لَا یُسَائِلُ	لَا یَستَئِلُ	لَا یَستَسئِلُ	لَا یَنسَئِلُ
مہموز اللام	لَا یَهنِئُ	لَا یَجرُؤُ	لَا یَقرَءُ	لَا یُقرِئُ	لَا یُقَرِّئُ	لَا یَتَقَرَّءُ	لَا یَتَقَارَءُ	لَا یُقَارِئُ	لَا یَقتَرِئُ	لَا یَستَقرِئُ	لَا یَنقَرِئُ
مضاعف ثلاثی	لَا یَفِرُّ	لَا یَمُدُّ	لَا یَعَضُّ	لَا یُمِدُّ	لَا یُمَدِّدُ	لَا یَتَمَدَّدُ	لَا یَتَمَادُّ	لَا یُمَادُّ	لَا یَمتَدُّ	لَا یَستَمِدُّ	/

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ یاء ہو اسم متمکن کے آخر میں ہو تو وہ یاء دو حال سے خالی نہیں مشدّد ہو گی یا مخفف ہو گی اگر مشدّد ہو تو اس کا ما قبل دو حال سے خالی نہیں ایک حرف مضموم ہو گا یا دو حرف مضموم ہوں گے اگر ایک حرف مضموم ہو تو اس ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے اور اگر دو حرف مضموم ہوں تو یاء کے ساتھ والے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے اور اُس سے پہلے والے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا جائز ہے اور اگر یاء مخفف ہو تو اُس کا ما قبل دو حال سے خالی نہیں۔ ایک حرف مضموم ہو گا یا دو حرف مضموم ہوں گے اگر ایک حرف مضموم ہو تو اس ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے اور اگر دو حرف مضموم ہوں تو یاء کے ساتھ والے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے اور اُس سے پہلے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلنا جائز نہیں۔ مثال یا مشدّد کی کہ اس سے پہلے ایک حرف مضموم ہو جیسا کہ مَرمِیٌّ اصل میں مَرْمُوْیٌ تھا۔ واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام کر دیا مَرمُیٌّ ہو گیا۔ یا مشدّد واقع ہوئی اسم متمکن کے آخر میں ما قبل اس کے ایک حرف مضموم ہے اس کے ضمہ کو وجوباً کسرہ کے ساتھ بدل دیا مَرمِیٌّ ہو گیا۔ مثال یا مخفف کی کہ ما قبل اس کے ایک حرف مضموم ہو جیسا کہ تَبَنٍّ اور اَدْلٍ اصل میں تَبَنُّو اور اَدْلُوٌ تھا جیسا کہ پہلے قانون میں گزرا ہے۔ مثال یا مشدّد کی کہ اس سے پہلے دو حرف مضموم ہوں جیسا کہ دِعِیٌّ اصل میں دُعُوْوٌ تھا۔ اس کی تعلیل ظاہر ہے۔ مثال یا مخفف کی کہ اس سے پہلے دو حرف مضموم ہوں جیسا کہ رُخٍ اور ثُنٍ اصل میں رُخُوٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور ثُنُیٌ تھا۔ پہلی مثال میں واؤ کو پہلے قانون کی بناء پر یا کے ساتھ بدل دیا رُخیٌ ہو گیا۔ اب دونوں مثالوں میں یا مخفف سے پہلے دو حرف مضموم ہیں جو یا کے متصل ہے اس کے ضمہ کو وجوبا کسرہ کے ساتھ بدل دیا رُخِیٌ ثُنِیٌ ہو گیا ضمہ یا پر ثقیل تھا للہذا گرا دیا رُخِیْنٌ ثُنِیْنٌ ہو گیا پھر بوجہ التقائے ساکنین یا کو حذف کر دیا رُخٍ ثُنٍ ہو گیا۔

قانون نمبر ۴۸

قانون کا نام :۔ دَوَاعٍ رواٍم والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو یا غیر منصرف کے آخر میں واقع ہو اور ما قبل اس کا مکسور ہو حالت رفعی اور جری میں اس یا کو مع حرکت حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تنوین لے آتے ہیں وجوباً جیسا کہ دَوَاعٍ ، رَوَامٍ اصل میں دَوَاعِوُ رَوَامِیُ تھا۔ پہلی مثال میں واؤ کو یا کے ساتھ بدلا دیا دَوَاعِیُ ہو گیا۔ اب دونوں مثالوں میں یا کو مع حرکت حذف کر کے اس کے عوض تنوین لے آئے دَوَاعٍ ، رَوَامٍ ہو گیا۔

قانون نمبر ۴۹

قانون کا نام :۔ مفاعل حالی یا مفاعل مٰالی والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو یا مفاعل حالی یا مٰالی کے آخر میں واقع ہو حالت رفعی اور جری میں اس یا کو حذف کر کے اس کے عوض تنوین لاتے ہیں وجوباً۔ مفاعل حالی وہ ہوتا ہے جو ابتداءً مفاعل کے وزن پر ہو۔ اور مفاعل مٰالی وہ ہوتا ہے جو ابتداءً مفاعل کے وزن پر نہ ہو لیکن بعد میں ہو جائے۔ مثال مفاعل حالی کی جیسا کہ دَوَاعٍ رَوَامٍ اصل میں دَوَاعِوُ، رَوَامِیُ تھا۔ پہلی مثال میں واؤ کو یا سے بدل دیا دَوَاعِیُ ہو گیا۔ اب دونوں مثالوں میں یا واقع ہوئی ہے مفاعل حالی کے آخر میں۔ اس کو مع حرکت کے حذف کر کے اس کے عوض تنوین لے آئے دَوَاعٍ ، رَوَامٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو گیا۔ مثال مفاعل مالی کی جیسا کہ صَحَارٍ جمع ہے صَحْرَاءُ کی۔ صَحْرَاءُ کی جمع اقصیٰ بنائی حرف اول کو بر حال چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لائے اس کے بعد تین حرف ہیں پہلے حرف (را) کو کسرہ دے دیا دوسرے حرف (الف) کو یا ساکن سے بدل دیا اور تیسرے کو بر حال چھوڑ دیا صَحَارِیْءُ ہو گیا ہمزہ واقع ہوا ہے یا مدہ زائدہ کے بعد ایک کلمہ میں لہذا اس کو ماقبل کی جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کر دیا صَحَارِيٌّ ہو گیا دو یائیں واقع ہو گئیں مفاعیل کے آخر میں اس لئے ایک کو جوازاً حذف کر دیا صَحَارِيُ ہو گیا اب یا واقع ہوئی ہے مفاعل مالی کے آخر میں اس کو بمع حرکت حذف کر کے اُس کے عوض میں تنوین لے آئے صَحَارٍ ہو گیا۔

قانون نمبر ۵۰

قانون کا نام :۔ رَخَایَا خَطَایَا والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب دو شقوں پر مشتمل ہے۔

شق نمبر ۱ :۔ ہمزہ ہو الف مفاعل کے بعد ہو یا سے پہلے ہو اور مفرد میں یا سے پہلے نہ ہو تو اس ہمزہ کو یا مفتوحہ کیساتھ بدلانا واجب ہے

شق نمبر ۲ :۔ ہمزہ ہو الف مفاعل کے بعد واقع ہو یا سے پہلے ہو اور مفرد میں الف کے بعد چوتھی جگہ میں واؤ واقع ہوئی ہو تو اس ہمزہ کو واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ مثال اس کی کہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہو اور مفرد میں یا سے پہلے نہ ہو جیسا کہ رَخَایَا جمع رَخِیَّۃٌ کی اور خَطَایَا جمع خَطِیْئَۃٌ کی۔ رَخِیَّۃٌ اصل میں رَخِیْوَۃٌ تھا اسکی جمع اقصیٰ بنائی حرف اول کو بر حال چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیا اور تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لائے اور اس کے بعد دو حرف ہیں پہلے کو کسرہ دے دیا اور دوسرے کو بر حال چھوڑ دیا تا اور تنوین کو بوجہ ضدیت منع صرف کے حذف کر دیا رَخَایِوُ ہو گیا۔ یا واقع ہوئی الف مفاعل کے بعد اس یا کو ہمزہ سے بدل دیا رَخَائِوُ ہو گیا۔ واؤ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ماقبل اس کا مکسور ہے اس کو یا سے بدل دیا رَخَائِیُ ہو گیا۔ یہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوا ہے اور مفرد میں یا سے پہلے نہیں تھا اس لئے اس کو یا مفتوحہ سے بدل دیا۔ خَایَیُ ہو گیا۔ یا متحرک ما قبل اس کا مفتوح اس کو الف سے بدل دیا۔ خَایَا ہو گیا۔ خَطِیْئَۃٌ کی جمع اقصیٰ بنائی تو حرف اول کو بر حال چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دے دیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لے آئے اس کے بعد دو حرف ہیں پہلے کو کسرہ دے دیا اور دوسرے کو بر حال چھوڑ دیا۔ تا اور تنوین کو بوجہ ضدیت منع صرف کے حذف کر دیا خَطَایِئُ ہو گیا۔ یا واقع ہوئی الف مفاعل کے بعد اس کو ہمزہ سے بدل دیا خَطَاءِءُ ہو گیا۔ دو ہمزے ایک کلمے میں جمع ہو گئے ایک ان میں سے مکسور ہے ثانی کو یا سے بدل دیا خَطَائِیُ ہو گیا۔ یہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہوا ہے اور مفرد میں یا سے پہلے نہیں تھا اس لئے اس کو یا مفتوحہ سے بدل دیا خَطَایَیُ ہو گیا پھر یا متحرک ما قبل اس کا مفتوح اس کو الف کے ساتھ بدل دیا خَطَایَا ہو گیا۔ مثال اس کی کہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہو اور اس کے مفرد میں الف کے بعد چوتھی جگہ واؤ ہو جیسا کہ اَدَاوٰی جمع اِدَاوَۃٌ کی اور ہَرَاوٰی جمع ہِرَاوَۃٌ کی۔ اِدَاوَۃٌ ، ہِرَاوَۃٌ کی جمع اقصیٰ بنائی تو حرف اول کو فتحہ دیا ثانی کو بر حال چھوڑ کر تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لے آئے۔ اس کے بعد دو حرف ہیں الف اور واؤ جو الف ہے اسکو الف مفاعل کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے ہمزہ مکسور کے ساتھ بدل دیا۔ تا اور تنوین کو بوجہ ضدیّت منع صرف کے حذف کر دیا اَدَائِوُ ، ہَرَائِوُ ہو گیا۔ واؤ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ما قبل اس کا مکسور ہے اس کو یا سے بدل دیا۔ اَدَائِیُ ہَرَائِیُ ہو گیا۔ یہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہوا ہے اور اس کے مفرد میں الف کے بعد چوتھی جگہ واؤ تھی اس لئے اس کو واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدل دیا اَدَاوَیُ ، ہَرَاوَیُ ہو گیا۔ یا متحرک ما قبل اس کا مفتوح اس کو الف کے ساتھ بدل دیا اَدَاوٰی ، ہَرَاوٰی ہو گیا۔ لیکن اَشَاوٰی جمع اَشْیَاءُ کی اور ھَدَاوٰی جمع ھَدِیَّۃٌ کی شاذ ہے۔ اَشْیَاءُ کی جمع اقصیٰ بنائی حرف اول کو بر حال چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لے آئے اس کے بعد تین حرف (یا۔ الف۔ ہمزہ) ہیں پہلے کو کسرہ دے دیا دوسرے کو ما قبل مکسور ہونے کی وجہ سے یا سے بدل دیا تیسرے ہمزے کو بر حال چھوڑ دیا۔ اَشَایِیءُ ہو گیا۔ ہمزہ واقع ہوا یا مدہ زائدہ کے بعد اسی کلمہ میں اس کو ما قبل کی جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کر دیا۔ اشایِیٌّ ہو گیا۔ دو یائیں واقع ہوئیں مفاعیل کے آخر میں ایک کو جوازاً حذف کر دیا اَشَایِیُ ہو گیا۔ یا اصلی واقع ہوئی الف مفاعل کے بعد اس کو خلافِ قانون ہمزہ سے بدل دیا اَشَائِیُ ہو گیا۔ یہ ہمزہ الف مفاعل کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بعد یا سے پہلے واقع ہوئی ہے اور مفرد میں یا سے پہلے نہیں ہے قانون چاہتا تھا کہ اس کو یا مفتوحہ کے ساتھ بدلا جائے لیکن خلاف قانون اس کو واوٗ مفتوحہ کے ساتھ بدلا دیا اَشَاوَیُ ہو گیا پھر یا متحرک ما قبل مفتوح یاء کو الف کیسا تھ بدلا دیا اَشَاوٰی ہو گیا۔ ھَدِیَّۃٌ کی جمع اقصیٰ بنائی حرف اول کو بر حال چھوڑ کر ثانی کو فتحہ دیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لائے اس کے بعد دو حرف ہیں پہلے کو کسرہ دے دیا اور دوسرے کو بر حال چھوڑ دیا۔ تا اور تنوین کو بوجہ ضدیت منع صرف کے حذف کر دیا ھَدَایِیُ ہو گیا۔ یا واقع ہوئی ہے الف مفاعل کے بعد اس کو ہمزہ کے ساتھ بدلا دیا ھَدَائِیُ ہو گیا۔ یہ ہمزہ الف مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہوا ہے اور مفرد میں یا سے پہلے نہیں تھا قانون چاہتا تھا کہ اس کو یا مفتوحہ سے بدلا جائے لیکن خلاف قانون اس کو واوٗ مفتوحہ کے ساتھ بدلا دیا ھَدَاوَیُ ہو گیا پھر واوٗ متحرک ما قبل اس کا مفتوح اس کو الف کے ساتھ بدلا دیا ھَدَاوٰی ہو گیا۔

قانون نمبر ۵۱

قانون کا نام :۔ رُخَیٌّ ، رُخَیَّۃٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جس کلمے میں تین یائیں اس طرح جمع ہو جائیں کہ پہلی مدغم ہو دوسری میں اور تیسری لام کلمہ کے مقابلے میں ہو تو اس تیسری کو نسیاً منسیاً حذف کرنا واجب ہے۔ بشرطیکہ وہ کلمہ فعل اور جاری مجریٰ فعل کا نہ ہو۔ (جاری مجریٰ فعل سے مراد صفت مشبہ ، اسم فاعل ، اسم مفعول ہیں اور ان کی تصغیریں جاری مجریٰ فعل نہیں کیونکہ فعل میں تصغیر کا معنیٰ نہیں پایا جاتا۔) مثال اس کی جیسا کہ رُخَیٌّ ، رُخَیَّۃٌ اصل میں رُخَیْیِوٌ ، رُخَیْیِوَۃٌ تھا۔ دو یائیں ایک کلمہ میں جمع ہو گئیں اول ساکن ثانی متحرک اول کو ثانی میں ادغام کر دیا۔ رُخَیِّوٌ ، رُخَیِّوَۃٌ ہو گیا۔ واوٗ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلہ میں ما قبل اس کا مکسور ہے اس کو یا کے ساتھ بدلا دیا۔ رُخَیِّیٌ ، رُخَیِّیَۃٌ ہو گیا۔ یہ تین یائیں ایک کلمے میں جمع ہو گئیں پہلی مدغم دوسرے میں اور تیسری لام کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔ اس تیسری کو نسیاً منسیاً حذف کر دیا رُخَیٌّ ، رُخَیَّۃٌ ہو گیا۔ مثال فعل کی جیسا کہ یُحَیِّیُ اصل میں یُحَیِّیُ تھا۔ یہ تین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یائیں ایک کلمے میں جمع ہو گئیں پہلی مدغم دوسرے میں اور تیسری لام کلمہ کے مقابلہ میں ہے۔ اس تیسری کو نسیاً منسیا حذف کر دیا رُخَيٌّ ، رُخَيَّةٌ ہو گیا۔ مثال فعل کی جیسا کہ يُحَيِّيُ اصل میں يُحَيّيُ تھا۔ یہ تین یائیں ایک کلمہ میں جمع ہو گئیں۔ پہلی مدغم دوسری میں اور تیسری لام کلمہ کے مقابلہ میں ہے لیکن اس کو نسیاً منسیا حذف نہیں کیا کیونکہ یہ کلمہ فعل ہے۔ یا کا ضمہ گرا دیا يُحَيِّيُ ہو گیا۔ مثال جاری مجری فعل کی جیسا کہ مُحَيٍّ اصل میں مُحَيِّيٌ تھا۔ یہ تین یائیں ایک کلمہ میں جمع ہو گئیں پہلی مدغم دوسری میں اور تیسری لام کلمہ کے مقابلے میں ہے۔ لیکن اس کو نسیاً منسیا حذف نہیں کیا کیونکہ یہ جاری مجریٰ فعل ہے۔ پہلے یا کا ضمہ گرا دیا مُحَيِّيْنٌ ہو گیا پھر بوجہ التقائے ساکنین یا کو حذف کر دیا مُحَيٍّ ہو گیا۔

﴿اسم فاعل کی گردان سننے اور اسمیں قانون لگانے کا طریقہ﴾

استاذ: اجوف واوی قَائِل" اور اجوف یائی بَائِع" سے اسم فاعل کی گردان کریں؟

شاگرد: قَائِلٌ قَائِلَانِ قَائِلُوْنَ قَالَةٌ قُوَّالٌ قُوَّلٌ قُوْلٌ قُوَلَاءُ قُوْلَانٌ قِيَالٌ قُوُوْلٌ قَائِلَةٌ قَائِلَتَانِ قَائِلَاتٌ قَوَائِلُ قُوَّلٌ قُوَيْئِلٌ قُوَيْئِلَةٌ قُوَيِّلٌ قُوَيِّلَةٌ

بَائِعٌ بَائِعَانِ بَائِعُوْنَ بَاعَةٌ بُيَّاعٌ بُيَّعٌ بُوْعٌ بُيَعَاءُ بُوْعَانٌ بِيَاعٌ بُيُوْعٌ بَائِعَةٌ بَائِعَتَانِ بَائِعَاتٌ بَوَائِعُ بُيَّعٌ بُوَيْئِعٌ بُوَيْئِعَةٌ بُوَيِّعٌ بُوَيِّعَةٌ

استاذ: قَائِلٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد: قَائِلٌ اصل میں قَاوِلٌ تھا۔ واؤ واقع ہوئی ہے الف فاعل کے بعد لہٰذا قَائِلٌ بَائِعٌ والے قانون کے تحت اس واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا قَائِلٌ ہو گیا۔

استاذ: قِيَالٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد: قِيَالٌ اصل میں قِوَالٌ تھا۔ واؤ واقع ہوئی جمع کے عین کلمہ کے مقابلے میں اور اپنے واحد کے صیغے میں سلامت بھی نہیں ہے اور ماقبل مکسور ہے تو اس واؤ کو قِيَالٌ قِيَامٌ والے قانون کے تحت یا سے بدل دیا قِيَالٌ ہو گیا۔

استاذ: قَوَائِلُ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کون سے قانون لگے ہیں؟

شاگرد: قَوَائِلُ اصل میں قَوَاوِلُ تھا۔ یہ جمع اقصیٰ ہے قَائِلَةٌ کی قائِلَة اصل میں قَاوِلَةٌ ہے پھر قَاوِلَةٌ سے جمع اقصیٰ یوں بنائی کہ الف مدہ زائدہ کو مدہ زائدہ والے قانون کی وجہ سے واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدل دیا قَوَ ہو گیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ کی لائے تو قوا ہو گیا پھر اس کے بعد دو حرف ہیں پہلے کو کسرہ دے دیا دوسرے کو برحال چھوڑ دیا اور تا کو بوجہ ضدیت منع صرف حذف کر دیا۔ قَوَاوِلُ ہو گیا پھر شرائف والے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کے تحت واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا۔ کیونکہ واؤ الف مفاعل کے بعد واقع ہوئی اور اصلی ہے اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہے اس لیے اس واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا۔ قَوَائِلُ ہو گیا۔ اسی طرح قَوَائِلُ کو ابتداءً قَائِلَۃٌ کی جمع اقصیٰ بھی بنا سکتے ہیں لیکن اس صورت میں قَائِلَۃٌ مفرد میں جو واؤ ہمزہ سے بدلی تھی قَائِلٌ بَائِعٌ والے قانون کی وجہ سے وہ جمع اقصیٰ میں واپس لوٹ آئیگی کیونکہ تصغیر اور جمع تکسیر میں کلمہ اپنی اصلی شکل پر واپس لوٹ آتا ہے (اَلتَّصغِیْرُ و التَّکسِیْرُ یَرُدَّانِ الاَشْیَاءَ اِلیٰ اَصْلِهَا) لہٰذا پہلے قَائِلَۃٌ کی جمع اقصیٰ قَوَاوِلُ آئیگی پھر شَرَائِفُ والے قانون کے تحت واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا تو اب جمع قَوَائِلُ ہو جائیگی۔

﴿ناقص سے اسم فاعل کی گردانوں کے نمونے﴾

نمونہ نمبر ۱ ثلاثی مجرد ناقص سے اسم فاعل کی گردان		نمونہ نمبر ۲ ثلاثی مزید ناقص سے اسم فاعل کی گردان	
ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی
دَاعٍ	رَامٍ	مُدْعٍ	مُرْمٍ
دَاعِيَانِ	رَامِيَانِ	مُدْعِيَانِ	مُرْمِيَانِ
دَاعُوْنَ	رَامُوْنَ	مُدْعُوْنَ	مُرْمُوْنَ
دُعَاةٌ	رُمَاةٌ	مُدْعِيَةٌ	مُرْمِيَةٌ
دُعَّاءٌ	رُمَّاءٌ	مُدْعِيَتَانِ	مُرْمِيَتَانِ
دُعًّى	رُمًّى	مُدْعِيَاتٌ	مُرْمِيَاتٌ
دُعُوٌّ	رُمِيٌّ	نمونہ	نمبر ۳
دُعَوَاءُ	رُمَيَاءُ	مضاعف ثلاثی سے	اسم فاعل کی گردان
دُعْوَانٌ	رُمْيَانٌ	مَادٌّ	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دِعَاءٌ	رِمَاءٌ	مَادَّانِ	مُدُوْدٌ
دُعِيٌّ	رُمِيٌّ	مَادُّوْنَ	مَادَّةٌ
دَاعِيَةٌ	رَامِيَةٌ	مَدَدَةٌ	مَادَّتَانِ
دَاعِيَتَانِ	رَامِيَتَانِ	مُدَّادٌ	مَادَّاتٌ
دَاعِيَاتٌ	رَامِيَاتٌ	مُدَّدٌ	مَوَادُّ
دَوَاعٍ	رَوَامٍ	مُدٌّ	مُدَّدٌ
دُعًّى	رُمًّى	مُدَدَاءُ	مُوَيْدٌّ
دُوَيْعٍ	رُوَيْمٍ	مُدَّانٌ	مُوَيْدَّةٌ
دُوَيْعِيَةٌ	رُوَيْمِيَةٌ	مِدَادٌ	

ان نمونوں کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ:۔

جس طالب علم نے ناقص سے اسم فاعل کی گردانوں کے ان نمونوں کو یاد کرلیا اس نے مجرد اور مزید کی ناقص و لفیف اور مضاعف کی اسم فاعل کی تمام گردانوں کو یاد لیا۔

استاذ: مَدَدَةٌ ،مُدَدَاءُ میں دو حرف متجانسین کے اکٹھے ہیں اور متحرک ہیں ان میں ادغام کیوں نہیں کیا؟

شاگرد: مَدَدَةٌ ،مُدَدَاءُ میں ادغام اس لیے نہیں کیا کہ ہم نے دو حرف متجانسین والے قانون کی شق نمبر ۳ میں پڑھا تھا کہ دو حرف متجانسین کسی ایسے اسم میں نہ ہوں جو ان پانچ اوزان میں سے کسی ایک وزن پر ہو فَعَلٌ ، فِعِلٌ ،فُعُلٌ ،فِعَلٌ ،فُعَلٌ اگر ہوئے تو ان میں ادغام کرنا منع ہے اور مَدَدَةٌ ،مُدَدَاءُ کے شروع میں ان پانچ اوزان میں سے فَعَلٌ اور فُعَلٌ والی شکل پائی گئی ہے لہٰذا ان میں ادغام کرنا منع ہے۔

استاذ: دَاعٍ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کون سے قوانین لگے ہیں؟

شاگرد: دَاعٍ اصل میں دَاعِوٌ تھا واؤ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ماقبل مکسور ہے اس واؤ کو دُعِيَ والے قانون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے تحت یا سے بدل دیا دَاعِیُ ہو گیا یا پر ضمہ ثقیل تھا یَدْعُوْ تَدْ عُوْ والے قانون کی وجہ سے اس کو گرا دیا دَاعِیْنٌ ہو گیا اب التقائے ساکنین آ گیا۔ یاء اور نون کے درمیان تو التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا دَاعٍ ہو گیا۔

استاذ : دَاعِیَانِ اصل میں کیا تھا اور کون سا قانون لگا؟

شاگرد : دَاعِیَانِ اصل میں دَاعِوَانِ تھا واؤ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ما قبل مکسور ہے دُعِیَ والے قانون کے تحت اس واؤ کو یا سے بدل دیا دَاعِیَانِ ہو گیا۔

استاذ : دَاعُوْنَ اصل میں کیا تھا اور کون کون سے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دَاعُوْنَ اصل میں دَاعِوُوْنَ تھا واؤ واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ما قبل مکسور ہے۔ دُعِیَ والے قانون کے تحت اس واؤ کو یا سے بدل دیا۔ دَاعِیُوْنَ ہو گیا پھر یَدْعُوْ تدعُوْ والے قانون کی نقل کی صورتوں میں سے ایک صورت پائی گئی ہے لہٰذا یا کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے دی پھر یُوْسِرُ والا قانون لگا کہ یا ساکن ما قبل مضموم ہے تو اس یا کو واؤ سے بدل دیا دَاعُوْوْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے ایک واؤ کو حذف کر دیا دَاعُوْنَ ہو گیا۔

استاذ : دُعَاۃٌ اصل میں کیا تھا اور اسمیں کون کون سے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دُعَاۃٌ اصل میں دَعَوَۃٌ تھا قال والے قانون کے ذریعے واؤ کو الف کے ساتھ بدل دیا پھر فا کلمہ کو حرکت ضمہ کی دی۔ (بقانون دُعَاۃٌ) تو دُعَاۃٌ ہو گیا۔

اُستاذ : دُعَّاءٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد : دُعَّاءٌ اصل میں دُعَّاوٌ تھا۔ واؤ واقع ہوئی الف زائدہ کے بعد بر طرف میں تو دُعَاءٌ والے قانون کے تحت اس واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا۔ دُعَّاءٌ ہو گیا۔

استاذ : دُعًّ اصل میں کیا تھا اور کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دُعًّ اصل میں دُعَّوٌ تھا واؤ واقع ہوئی چوتھی جگہ اور ما قبل کی حرکت مخالف (فتحہ) ہے۔ لہٰذا یُدْعَیَانِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَدْعَيَانِ والے قانون کے تحت اس واؤ کو یا سے بدل دیا دُعَیٌ ہو گیا اور پھر قَالَ والے قانون کے ذریعے یا کو الف سے بدل دیا دُعَانٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آ گیا الف اور نون تنوین کے درمیان الف کو حذف کر دیا دُعٌ ہو گیا۔

استاذ : دِعَاءٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون سا قانون لگا ہے؟

شاگرد : دِعَاءٌ اصل میں دِعَاوٌ تھا واؤ الف زائدہ کے بعد بر طرف میں واقع ہوئی ہے دُعَاءٌ والے قانون کے تحت اس واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا دِعَاءٌ ہو گیا۔

استاذ : دُعِيٌّ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دُعِيٌّ اصل میں دُعُوْوٌ تھا واؤ اس متمکن کے آخر میں واقع ہوئی ما قبل واؤ مدہ زائدہ ہے۔ دِعِيٌّ والے قانون کے تحت اس واؤ کو یا سے بدل دیا۔ دُعُوْيٌ ہو گیا پھر سَيِّدٌ والا قانون لگا کہ واؤ اور یا ایک کلمے میں جمع ہو گئے واؤ کو یا کر کے یا کو یا میں ادغام کر دیا دُعُيٌّ ہو گیا یا مشدد یا مخفف والے قانون کے تحت جو ضمہ یا مشدد کے قریب ہے اس کو کسرہ سے وجوباً بدل دیا دُعِيٌّ ہو گیا پھر اس سے پہلے والے ضمہ کو اسی قانون کے تحت کسرہ سے جوازاً بدل دیا دِعِيٌّ ہو گیا۔

استاذ : دَاعِيَةٌ دَاعِيَتَانِ دَاعِيَاتٌ اصل میں کیا تھے اور ان میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دَاعِيَةٌ دَاعِيَتَانِ دَاعِيَاتٌ اصل میں دَاعِوَةٌ ۔ دَاعِوَتَانِ ۔ دَاعِوَاتٌ تھے دُعِيَ والے قانون کے تحت اس واؤ کو یا سے بدل دیا دَاعِيَةٌ ہو گیا۔

استاذ : دَوَاعٍ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دَوَاعٍ اصل میں دَوَاعِوُ تھا دُعِيَ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا۔ دَوَاعِيُ ہو گیا۔ دَوَاعٍ ، رَوَامٍ والے قانون کے تحت کہ یہ یا غیر منصرف کے آخر میں واقع ہوئی حالت رفعی اور جرّی میں اس یا کو سمیت حرکت کے حذف کر کے اس کے عوض میں آخر میں تنوین لے آئے دَوَاعٍ ہو گیا۔

استاذ : دُوَيْعٍ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے لگے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاگرد: ذُوَیع اصل میں ذُوَیعِوٌ تھا یہ تصغیر ہے دَاعٍ کی دَاعٍ اصل میں دَاعِوٌ تھا تصغیر والے قاعدہ کے تحت پہلے حرف کو ضمہ دیا پھر مدہ زائدہ والے قانون کے تحت الف مدہ زائدہ کو واؤ مفتوحہ سے بدل دیا ذُوَیعِوٌ ہو گیا۔ اب دُعِیَ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا ذُوَیعِیٌ ہو گیا اب یا پر ضمہ ثقیل تھا یَدْعُو تَدْعُو والے قانون کے تحت ضمہ کو گرا دیا ذُوَیعِیْنٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت اس یاء کو حذف کر دیا ذُوَیع ہو گیا۔

استاذ: ذُوَیعِیَۃٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون سا قانون لگا ہے؟

شاگرد: ذُوَیعِیَۃٌ اصل میں ذُوَیعِوَۃٌ تھا ذُوَیعِوَۃٌ یہ تصغیر ہے دَاعِیَۃٌ کی دَاعِیَۃٌ اصل میں دَاعِوَۃٌ تھا اس میں تصغیر والے قاعدہ کے تحت پہلے حرف کو ضمہ دیا پھر مدہ زائدہ والے قانون کے تحت مدہ کو واؤ مفتوحہ سے بدل دیا ذُوَیعِوَۃٌ ہو گیا پھر دُعِیَ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا ذُوَیعِیَۃٌ ہو گیا۔

استاذ: وَاقٍ لفیف مفروق اور طاوٍ لفیف مقرون سے اسم فاعل کی گردان کریں۔

شاگرد: وَاقٍ وَاقِیَانِ وَاقُونَ وُقَاۃٌ وُقَّاءٌ وُقٍّ وُقِیٌّ وُقَیَاءُ وُقْیَانٌ وِقَاءٌ وُقِیٌّ وَاقِیَۃٌ وَاقِیَتَانِ وَاقِیَاتٌ اَوَاقٍ وُقًّی اُوَیقٍ اُوَیقِیَۃٌ

طَاوٍ طَاوِیَانِ طَاوُوْنَ طُوَاۃٌ طُوَّاءٌ طُوًّی طِیٌّ طُوَیَاءُ طُیَّانٌ طِوَاءٌ طُوِیٌّ طَاوِیَۃٌ طَاوِیَتَانِ طَاوِیَاتٌ طَوَایَا طُوًّی طُوَیٌّ طُوَیَّۃٌ

فائدہ:۔ جس طالبعلم نے ناقص سے اسم فاعل کی گردان دَاعٍ (ن) میں قانون لگا لئے اس نے مجرد اور مزید کی ناقص اور لفیف کی اسم فاعل کی تمام گردانوں میں قانون لگا لئے۔

عرض:۔ اجراء کے اسی انداز کیساتھ اسم فاعل کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے اسم فاعل از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد	افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	ضَارِبٌ	مُكْرِمٌ	مُكَرِّمٌ	مُتَصَرِّفٌ	مُتَضَارِبٌ	مُضَارِبٌ	مُكْتَسِبٌ	مُسْتَخْرِجٌ	مُنْصَرِفٌ
مثال واوی	وَاعِدٌ	مُوْعِدٌ	مُوَعِّدٌ	مُتَوَعِّدٌ	مُتَوَاعِدٌ	مُوَاعِدٌ	مُتَّعِدٌ	مُسْتَوْعِدٌ	/
مثال یائی	يَاسِرٌ	مُوْسِرٌ	مُيَسِّرٌ	مُتَيَسِّرٌ	مُتَيَاسِرٌ	مُيَاسِرٌ	مُتَّسِرٌ	مُسْتَيْسِرٌ	/
اجوف واوی	قَائِلٌ	مُقِيْلٌ	مُقَوِّلٌ	مُتَقَوِّلٌ	مُتَقَاوِلٌ	مُقَاوِلٌ	مُقْتَالٌ	مُسْتَقِيْلٌ	مُنْقَالٌ
اجوف یائی	بَائِعٌ	مُبِيْعٌ	مُبَيِّعٌ	مُتَبَيِّعٌ	مُتَبَايِعٌ	مُبَايِعٌ	مُبْتَاعٌ	مُسْتَبِيْعٌ	مُنْبَاعٌ
ناقص واوی	دَاعٍ	مُدْعٍ	مُدَعٍّ	مُتَدَعٍّ	مُتَدَاعٍ	مُدَاعٍ	مُدَّعٍ	مُسْتَدْعٍ	مُنْدَعٍ
ناقص یائی	رَامٍ	مُرْمٍ	مُرَمٍّ	مُتَرَمٍّ	مُتَرَامٍ	مُرَامٍ	مُرْتَمٍ	مُسْتَرْمٍ	/
لفیف مفروق	وَاقٍ	مُوْقٍ	مُوَقٍّ	مُتَوَقٍّ	مُتَوَاقٍ	مُوَاقٍ	مُتَّقٍ	مُسْتَوْقٍ	/
لفیف مقرون	طَاوٍ	مُطْوٍ	مُطَوٍّ	مُتَطَوٍّ	مُتَطَاوٍ	مُطَاوٍ	مُطَّوٍ	مُسْتَطْوٍ	مُنْطَوٍ
مہموز الفاء	اٰمِرٌ	مُؤْمِرٌ	مُؤَمِّرٌ	مُتَئَمِّرٌ	مَتَئَامِرٌ	مُئَامِرٌ	مُؤْتَمِرٌ	مُسْتَئْمِرٌ	مُنْئَمِرٌ
مہموز العین	سَائِلٌ	مُسْئِلٌ	مُسَئِّلٌ	مُتَسَئِّلٌ	مُتَسَائِلٌ	مُسَائِلٌ	مُسْتَئِلٌ	مُسْتَسْئِلٌ	مُنْسَئِلٌ
مہموز اللام	قَارِئٌ	مُقْرِئٌ	مُقَرِّئٌ	مُتَقَرِّئٌ	مُتَقَارِئٌ	مُقَارِئٌ	مُقْتَرِئٌ	مُسْتَقْرِئٌ	مُنْقَرِئٌ
مضاعف ثلاثی	مَادٌّ	مُمِدٌّ	مُمَدِّدٌ	مُتَمَدِّدٌ	مُتَمَادٌّ	مُمَادٌّ	مُمْتَدٌّ	مُسْتَمِدٌّ	/

مکمل گردان: ضَارِبٌ ، ضَارِبَانِ، ضَارِبُوْنَ ، ضَرَبَةٌ ، ضُرَّابٌ ، ضُرَّبٌ ، ضُرُبٌ ، ضُرَبَاءُ ، ضُرْبَانٌ ، ضِرَابٌ ، ضُرُوْبٌ ، ضَارِبَةٌ ، ضَارِبَتَانِ ، ضَارِبَاتٌ، ضَوَارِبُ ، ضُرَّبٌ ، ضُوَيْرِبٌ ، ضُوَيْرِبَةٌ .

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿صفت مشبہ کی گردان سننے اور اسمیں قانون لگانے کا طریقہ﴾

﴿بطور نمونہ صفت مشبہ کی چند گردانیں﴾

صفتِ مشبہ از مثال واوی	صفت مشبہ از ناقص	صفت مشبہ از لفیف مقرون	صفت مشبہ از مضاعف
وَجِلٌ	رَخِيٌّ	قَوِيٌّ	حَبِيبٌ
وَجِلَانِ	رَخِيَّانِ	قَوِيَّانِ	حَبِيبَانِ
وَجِلُونَ	رَخِيُّونَ	قَوِيُّونَ	حَبِيبُونَ
أَوْجَالٌ	رِخَاءٌ	قِوَاءٌ	حِبَابٌ
وَجِلَةٌ	رُخِيٌّ	قُوِيٌّ	حُبُوبٌ
وَجِلَتَانِ	رُخٍ	قُوٍ	حُبُبٌ
وَجِلَاتٌ	رُخَوَاءُ	قُوَيَاءُ	حُبَبَاءُ
وُجَيْلٌ	رُخْوَانٌ	قُوَّانٌ	حُبَّانٌ
وَوُجَيْلَةٌ	رِخْوَانٌ	قِيَّانٌ	حِبَّانٌ
	أَرْخَاءٌ	أَقْوَاءٌ	أَحْبَابٌ
	أَرْخِيَاءُ	أَقْوِيَاءُ	أَحِبَّاءُ
	أَرْخِيَةٌ	أَقْوِيَةٌ	أَحِبَّةٌ
	رَخِيَّةٌ	قَوِيَّةٌ	حَبِيبَةٌ
	رَخِيَّتَانِ	قَوِيَّتَانِ	حَبِيبَتَانِ
	رَخِيَّاتٌ	قَوِيَّاتٌ	حَبِيبَاتٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حَبَائِبُ	قَوَايَا	رَخَايَا	
حُبَيِّبٌ	قُوَیٌّ	رُخَیٌّ	
حُبَيِّبَةٌ	قُوَيَّةٌ	رُخَيَّةٌ	

ان نمونوں کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ :۔

صفت مشبہ کی ان گردانوں کو بطور نمونہ خوب یاد کرلیں۔ انشاء اللہ صفت مشبہ کی ان گردانوں کو یاد کرنے سے باقی گردانیں خود بخود یاد ہو جائیں گی۔

استاذ : رُخِیٌّ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کون سے قانون لگے ہیں ؟

شاگرد : رُخِیٌّ اصل میں رُخُوْوٌ تھا پھر "دِعِیٌّ" والے قانون کے تحت آخر سے واؤ کو یا سے بدل دیا رُخُوْیٌ ہو گیا پھر "سَیِّدٌ" والے قانون کے ذریعے واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام کر دیا رُخُیٌّ ہو گیا پھر "یا مشدد و مخفف والے قانون کے تحت ما قبل ضمے کو کسرے سے بدل دیا رُخِیٌّ ہو گیا اور یا مشدد و مخفف والے قانون کے تحت رُخِیٌّ میں رِخِیٌّ پڑھنا جائز ہے۔

استاذ : رُخٍ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کونسے قانون لگے ہیں ؟

شاگرد : رُخٍ اصل میں رُخُوٌ تھا۔ دِعِیٌّ والے قانون کے تحت آخر سے واؤ کو یا سے بدل دیا رُخُیٌ ہو گیا پھر دعِیٌّ والے قانون کے تحت ما قبل ضمے کو کسرے سے بدل دیا رُخِیٌ ہو گیا۔ پھر یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے یا کا ضمہ گر گیا رُخِیْنٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے یا گر گئی تو رُخٍ ہو گیا۔

﴿اسم مفعول میں لگنے والے قوانین﴾

قانون نمبر ۵۲

قانون کا نام :۔ الف مقصورہ الف ممدودہ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے چند شقیں جوازی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تمہید:۔اس قانون کو سمجھنے سے پہلے ایک تمہید سمجھ لیں۔ تمہید کا حاصل یہ ہے کہ

ا۔الف مقصورہ اسے کہتے ہیں جس کے بعد ہمزہ یا کوئی حرف مشدد نہ ہو۔ جیسا کہ حُبْلٰی ، ضُرْبٰی

۲۔الف ممدودہ اسے کہتے ہیں جس کے بعد ہمزہ یا کوئی حرف مشدد ہو جیسا کہ حَمْرَآءُ ، صَوَآفٌّ

۳۔امالہ کا لغوی معنی ہے مائل کرنا کسی چیز کو ایک جانب سے دوسری جانب کی طرف اور صرفیوں کی اصطلاح میں امالہ کی تعریف یہ ہے کہ فتحہ کو مائل کرنا کسرہ کی طرف اور الف کو مائل کرنا یاء کی طرف جیسا کہ کِتَابٌ اور حِسَابٌ میں امالہ کے وقت کِتِیبٌ اور حِسِیبٌ پڑھیں گے حرف اور اسم مبنی میں امالہ کرنا جائز نہیں لیکن تین حرفوں اور تین اسم مبنی میں امالہ کرنا جائز ہے وہ تین حرف یہ ہیں بَلٰی ، یا اور لا جو اِمّا لا میں واقع ہے اور وہ تین اسم مبنی یہ ہیں متٰی ، انّی ، ذا

قانون کا مطلب:۔اس قانون کا مطلب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے کا تعلق الف مقصورہ کی صورتوں کے ساتھ ہے اور دوسرے حصے کا تعلق الف ممدودہ کی صورتوں کے ساتھ ہے

پہلے حصے کی پانچ صورتیں یہ ہیں۔

نمبر ا۔الف مقصورہ ہو تیسری جگہ ہو بدل واؤ سے ہو جب اس کلمہ سے تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بنائیں گے تو اس الف مقصورہ کو واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدل کرنا واجب ہے جیسا کہ عَصَا یہ الف مقصورہ تیسری جگہ بدل واؤ سے ہے اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت واؤ مفتوحہ کیساتھ بدل کرنا واجب ہے عَصَوَانِ عَصَوَیْنِ عَصَوَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر ۲۔الف مقصورہ ہو بدل بھی کسی سے نہ ہو اور امالہ بھی نہ ہوتا ہو تو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدل دیا جائے گا وجوبا جیسا کہ اِلٰی حالت علیت میں یعنی اِلٰی جب کسی کا نام رکھ دیا جائے تو یہ الف مقصورہ تیسری جگہ اصلی ہے اور اس میں امالہ بھی نہیں کیا جاتا اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدلا کر اَلَوَانِ اَلَوَیْنِ اَلَوَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر ۳۔الف مقصورہ ہو تیسری جگہ نہ ہو بلکہ چوتھی پانچویں یا چھٹی جگہ واقع ہو جب تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بنائیں گے تو اس کو یا مفتوحہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے جیسا کہ ضُرْبٰی مُصْطَفٰی مُسْتَدْعٰی یہ الف مقصورہ چوتھی پانچویں چھٹی جگہ واقع ہوا ہے اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا مفتوحہ کے ساتھ بدل کر ضُرْبَیَانِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضَرُبَیَیْنِ ضَرُبَیَاتٌ مُصْطَفَیَانِ مُصطَفَیَیْنِ مُصْطَفَیَاتٌ مُسْتَدْعَیَانِ مُسْتَدْعَیَیْنِ مُسْتَدْعَیَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر ۴۔ الف مقصورہ ہو تیسری جگہ ہو، بدل یا سے ہو تو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے جیسا کہ رَحٰی یہ الف مقصورہ تیسری جگہ بدل یا سے ہے اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا مفتوحہ کیساتھ بدل کرنا واجب ہے رَحَیَانِ رَحَیَیْنِ رَحَیَاتٌ پڑھنا واجب ہے

نمبر ۵۔ الف مقصورہ ہو تیسری جگہ ہو بدل کسی سے نہ ہو لیکن اس میں امالہ ہوتا ہو تو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت اس الف مقصورہ کو یا مفتوحہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے جیسا کہ بَلٰی حالت عَلَمِیَّت میں۔ یہ الف مقصورہ تیسری جگہ اصلی ہے بدل کسی سے نہیں لیکن اس میں اِمالہ کیا جاتا ہے اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا مفتوحہ کیساتھ بدل کرنا واجب ہے بَلَیَانِ بَلَیَیْنِ بَلَیَاتٌ پڑھنا واجب ہے

دوسرے حصے کی پانچ صورتیں یہ ہیں۔

نمبر ۱۔ الف ممدودہ ہو اصلی ہو بدل کسی سے نہ ہو اور زائدہ بھی نہ ہو جیسا کہ قُرَّاءٌ میں الف ممدودہ اصلی ہے۔ اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت اپنے حال پر رکھ کر قُرَّاءَانِ اور قُرَّائَیْنِ قُرَّاءَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر ۲۔ الف ممدودہ ہو زائدہ تانیث کیلئے ہو تو اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت واؤ مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے۔ جیسا کہ حَمْرَاءُ یہ الف ممدودہ زائدہ تانیث کے لئے ہے۔ اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدلا کر حَمْرَاوَانِ حَمْرَاوَیْنِ حَمْرَاوَاتٌ پڑھنا واجب ہے۔

نمبر ۳۔ الف ممدودہ ہو بدل واؤ سے ہو جیسا کہ کِسَاءٌ تو اس میں تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں یعنی کِسَاءَانِ کِسَائَیْنِ کِسَاءَاتٌ، کِسَاوَانِ کِسَاوَیْنِ کِسَاوَاتٌ پڑھنا جائز ہے۔

نمبر ۴۔ الف ممدودہ ہو بدل یا سے ہو جیسا کہ رِدَاءٌ۔ یہ الف ممدودہ ہے بدل یا سے ہے تو اس کو تثنیہ جمع مؤنث سالم بناتے وقت دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں یعنی رِدَاءَانِ، رِدَائَیْنِ، رِدَاءَاتٌ، رِدَاوَانِ، رِدَاوَیْنِ رِدَاوَاتٌ پڑھنا جائز ہے۔

نمبر ۵۔ الف ممدودہ ہو زائدہ الحاق کیلئے ہو جیسا کہ عِلْبَاءٌ (ملحق ہے قرطاس کیساتھ) تو اس میں تثنیہ جمع مؤنث سالم بناتے وقت دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں یعنی عِلْبَاءَانِ عِلْبَائَیْنِ عِلْبَاءَاتٌ عِلْبَاوَانِ عِلْبَاوَیْنِ عِلْبَاوَاتٌ دونوں طرح پڑھنا جائز ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۵۳

قانون کا نام :۔مَرْضِیٌّ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہر وہ باب کہ ماضی اس کی مکسورُ العین ہو اور اس کے اسم مفعول کے لام کلمہ کے مقابلے میں واؤ واقع ہو تو اس واؤ کو یا کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ مَرْضِیٌّ اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا یہ واؤ اس باب کے اسم مفعول کے لام کلمہ کے مقابلے میں واقع ہوئی ہے جس کی ماضی مکسور العین ہے اس کو یا کے ساتھ بدلا دیا مَرْضُوْیٌ ہو گیا واؤ اور یا ایک کلمہ میں جمع ہو گئیں پہلی ان میں سے ساکن لازم غیر بدل ہے واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام کر دیا مَرْضُیٌّ ہو گیا یا مشدد واقع ہوئی ہے اسم متمکن کے آخر میں ما قبل اس کا مضموم ہے لہٰذا ما قبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدل دیا۔ مَرْضِیٌّ ہو گیا لیکن رَاضِیَةٌ، مَرْضُوَّةٌ شاذ ہیں اور محققین کے نزدیک اس واؤ کا ابدال وجوبی نہیں بلکہ اولیٰ و اکثر ہے اور تصحیح بھی جائز ہے لیکن کم ہے لہٰذا مَرْضُوَّةٌ شاذ نہ ہو گا

اس بناء پر مَرْضِیٌّ کی تعلیل اس طرح ہو گی مَرْضِیٌّ در اصل مَرْضُوْوٌ بود واؤ واقع شد بجائے لام کلمہ در اسم مفعول آں باب کہ ماضی آں مکسور العین است یا واؤ واقع شد در آخر اسم متمکن ما قبلش واؤ مدہ زائدہ در مفرد ما قبل او دیگر واوے متحرک نبود اگرچہ در بنجا وجوب اعلال ممتنع بود لیکن ایں واؤ را بایا بدل کردند تبعًا للماضی (یعنی ماضی میں واؤ کو یاء سے بدل دیا اسکی تابع داری کیلئے یہاں بھی واؤ کو یاء سے بدل دیا) مَرْضُوْیٌ شد پس واؤ و یا در یک کلمہ بہم آمدند نخستیں از ایشاں ساکن لازم بدل از چیزے نبود (واؤ اور یا ایک کلمہ میں اکٹھی آگئیں ان میں سے پہلی ساکن لازم ہے) بنابراں واؤ یا کردہ یا را در یا ادغام کردند مَرْضُیٌّ شد پس یا مشدد واقع شد در آخر اسم متمکن ما قبلش مضموم ضمہ ما قبلش را بکسرہ بدل کردند مَرْضِیٌّ شد (یعنی یہاں دِعِیٌّ والے قانون کی جوازی صورت پائی جا رہی ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿اسم مفعول کی گردان سننے اور اسمیں قانون لگانے کا طریقہ﴾

استاذ : اجوف واوی سے مَقُوْلٌ اسم مفعول کی گردان کریں۔

شاگرد : مَقُوْلٌ مَقُوْلَانِ مَقُوْلُوْنَ مَقُوْلَةٌ مَقُوْلَتَانِ مَقُوْلَاتٌ مَقَائِلُ مَقَاوِلُ مَقَاوِيْلُ مُقَيْوِيْلٌ مُقَيْيِيْلٌ مُقَيِّلٌ مُقَيْوِيْلَةٌ مُقَيْيِيْلَةٌ مُقَيِّلَةٌ

استاذ : آپ نے جمع اقصیٰ میں تین وجہیں کیوں پڑھیں ہیں؟

شاگرد : اگر جمع اقصیٰ کی بناء مَقُوْوُلٌ یا مَقُوْوُلَةٌ سے کریں (اسم مفعول میں جمع اقصیٰ واحد مذکر و مؤنث دونوں سے بن سکتی ہے) تو پھر جمع اقصیٰ کے قاعدے کے مطابق اس کی جمع اقصیٰ مَقَاوِيْلُ آئے گی اور اگر اس کی بناء (تعلیل کے بعد) مَقُوْلٌ سے کریں تو پھر مَقُوْلٌ کی واؤ دو حال سے خالی نہیں۔ زائدہ ہو گی یا اصلی ہو گی۔ اگر اصلی ہو تو پھر اس کی جمع اقصیٰ مَقَاوِلُ آئے گی اور اگر زائدہ ہو تو پھر اس کی جمع اقصیٰ مَقَائِلُ آئے گی کیونکہ ہم نے شَرَائِفُ والے قانون میں پڑھا ہے کہ جو حرف علت الف مفاعل کے بعد واقع ہو اگر وہ زائدہ ہو تو اس کو مطلقاً ہمزہ کے ساتھ بدلنا واجب ہے خواہ الف مفاعل سے پہلے حرف علت ہو یا نہ ہو اور اگر اصلی ہو تو اس کو ہمزہ کے ساتھ تب بدلیں گے جب الف مفاعل سے پہلے حرف علت ہو تو اب یہاں دو وجہوں (مَقَاوِيْلُ مَقَاوِلُ) میں حرف علت واؤ اصلی ہے اور الف مفاعل سے پہلے حرف علت نہیں ہے۔ لہٰذا اس واؤ کو ہمزہ کے ساتھ نہیں بدلیں گے اور ایک وجہ (مَقَائِلُ) میں حرف علت واؤ زائد تھا تو اسکو ہمزہ کیساتھ بدل دیا کیونکہ زائدہ کو ہمزے سے بدلنے کے لیے الف مفاعل سے پہلے حرف علت کا ہونا ضروری نہیں۔

استاذ : آپ نے تصغیر میں تین وجہیں کیوں پڑھی ہیں؟

شاگرد : اگر ہم اسم مفعول کی تصغیر مَقُوْوُلٌ یا مَقُوْوُلَةٌ سے بنائیں تو اس تصغیر میں دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں کیونکہ ہم نے سَيِّدٌ والے قانون میں یہ شق پڑھی تھی کہ اگر مفرد مکبر میں واؤ متحرک ہو تو تصغیر میں واؤ کو یا کے ساتھ بدلنا جائز ہے واجب نہیں۔ یعنی واؤ کو یا کے ساتھ بدلا کر پھر یا کو یا میں ادغام کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں اور واؤ کو بغیر بدلائے یعنی اپنے حال پر برقرار رکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اسی وجہ سے یہاں مَقُوْوُلٌ کی تصغیر میں مُقَيْوِيْلٌ بھی پڑھ سکتے ہیں اور مُقَيِّيْلٌ بھی پڑھ سکتے ہیں اور اگر ہم اس کی تصغیر مَقُوْلٌ سے بنائیں تو پھر ہر حال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں ایک وجہ پڑھیں گے اور وہ مُقَیِّلٌ ہے کیونکہ مفرد مکبر میں واؤ متحرک نہیں۔

استاذ : اجوف یائی سے مَبِیْعٌ اسم مفعول کی گردان کریں؟

شاگرد : مَبِیْعٌ مَبِیْعَانِ ۔ مَبِیْعُوْنَ مَبِیْعَةٌ مَبِیْعَتَانِ مَبِیْعَاتٌ مَبَائِعُ مَبَایِعُ مَبَابِیْعُ مُبَیِّیْعٌ مُبَیِّعٌ مُبَیِّیْعَةٌ مُبَیِّعَةٌ۔

استاذ : یہاں تصغیر میں تین وجہیں کیوں نہیں پڑھیں؟

شاگرد : یہاں پر سَیِّدٌ والے قانون کی شق نہیں پائی جاتی اسی لیے چاہے ہم تصغیر مَبْیُوْعٌ اصل سے بنائیں اور چاہے مَبِیْعٌ سے بنائیں دونوں صورتوں میں یا کا یا میں ادغام کرنا واجب ہے۔

بعض اساتذہ کرام اجوف سے اسم مفعول کی جمع اقصیٰ اور تصغیر میں ایک ایک وجہ پڑھتے ہیں اور وہ پوری گردان اس طرح پڑھتے ہیں۔مَقُوْلٌ مَقُوْلَانِ مَقُوْلُوْنَ مَقُوْلَةٌ مقُولَتَانِ مَقُوْلَاتٌ مَقَاوِیلُ مُقَیِّیْلٌ مُقَیِّیْلَةٌ۔

مَبِیْعٌ مَبِیْعَانِ ۔ مَبِیْعُوْنَ مَبِیْعَةٌ مَبِیْعَتَانِ مَبِیْعَاتٌ مَبَابِیْعُ مُبَیِّیْعٌ مُبَیِّیْعَةٌ۔

ان اساتذہ کرام کی نظر اس مشہور قاعدہ پر ہے (اَلتَّصغِیْرُ وَالتَّکْسِیْرُ یَرُدَّانِ الاَشْیَاءَ اِلٰی أَصلِهَا) لہٰذا ان اکابر اساتذہ کرام کے انداز کے مطابق طلباء کو اگر ایک ایک وجہ بھی یاد کرادی جائے تو مضائقہ نہیں۔

استاذ : مضاعف سے اسم مفعول کی گردان کریں؟

شاگرد : مَمْدُوْدٌ، مَمْدُوْدَانِ، مَمْدُوْدُوْنَ، مَمْدُوْدَةٌ، مَمْدُوْدَتَانِ، مَمْدُوْدَاتٌ، مَمَادِیْدُ، مُمَیْدِیْدٌ، مُمَیْدِیْدَةٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ناقص سے اسم مفعول کی گردانوں کے نمونے﴾

نمونہ نمبر ۲ ثلاثی مزید ناقص سے اسم مفعول کی گردان		نمونہ نمبر ۱ ثلاثی مجرد ناقص سے اسم مفعول کی گردان	
ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی
مُرْمًى	مُدْعًى	مَرْمِيٌّ	مَدْعُوٌّ
مُرْمَيَانِ	مُدْعَيَانِ	مَرْمِيَّانِ	مَدْعُوَّانِ
مُرْمَوْنَ	مُدْعَوْنَ	مَرْمِيُّوْنَ	مَدْعُوُّوْنَ
مُرْمَاةٌ	مُدْعَاةٌ	مَرْمِيَّةٌ	مَدْعُوَّةٌ
مُرْمَاتَانِ	مُدْعَاتَانِ	مَرْمِيَّتَانِ	مَدْعُوَّتَانِ
مُرْمَيَاتٌ	مُدْعَيَاتٌ	مَرْمِيَّاتٌ	مَدْعُوَّاتٌ
		مَرَامِيٌّ	مَدَاعِيٌّ
		مُرَيْمِيٌّ	مُدَيْعِيٌّ
		مُرَيْمِيَّةٌ	مُدَيْعِيَّةٌ

ان دو نمونوں کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ :۔

جس طالب علم نے ناقص سے اسم مفعول کی ان دو نمونوں والی گردانوں کو یاد کر لیا اس نے مجرد اور مزید کی ناقص اور لفیف کی اسم مفعول کی تمام گردانوں کو یاد کر لیا۔

عرض :۔ اجراء کے اسی انداز کیساتھ اسم مفعول کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے اسم مفعول از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد	افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	مَضْرُوْبٌ	مُکْرَمٌ	مُکَرَّمٌ	مُتَصَرَّفٌ	مُتَضَارَبٌ	مُضَارَبٌ	مُکْتَسَبٌ	مُسْتَخْرَجٌ	مُنْصَرَفٌ
مثال واوی	مَوْعُوْدٌ	مُوْعَدٌ	مُوَعَّدٌ	مُتَوَعَّدٌ	مُتَوَاعَدٌ	مُوَاعَدٌ	مُتَّعَدٌ	مُسْتَوْعَدٌ	/
مثال یائی	مَیْسُوْرٌ	مُوْسَرٌ	مُیَسَّرٌ	مُتَیَسَّرٌ	مُتَیَاسَرٌ	مُیَاسَرٌ	مُتَّسَرٌ	مُسْتَیْسَرٌ	/
اجوف واوی	مَقُوْلٌ	مُقَالٌ	مُقَوَّلٌ	مُتَقَوَّلٌ	مُتَقَاوَلٌ	مُقَاوَلٌ	مُقْتَالٌ	مُسْتَقَالٌ	مُنْقَالٌ
اجوف یائی	مَبِیْعٌ	مُبَاعٌ	مُبَیَّعٌ	مُتَبَیَّعٌ	مُتَبَایَعٌ	مُبَایَعٌ	مُبْتَاعٌ	مُسْتَبَاعٌ	مُنْبَاعٌ
ناقص واوی	مَدْعُوٌّ	مُدْعًی	مُدَعًّی	مُتَدَعًّ	مُتَدَاعًی	مُدَاعًی	مُدَّعًی	مُسْتَدْعًی	مُنْدَعًی
ناقص یائی	مَرْمِیٌّ	مُرْمًی	مُرَمًّی	مُتَرَمًّی	مُتَرَامًی	مُرَامًی	مُرْتَمًی	مُسْتَرْمًی	/
لفیف مفروق	مَوْقِیٌّ	مُوْقًی	مُوَقًّی	مُتَوَقًّی	مُتَوَاقًی	مُوَاقًی	مُتَّقًی	مُسْتَوْقًی	/
لفیف مقرون	مَطْوِیٌّ	مُطْوًا	مُطَوًّا	مُتَطَوًّی	مُتَطَاوًی	مُطَاوًی	مُطَّوًی	مُسْتَطْوًی	مُنْطَوًی
مھموز الفاء	مَئْمُوْرٌ	مُؤْمَرٌ	مُؤَمَّرٌ	مُتَئَمَّرٌ	مُتَئَامَرٌ	مُئَامَرٌ	مُئْتَمَرٌ	مُسْتَئْمَرٌ	مُنْئَمَرٌ
مھموز العین	مَسْئُوْلٌ	مُسْئَلٌ	مُسَئَّلٌ	مُتَسَئَّلٌ	مُتَسَائَلٌ	مُسَائَلٌ	مُسْتَئَلٌ	مُسْتَسْئَلٌ	مُنْسَئَلٌ
مھموز اللام	مَقْرُوْءٌ	مُقْرَءٌ	مُقَرَّءٌ	مُتَقَرَّءٌ	مُتَقَارَءٌ	مُقَارَءٌ	مُقْتَرَءٌ	مُسْتَقْرَءٌ	مُنْقَرَءٌ
مضاعف ثلاثی	مَمْدُوْدٌ	مُمَدٌّ	مُمَدَّدٌ	مُتَمَدَّدٌ	مُتَمَادٌّ	مُمَادٌّ	مُمْتَدٌّ	مُسْتَمَدٌّ	/

مکمل گردان: مَضْرُوْبٌ ، مَضْرُوْبَانِ، مَضْرُوْبُوْنَ، مَضْرُوْبَةٌ ، مَضْرُوْبَتَانِ ، مَضْرُوْبَاتٌ ، مَضَارِیْبُ ، مُضَیْرِیْبٌ ، مُضَیْرِیْبَةٌ .

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ظرف کی گردان میں لگنے والا خاص قانون﴾

قانون نمبر ۵۴

قانون کا نام :۔ ظرف والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ صحیح، مہموز، اجوف کی ظرف اس کے مضارع کے عین کلمے کو دیکھ کر بنائیں گے۔ اگر عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو تو ان کی ظرف مَفعَلٌ کے وزن پر آئیگی اور اگر عین کلمہ مکسور ہے تو ان کی ظرف مَفعِلٌ کے وزن پر آئے گی۔ جیسا کہ نَصَرَ یَنصُرُ اور عَلِمَ یَعلَمُ کی ظرف مفتوح العین یعنی مَفعَلٌ کے وزن پر مَنصَرٌ اور مَعلَمٌ آئے گی۔ اور ضَرَبَ یَضرِبُ، حَسِبَ یَحسِبُ کی ظرف مکسور العین یعنی مَفعِلٌ کے وزن پر مَضرِبٌ، مَحسِبٌ آئے گی۔ مثال کے بابوں کی ظرف (اکثر کے نزدیک) مطلقاً مکسور العین یعنی مَفعِلٌ کے وزن پر آتی ہے خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مضموم ہو یا مفتوح ہو جیسا کہ وَعَدَ یَعِدُ، وَضَعَ یَضَعُ، وَسَمَ یَوسُمُ کی ظرف مَفعِلٌ کے وزن پر مَوعِدٌ، مَوضِعٌ، مَوسِمٌ آئے گی۔

ناقص، لفیف، مضاعف کی ظرف مفتوح العین یعنی مَفعَلٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسا کہ دَعَا یَدعُوْ کی ظرف مَدعًی، رَمٰی یَرمِیْ کی ظرف مَرمًی، وَقٰی یَقِیْ کی ظرف مَوقًی، وَجِیَ یَوجٰی کی ظرف مَوجًی، رَوٰی یَروِیْ کی ظرف مَروًی، قَوِیَ یَقوٰی کی ظرف مَقوًی، مَدَّ یَمُدُّ کی ظرف مَمَدٌّ، فَرَّ یَفِرُّ کی ظرف مَفَرٌّ اور خلاف اس کے شاذ ہے جیسا کہ سَجَدَ یَسجُدُ کی مَسجِدٌ، شَرَقَ یَشرُقُ کی مَشرِقٌ، غَرَبَ یَغرُبُ کی مَغرِبٌ آتی ہے۔ اگرچہ ان تینوں بابوں کا مضارع مضموم العین ہے اس کے باوجود ان کی ظرف مکسور العین آئی ہے۔ یہ شاذ ہے۔ اور ثلاثی مزید، رباعی مجرد، رباعی مزید کی ظرف انکے اسم مفعول کے وزن پر آتی ہے۔ جیسا کہ کَرَّمَ یُکَرِّمُ کی ظرف مُکَرَّمٌ، دَحرَجَ یُدَحرِجُ کی ظرف مُدَحرَجٌ، اِحرَنجَمَ یَحرَنجِمُ کی ظرف مُحرَنجَمٌ آتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿اسم ظرف کی گردان سننے اور اُس میں قانون لگانے کا طریقہ﴾

اُستاذ : نَصَرَ یَنْصُرُ اور ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ظرف کی گردان کریں۔

شاگرد : مَنْصَرٌ مَنْصَرَانِ مَنَاصِرُ مُنَیْصِرٌ۔ مَضْرِبٌ مَضْرِبَانِ مَضَارِبُ مُضَیْرِبٌ

اُستاذ : نَصَرَ یَنْصُرُ کی ظرف مَفْعَلٌ اور ضَرَبَ یَضْرِبُ کی ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر کیوں آتی ہے ؟

شاگرد : ظرف والے قانون میں ہم نے پڑھا ہے کہ صحیح، مہموز، اجوف کی ظرف مضارع کے عین کلمہ کو دیکھ کر بنائینگے اگر مضارع کا عین کلمہ مفتوح یا مضموم ہو تو اس کی ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گی اور اگر مکسور ہو تو مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گی اِسی قانون کی بناء پر ہم عرض کرتے ہیں کہ ضَرَبَ یَضْرِبُ کی ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آئیگی کیونکہ اسکے مضارع کا عین کلمہ مکسور ہے اور نَصَرَ یَنْصِرُ کی ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آئیگی کیونکہ اس کے مضارع کا عین کلمہ مضموم ہے

اُستاذ : قَالَ یَقُوْلُ سے اسم ظرف کی گردان کریں۔

شاگرد : مَقَالٌ مَقَالاَنِ مَقَاوِلُ مُقَیِّلٌ

اُستاذ : مَقَالٌ اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کون سے قانون لگے ہیں ؟

شاگرد : مَقَالٌ اصل میں مَقْوَلٌ تھا

اُستاذ : کیسے معلوم ہوا ؟

شاگرد : جی ہم نے ظرف والے قانون میں پڑھا ہے کہ صحیح مہموز اجوف کے مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو تو اس کی ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گی پھر واؤ متحرک ما قبل حرف صحیح ساکن ہے لھذا یَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کے تحت واؤ کی حرکت نقل کرکے ما قبل کو دیکر الف سے بدلا دیا مَقَالٌ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ناقص سے اسم ظرف کی گردانوں کے نمونے﴾

نمونہ نمبر ۱ ثلاثی مجرد ناقص سے اسم ظرف کی گردان		نمونہ نمبر ۲ ثلاثی مزید ناقص سے اسم ظرف کی گردان	
ناقص واوی	ناقص یائی	ناقص واوی	ناقص یائی
مَدْعًی	مَرْمًی	مُدْعًی	مُرْمًی
مَدْعَیَانِ	مَرْمَیَانِ	مُدْعَیَانِ	مُرْمَیَانِ
مَدَاعٍ	مَرَامٍ	مُدْعَیَیْنِ	مُرْمَیَیْنِ
مُدَیْعٌ	مُرَیْمٌ	مُدْعَیَاتٌ	مُرْمَیَاتٌ

ان دو نمونوں کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ:۔

جس طالب علم نے ناقص سے مَدْعٌ، مُدْعٌ، مَرْمًی اور مُرْمًی والی اسم ظرف کی گردان یاد کرلی اس طالبعلم نے مجرد اور مزید کی ناقص اور لفیف کی اسم ظرف کی تمام گردانیں یاد کرلیں۔

استاذ: دَعَا یَدْعُوْ سے اسم ظرف کی گردان کریں؟

شاگرد: مَدْعًی مَدْعَیَانِ مَدَاعٍ مُدَیْعٌ

استاذ: مَدْعًی اصل میں کیا تھا اور اس میں کون کون سے قانون لگے ہیں؟

شاگرد: مَدْعًی اصل میں مَدْعَوٌ تھا کیونکہ ہم نے ظرف والے قانون میں پڑھا تھا کہ ناقص لفیف مضاعف کی ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گی پھر یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والے قانون کے تحت واؤ کو یاء سے بدلا یا مَدْعَیٌ ہو گیا پھر قال والے قانون کے تحت یا کو الف سے بدل دیا مَدْعَانْ ہو گیا التقائے ساکنین کی وجہ سے الف کو حذف کر دیا مَدْعًی ہو گیا۔

عرض:۔ اجراء کے اسی انداز کیساتھ اسم ظرف کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے مجرد و مزید کی باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروا دیا جائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے ظرف از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی مجرد		افعال	تفعیل	تفعل	تفاعل	مفاعلہ	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	مَضْرِبٌ	مَنْصَرٌ	مُكْرَمٌ	مُكَرَّمٌ	مُتَصَرَّفٌ	مُتَضَارَبٌ	مُضَارَبٌ	مُكْتَسَبٌ	مُسْتَخْرَجٌ	مُنْصَرَفٌ
مثال واوی	مَوْعِدٌ	/	مُوْعَدٌ	مُوَعَّدٌ	مُتَوَعَّدٌ	مُتَوَاعَدٌ	مُوَاعَدٌ	مُتَّعَدٌ	مُسْتَوْعَدٌ	/
مثال یائی	مَيْسِرٌ	/	مُوْسَرٌ	مُيَسَّرٌ	مُتَيَسَّرٌ	مُتَيَاسَرٌ	مُيَاسَرٌ	مُتَّسَرٌ	مُسْتَيْسَرٌ	/
اجوف واوی	مَطِيْحٌ	مَقَالٌ	مُقَالٌ	مُقَوَّلٌ	مُتَقَوَّلٌ	مُتَقَاوَلٌ	مُقَاوَلٌ	مُقْتَالٌ	مُسْتَقَالٌ	مُنْقَالٌ
اجوف یائی	مَبِيْعٌ	مَهَابٌ	مُبَاعٌ	مُبَيَّعٌ	مُتَبَيَّعٌ	مُتَبَايَعٌ	مُبَايَعٌ	مُبْتَاعٌ	مُسْتَبَاعٌ	مُنْبَاعٌ
ناقص واوی	مَجْنًى	مَدْعًى	مُدْعًى	مُدَعًّى	مُتَدَعًّى	مُتَدَاعًى	مُدَاعًى	مُدَّاعًى	مُسْتَدْعًى	مُنْدَعًى
ناقص یائی	مَرْمًى	/	مُرْمًى	مُرَمًّى	مُتَرَمًّى	مُتَرَامًى	مُرَامًى	مُرْتَمًى	مُسْتَرْمًى	/
لفیف مفروق	مَوْقًى	/	مُوْقًى	مُوَقًّى	مُتَوَقًّى	مُتَوَاقًى	مُوَاقًى	مُتَّقًى	مُسْتَوْقًى	/
لفیف مقرون	مَطْوًى	/	مُطْوًى	مُطَوًّى	مُتَطَوًّى	مُتَطَاوًى	مُطَاوًى	مُطَّوًى	مُسْتَطْوًى	مُنْطَوًى
مھموز الفاء	مَئْفِكٌ	مَأْمَرٌ	مُؤْمَرٌ	مُئَمَّرٌ	مُتَئَمَّرٌ	مُتَئَامَرٌ	مُئَامَرٌ	مُؤْتَمَرٌ	مُسْتَئْمَرٌ	مُنْئَمَرٌ
مھموز العین	مَزْئِرٌ	مَسْئَلٌ	مُسْئَلٌ	مُسَئَّلٌ	مُتَسَئَّلٌ	مُتَسَائَلٌ	مُسَائَلٌ	مُسْتَئَلٌ	مُسْتَسْئَلٌ	/
مھموز اللام	مَهْنِئٌ	مَقْرَءٌ	مُقْرَءٌ	مُقَرَّءٌ	مُتَقَرَّءٌ	مُتَقَارَءٌ	مُقَارَءٌ	مُقْتَرَءٌ	مُسْتَقْرَءٌ	/
مضاعف ثلاثی	مَفَرٌّ	مَمَدٌّ	مُمَدٌّ	مُمَدَّدٌ	مُتَمَدَّدٌ	مُتَمَادٌّ	مُمَادٌّ	مُمْتَدٌّ	مُسْتَمَدٌّ	/

مکمل گردان: مَضْرِبٌ ، مَضْرِبَانِ ، مَضَارِبُ ، مُضَيْرِبٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿اسم آلہ کی گردان سننے اور اُس میں قانون لگانے کا طریقہ﴾

اُستاذ: وَعَدَ يَعِدُ اور مَدَّ يَمُدُّ سے اسم آلہ کی گردان کریں۔

شاگرد: مِيْعَدٌ مِيْعَدَانِ مَوَاعِدُ مُوَيْعِدٌ ۔ مِيْعَدَةٌ مِيْعَدَتَانِ مَوَاعِدُ مُوَيْعِدَةٌ

مِيْعَادٌ مِيْعَادَانِ مَوَاعِيْدُ مُوَيْعِيْدٌ ۔ (مَدَّ يَمُدُّ سے) مِمَدٌّ مِمَدَّانِ مَمَادُّ مُمَيْدٌ

مِمَدَّةٌ مِمَدَّتَانِ مَمَادُّ مُمَيْدَّةٌ ۔ مِمْدَادٌ مِمْدَادَنِ مَمَادِيْدُ مُمَيْدِيْدٌ

استاذ: مِيْعَدٌ اصل میں کیا تھا اور کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد: مِيْعَدٌ اصل میں مِوْعَدٌ تھا واؤ ساکن ماقبل مکسور ہے لہٰذا مِيْعَادٌ والے قانون کے تحت واؤ کو یاء کے ساتھ تبدیل کر دیا مِيْعَدٌ ہو گیا۔

استاذ: اجوف واوی سے اسم آلہ کی گردان کریں۔

شاگرد: مِقْوَلٌ مِقْوَلاَنِ مَقَاوِلُ مُقَيْوِلٌ مُقَيِّلٌ - مِقْوَلَةٌ مِقْوَلَتَانِ مَقَاوِلُ مُقَيْوِلَةٌ مُقَيِّلَةٌ - مِقْوَالٌ مِقْوَالاَنِ مَقَاوِيْلُ مُقَيْوِيْلٌ مُقَيِّيْلٌ۔

استاذ: مِقْوَلٌ کے اندر يَقُوْلُ تَقُوْلُ والا قانون کیوں نہیں لگا؟

شاگرد: اس لیے کہ ہم نے يَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون میں یہ شرط پڑھی تھی کہ وہ صیغہ اسم آلہ کا نہ ہو اور یہ صیغہ تو اسم آلہ کا ہے۔

استاذ: پھر اس کی تصغیر میں دو وجہیں کیوں پڑھی ہیں؟

شاگرد: اس لیے کہ اسکے مفرد مکبّر میں واؤ متحرک ہے اور ہم نے سَيِّدٌ والے قانون میں یہ شق پڑھی تھی کہ جس مفرد مکبّر میں واؤ متحرک ہو تو اُس کی تصغیر میں دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں۔

استاذ: اجوف یائی سے اسم آلہ کی گردان کریں۔

شاگرد: مِبْيَعٌ مِبْيَعَانِ مَبَايِعُ مُبَيِّعٌ ۔ مِبْيَعَةٌ مِبْيَعَتَانِ مَبَايِعُ مُبَيِّعَةٌ۔

مِبْيَاعٌ مِبْيَاعَانِ مَبَايِيْعُ مُبَيِّيْعٌ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ناقص سے اسم آلہ کی گردانوں کے نمونے﴾

نمونہ نمبر ۱ ثلاثی مجرد ناقص واوی سے اسم آلہ کی گردان			نمونہ نمبر ۲ ثلاثی مجرد ناقص یائی سے اسم آلہ کی گردان		
صغریٰ	متوسط	کبریٰ	صغریٰ	متوسط	کبریٰ
مِدْعًی	مِدْعَاةٌ	مِدْعَاءٌ	مِرْمًی	مِرْمَاةٌ	مِرْمَاءٌ
مِدْعَیانِ	مَدْعَاتَانِ	مِدْعَاءَ انِ	مِرْمَیَانِ	مِرْمَاتَانِ	مِرْمَاءَ انِ
مَداعٍ	مَدَاعٍ	مَدَاعِیٌّ	مَرَامٍ	مَرَامٍ	مَرَامِیٌّ
مُدَیعٍ	مُدَیْعِیَةٌ	مُدَیْعِیٌّ	مُرَیْمٍ	مُرَیْمِیَةٌ	مُرَیْمِیٌّ

ان دو نمونوں کو یاد کرنے کا عظیم فائدہ :۔

جس طالب علم نے ناقص سے مِدْعًی اور مِرْمًی والی اسم آلہ کی گردان یاد کرلی اس طالبعلم نے ناقص اور لفیف کی اسم آلہ کی تمام گردانیں یاد کرلیں۔

عرض :۔ اجراء کے اسی انداز کیساتھ اسم آلہ کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروادیا جائے۔

﴿اسم تفضیل (وغیرہ) کے صیغوں میں لگنے والا قانون﴾

قانون نمبر ۵۵

قانون کا نام :۔ دُعًی والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو یا فَعْلٰی اسمی کے لام کلمے کے مقابلے میں واقع ہو اس کو واؤ کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔ اور جو واؤ فُعْلٰی اسمی اور فَعْلَاءُ اسمی کے لام کلمہ کے مقابلے میں واقع ہو اس کو یا کے ساتھ بدلنا واجب ہے۔ مثال فَعْلٰی اسمی کی جیسا کہ تَقْوٰی، بَقْوٰی اصل میں تَقْیٰی، بَقْیٰی تھا یا واقع ہوئی فَعْلٰی اسمی کے لام کلمے کے مقابلے میں اس کو واؤ کے ساتھ بدل دیا تَقْوٰی، بَقْوٰی ہو گیا۔ مثال فُعْلٰی اسمی کی جیسا کہ عُلْیٰی، دُنْیٰی، دُعْیٰی اصل میں عُلْوٰی، دُنْوٰی، دُعْوٰی تھا یہ واؤ واقع ہوئی ہے فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ کے مقابلے میں اس کو یا سے بدلا دیا عُلْیٰی، دُنْیٰی، دُعْیٰی ہو گیا۔ مثال فَعْلَاءُ اسمی کی جیسا کہ عَلْیَاءُ، اصل میں عَلْوَاءُ تھا یہ واؤ واقع ہوئی ہے فَعْلَاءُ اسمی کے لام کلمے کے مقابلہ میں اس کو یا کے ساتھ بدلا دیا۔ عَلْیَاءُ ہو گیا۔

﴿اسم تفضیل کی گردان سننے اور اسمیں قانون لگانے کا طریقہ﴾

استاذ: قَالَ یَقُوْلُ سے اسم تفضیل مذکر کی گردان پڑھیں؟

شاگرد: اَقْوَلُ۔ اَقْوَلَانِ۔ اَقْوَلُوْنَ۔ اَقَاوِلُ۔ اُقَیْوِلُ۔ اُقَیِّلُ

استاذ: اَقْوَلُ۔ اَقْوَلَانِ۔ اَقْوَلُوْنَ۔ ان میں یقول تَقُوْلُ والا قانون کیوں نہیں لگا؟

شاگرد: یَقُوْلُ تَقُوْلُ والا قانون مشروط ہے چند شرائط کے ساتھ ان شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ صیغہ اسم تفضیل کا نہ ہو اور یہ صیغہ اسم تفضیل کا ہے اس لیے یہ قانون نہیں لگے گا۔

استاذ: قَالَ یَقُوْلُ سے اسم تفضیل مؤنث کی گردان کریں؟

شاگرد: قُوْلٰی۔ قُوْلَیَانِ۔ قُوْلَیَاتٌ۔ قُوَلٌ۔ قُوَیْلٰی۔

استاذ: قُوْلَیَانِ، قُوْلَیَاتٌ میں کون سا قانون لگا ہے؟

شاگرد: قُوْلَیَانِ، قُوْلَیَاتٌ میں الف مقصورہ والا قانون لگا ہے۔ وہ اس طرح کہ قُوْلٰی میں الف مقصورہ چوتھی جگہ واقع ہوئی ہے لہٰذا اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا مفتوحہ کے ساتھ بدلا دیا قُوْلَیَانِ، قُوْلَیَاتٌ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ناقص سے اسم تفضیل کی گردانوں کے نمونے﴾

نمونہ نمبر ۱ ثلاثی مجرد ناقص واوی سے اسم تفضیل کی گردان		نمونہ نمبر ۲ ثلاثی مجرد ناقص یائی سے اسم تفضیل کی گردان	
وافعل التفضیل المذکر منه	و المؤنثُ منه	وافعل التفضیل المذکر منه	و المؤنثُ منه
اَدْعَیٰ	دُعْیٰ	اَرْمَیٰ	رُمْیٰ
اَدْعَیَانِ	دُعْیَیَانِ	اَرْمَیَانِ	رُمْیَیَانِ
اَدْعَوْنَ	دُعْیَیَاتٌ	اَرْمَوْنَ	رُمْیَیَاتٌ
اَدَاعٍ	دُعًا	اَرَامٍ	رُمًی
اُدَیْعٍ	دُعًیٌ	اُرَیْمٍ	رُمًیٌ

فائدہ :۔

جس طالب علم نے ناقص سے ادْعَیٰ اور اَرْمَیٰ والی اسم تفضیل کی گردان یاد کرلی اس طالبعلم نے اللہ کے فضل وکرم سے ناقص اور لفیف کی اسم تفضیل کی تمام گردانیں یاد کرلیں۔

عرض :۔ اجراء کے اسی انداز کیساتھ اسم تفضیل کے نقشے سے ہفت اقسام کے اعتبار سے باقی گردانوں کو سن لیا جائے اور چند ایک صیغوں میں اسی انداز سے قوانین کا اجراء کروادیا جائے۔

﴿فعل تعجب کے صیغوں کو سننے اور ان میں قانون لگانے کا طریقہ﴾

استاذ : وَعَدَ یَعِدُ سے فعل تعجب کے صیغے سنائیں۔

شاگرد : مَااَوْعَدَهٗ، وَاَوْعِدْ بِهٖ وَوَعُدَ

استاذ : قَالَ یَقُوْلُ سے فعل تعجب کے صیغے سنائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاگرد : مَا اَقوَلَه' وَ اَقوِل بِہٖ وَقوُلَ

اُستاذ : ناقص واوی دَعَا یَدْعُوْ سے فعل تعجب کے صیغے سنائیں۔

شاگرد : مَا اَدْعَاہُ وَاَدْعِیْ بِہٖ وَدَعُوَ

اُستاذ : مااَدْعَاہُ اصل میں کیا تھا؟

شاگرد : مَااَدْعَوَہُ

استاذ : مَااَدْعَوَہُ، اور قَوُلَ دونوں فعل تعجب کے صیغے ہیں آپ نے ان دونوں میں سے ایک صیغہ میں قال والا قانون لگایا ہے اور دوسرے میں نہیں لگایا اس کی کیا وجہ ہے ؟

شاگرد : اُستاذ جی :وجہ یہ ہے کہ ہم نے قَالَ بَاعَ والے قانون میں یہ شرط پڑھی تھی کہ وہ واؤ اور یاء فعل تعجب (فعل غیر متصرف) کے عین کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو اگر ہوئی تو قانون نہیں لگے گا لہٰذا قوُلَ میں بھی واوٗ فعل تعجب کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہے تو اس میں بھی قانون نہیں لگے گا اور مَا اَدْعَوَہُ میں واوٗ فعل تعجب کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہے تو اس میں قانون لگے گا اور مَا اَدْعَاہُ پڑھیں گے۔

فائدہ :۔

☆ اگر غیر ثلاثی مجرد سے آلے کا معنیٰ حاصل کرنا مقصود ہو تو اس باب کی مصدر کے شروع میں مَابِہٖ کا لفظ بڑھا دو جیسے مَابِہِ الاِجْتِنَابُ

☆ اگر غیر ثلاثی مجرد سے تفضیل والا معنیٰ حاصل کرنا مقصود ہو تو اس باب کی مصدر کے شروع میں اَفْعَلُ کے وزن پر ایسا صیغہ بڑھا دو جو مبالغہ ، کثرت اور شدّت والے معنیٰ پر دلالت کرے جیسے اَشَدُّ اِکْرَامًا

☆ اگر غیر ثلاثی مجرد سے تعجب والا معنیٰ حاصل کرنا مقصود ہو تو اس باب کی مصدر کے شروع میں مااَشَدَّ یا اَشْدِدْ بِہٖ کا لفظ بڑھا دو جیسے مَااَشَدَّ اِسْتِخْرَاجًا و اَشْدِدْ بِاِسْتِخْرَاجِہٖ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے اسم آلہ واسم تفضیل از ابواب ثلاثی مجرد

ہفت اقسام	صغریٰ	وسطیٰ	کبریٰ	ہفت اقسام	مذکر	مؤنث
صحیح	مِضْرَبٌ	مِضْرَبَةٌ	مِضْرَابٌ	صحیح	اَضْرَبُ	ضُرْبٰی
مثال واوی	مِیْعَدٌ	مِیْعَدَةٌ	مِیْعَادٌ	مثال واوی	اَوْعَدُ	وُعْدٰی
مثال یائی	مِیْسَرٌ	مِیْسَرَةٌ	مِیْسَارٌ	مثال یائی	اَیْسَرُ	یُسْرٰی
اجوف واوی	مِقْوَلٌ	مِقْوَلَةٌ	مِقْوَالٌ	اجوف واوی	اَقْوَلُ	قُوْلٰی
اجوف یائی	مِبْیَعٌ	مِبْیَعَةٌ	مِبْیَاعٌ	اجوف یائی	اَبْیَعُ	بُوْعٰی
ناقص واوی	مِدْعًی	مِدْعَاةٌ	مِدْعَاءٌ	ناقص واوی	اَدْعٰی	دُعْیٰی
ناقص یائی	مِرْمًی	مِرْمَاةٌ	مِرْمَاءٌ	ناقص یائی	اَرْمٰی	رُمْیٰی
لفیف مفروق	مِیْقًی	مِیْقَاةٌ	مِیْقَاءٌ	لفیف مفروق	اَوْقٰی	وُقْیٰی
لفیف مقرون	مِطْوًی	مِطْوَاةٌ	مِطْوَاءٌ	لفیف مقرون	اَطْوٰی	طُیْٰی
مہموز الفاء	مِئْمَرٌ	مِئْمَرَةٌ	مِئْمَارٌ	مہموز الفاء	اٰمَرُ	اُمْرٰی
مہموز العین	مِسْئَلٌ	مِسْئَلَةٌ	مِسْئَالٌ	مہموز العین	اَسْئَلُ	سُئْلٰی
مہموز اللام	مِقْرَءٌ	مِقْرَئَةٌ	مِقْرَاءٌ	مہموز اللام	اَقْرَءُ	قُرْئٰی
مضاعف	مِمَدٌّ	مِمَدَّةٌ	مِمْدَادٌ	مضاعف	اَمَدُّ	مُدّٰی

صیغہائے فعل تعجب

ہفت اقسام			
صحیح	مَا اَضْرَبَهٗ	وَاَضْرِبْ بِهٖ	وَضَرُبَ
مثال واوی	مَا اَوْعَدَهٗ	وَاَوْعِدْ بِهٖ	وَوَعُدَ
مثال یائی	مَا اَیْسَرَهٗ	وَاَیْسِرْ بِهٖ	وَیَسُرَ
اجوف واوی	مَا اَقْوَلَهٗ	وَاَقْوِلْ بِهٖ	وَقَوُلَ
اجوف یائی	مَا اَبْیَعَهٗ	وَاَبْیِعْ بِهٖ	وَبَیُعَ
ناقص واوی	مَا اَدْعَاهُ	وَاَدْعِیْ بِهٖ	وَدَعُوَ
ناقص یائی	مَا اَرْمَاهُ	وَاَرْمِیْ بِهٖ	وَرَمُوَ
لفیف مفروق	مَا اَوْقَاهُ	وَاَوْقِیْ بِهٖ	وَوَقُوَ
لفیف مقرون	مَا اَطْوَاهُ	وَاَطْوِیْ بِهٖ	وَطَوُوَ
مہموز الفا	مَا اٰمَرَهٗ	وَاٰمِرْ بِهٖ	وَاَمُرَ
مہموز العین	مَا اَسْئَلَهٗ	وَاَسْئِلْ بِهٖ	وَسَئُلَ
مہموز اللام	مَا اَقْرَئَهٗ	وَاَقْرِءْ بِهٖ	وَقَرُءَ
مضاعف	مَا اَمَدَّهٗ	وَاَمْدِدْ بِهٖ	وَمَدَّ

مکمل گردان اسم آلہ: مِضْرَبٌ، مِضْرَبَانِ، مَضَارِبُ، مُضَیْرِبٌ، مِضْرَبَةٌ، مِضْرَبَتَانِ، مَضَارِبُ، مُضَیْرِبَةٌ، مِضْرَابٌ، مِضْرَابَانِ، مَضَارِیْبُ، مُضَیْرِیْبٌ.

مکمل گردان اسم تفضیل مذکر: اَضْرَبُ، اَضْرَبَانِ، اَضْرَبُوْنَ، اَضَارِبُ، اُضَیْرِبٌ.

مکمل گردان اسم تفضیل مؤنث: ضُرْبٰی، ضُرْبَیَانِ، ضُرْبَیَاتٌ، ضُرَبٌ، ضُرَیْبٰی.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صیغہائے از گردان ہائے مختلف

از ہفت اقسام وابواب مختلفہ

اسم فاعل	جَاعِلٌ	اَلْكَفَرَةُ	خَزَنَتُهَا	مُنْزِلِيْنَ	اَلْمُتَصَدِّقِيْنَ
	صَائِمٌتَ	مُسْتَقِيْمٌ	سَاهُوْنَ	قُضَاةٌ	دَآبَّةٌ
اسم مفعول	اَلْمَنْصُوْرُوْنَ	مُسَخَّرَاتٍ	مُطَهَّرُوْنَ	مَعْلُوْمٌ	مُرْتَضٰى
اسم ظرف	مَسَاجِدُ	مَشْرِقٌ	مَغْرِبٌ	مَطْبَخٌ	مَكْتَبٌ
اسم تفضیل	اَقْرَبُ	اَيْسَرُ	اَقْوَلُ	اَعْلَمُوْنَ	اَقَارِبُ
فعل تعجب	مَا اَحْسَنَهٗ	مَا اَعْلَمَهٗ	مَا اَقْرَءَهٗ	اَسْمِعْ بِهِمْ	وَاَبْصِرْ
صفتِ مشبہ	كَرِيْمٌ	عَظِيْمٌ	بَشِيْرٌ	نَذِيْرٌ	شُرَفَاءُ
اسم مبالغہ	عَلَّامٌ	سَتَّارٌ	غَفَّارٌ	اَكَّالُوْنَ	سَمَّعُوْنَ
اسم آلہ	مِفْتَاحٌ	مِصْبَاحٌ	مَفَاتِيْحُ	مِضْمَارٌ	مِيْقَاةٌ
اسم جامد	يَقْطِيْنٌ	دُجَاجَةٌ	زُجَاجَةٌ	كَوْكَبٌ	زَيْتُوْنٌ

﴿مصادر (وغیرہ) میں لگنے والے قوانین﴾

قانون نمبر ۵۶

قانون کا نام:۔ دخول الف لام واضافت والا قانون

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

تمہید:۔ قانون سے پہلے ایک تمہید سمجھ لیں وہ یہ کہ نون تنوین کی تعریف اَلتَّنْوِيْنُ نُوْنٌ سَاكِنَةٌ تَتْبَعُ حَرْكَةَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الآخِرِ لا لِتَاكِيْدِ الْفِعْلِ یعنی تنوین وہ نون ساکن ہوتا ہے جو کلمہ کی آخری حرکت کے تابع ہوتا ہے لیکن وہ فعل کی تاکید نہیں کرتا (جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ فعل کی تاکید کرتا ہے)

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ نون تین قسم پر ہے

نمبر ا۔ نون تنوین　　نمبر ۲۔ نون تثنیہ　　نمبر ۳۔ نون جمع　(نون کی باقی اقسام کتب مطولہ میں مذکور ہیں)

نون تنوین کا دو وجہ سے گرتا ہے۔

نمبر ا۔ الف لام کے داخل ہونے کی وجہ سے۔ مثال اس کی جیسا کہ اَلضَّارِبُ ، اَلْمَضْرُوْبُ اصل میں ضَارِبٌ ، مَضْرُوْبٌ تھا۔ جب ان پر الف لام داخل ہوا تو نون تنوین کا گر گیا اَلضَّارِبُ ، اَلْمَضْرُوْبُ ہو گیا۔

نمبر ۲۔ اضافت کی وجہ سے۔ مثال اس کی جیسا کہ غُلَامُ زَیْدٍ اصل میں غُلَامٌ تھا۔ جب اس کو زید کی طرف مضاف کیا نون تنوین کا گر گیا غُلَامُ زَیْدٍ ہو گیا۔

اور نون تثنیہ و جمع کا صرف ایک وجہ سے گرتا ہے۔ یعنی اضافت کی وجہ سے۔ مثال اس کی جیسا کہ ضَارِبَا زَیْدٍ ، ضَارِبُوْ زَیْدٍ اصل میں ضَارِبَانِ ، ضَارِبُوْنَ تھا۔ جب اس کو زید کی طرف مضاف کیا تو نون تثنیہ ، جمع کا گر گیا۔ ضَارِبَا زَیْدٍ ، ضَارِبُوْ زَیْدٍ ہو گیا۔

قانون نمبر ۵۷

قانون کا نام :۔ شمسی قمری والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے ایک شق جوازی ہے۔

تمہید :۔ اس قانون سے پہلے ایک تمہید کا جاننا ضروری ہے وہ یہ کہ لام ساکن دو قسم پر ہے۔

نمبر ا۔ لام ساکن تعریف ۔ وہ ہوتا ہے جو ہمزہ کے بعد واقع ہو جیسا کہ اَلْ۔

نمبر ۲۔ اور لام ساکن غیر تعریف۔ وہ ہوتا ہے جو ہمزہ کے بعد واقع نہ ہو جیسا کہ ھَلْ۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ تا، ثا، دال، ذال، را، زا، سین، شین، صاد، ضاد طاء، ظاء، نون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں سے کوئی ایک حرف اگر لام ساکن تعریف کے بعد آجائے تو اس لام کو ان حروف کی جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔اور اگر لام ساکن غیر تعریف کے بعد یہ حروف سوائے را کے آجائیں تو اس لام کو ان حروف کی جنس کرنا جائز ہے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔اور اگر لام ساکن غیر تعریف کے بعد را واقع ہو تو پھر لام کو را کی جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔مثال ان حروف کی جب یہ لام ساکن تعریف کے بعد واقع ہوں جیسا کہ اَلتَّاءُ ، اَلثَّاءُ ، اَلدَّالُ ، اَلذَّالُ، اَلرَّاءُ، اَلزَّاءُ(الخ) اصل میں اَلْتَاءُ ، اَلْثَاءُ(الخ) تھے۔ان مثالوں میں یہ حروف لام ساکن تعریف کے بعد واقع ہوئے ہیں لہٰذا وجوباً ادغام کر دیا اَلتَّاءُ ، اَلثَّاءُ ، اَلدَّالُ ، اَلذَّالُ، اَلرَّاءُ، اَلزَّاءُ(الخ) ہو گیا۔مثال ان حروف کی کہ یہ لام ساکن غیر تعریف کے بعد واقع ہوں جیسا کہ هَلْ تَاءُ ، هَلْ ثَاءُ ، هَلْ دَالُ ، هَلْ ذَالُ (الخ)۔ان مثالوں میں لام ساکن غیر تعریف کے بعد یہ حروف واقع ہوئے ہیں یہاں ادغام جائز ہے لہٰذا جب ادغام کیا تو هَل تَّاءُ هَل ثَّاءُ (الخ) پڑھیں گے۔شیخ رضی نے کہا ہے کہ لام ساکن غیر تعریف کا ادغام کرنا نون میں اقبح (ناپسندیدہ) ہے۔مثال را کی جیسا کہ هَل رَّاءُ اس میں ادغام واجب ہے اور کَلاَّ بَلْ رَانَ میں قاریوں سے سکتہ ثابت ہوا ہے اور صرفی اس میں بھی وجوباً ادغام کر کے کَلاَّ بَل رَّانَ پڑھتے ہیں۔

قانون نمبر ۵۸

قانون کا نام :۔ عِدَةٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

تعلیل :۔ عِدَةٌ در اصل وِعْدٌ بود کسرہ بر واؤ ثقیل بود نقل کردہ بما بعد دادہ آں واؤ را حذف کردہ عوضش تا بفتحہ ما قبلش در آخرش در آوردند عِدَةٌ شد۔یا واؤ را مع حرکت انداختہ عوضش تا بفتحہ ما قبل در آخرش در آوردہ عین کلمہ را حرکت کسرہ دادند لاَنَّ السَّاكِنَ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ عِدَةٌ شد۔یا کہ عِدَةٌ در اصل وِعْدَةٌ بود کسرہ بر واؤ ثقیل بود نقل کردہ بما بعد دادہ آں واؤ را حذف کردہ تا را عوض او قرار دادند عِدَةٌ شد۔یا واؤ را مع حرکت انداختہ تا را عوض او قرار دادہ عین کلمہ را حرکت کسرہ دادند لاَنَّ السَّاكِنَ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ عِدَةٌ شد۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ واؤ ہو مصدر کے فا کلمے کے مقابلے میں واقع ہو اور وہ مصدر فِعلٌ کے وزن پر ہو ، مضارع معلوم میں وہ واؤ حذف ہو گئی ہو تو اس واؤ کا کسرہ نقل کر کے مابعد کو دے دیتے ہیں پھر اس واؤ کو حذف کر کے آخر میں ۃ لاتے ہیں اِقَامَۃٌ والے قاعدے کے ساتھ۔

(اِقَامَۃ والا قاعدہ یہ ہے کہ جو حرف مصدر میں التقائے ساکنین کی وجہ سے گر جائے بشر طیکہ ان دو ساکنین میں سے ایک ساکن نون تنوین کا نہ ہو تو اس کے عوض آخر میں ۃ لاتے ہیں۔)

مثال اس کی جیسا کہ عِدَۃٌ اصل میں وِعْدٌ تھا۔ یہ واؤ واقع ہوئی ہے مصدر کے فا کلمے کے مقابلے میں اور وہ مصدر فِعلٌ کے وزن پر ہے اس کے مضارع معلوم میں جو کہ یَعِدُ ہے واؤ حذف ہوئی ہے اصل میں یَوْعِدُ تھا۔ اس واؤ کا کسرہ نقل کر کے عین کلمہ کو دے کر اس کو حذف کر دیا۔ اور اس کے عوض آخر میں تا لے آئے عِدَۃٌ ہو گیا۔ جیسا کہ اِقَامَۃٌ اصل میں اِقْوَامٌ تھا۔ واؤ کا فتحہ نقل کر کے قاف کو دے کر واؤ کو الف کے ساتھ بدلا دیا۔ اس کے بعد بوجہ التقائے ساکنین ایک الف کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تا لے آئے۔ اِقَامَۃٌ ہو گیا۔ لیکن لُغَۃٌ اور مِئَۃٌ شاذ ہے۔ اس لئے کہ لُغَۃٌ اصل میں لُغْوٌ تھا اور مِئَۃٌ اصل میں مِئْیٌ تھا۔ واؤ اور یا متحرک ما قبل مفتوح اس کو الف کے ساتھ بدل دیا۔ اس کے بعد الف کو بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا اور اس کے عوض آخر میں تا لے آئے لُغَۃٌ اور مِئَۃٌ ہو گیا۔ یہ تا کا لانا شاذ ہے کیونکہ قانون یہ ہے کہ جو حرف سوا التقائے تنوین کے حذف ہو اس کے عوض آخر میں تا لاتے ہیں اور یہاں الف بوجہ التقائے تنوین حذف ہوا ہے۔

التقائے تنوین کی تعریف :۔دو ساکنوں میں سے ایک ساکن نون تنوین کا ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴾مصادر (وغیرہ) میں لگنے والے قوانین کا اجراء﴿

استاذ : اَلْوَعْدُ ، اَلْیُسْرُ، اَلْقَوْلُ وغیرہ مصادر میں کونسا قانون لگا ہے؟

شاگرد : دخول الف لام واضافت والا قانون لگا ہے۔

استاذ : وہ کس طرح؟

شاگرد : وہ یوں کہ یہ مصادر اصل میں وَعْدٌ، یُسْرٌ، قَوْلٌ تھی۔ جب ان پر الف لام داخل کیا تو آخر سے تنوین گر گئی اس طرح یہ مصادر اَلْوَعْدُ ، اَلْیُسْرُ، اَلْقَوْلُ ہو گئیں۔

استاذ : اَلاِقَالَۃُ اَلاِبَاعَۃُ میں کون کونسے قانون لگے ہیں؟

شاگرد : دخول الف لام واضافت والا اور اقامۃ والا قاعدہ۔

استاذ : وہ کس طرح؟

شاگرد : وہ اس طرح کہ اصل میں اِقْوَالٌ ، اِبْیَاعٌ تھے۔ یَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کے تحت واؤ کا فتحہ نقل کر کے ما قبل کو دے کر واؤ اور یا کو الف سے بدل دیا۔ اِقَاالٌ اِبَااعٌ ہو گیا پھر ایک الف کو التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اسکے عوض آخر میں تنوین لے آئے اِقَالَۃٌ اِبَاعَۃٌ ہو گیا۔ پھر انکے شروع میں الف لام داخل کیا تو آخر سے تنوین گر گئی تو اَلاِقَالَۃُ الاِبَاعَۃُ ہو گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اول صیغہائے مصادر از ابواب ثلاثی مجرد و مزید

ہفت اقسام	ثلاثی	افعال	تفعیل	مفاعلہ	تفاعل	تفعّل	افتعال	استفعال	انفعال
صحیح	اَلضَّرْبُ	اَلْاِکْرَامُ	اَلتَّکْرِیْمُ	اَلْمُضَارَبَۃُ	اَلتَّضَارُبُ	اَلتَّصَرُّفُ	اَلْاِکْتِسَابُ	اَلْاِسْتِخْرَاجُ	اَلْاِنْصِرَافُ
مثال واوی	اَلْوَعْدُ	اَلْاِیْعَادُ	اَلتَّوْعِیْدُ	اَلْمُوَاعَدَۃُ	اَلتَّوَاعُدُ	اَلتَّوَعُّدُ	اَلْاِتِّعَادُ	اَلْاِسْتِیْعَادُ	/
مثال یائی	اَلْیَسْرُ	اَلْاِیْسَارُ	اَلتَّیْسِیْرُ	اَلْمُیَاسَرَۃُ	اَلتَّیَاسُرُ	اَلتَّیَسُّرُ	اَلْاِتِّسَارُ	اَلْاِسْتِیْسَارُ	/
اجوف واوی	اَلْقَوْلُ	اَلْاِقَالَۃُ	اَلتَّقْوِیْلُ	اَلْمُقَاوَلَۃُ	اَلتَّقَاوُلُ	اَلتَّقَوُّلُ	اَلْاِقْتِیَالُ	اَلْاِسْتِقَالَۃُ	اَلْاِنْقِیَالُ
اجوف یائی	اَلْبَیْعُ	اَلْاِبَاعَۃُ	اَلتَّبْیِیْعُ	اَلْمُبَایَعَۃُ	اَلتَّبَایُعُ	اَلتَّبَیُّعُ	اَلْاِبْتِیَاعُ	اَلْاِسْتِبَاعَۃُ	اَلْاِنْبِیَاعُ
ناقص واوی	اَلدَّعَاءُ	اَلْاِدْعَاءُ	اَلتَّدْعِیَۃُ	اَلْمُدَاعَاۃُ	اَلتَّدَاعِیْ	اَلتَّدَعِّیْ	اَلْاِدِّعَاءُ	اَلْاِسْتِدْعَاءُ	اَلْاِنْدِعَاءُ
ناقص یائی	اَلرَّمْیُ	اَلْاِرْمَاءُ	اَلتَّرْمِیَۃُ	اَلْمُرَامَاۃُ	اَلتَّرَامِیْ	اَلتَّرَمِّیْ	اَلْاِرْتِمَاءُ	اَلْاِسْتِرْمَاءُ	/
لفیف مفروق	اَلْوَقْیُ	اَلْاِیْقَاءُ	اَلتَّوْقِیَۃُ	اَلْمُوَاقَاۃُ	اَلتَّوَاقِیْ	اَلتَّوَقِّیْ	اَلْاِتِّقَاءُ	اَلْاِسْتِیْقَاءُ	/
لفیف مقرون	اَلطَّوْیُ	اَلْاِطْوَاءُ	اَلتَّطْوِیَۃُ	اَلْمُطَاوَاۃُ	اَلتَّطَاوِیْ	اَلتَّطَوِّیْ	اَلْاِطِّوَاءُ	اَلْاِسْتِطْوَاءُ	اَلْاِنْطِوَاءُ
مہموز الفاء	اَلْاَمْرُ	اَلْاِیْمَارُ	اَلتَّاْمِیْرُ	اَلْمُؤَامَرَۃُ	اَلتَّاٰمُرُ	اَلتَّاَمُّرُ	اَلْاِیْتِمَارُ	اَلْاِسْتِئْمَارُ	اَلْاِنْئِمَارُ
مہموز العین	اَلسُّؤَالُ	اَلْاِسْئَالُ	اَلتَّسْئِیْلُ	اَلْمُسَائَلَۃُ	اَلتَّسَائُلُ	اَلتَّسَئُّلُ	اَلْاِسْتِئَالُ	اَلْاِسْتِسْئَالُ	اَلْاِنْسِئَالُ
مہموز اللام	اَلْقَرْءُ	اَلْاِقْرَاءُ	اَلتَّقْرِیْئُ	اَلْمُقَارَئَۃُ	اَلتَّقَارُءُ	اَلتَّقَرُّءُ	اَلْاِقْتِرَاءُ	اَلْاِسْتِقْرَاءُ	اَلْاِنْقِرَاءُ
مضاعف ثلاثی	اَلْمَدُّ	اَلْاِمْدَادُ	اَلتَّمْدِیْدُ	اَلْمُمَادَّۃُ	اَلتَّمَادُّ	اَلتَّمَدُّدُ	اَلْاِمْتِدَادُ	اَلْاِسْتِمْدَادُ	/

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿نقشوں کے ذریعے صیغے نکالنے کا ایک اور آسان انداز﴾

میرے عزیز طلباء ما قبل آپ نے صیغے نکالنے کے کئی انداز معلوم کر لئے اور ان کے مطابق صیغے بھی نکال لئے اب جبکہ آپ نے نقشوں کے ذریعے گردانیں یاد کر لیں تو اب آپ نقشوں کے ذریعے صیغے نکالنے کا انداز ایک صیغے کے اندر اجراء کے ذریعے سمجھیں۔

استاذ : نَسْتَعِیْنُ کس گردان کا صیغہ ہے؟

شاگرد : فعل مضارع کا صیغہ ہے۔

استاذ : فعل ماضی کا صیغہ بن سکتا ہے؟

شاگرد : جی نہیں، کیونکہ ہم نے جتنی بھی ماضی کی گردانیں یاد کی ہیں ان میں کسی کا صیغہ بھی اس جیسا نہیں۔

استاذ : فعل جحد بلم یا مؤکد بالن ناصبہ کا ہو سکتا ہے؟

شاگرد : جی نہیں کیونکہ ان دونوں گردانوں کے شروع میں لَمْ جازمہ اور لَنْ ناصبہ ہوتا ہے اور وہ یہاں نہیں۔

استاذ : الحمدُ للہ، گردان کا تعین ہو گیا اور یہ صیغہ گردانوں کے تمام نقشوں سے نکل کر مضارع کے نقشوں میں داخل ہو گیا لہٰذا اب معلوم اور مجہول کا تعین کریں کہ معلوم کا صیغہ ہے یا مجہول کا؟

شاگرد : معلوم کا صیغہ ہے کیونکہ مضارع مجہول کے شروع میں حروف اتین مضموم اور آخر سے پہلے حرف پر فتحہ ہوتا ہے یا الف ہوتا ہے۔

استاذ : جب معلوم کا تعین ہو گیا تو اب یہ صیغہ مضارع مجہول کے نقشے سے نکل کر مضارع معلوم کے نقشے میں داخل ہو گیا لہٰذا اب صیغہ کا تعین کریں۔

شاگرد : صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم۔

استاذ : میں کہتا ہوں یہ واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے اگر آپ کے پاس میری بات کا توڑ ہے تو پیش کریں؟

شاگرد : استاذ جی یہ واحد مذکر غائب کا صیغہ نہیں کیونکہ اس کے شروع میں یا علامت مضارع کی ہوتی ہے

استاذ : پھر یہ واحد متکلم کا صیغہ ہو گا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شاگرد : جی نہیں کیونکہ اس کے شروع میں ہمزہ (متکلم کا) علامت مضارع کی ہوتی ہے۔

استاذ : الحمدللہ آپ نے پورے اعتماد کے ساتھ صیغے کا تعین کیا ہے۔ اب شش اقسام کا تعین کریں کہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہے یا ثلاثی مزید کا؟

شاگرد : ثلاثی مزید کا، کیونکہ اس صیغے کا حجم اور شکل کا بڑا ہونا بتلا رہا ہے کہ یہ ثلاثی مزید کا صیغہ ہے۔

استاذ : جب آپ نے شش اقسام میں سے ثلاثی مزید کا تعین کر لیا تو اب یہ صیغہ نقشے میں موجود ثلاثی مجرد کے تین خانوں سے نکل کر ثلاثی مزید کے آٹھ خانوں میں داخل ہو گیا ہے لہذا اب باب کا تعین کریں۔

شاگرد : یہ باب استفعال کا صیغہ ہے۔

استاذ : جب آپ نے باب کا تعین کر لیا تو اب یہ صیغہ ثلاثی مزید کے آٹھ خانوں سے نکل کر باب استفعال کے خانے میں داخل ہو گیا۔ اب ہفت اقسام کا تعین کریں اور ہفت اقسام کے تعین اور معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ثلاثی مجرد اور مزید کے جس باب کا صیغہ ہے تو نقشے کے اندر صحیح سے لیکر مضاعف تک اس باب کی تمام گردانوں کو پڑھتے جائیں اور ساتھ ساتھ غور کرتے جائیں کہ یہ صیغہ ہفت اقسام میں سے کس گردان کے صیغے کے ساتھ میل کھاتا ہے لہذا ہفت اقسام میں سے جس گردان کے صیغہ کے ساتھ ہمشکل ہو جائے (مثلاً صحیح، مثال، اجوف یا ناقص کی گردان کے صیغے کے ساتھ) تو ہفت اقسام میں سے اسی قسم کا ہوگا جیسے آپ باب استفعال کی صحیح سے مضارع کی گردان کریں یَسْتَخْرِجُ، یَسْتَخْرِجَانِ، یَسْتَخْرِجُوْنَ (الخ) اور آخری صیغہ ہے نَسْتَخْرِجُ اور یہ نَسْتَعِيْنُ اس کا ہمشکل نہیں ہے لہذا یہ صحیح کا صیغہ نہیں۔ اب آپ مثال واوی سے باب استفعال کی گردان کریں۔ یَسْتَوْعِدُ، یَسْتَوْعِدَانِ، یَسْتَوْعِدُوْنَ (الخ)۔ اسکا آخری صیغہ ہے نَسْتَوْعِدُ اور یہ نَسْتَعِيْنُ اس کے بھی ہمشکل نہیں لہذا یہ مثال واوی کا صیغہ نہیں۔ اب مثال یائی کی گردان کریں وہ یہ ہے یَسْتَيْسِرُ، یَسْتَيْسِرَانِ، یَسْتَيْسِرُوْنَ (الخ)۔ اس کا آخری صیغہ ہے نَسْتَيْسِرُ اور یہ نَسْتَعِيْنُ اس کے بھی ہم شکل نہیں لہذا یہ مثال یائی کا صیغہ نہیں۔ اب آپ اجوف واوی اور یائی کی گردان کرلیں۔ یَسْتَقِيْلُ، یَسْتَقِيْلَانِ، یَسْتَقِيْلُوْنَ (الخ) اور یَسْتَبِيْعُ، یَسْتَبِيْعَانِ، یَسْتَبِيْعُوْنَ (الخ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان دونوں گردانوں کا آخری صیغہ نَسْتَقِیْلُ اور نَسْتَبِیْعُ ہے اور یہ نَسْتَعِیْنُ کا صیغہ اجوف کے مضارع کے ان دونوں صیغوں کے ہمشکل ہے تو معلوم ہوا کہ نَسْتَعِیْنُ اجوف (واوی) کا صیغہ ہے۔ (آگے واوی، یائی کی پہچان شاید ابتدائی طلباء کو نہ ہو سکے تو وہاں اساتذہ کرام رہنمائی فرمادیں۔)

تنبیہ :۔ ہفت اقسام کو معلوم کرنے کا یہ طریقہ ان صیغوں کے ساتھ خاص ہے جن میں ابدال، ادغام اور حذف والے قانون لگے ہیں اور جن صیغوں میں یہ قانون نہیں لگے ان میں ہفت اقسام کو معلوم کرنے کا طریقہ وہی ماقبل والا ہے یعنی صیغہ کا مادہ نکال کر ہفت اقسام کو معلوم کرنا۔ اور اسی طرح یہاں وزن اور قوانین مستعملہ کے بارے میں بھی سوال کر لیا جائے۔

جوازی قوانین

قانون نمبر ۵۹

قانون کا نام :۔ وقف والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جس کلمے کے آخر میں نون تنوین یا نون خفیفہ کا ہو اس کلمہ پر جب وقف کیا جائے تو نون تنوین اور نون خفیفہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت کے ساتھ بدلنا جائز ہے۔ مثال نون تنوین کی جیسا کہ ضَارِبًا، ضَارِبٌ، ضَارِبٍ اس پر جب وقف کیا تو ضَارِبَا، ضَارِبُوْ، ضَارِبِیْ پڑھنا جائز ہے۔ مثال نون خفیفہ کی جیسا کہ اِضْرِبَنْ، اِضْرِبُنْ، اِضْرِبِنْ۔ اس پر جب وقف کیا تو اِضْرِبَا، اِضْرِبُوْ، اِضْرِبِیْ پڑھنا جائز ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۶۰

قانون کا نام :۔ حلقی العین والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب چند صورتوں پر مشتمل ہے۔

صورت نمبر ۱ :۔ جو کلمہ حلقی العین (جس کے عین کلمہ کے مقابلے میں حرف حلقی ہو) فَعِلُ کے وزن پر ہو فعل میں ہو یا اسم میں، اس میں اصل کے سوا تین وجہیں پڑھنی جائز ہیں۔ مثال فعل کی جیسا کہ شَهِدَ میں شَهْدَ ، شِهْدَ ، شِهِدَ پڑھنا جائز ہے مثال اسم کی جیسا کہ فَخِذٌ میں فَخْذٌ، فِخْذٌ، فِخِذٌ پڑھنا جائز ہے

صورت نمبر ۲ :۔ اگر کوئی کلمہ فَعِلُ کے وزن پر ہو لیکن حلقی العین نہ ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اسم ہے یا فعل اگر اسم ہوا تو اس میں سوا اصل کے دو وجہیں پڑھنی جائز ہیں جیسا کہ کَتِفٌ میں کَتْفٌ، کِتْفٌ پڑھنا جائز ہے اور اگر فعل ہوا تو فقط فَعْلُ پڑھنا جائز ہے جیسا کہ عَلِمَ میں عَلْمَ پڑھنا جائز ہے۔

صورت نمبر ۳ :۔ شکل فَعِلُ میں فَعْلُ پڑھنا جائز ہے۔ (شکل فَعِلُ کی وہ ہوتی ہے کہ کلمہ تو فَعِلُ کے وزن پر نہ ہو لیکن اس کلمہ میں شکل فَعِلُ کی پائی جائے۔) خواہ وہ کلمہ کے شروع میں ہو جیسا کہ وَهِیَ اور فَلِیَضْرِبْ میں وَهْیَ اور فَلْیَضْرِبْ پڑھنا جائز ہے۔ یا درمیان میں ہو جیسا کہ مُزْدَلِفَه میں مَزْدَلْفَه پڑھنا جائز ہے۔ یا آخر میں ہو جیسا کہ لِیَکْتَسِبْ میں لِیَکْتَسْبَ پڑھنا جائز ہے۔

صورت نمبر ۴ :۔ فُعِلَ ماضی مجہول میں فُعْلَ پڑھنا جائز ہے۔ جیسا کہ ضُرِبَ اور عُهِدَ میں ضُرْبَ اور عُهْدَ پڑھنا جائز ہے۔ ضُرِبَ میں ضِرْبَ اور عُهِدَ حلقی العین میں عِهْدَ پڑھنا بھی جائز ہے۔

صورت نمبر ۵ :۔ جو کلمہ فَعُلَ کے وزن پر ہو سوائے فعل تعجب کے، فعل ہو یا اسم اس میں فَعْلُ پڑھنا جائز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ مثال فعل کی جیسا کہ شَرُفَ اور بَعُدَ میں شَرْفَ اور بَعْدَ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اسم کی جیسا کہ عَضُدٌ میں عَضْدٌ پڑھنا جائز ہے۔ عَضُدٌ میں عُضْد پڑھنا بھی جائز ہے۔

صورت نمبر ۶ :۔ شکل فَعُلٌ میں فَعْلٌ پڑھنا جائز ہے جیسا کہ وَهُوَ میں وَهْوَ پڑھنا جائز ہے اور فَعُلَ تعجب میں فُعْلَ پڑھنا جائز ہے جیسا کہ ضَرُبَ اور بَعُدَ میں ضُرْبَ اور بُعْدَ پڑھنا جائز ہے۔

صورت نمبر ۷ :۔ جو کلمہ فِعِلٌ کے وزن پر ہو اس میں فِعْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ جیسا کہ اِبِلٌ میں اِبْلٌ پڑھنا جائز ہے۔

صورت نمبر ۸ :۔ جو کلمہ فُعُلٌ کے وزن پر ہو مفرد ہو یا جمع ہو اس میں فُعْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال مفرد کی جیسا کہ عُنُقٌ میں عُنْقٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال جمع کی جیسا کہ رُسُلٌ میں رُسْلٌ پڑھنا جائز ہے۔

صورت نمبر ۹ :۔ جو کلمہ فُعُلٌ کے وزن پر ہو اگر صفت اور معتل العین (عین کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت) نہ ہو تو اس میں فُعْل پڑھنا جائز ہے۔ جیسا کہ قُفُل میں قُفْل پڑھنا جائز ہے۔ اگر صفت اور معتل العین ہو جیسا کہ حُمُرٌ اور سُوُقٌ۔ پہلی مثال صفت کی دوسری معتل العین کی ہے تو اس میں ضرورت (شعری) کے وقت فُعْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ اور بلا ضرورت جائز نہیں۔

قانون نمبر ۶۱

قانون کا نام :۔ ماضی مکسور العین والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جس باب کی ماضی مکسور العین اور مضارع مفتوح العین ہو یا اس باب کی ماضی کے شروع میں ہمزہ وصلی یا تائے زائدہ مطردہ ہو تو اسکے مضارع معلوم میں حروف اَتَیْنَ کو سوائے یا کے غیر اہل حجاز کے نزدیک حرکت کسرہ کی دینی جائز ہے۔ مثال اس کی کہ ماضی مکسور العین اور مضارع مفتوح العین ہو جیسا کہ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ اس کے مضارع معلوم میں سوائے یا کے حروف اَتَیْنَ کو حرکت کسرہ کی دے کر تِعْلَمُ ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِعْلَمُ،نِعْلَمُ پڑھنا جائز ہے۔مثال اس کی کہ ماضی کے شروع میں ہمزہ وصلی ہو جیسا کہ اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ ۔اس میں تِكْتَسِبُ ، اِكْتَسِبُ ، نِكْتَسِبُ پڑھنا جائز ہے۔مثال اس کی کہ ماضی کے شروع میں تا زائدہ مطردہ ہو جیسا کہ تَصَرَّفَ يَتَصَرَّفُ اس میں تِتَصَرَّفُ ، اِتَصَرَّفُ ، نِتَصَرَّفُ پڑھنا جائز ہے۔اورأبٰى يأبٰى اور وَجِلَ يَوْجَلُ کے مضارع معلوم میں یا کو بھی حرکت کسرہ کی دینی جائز ہے۔يِيْبٰى، تِيْبٰى، اِيْبٰى، نِيْبٰى ، يِيْجَلُ، تِيْجَلُ ، اِيْجَلُ ، نِيْجَلُ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ۶۲

قانون کا نام :۔اِثَّبَتَ والا قانون

قانون کا حکم :۔یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ثا اگر باب افتعال کے فاکلمہ کے مقابلہ میں واقع ہو تو ادغام دو طرفہ جائز ہے وہ اسطرح کہ ثا کو تا کرنا بھی جائز ہے اور تا کو ثا کرنا بھی جائز ہے مثال اسکی جیسا کہ اِثْتَبَتَ اس میں ثا واقع ہوئی ہے باب افتعال کے فاکلمہ کے مقابلہ میں اس میں ادغام دو طرفہ جائز ہے وہ اسطرح کہ ثا کو تا کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے اور تا کو ثا کر کے ادغام کرنا بھی جائز ہے یعنی اِتَّبَتَ پڑھنا بھی جائز ہے اور اِثَّبَتَ پڑھنا بھی جائز ہے لیکن اِثَّبَتَ پڑھنا بہتر ہے۔

قانون نمبر ۶۳

قانون کا نام :۔تا مضارعت والا قانون

قانون کا حکم :۔یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ اگر باب تَفَعُّلُ ، تَفَاعُلُ یا تَفَعْلُلُ کی تا پر تائے مضارعت داخل ہو تو ایک تا کا گرادینا جائز ہے جیسا کہ تَتَصَرَّفُ ، تَتَضَارَبُ ، تَتَدَحْرَجُ ۔یہ مضارع کے صیغے ہیں جب ماضی

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

سے بنائے گئے تو ماضی پر تائے مضارعت داخل ہوئی تو یہ صیغے بن گئے۔ان دو تاؤں میں سے ایک کا گرا دینا جائز ہے یعنی تَصرَّفُ ، تَضارَبُ ، تَدَحْرَجُ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ٦۴

قانون کا نام :۔ س، ش والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون آدھا جوازی اور آدھا وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ س، ش میں سے کوئی ایک حرف اگر باب افتعال کے فا کلمے کے مقابلہ میں واقع ہو تو تائے افتعال کو فا کلمہ کی جنس کرنا جائز ہے اس کے بعد جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ اِستَمَعَ ، اِشتَبَهَ۔ان دونوں میں س، ش باب افتعال کے فا کلمہ کے مقابلے میں واقع ہوئے ہیں لہٰذا تائے افتعال کو فا کلمہ کی جنس کر کے ادغام کر دیا اِسَّمَعَ ، اِشَّبَهَ ہو گیا۔

قانون نمبر ٦۵

قانون کا نام :۔ یَیْجَلُ تَیْجَلُ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو باب مثال واوی کا عَلِمَ یَعْلَمُ پر قیاس ہو اور فا کلمہ اس کا حذف نہ ہوا ہو تو اس کے مضارع معلوم میں اصل کے سوا تین وجہیں پڑھنی جائز ہیں جیسا کہ وَجِلَ یَوْجَلُ اس کے مضارع معلوم میں سوائے اصل کے یَاجَلُ ، یَیْجَلُ ، یِیْجَلُ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ٦٦

قانون کا نام :۔ أَعِدَ ، اِتَّشَاحَ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب دو صورتوں پر مشتمل ہے۔ ا۔ واؤ مضموم ہو یا مکسور کلمہ کے شروع میں واقع ہو اور اس کے بعد واؤ بالکل نہ ہو یا ہو لیکن متحرک نہ ہو بلکہ ساکن ہو تو اس کو ہمزہ کے ساتھ بدلانا جائز ہے۔ مثال اس کی کہ واؤ اول کلمہ میں ہو اور اس کے بعد دوسری واؤ بالکل نہ ہو جیسا کہ وُعِدَ ، وِشَاحٌ۔ یہ واؤ مضموم اور مکسور اول کلمہ میں واقع ہوئی ہے اس کے بعد اور واؤ بالکل نہیں اس کو ہمزہ کے ساتھ بدلا کر اُعِدَ ، اِشَاحٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس کی کہ واؤ واقع ہو اول کلمہ میں اور اس کے بعد دوسری واؤ ہو لیکن ساکن ہو جیسا کہ وُوْرِيَ۔ اس کو بھی ہمزہ کے ساتھ بدلا کر اُوْرِيَ پڑھنا جائز ہے۔ اور اگر دوسری واؤ متحرک ہو تو پہلی کو ہمزہ کے ساتھ بدلانا واجب ہے جیسا کہ وُوَيْعِدٌ اس میں اُوَيْعِدٌ پڑھنا واجب ہے۔

۲۔ اور اگر واؤ مضموم ہو، مخفف ہو یعنی مشدد نہ ہو ضمہ بھی لازمی ہو، فعل مضارع کے علاوہ عین کلمہ کے مقابلے میں واقع ہو تو اس واؤ کو ہمزہ کیساتھ بدلانا جائز ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ قُوُوْلٌ اور اَدْوُرٌ اس میں قُؤُوْلٌ اور اَدْؤُرٌ پڑھنا جائز ہے اور اگر مخفف نہ ہو بلکہ مشدد ہو تو اس کو ہمزہ کے ساتھ نہ بدلایا جائے گا جیسا کہ تَقَوُّلٌ اسی طرح اگر اس کا ضمہ لازمی نہ ہو بلکہ عارضی ہو تو بھی اس کو ہمزہ کے ساتھ نہ بدلایا جائیگا جیسا کہ رَاوُوْنَ اصل میں رَاوِيُوْنَ تھا۔ یا کا ضمہ پہلی واؤ کو دے کر اس کو واؤ کے ساتھ بدلا کر بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا۔ رَاوُوْنَ ہو گیا۔ اسی طرح اگر مضارع میں ہو تو بھی اس کو ہمزہ کے ساتھ نہ بدلایا جائیگا جیسا کہ يَقُوْلُ۔

قانون نمبر ۶۷

قانون کا نام :۔ دُعِيَ رَضِيَ والا قانون۔

قانون کا حکم :۔ یہ قانون اکثر جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو یا مفتوح فتحہ غیر اعرابی (یعنی وہ فتحہ عامل ناصب کے داخل ہونے کی وجہ سے نہ ہو) کے ساتھ فعل کے آخر میں واقع ہو، ما قبل اس کا مکسور ہو تو قبیلہ بنی طئي یائے ما قبل کسرہ کو فتحہ کے ساتھ بدلتے ہیں جوازاً پھر یا کو الف سے بدل دیتے ہیں وجوباً۔ مثال اس کی جیسا کہ دُعِيَ ، رَضِيَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اصل میں دُعِیَ، رَضِیَ تھے یہ یا مفتوحہ غیر اعرابی فتحہ کے ساتھ فعل کے آخر میں واقع ہوئی ہے ما قبل اس کا مکسور ہے لہٰذا قبیلہ بنی طیٔ کی لغت کے مطابق ما قبل کسرہ کو فتحہ سے اور یا کو الف سے بدل دیا دُعٰی، رَضٰی ہو گیا۔

قانون نمبر ۶۸

قانون کا نام:۔ رَأْسٌ بُؤْسٌ والا قانون

قانون کا حکم:۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب:۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمزہ ساکن مظہر ہو اور ما قبل اس کا متحرک ہو تو وہ متحرک دو حال سے خالی نہیں ہو گا ہمزہ ہو گا یا غیر ہمزہ۔ اگر ہمزہ ہو تو یہ شرط ہے کہ دوسرے کلمے میں ہو اور اگر غیر ہمزہ ہے تو اس کے لئے دوسرے کلمے میں ہونا شرط نہیں بلکہ عام ہے اسی کلمہ میں ہو یا دوسرے کلمہ میں اس ہمزہ ساکن کو ما قبل کی حرکت کے موافق حرف علت کے ساتھ بدلنا جائز ہے بشرطیکہ اس ہمزہ کو حرکت دینے کا کوئی سبب موجود نہ ہو مثال ہمزہ ساکن کی کہ ما قبل ہمزہ متحرک دوسرے کلمے میں ہو جیسا کہ اَلْقَارِءُءْ تُمِرَ، رَاَیْتُ الْقَارِءَءْ تُمِرَ، مَرَرْتُ بِالْقَارِءِ ءْ تُمِرَ اصل میں اَلْقَارِءُ اُءْ تُمِرَ، رَاَیْتُ الْقَارِءَ اُءْ تُمِرَ، مَرَرْتُ بِالْقَارِءِ اُءْ تُمِرَ تھا۔ ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا اَلْقَارِءُءْ تُمِرَ، رَاَیْتُ الْقَارِءَءْ تُمِرَ، مَرَرْتُ بِالْقَارِءِ ءْ تُمِرَ ہو گیا۔ یہ ہمزہ ساکن مظہر ہے اور ما قبل دوسرا ہمزہ دوسرے کلمے میں متحرک ہے۔ اس ہمزہ ساکن کو ما قبل کی حرکت کے موافق حرف علت کے ساتھ بدلا کر اَلْقَارِءُوْتُمِرَ، رَاَیْتُ الْقَارِءَ اتُمِرَ، مَرَرْتُ بِالْقَارِءِ یْتُمِرَ پڑھنا جائز ہے۔ مثال ہمزہ ساکن کی کہ ما قبل غیر ہمزہ متحرک اسی کلمہ میں ہو جیسا کہ رَأْسٌ، بُؤْسٌ، ذِئْبٌ۔ اس کو ما قبل کی حرکت کے موافق حرف علت کے ساتھ بدلا کر رَاسٌ، بُوْسٌ، ذِیْبٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال ہمزہ ساکن کی کہ ما قبل غیر ہمزہ متحرک دوسرے کلمے میں ہو جیسا کہ اِلَی الْهُدَأْتِنَا، اَلَّذِءْ تُمِنَ، مَنْ یَّقُوْلُءْ ذَنْ لِّیْ اصل میں اِلَی الْهُدَیٰ اِئْتِنَا، اَلَّذِیْ اُؤْتُمِنَ، مَنْ یَّقُوْلُ اِءْ ذَنْ لِّیْ تھا ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا پہلی مثال میں الف کو دوسری میں یا کو بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا۔ اِلَی الْهُدَأْتِنَا، اَلَّذِءْ تُمِنَ، مَنْ یَّقُوْلُءْ ذَنْ لِّیْ ہو گیا۔ اس ہمزہ ساکن کو ما قبل کی حرکت کے مطابق حرف علت کے ساتھ بدلا کر اِلَی الْهُدَاتِنَا، اَلَّذِیْتُمِنَ، مَنْ یَّقُوْلُوْذَنْ لِّیْ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہمزہ ساکن کی کہ اس کو حرکت دینے کا سبب موجود ہو جیسا کہ یَأُمُّ، یَأْوُسُ اصل میں یَأْمُمُ ، یَأْوُسُ تھے۔ پہلی مثال میں ادغام اور ابدال معارض (مقابل) ہوئے ادغام میں تخفیف زیادہ تھی اس لئے اس کو اختیار کیا۔ پہلے میم کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کو دے کر میم کا میم میں ادغام کر دیا یَأُمُّ ہو گیا دوسری مثال میں ابدال اور اعلال معارض ہوئے اعلال میں تخفیف زیادہ تھی اس لئے اس کو اختیار کر لیا واؤ کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کو دے دی یَأُوْسُ ہو گیا۔

قانون نمبر ۶۹

قانون کا نام :۔ جُوَنٌ مِیَرٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ مطلب اس قانون کا یہ ہے کہ جو ہمزہ مفتوح ہو اور ما قبل اس کا مضموم ہو یا مکسور ہو تو وہ ما قبل خالی نہ ہو گا ہمزہ ہو گا یا غیر ہمزہ ہو گا۔ اگر ہمزہ ہو تو شرط یہ ہے کہ وہ دوسرے کلمے میں ہو اور اگر غیر ہمزہ ہو تو اس کے لئے دوسرے کلمے میں ہونا شرط نہیں۔ عام ہے اسی کلمہ میں ہو یا دوسرے کلمہ میں۔ اس ہمزہ مفتوحہ کو ما قبل کی حرکت کے موافق حرف علت کے ساتھ بدلانا جائز ہے۔ مثال ہمزہ مفتوحہ کی کہ ما قبل اس کا دوسرا ہمزہ مضموم یا مکسور دوسرے کلمہ میں ہو جیسا کہ ھذامَرَءُ أَمِیْنٍ ، مَرَرْتُ بِمَرَءِ أَمِیْنٍ ، اس میں ھذامَرَءُ وَمِیْنٍ ، مَرَرْتُ بِمَرَءِ یَمِیْنٍ پڑھنا جائز ہے۔ مثال ہمزہ مفتوحہ کی کہ ما قبل اس کا مضموم یا مکسور غیر ہمزہ اسی کلمہ میں ہو جیسا کہ جُؤَنٌ مِئَرٌ اس میں جُوَنٌ مِیَرٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال ہمزہ مفتوحہ کی کہ ما قبل اس کا مضموم یا مکسور غیر ہمزہ دوسرے کلمے میں ہو جیسا کہ غُلَامُ أَحَدٍ ، مَرَرْتُ بِغُلَامِ أَحَدٍ۔ اس میں غُلَامُ وَحَدٍ ، مَرَرْتُ بِغُلَامِ یَحَدٍ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ۷۰

قانون کا نام :۔ اَئِمَّۃٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون کچھ وجوبی کچھ جوازی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دو ہمزے متحرک ہوں ایک کلمے میں جمع ہو جائیں پہلا ان میں سے ہمزہ متکلم کا نہ ہو تو دیکھیں گے اگر ایک ان میں سے مکسور ہو تو ثانی کو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے سوائے اَئِمَّةٌ کے کہ اس میں بدلانا جائز ہے اور اگر ایک ان میں سے مکسور نہ ہوا تو ثانی کو واؤ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ مثال اس کی کہ ان میں سے ایک مکسور ہو جیسا کہ جاءٍ اصل میں جَایِئٌ تھا۔ یا واقع ہوئی الف فاعل کے بعد اس کو ہمزہ کے ساتھ بدلا دیا جَائِئٌ ہو گیا۔ یہ دو ہمزے متحرک ایک کلمے میں جمع ہو گئے ایک ان میں سے مکسور ہے ثانی کو وجوبا یا کے ساتھ بدل دیا جائِیٌ ہو گیا یا پر ضمہ ثقیل تھا اسکو گرا دیا جائِیْنٌ ہو گیا پھر یا کو بوجہ التقائے ساکنین حذف کر دیا جاءٍ ہو گیا اور اَئِمَّةٌ میں تین وجھیں جائز ہیں نمبر ا۔ اسی طرح دو ہمزہ کے ساتھ نمبر ۲۔ ثانی کو یا کے ساتھ بدلا کر اَیِمَّةٌ نمبر ۳۔ بین بین قریب۔ آگے یہ سمجھیں کہ بین بین دو قسم پر ہے۔

بین بین قریب۔ ہمزہ کو اپنے مخرج اور اس حرف علت کے مخرج کے درمیان ادا کرنا جو ہمزہ کی حرکت کے موافق ہو۔ مثلا ہمزہ کی حرکت ضمہ ہے اس کے موافق حرف علت واؤ ہے اگر کسرہ ہے تو اس کے موافق حرف علت یا ہے۔ اس کو بین بین مشہور بھی کہتے ہیں۔

بین بین بعید۔ ہمزہ کو اپنے مخرج کے درمیان اور اس حرف علت کے مخرج کے درمیان ادا کرنا جو ہمزہ کے ماقبل والے حرف کی حرکت کے موافق ہو اس کو بین بین غیر مشہور بھی کہتے ہیں جیسا کہ سُئِلَ میں اگر بین بین قریب پڑھا تو ہمزہ کو ہمزہ اور یا کے درمیان ادا کریں گے اور اگر بین بین بعید پڑھا تو ہمزہ کو ہمزہ اور واؤ کے درمیان پڑھیں گے۔

مثال اس کی کہ ان میں سے ایک مکسور نہ ہو۔ جیسا کہ اُوادِمُ اُوَیدِمُ اصل میں اَءَ ادِمُ اُءَ یدِمُ تھا۔ یہ دو ہمزے متحرک ایک کلمے میں جمع ہو گئے۔ ان میں سے ایک مکسور نہیں۔ ثانی کو وجوبا واؤ کے ساتھ بدل دیا اَوادِمُ ، اُویدِمُ ہو گیا۔ اور اگر پہلا ان میں ہمزہ متکلم کا ہوا ثانی کو واؤ (پہلی صورت میں) اور یا (دوسری صورت میں) کے ساتھ وجوبا نہ بدلایا جائیگا بلکہ جوازا بدلایا جائے گا۔ جیسا کہ اُ ئُمَّ اَ ئِنُّ اس میں اَوُمُّ اَیِنُّ پڑھنا جائز ہے لیکن اُکرِمُ اور آخِذُ شاذ ہے۔ اُکرِمُ اصل میں اُ ءَکرِمُ تھا۔ قانون چاہتا تھا کہ اس میں اُوَکرِمُ پڑھنا جائز ہو لیکن ثانی ہمزہ کو حذف کر کے اُکرِمُ پڑھنا شاذ ہے۔ اور آخِذُ میں قانون چاہتا تھا کہ اس میں اُواخِذُ پڑھنا جائز ہو تا لیکن اس میں ہمیشہ اسی طرح پڑھنا شاذ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۱۷

قانون کا نام :۔ قابل حرکت یا یَسَلُ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے ایک شق وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ ہمزہ ہو متحرک ہو ما قبل ساکن مظہر ہو قابل حرکت ہو یعنی ما قبل ساکن یا تصغیر، نون باب انفعال کا نہ ہو اور واؤ اور یا مدہ زائدہ ایک کلمہ میں نہ ہو تو ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دینا جائز ہے اور اس کے بعد ہمزہ کو حذف کرنا واجب ہے خواہ ہمزہ اور ما قبل ساکن ایک کلمہ میں ہوں یا الگ الگ کلمہ میں۔ مثال ایک کلمہ کی جیسا کہ یَسْئَلُ، یُسْئِلُ، مَسْئُوْلٌ ان میں یَسَلُ یُسِلُ مَسُوْلٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال الگ الگ کلمہ کی جیسا کہ قَدْ اَفْلَحَ اس میں قَدَ فْلَحَ پڑھنا جائز ہے اور باب رَأَی یَرَیٰ کے مضارع، جحد، نفی، نہی اور امر بالام میں اور باب اَرَیٰ یُرِیْ کی تمام گردانوں میں ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دینا اور ہمزہ کو حذف کرنا واجب ہے۔ لیکن مَرَاۃٌ شاذ ہے۔ مَرَاۃٌ اصل میں مَرْأَۃٌ تھا ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے دی اب قانون چاہتا تھا کہ ہمزہ کو حذف کر دیا جاتا لیکن اس کو الف کے ساتھ بدلا کر مَرَاۃٌ پڑھنا شاذ ہے۔ مثال اس کی کہ ہمزہ سے پہلے یا تصغیر ہو جیسا کہ سُوَیْئِلٌ سُوَیْئِلَۃٌ اس ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو نہ دی جائیگی۔ مثال اس کی کہ ہمزہ سے پہلے نون انفعال کا ہو جیسا کہ اِنْئَطَرَ اس ہمزہ کی حرکت بھی اکثر کے نزدیک نقل کر کے ما قبل کو نہ دی جائے گی اور بعض نقل کر کے ما قبل کو دے کر اسکو حذف کر دیتے ہیں۔ پھر بعض پہلے ہمزہ وصلی کو بوجہ استغناء حذف کر کے نَطَرَ پڑھتے ہیں اور بعض ہمزہ کو باب پر دلالت کرنے کی وجہ سے باقی رکھ کر اِنطَرَ پڑھتے ہیں۔ مثال اس کی کہ ہمزہ سے پہلے یا اور واؤ مدہ زائدہ ایک ہی کلمے میں ہو جیسا کہ مَقْرُوْئَۃٌ خَطِیْئَۃٌ۔ اس ہمزہ کی حرکت بھی نقل کر کے ما قبل کو نہ دی جائے گی۔ اور اگر ہمزہ سے پہلے واؤ اور یا ان صفات والی نہ ہوں تو ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے دی جائے گی۔

نہ ہونے کی تین صورتیں ہیں۔

نمبر ۱۔ واؤ اور یا مدہ نہ ہوں جیسا کہ حَوْئَبٌ، جَیْئَلٌ۔ اس میں حَوَبٌ، جَیَلٌ پڑھنا جائز ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر ۲۔ واؤاور یا مدہ تو ہوں لیکن زائدہ نہ ہوں جیسا کہ سُوْءٌ ، سَيِّئَتٌ ۔اس میں سُوْسِيَتٌ پڑھنا جائز ہے۔
نمبر ۳۔ واؤ اور یا مدہ زائدہ تو ہوں لیکن ایک کلمے میں نہ ہوں جیسا کہ بَاعُوْاَمْوَالَهُمْ ، يَبِيْعِيْ اَمْوَالَهُمْ ۔اس میں بَاعُوْمْوَالَهُمْ ، يَبِيْعِيْ مْوَالَهُمْ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ۷۲

قانون کانام :۔ خَطِيَّةٌ مَقْرُوَّةٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمزہ یا تصغیر اور واؤاور یا مدہ زائدہ کے بعد اسی کلمہ میں واقع ہو اس کو ما قبل کی جنس کرنا جائز ہے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنا واجب ہے۔ مثال اس ہمزہ کی جو یا تصغیر کے بعد واقع ہو جیسا کہ سُوَيْئِلٌ سُوَيْئِلَةٌ ۔اس کو ما قبل کی جنس کرکے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرنے کے بعد سُوَيِّلٌ سُوَيِّلَةٌ پڑھنا جائز ہے۔ مثال اس ہمزہ کی جو واؤاور یا مدہ زائدہ کے بعد واقع ہو جیسا کہ مَقْرُوْءَةٌ خَطِيْئَةٌ ۔اس کو ما قبل کی جنس کرنے کے بعد ادغام کرکے مَقْرُوَّةٌ خَطِيَّةٌ پڑھنا جائز ہے۔

قانون نمبر ۷۳

قانون کانام :۔ سَالَ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمزہ متحرک ہو اور ما قبل بھی اسی حرکت کے ساتھ متحرک ہو تو اس ہمزہ کو ما قبل کی حرکت کے موافق مدہ کے ساتھ بدل کرنا جائز ہے جیسا کہ سَئَلَ ، مُسْتَهْزِئِيْنَ ، رُؤُوْسٌ ۔ان مثالوں میں ہمزہ کو مدہ کے ساتھ جوازاً بدلا دیا سَالَ مُسْتَهْزِيِيْنَ ، رُوُوْسٌ ہو گیا۔ پچھلی دو مثالوں میں پہلی یا اور واؤ کو بوجہ التقاء ساکنین حذف کر دیا۔ مُسْتَهْزِيْنَ ، رُوْسٌ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۴۷

قانون کا نام :۔ جبَلِ اُحُدٍ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل جوازی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمزہ منفردہ (اکیلا) مکسورہ ہو اور ماقبل اس کا مضموم ہو اس کو واؤ کے ساتھ بدلنا جائز ہے خواہ ایک کلمہ ہو یا دو کلمے ہوں۔ مثال ایک کلمہ کہ جیسا کہ سئِلَ اس میں سوِلَ پڑھنا جائز ہے مثال دو کلمے کی جیسا کہ غلامُ اِبْرَاهِیْمَ اس میں غلامُ وِبْرَاهِیْمَ پڑھنا جائز ہے۔ اور جو ہمزہ منفردہ مضمومہ ہو اور ماقبل اسکا مکسور ہو اسکو یا کے ساتھ بدلنا جائز ہے خواہ ایک کلمہ ہو یا دو ہوں۔ مثال ایک کلمہ کی جیسا کہ مُسْتَهْزِئُوْنَ اس میں مُسْتَهْزِيُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔ مثال دو کلمہ کی جیسا کہ بِجَبَلِ اُحُدٍ اس میں بِجَبَلِ يُحُدٍ پڑھنا جائز ہے۔

﴿جوازی قوانین کا اجراء﴾

استاذ : اِعْلَمَنْ میں کیا پڑھنا جائز ہے؟

شاگرد : اِعْلَمَنْ میں اِعْلَمَا پڑھنا جائز ہے۔

استاذ : کس قانون کی وجہ سے؟

شاگرد : وقف والے قانون کی وجہ سے۔

استاذ : أَعْلَمُ میں کیا پڑھنا جائز ہے؟

شاگرد : اِعْلَمُ پڑھنا جائز ہے۔

استاذ : کس قانون کے تحت؟

شاگرد : **ماضی مکسور العین والے قانون کی وجہ سے أَعْلَمُ میں اِعْلَمُ پڑھنا جائز ہے پھر آخر میں وقف کیا تو اِعْلَمْ ہو گیا۔**

استاذ : لَمْ أَقْرَءْ میں کیا پڑھنا جائز ہے؟

شاگرد : لَمْ أَقْرَءْ میں لَمْ اَقْرَا پڑھنا جائز ہے (اور اس میں امالہ کر کے لَمْ اقرے پڑھنا بھی جائز ہے۔)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

استاذ : کس قانون کی وجہ سے ؟

شاگرد : قابل حرکت والے قانون کی وجہ سے وہ اس طرح کہ پہلے ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرادیا۔ اور دوسرے ہمزہ کو رأسٌ بؤسٌ والے قانون کے تحت الف سے بدلادیا لَمْ اقرا ہوگیا۔

فائدہ :۔

جن گردانوں کے صیغوں میں جوازی قانون لگ سکتے ہیں ان گردانوں کو نقشوں سے دوبارہ سن لیا جائے اور ان میں قوانین کا اجراء کر لیا جائے۔

﴿قوانین متفرقہ﴾

اس عنوان کے ذیل میں ان قوانین کا ذکر ہوگا جنکا استعمال مخصوص الفاظ میں ہوتا ہے عام مستعمل صیغوں میں نہیں ہوتا

قانون نمبر ۷۵

قانون کا نام :۔ دو ہمزے غیر موضوع علی التضعیف والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ دو ہمزے اگر ایک ایسے کلمے میں جمع ہو جائیں جو موضوع علی التضعیف نہ ہو یعنی واضع نے اس کو مشدد نہ بنایا ہو پہلا ساکن ثانی متحرک ہو تو ثانی کو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔ مثال اس کی جیسا کہ قِرَءْیٌ اصل میں قِرَءْءٌ تھا۔ یہ دو ہمزے ایک کلمہ غیر موضوع علی التضعیف میں جمع ہو گئے ہیں۔ پہلا ساکن ثانی متحرک ہے۔ ثانی کو وجوبا یا کے ساتھ بدلادیا۔ قِرَءْیٌ ہوگیا۔ مثال اس کلمہ کی جو موضوع علی التضعیف ہو جیسا کہ سَئّلَ تَسئّلَ اصل میں سَئْئَلَ تَسَئْئَلَ تھا۔ اس میں دو ہمزے ایک کلمے میں جمع ہو گئے ہیں پہلا ساکن ثانی متحرک ہے لیکن ثانی کو یا کے ساتھ نہیں بدلایا بلکہ وجوبا ادغام کردیا۔ کیونکہ یہ کلمہ موضوع علی التضعیف ہے۔ یعنی واضع نے جب اس کو بنایا تو مشدد بنایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قانون نمبر ۷۶

قانون کا نام:۔اَلْحَسَنُ والا قانون

قانون کا حکم:۔یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمزہ وصلی مفتوح ہو اس پر جب ہمزہ استفہام داخل ہو جائے تو ہمزہ وصلی مفتوح کو الف کے ساتھ بدل کرنا واجب ہے جیسا کہ آلْحَسَنُ آیمُنُ اللّٰہِ آلآنَ اصل میں اَلْحَسَنُ أَیْمُنُ اللّٰہِ اَلآنَ تھا ان مثالوں کے شروع میں ہمزہ وصلی مفتوح ہے جب اس پر ہمزہ استفہام داخل ہوا تو اس کو وجوبا الف کے ساتھ بدل دیا آلْحَسَنُ ، آیمُنُ اللّٰہِ آلآنَ ہو گیا۔

قانون نمبر ۷۷

قانون کا نام:۔قَوِیَةٌ طَوِیَةٌ والا قانون

قانون کا حکم:۔یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب:۔اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو واؤ اور یا تائے تانیث اور زیادتی فعُلان سے پہلے واقع ہو تو اسکا ما قبل دو حال سے خالی نہیں۔واؤ مضموم ہو گی یا کوئی اور حرف مضموم ہو گا۔اگر واؤ مضموم ہو تو اس واؤ کے ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔اور اگر واؤ کے علاوہ کوئی اور حرف مضموم ہو تو واؤ بر حال رہے گی لیکن یا کو واؤ کے ساتھ بدلانا واجب ہے۔مثال اس واؤ اور یا کی کہ ما قبل اس کے واؤ مضموم ہو جیسا کہ قَوِیَةٌ قَوِیَانِ ، طَوِیَةٌ طَوِیَانِ اصل میں قَوُوَةٌ، قَوُوَانِ،طَوُیَةٌ،طَوُیَانِ تھا یہ واؤ اور یا تائے تانیث اور زیادتی فعُلاَن سے پہلے واقع ہوئیں ہیں۔ما قبل ان کے واؤ مضموم ہے۔ما قبل ضمہ کو کسرہ کے ساتھ بدل دیا۔قَوِوَةٌ قَوِوَانِ ، طَوِیَةٌ طَوِیَانِ ہو گیا۔پہلی دو مثالوں میں واؤ واقع ہوئی ہے لام کلمے کے مقابلے میں اور ما قبل اس کا مکسور ہے لہٰذا اس کو یا سے بدل دیا قَوِیَةٌ قَوِیَانِ ہو گیا۔مثال یا کی کہ اس کے ما قبل واؤ کے علاوہ کوئی اور حرف مضموم ہو جیسا کہ رَمُوَةٌ ،رَمُوَانِ اصل میں رَمُیَةٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

،رَمُیَانِ تھا یہ یا تائے تانیث اور زیادتی فَعُلَان سے پہلے واقع ہوئی ہے ما قبل اس کے واؤ کا غیر مضموم ہے لہٰذا اس یا کو واؤ کے ساتھ بدل دیا رَمُوَۃٌ ،رَمُوَانِ ہو گیا۔ مثال واؤ کی کہ ما قبل اس کے واؤ کا غیر مضموم ہو جیسا کہ رَخُوَۃٌ رَخُوَانِ یہ واؤ اسی طرح برحال رہتی ہے۔

قانون نمبر ۷۸

قانون کا نام :۔ لحوق نون تاکید والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون اکثر وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو مضارع طلب والے معنے سے خالی ہو، یا مضارع منفی ما، لا اور لم کے ساتھ ہو، یا مضارع جواب شرط یا ایسی شرط کے مقام میں ہو جو امّا کے بعد نہ ہو۔ تو اس کے آخر میں نون تاکید کا کم لاحق ہوتا ہے جیسے زَیْدٌ لَیَضْرِبَنَّ ،مَا یَضْرِبَنَّ، لَا یَضْرِبَنَّ، لَمْ یَضْرِبَنَّ اور ان مقامات کے علاوہ مضارع میں نون تاکید کا وجوباً لاحق ہوتا ہے یا اکثر لاحق ہوتا ہے۔ جیسے تَاللّٰہِ لَاَ کِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ، اِمَّا تَخَافَنَّ ،اِضْرِبَنَّ، لَاتَضْرِبَنَّ، ھَلْ تَضْرِبَنَّ، اَلَا تَضْرِبَنَّ ،لَیْتَكَ تَضْرِبَنَّ، وَاللّٰہِ لَیَفْعَلَنَّ۔

قانون نمبر ۷۹

قانون کا نام :۔ دِیْنَارٌ ، شِیْرَازٌ والا قانون

قانون کا حکم :۔ یہ قانون مکمل وجوبی ہے۔

قانون کا مطلب :۔ اس قانون کا مطلب یہ ہے کہ جو اسم (سوا مصدر کے) فِعَّال کے وزن پر ہو اس کے پہلے حرف تضعیف کو یا کے ساتھ بدلانا واجب ہے جیسا کہ دِیْنَارٌ ، شِیْرَازٌ اصل میں دِنَّارٌ ،شِرَّازٌ تھے۔ یہ کلمہ فِعَّالٌ کے وزن پر ہے، مصدر نہیں ہے۔ اس لئے اس کے پہلے حرف تضعیف کو وجوباً یا کے ساتھ بدل دیا دِیْنَارٌ، شِیْرَازٌ ہو گیا۔ مثال مصدر کی جیسا کہ کِذَّابٌ یہ کلمہ فِعَّالٌ کے وزن پر ہے لیکن اس میں پہلے حرف تضعیف کو یا کے ساتھ نہیں بدلا یا کیونکہ یہ مصدر ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿نمونہ ھائے گردان ازابواب ثلاثی مزید اور رُباعی مجرد ومزید (قلیل الاستعمال)﴾

اول صیغہائے ازابواب ثلاثی مزید (قلیل الاستعمال)					اول صیغہ ہائے رُباعی مجرد ومزید			
گردان / باب	اِفْعِیْعَال	اِفْعِلَال	اِفْعِیْلَال	اِفْعِوَّال	فَعْلَلَہ	تَفَعْلُل	اِفْعِلَّال	اِفْعِنْلَال
ماضی معلوم	اِحْدَوْدَبَ	اِحْمَرَّ	اِحْمَارَّ	اِجْلَوَّذَ	دَحْرَجَ	تَدَحْرَجَ	اِقْشَعَرَّ	اِحْرَنْجَمَ
ماضی مجہول	اُحْدُوْدِبَ	اُحْمُرَّ	اُحْمُوْرَّ	اُجْلُوِّذَ	دُحْرِجَ	تُدُحْرِجَ	اُقْشُعِرَّ	اُحْرُنْجِمَ
مضارع معلوم	يَحْدَوْدِبُ	يَحْمَرُّ	يَحْمَارُّ	يَجْلَوِّذُ	يُدَحْرِجُ	يَتَدَحْرَجُ	يَقْشَعِرُّ	يَحْرَنْجِمُ
مضارع مجہول	يُحْدَوْدَبُ	يُحْمَرُّ	يُحْمَارُّ	يُجْلَوَّذُ	يُدَحْرَجُ	يُتَدَحْرَجُ	يُقْشَعَرُّ	يُحْرَنْجَمُ
اسم فاعل	مُحْدَوْدِبٌ	مُحْمَرٌّ	مُحْمَارٌّ	مُجْلَوِّذٌ	مُدَحْرِجٌ	مُتَدَحْرِجٌ	مُقْشَعِرٌّ	مُحْرَنْجِمٌ
اسم مفعول	مُحْدَوْدَبٌ	مُحْمَرٌّ	مُحْمَارٌّ	مُجْلَوَّذٌ	مُدَحْرَجٌ	مُتَدَحْرَجٌ	مُقْشَعَرٌّ	مُحْرَنْجَمٌ
امر حاضر معلوم	اِحْدَوْدِبْ	اِحْمَرَّ	اِحْمَارَّ	اِجْلَوِّذْ	دَحْرِجْ	تَدَحْرَجْ	اِقْشَعِرَّ	اِحْرَنْجِمْ

امر کے تین وجہوں والے صیغے

اِحْمَرَّ	اِحْمَرِّ	اِحْمَرِرْ
اِحْمَارَّ	اِحْمَارِّ	اِحْمَارِرْ
اِقْشَعِرَّ	اِقْشَعِرِّ	اِقْشَعْرِرْ

فائدہ:۔

بابِ افعلال، باب افعیلال، باب افعلال اور مضاعف ثلاثی کے نفی جحد بلم، امر اور نہی کے پانچ صیغوں یعنی واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم کا عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں (فتحہ کسرہ اور بغیر ادغام کے پڑھنا) اور عین کلمہ مضموم ہو تو چار وجہیں پڑھنا جائز ہیں ضمہ تبعاللعین فتحہ، کسرہ بغیر ادغام کے ظاہر کر کے پڑھنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿نون وقایہ کے صیغے﴾

نون وقایہ :۔ وقایہ کا لغوی معنی ہے بچانا اور اصطلاح میں نون وقایہ وہ ہوتا ہے جو فعل کے آخر میں لایا جائے تاکہ فعل کو اپنے آخر میں کسرہ آنے سے بچالے کیونکہ جب فعل کے آخر میں یا ضمیر متکلم کی لاحق کی تو یا چاہتی ہے کہ میرا ما قبل مکسور ہو اور فعل کے آخر میں کسرہ آ نہیں سکتا اس لیے ہم فعل اور ی کے درمیان نون لے آئے تاکہ ی کا ما قبل مکسور ہو جائے اور فعل کا آخر کسرہ سے محفوظ ہو جائے اور اس نون کا صیغے کے اندر کوئی دخل نہیں ہوگا جب صیغہ نکالنا ہو تو نون وقایہ کے بغیر اُس صیغے کو پہچانے اور معلوم کرنے کی کوشش کریں۔ جیسے عَلَّمَتنِی، لا تَجعَلْنِي، فَاتَّقُونِ میں صیغہ صرف عَلَّمَتْ، لا تَجعَلْ، فَاتَّقُوا ہے اور لفظ نِی اور نِ کا صیغہ میں کوئی دخل نہیں۔ اور کبھی کبھی نون وقایہ کے بعد یا متکلم کی محذوف ہوتی ہے جیسے فَارْهَبُونِ ، فَاتَّقُونِ

اَنبِئُونِی	لا تَجعَلْنِی	قَدْ اٰتَيْتَنِیْ	لَا تُرْ هِقْنِیْ	فَارْهَبُوْنِ	كِيْدُوْنِی
عَلَّمَتنِیْ	فَلَا تُصٰحِبْنِیْ	فَا تَّقُوْنِ	يَعْصِمُنِیْ	تَوَفَّنِیْ	مَكَّنِّیْ
وَاخْشَوْنِیْ	فَلَا تَسْئَلْنِ	اَلْحِقْنِیْ	فَاَعِيْنُوْنِیْ	فَاذْكُرُوْنِی	وَاِلَّا تَرْحَمْنِیْ
اِتَّبَعْنِیْ	اَرِنِیْ	تُعَلِّمَنِ	جَاءَ نِیْ	يَعْبُدُوْنَنِیْ	فَطَرَنِیْ
اَمَرْتَنِیْ	اَرِنِیْ	عَلَّمَنِیْ	وَلَا يُنْقِذُوْنِ	رَبِّ زِدْنِیْ	لَا تَذَرْنِیْ
لَا تُخْزُوْنِ	وَاجْعَلْنِیْ	قَدْ بَلَغَنِیْ	رَزَقَنِیْ	رَبِّ اجْعَلْنِیْ	اَوْصٰنِیْ
لَمْ يَمْسَسْنِیْ	لَيَحْزُنُنِیْ	لُمْتُنَّنِیْ	اِيْتُوْنِیْ	اَخَّرْتَنِ	فَاعْبُدُوْنِ
اَغْوَيْتَنِیْ	تَزِيْدُوْنَنِیْ	فَا سْمَعُوْنِ	اَتُحَاجُّوْنِّیْ	خَلَقْتَنِیْ	اَفْتُوْنِیْ
فَارْهَبُوْنِ	رَاوَدَتْنِیْ	فَاَنْظِرْنِیْ	تُرْجَعُوْنِ	اَغْوَيْتَنِیْ	اَخْرِجْنِیْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ابواب﴾

مثال، اجوف، ناقص، مہموز، لفیف، مضاعف

﴿کون کون سے ابواب اوران کی گردانیں صحیح کے ابواب اور گردانوں کی طرح ہیں﴾

مہموز کے تمام ابواب اوران کی گردانیں تقریباً صحیح کے ابواب اورانکی گردانوں کی طرح ہیں۔ صرف مہموز الفاء کے باب افعال میں اٰمَنَ اُوْمِنَ والا قانون لگے گا۔ جیسے أ: مَرَ سے اٰمَرَ پڑھیں گے۔ اور مثال سے ثلاثی مزید کے تمام ابواب اور گردانیں بھی صحیح کے ابواب اور گردانوں کی طرح ہیں سوائے باب افتعال کے اور اجوف سے ثلاثی مزید کے چار ابواب باب تفعیل، تفعّل، تفاعُل، مُفاعله اور انکی گردانیں صحیح کے ابواب باب تفعیل، تفعّل، تفاعُل اور مفاعله کی گردانوں کی طرح ہیں۔ اور مضاعف ثلاثی سے ثلاثی مزید کے دوباب باب تفعیل، اور تفعّل اور انکی گردانیں صحیح کے دوباب باب تفعیل اور تفعّل کی گردانوں کی طرح ہیں۔ الغرض جس طالب علم نے صحیح کے ابواب اور انکی گردانوں کو یاد کر لیا اس نے مہموز، مثال، اجوف، مضاعف ثلاثی کے وہ تمام ابواب اور گردانیں یاد کر لیں جنکی شکل صحیح کے ابواب اور انکی گردانوں سے ملتی ہے۔

تنبیہ :۔ ثلاثی مجرد و مزید کے ابواب میں سے پہلے باب کی صرف صغیر مکمل لکھی گئی ہے اور باقی ابواب کی صرف صغیر کے بطور نمونہ چند ابتدائی صیغے لکھے گئے ہیں لیکن ان کو بھی پہلے باب کی صرف صغیر کی مثل مکمل یاد کر لیا جائے۔

ابواب مثال واوی

بداں أسعدك اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ **باب اول** صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعَلَ یَفْعِلُ چوں اَلْوَعْدُ وَالْعِدَةُ وَالْمِیْعَادُ وعدہ کردن (وعدہ کرنا) وَعَدَ یَعِدُ وَعْدًا وَّعِدَةً وَّمِیْعَادًا فَهُوَ وَاعِدٌ وَوُعِدَ یُوْعَدُ وعْدًا وَّعِدَةً وَّمِیْعَادًا فَذَاكَ مَوْعُوْدٌ لَمْ یَعِدْ لَمْ یُوْعَدْ لَایَعِدُ لَایُوْعَدُ لَنْ یَّعِدَ لَنْ یُّوْعَدَ اَلْاَمْرُ مِنْهُ عِدْ لِتُوْعَدْ لِیَعِدْ لِیُوْعَدْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَاتَعِدْ لَاتُوْعَدْ لَایَعِدْ لَایُوْعَدْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَوْعِدٌ مَوْعِدَانِ مَوَاعِدُ مُوَیْعِدٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِیْعَدٌ مِیْعَدَانِ مَوَاعِدُ مُوَیْعِدٌ ، مِیْعَدَةٌ مِیْعَدَتَانِ مَوَاعِدُ مُوَیْعِدَةٌ ، مِیْعَادٌ مِیْعَادَانِ مَوَاعِیْدُ مُوَیْعِیْدٌ وَافْعَلُ التَّفْضِیْلِ اَلْمُذَکَّرِ مِنْهُ اَوْعَدُ اَوْعَدَانِ اَوْعَدُوْنَ اَوَاعِدُ اُوَیْعِدٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ وُعْدٰی وُعْدَیَانِ وُعْدَیَاتٌ وُعَدٌ وُعَیْدٰی وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَوْعَدَهٗ وَاَوْعِدْ بِهٖ وَوَعُدَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب دوم: صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعِلَ یَفْعَلُ چوں اَلْوَجَلُ ترسیدن (ڈرنا) وَجِلَ یَوْجَلُ وَجَلاً فَهُوَ وَجِلٌ وَوُجِلَ یُوْجَلُ وَجَلاً فَذَاكَ مَوْجُوْلٌ لَمْ یَوْجَلْ لَمْ یُوْجَلْ لاَ یَوْجَلُ لاَیُوْجَلُ لَنْ یَّوْجَلَ لَنْ یُّوْجَلَ اَلاَمْرُمِنْهُ اِیْجَلْ لِتُوْجَلْ لِیَوْجَلْ لِیُوْجَلْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لاَتَوْجَلْ لاَتُوْجَلْ لاَیَوْجَلْ لاَیُوْجَلْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَوْجِلٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِیْجَلٌ وَمِیْجَلَةٌ وَمِیْجَالٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَوْجَلُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ وُجْلٰی وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَوْجَلَه' وَاَوْجِلْ بِهٖ وَوَجُلَ

صرف کبیر صفت مشبه : وَجِلٌ وَجِلاَنِ وَجِلُوْنَ اَوْجَالٌ وَجِلَةٌ وَجِلَتَانِ وَجِلاَتٌ وُجَیْلٌ وَوُجَیْلَةٌ

باب سوم : صرف صغیر ثلاثی مجرد مثال واوی از باب فَعَلَ یَفْعَلُ چوں اَلْوَضْعُ نہادن (رکھنا) وَضَعَ یَضَعُ وَضْعًا فَهُوَ وَاضِعٌ وَوُضِعَ یُوْضَعُ وَضْعًا فَذَاكَ مَوْضُوْعٌ لَمْ یَضَعْ لَمْ یُوْضَعْ لاَ یَضَعُ لاَ یُوْضَعُ لَنْ یَّضَعَ لَنْ یُّوْضَعَ اَلاَمْرُمِنْهُ ضَعْ لِتُوْضَعْ لِیَضَعْ لِیُوْضَعْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لاَ تَضَعْ لاَ تُوْضَعْ لاَیَضَعْ لاَ یُوْضَعْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَوْضِعٌ وَالاٰلَةُ مِنْهُ مِیْضَعٌ وَمِیْضَعَةٌ وَ مِیْضَاعٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ الْمُذَكَّرِ مِنْهُ اَوْضَعُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ وُضْعٰی وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَوْضَعَهٗ وَاَوْضِعْ بِهٖ وَوَضُعَ

قسم دوم ازاں دو معتل واوی کہ واو بجائے فاولام اولی دارد ومضاعف رباعی بروزن تَفَعْلُلٌ چوں اَلتَّوَهْوُهُ برگردانیدن سگ آواز در گلو از ترس وبیم (کتے کا ڈر کی وجہ سے بڑبڑانا) تَوَهْوَهَ يَتَوَهْوَهُ تَوَهْوُهاً فَهُوَ مُتَوَهْوِهٌ وَتُوُهْوِهَ يُتَوَهْوَهُ تَوَهْوُهاً فَذَاكَ مُتَوَهْوَهٌ لَمْ يَتَوَهْوَهْ لَمْ يُتَوَهْوَهْ لَايَتَوَهْوَهُ لَايُتَوَهْوَهُ لَنْ يَتَوَهْوَهَ لَنْ يُتَوَهْوَهَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَوَهْوَهْ لِتُتَوَهْوَهْ لِيَتَوَهْوَهْ لِيُتَوَهْوَهْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَتَوَهْوَهْ لَاتُتَوَهْوَهْ لَايَتَوَهْوَهْ لَايُتَوَهْوَهْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَوَهْوَهٌ مُتَوَهْوَهَانِ مُتَوَهْوَهَيْنِ مُتَوَهْوَهَاتٌ.

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

﴿الحاق کی تعریف﴾

الحاق کا لغوی معنی ہے ملنا اور ملانا یا پہنچنا اور پہنچانا۔

اصطلاحی تعریف: ۔ ثلاثی مجرد پر کوئی حرف زیادہ کرنا تاکہ وہ تمام تصرفات میں رباعی مجرد یا رباعی مزید کے ہم شکل ہو جائے۔ بشرطیکہ وہ زیادتی قیاسی طور پر مفید معنی کی نہ ہو جیسا کہ ہم نے کَرُمَ پر ہمزہ افعال کا داخل کیا تو اَکْرَمَ ہو گیا۔ اب یہ بھی ہمشکل ہے دَحْرَجَ کیساتھ لیکن اس کو ملحق نہیں کہیں گے کیونکہ یہ ہمزہ قیاسی طور پر مفید معنی کا ہے کیونکہ اس سے اَکْرَمَ میں تعدیت والا معنی حاصل ہو گیا یعنی فعل لازمی متعدی بن گیا۔

فائدہ: ۔ اگر ملحق فعل رباعی کے ساتھ ہے تو مراد تصرفات سے مصدر، ماضی، مضارع اور باقی مشتقات (اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم تفضیل وغیرہ) ہیں اور اگر ملحق اسم رباعی کیساتھ ہو تو مراد تصرفات سے تصغیر اور جمع تکسیر قیاسی ہے۔

ابوابِ ملحقات

بدان اَسْعَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِي الدَّارَيْن ملحق بفعل رباعی مجرد درا ہفت باب آمدہ اند **باب اول** صرف صغیر ملحق برباعی مجرد از باب فَعْلَلَةٌ چوں اَلْجَلْبَبَةُ چادر پوشانیدن (چادر اوڑھنا) جَلْبَبَ يُجَلْبِبُ جَلْبَبَةً فَهُوَ مُجَلْبِبٌ وَجُلْبِبَ يُجَلْبَبُ جَلْبَبَةً فَذَاكَ مُجَلْبَبٌ لَمْ يُجَلْبِبْ لَمْ يُجَلْبَبْ لَا يُجَلْبِبُ لَا يُجَلْبَبُ لَنْ يُجَلْبِبَ لَنْ يُجَلْبَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ جَلْبِبْ لِتُجَلْبَبْ لِيُجَلْبِبْ لِيُجَلْبَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُجَلْبِبْ لَا تُجَلْبَبْ لَا يُجَلْبِبْ لَا يُجَلْبَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُجَلْبَبٌ مُجَلْبَبَانِ مُجَلْبَبَيْنِ مُجَلْبَبَاتٌ

باب دوم: صرف صغیر ملحق برباعی مجرد از باب فَيْعَلَةٌ چوں اَلْخَيْعَلَةُ پیراہن بے آستین پوشانیدن (بغیر آستین والا کرتا پہنانا) خَيْعَلَ يُخَيْعِلُ خَيْعَلَةً فَهُوَ مُخَيْعِلٌ وَخُوْعِلَ يُخَيْعَلُ خَيْعَلَةً فَذَاكَ مُخَيْعَلٌ لَمْ يُخَيْعِلْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَمْ يُخَيْعَلْ لاَ يَخَيْعِلُ لاَ يُخَيْعَلُ لَنْ يُخَيْعِلَ لَنْ يُخَيْعَلَ الاَمْرُمِنْهُ خَيْعِلْ لِتُخَيْعَلْ لِيُخَيْعِلْ لِيُخَيْعَلْ وَالنَّهِیُ عَنْهُ لاَ تَخَيْعِلْ لاَ تُخَيْعَلْ لاَ يُخَيْعِلْ لا يُخَيْعَلْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُخَيْعَلٌ مُخَيْعَلاَنِ مُخَيْعَلَيْن مُخَيْعَلاَتٌ

باب سوم: *صرف صغیر ملحق بر باعی مجرد از باب* فَوْعَلَة *چوں* اَلْجَوْرَبَةُ *جورب پوشانیدن (جراب پہنانا)* جَوْرَبَ يُجَوْرِبُ جَوْرَبَةً فَهُوَ مُجَوْرِبٌ وَجُوْرِبَ يُجَوْرَبُ جَوْرَبَةً فَذَاكَ مُجَوْرَبٌ لَمْ يُجَوْرِبْ لَمْ يُجَوْرَبْ لا يُجَوْرِبُ لا يُجَوْرَبُ لَنْ يُجَوْرِبَ لَنْ يُجَوْرَبَ اَلاَمْرُمِنْهُ جَوْرِبْ لِتُجَوْرَبْ لِيُجَوْرِبْ لِيُجَوْرَبْ وَالنَّهِیُ عَنْهُ لا تُجَوْرِبْ لا تُجَوْرَبْ لا يُجَوْرِبْ لا يُجَوْرَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُجَوْرَبٌ مُجَوْرَبَانِ مُجَوْرَبَيْنِ مُجَوْرَبَاتٌ

باب چہارم : *صرف صغیر ملحق بر باعی مجرد از باب* فَعْنَلَة *چوں* اَلْقَلْنَسَةُ *کلاہ پوشانیدن (ٹوپی پہنانا)* قَلْنَسَ يُقَلْنِسُ قَلْنَسَةً فَهُوَ مُقَلْنِسٌ وَقُلْنِسَ يُقَلْنَسُ قَلْنَسَةً فَذَاكَ مُقَلْنَسٌ لَمْ يُقَلْنِسْ لَمْ يُقَلْنَسْ لا يُقَلْنِسُ لا يُقَلْنَسُ لَنْ يُقَلْنِسَ لَنْ يُقَلْنَسَ اَلاَمْرُمِنْهُ قَلْنِسْ لِتُقَلْنَسْ لِيُقَلْنِسْ لِيُقَلْنَسْ وَالنَّهِیُ عَنْهُ لا تُقَلْنِسْ لا تُقَلْنَسْ لا يُقَلْنِسْ لا يُقَلْنَسْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُقَلْنَسٌ مُقَلْنَسَانِ مُقَلْنَسَيْنِ مُقَلْنَسَاتٌ

باب پنجم: *صرف صغیر ملحق بر باعی مجرد از باب* فَعْيَلَة *چوں* اَلشَّرْيَفَةُ *افزونی برگہای کشت بریدن (کھیتی کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا)* شَرْيَفَ يُشَرْيِفُ شَرْيَفَةً فَهُوَ مُشَرْيِفٌ وَشُرْيِفَ يُشَرْيَفُ شَرْيَفَةً فَذَاكَ مُشَرْيَفٌ لَمْ يُشَرْيِفْ لَمْ يُشَرْيَفْ لا يُشَرْيِفُ لا يُشَرْيَفُ لَنْ يُشَرْيِفَ لَنْ يُشَرْيَفَ اَلاَمْرُمِنْهُ شَرْيِفْ لِتُشَرْيَفْ لِيُشَرْيِفْ لِيُشَرْيَفْ وَالنَّهِیُ عَنْهُ لا تُشَرْيِفْ لا تُشَرْيَفْ لا يُشَرْيِفْ لا يُشَرْيَفْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُشَرْيَفٌ مُشَرْيَفَانِ مُشَرْيَفَيْنِ مُشَرْيَفَاتٌ

باب ششم: *صرف صغیر ملحق بر باعی مجرد از باب* فَعْوَلَة *چوں* اَلْجَهْوَرَةُ *آواز بلند کردن (آواز بلند کرنا)* جَهْوَرَ يُجَهْوِرُ جَهْوَرَةً فَهُوَ مُجَهْوِرٌ وَجُهْوِرَ يُجَهْوَرُ جَهْوَرَةً فَذَاكَ مُجَهْوَرٌ لَمْ يُجَهْوِرْ لَمْ يُجَهْوَرْ لا يُجَهْوِرُ لا يُجَهْوَرُ لَنْ يُجَهْوِرَ لَنْ يُجَهْوَرَ اَلاَمْرُمِنْهُ جَهْوِرْ لِتُجَهْوَرْ لِيُجَهْوِرْ لِيُجَهْوَرْ وَالنَّهِیُ عَنْهُ لا تُجَهْوِرْ لا تُجَهْوَرْ لا يُجَهْوِرْ لا يُجَهْوَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُجَهْوَرٌ مُجَهْوَرَانِ مُجَهْوَرَيْنِ مُجَهْوَرَاتٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باب ہفتم : صرف صغیر ملحق برباعی مجرد از باب فَعْلاَةٌ چوں القَلْسَاةُ کلاہ پوشانیدن (ٹوپی پہنانا) قَلْسٰی یُقَلْسِیْ قَلْسَاةً فَهُوَ مُقَلْسٍ وَقُلْسِیَ یُقَلْسٰی قَلْسَاةً فَذَاكَ مُقَلْسًی لَمْ یُقَلْسِ لَمْ یُقَلْسَ لا یُقَلْسِیْ لا یُقَلْسٰی لَنْ یُّقَلْسِیَ لَنْ یُّقَلْسٰی اَلاَمْرُمِنْهُ قَلْسِ لِتُقَلْسَ لِیُقَلْسِ لِیُقَلْسَ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لا تُقَلْسِ لا تُقَلْسَ لا یُقَلْسِ لا یُقَلْسَ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُقَلْسًی مُقَلْسَیَانِ مُقَلْسَیَیْنِ مُقَلْسَیَاتٌ

سوال : قَلْسٰی کو دَحْرَجَ کا ملحق اگر تعلیل سے پہلے کہتے ہو تو تعلیل نہ کرتے کیونکہ ملحقات میں تغیر و تبدل منع ہے اور اگر تعلیل کے بعد کہتے ہو تو ملحق اور ملحق بہ کا وزن موافق نہیں۔

جواب : اگر تعلیل سے پہلے کہیں تو بھی درست ہے کیونکہ ملحق میں وہ تغیر و تبدل منع ہے جو ملحق بہ میں نہ پایا جائے اور یہ تغیر ملحق بہ میں پایا جاتا ہے کیونکہ اگر رباعی کے لام کلمہ میں حرف علت پایا جائے تو معلل ہو جاتا ہے جیسا کہ قَوْقٰی یُقَوْقِیْ قَوْقَاةً اور اگر تعلیل کے بعد کہیں تو بھی درست ہے کیونکہ تبدیلی حرف کے ساتھ وزن صرفی جب نہیں بدلتا (چنانچہ قَالَ بروزن فَعَلَ نزد جمہور) تو وزن صوری جو الحاق میں مراد ہے بطریق اولی نہ بدلے گا۔

بدانکہ ملحق بباب تفعلل را ہفت باب آمدہ اند **باب اول** صرف صغیر ملحق برباعی مزید از باب تَفَعْلُلٌ چوں اَلتَّجَلْبُبُ چادر پوشیدن (چادر اوڑھنا) تَجَلْبَبَ یَتَجَلْبَبُ تَجَلْبُبًا فَهُوَ مُتَجَلْبِبٌ وَتُجُلْبِبَ یُتَجَلْبَبُ تَجَلْبُبًا فَذَاكَ مُتَجَلْبَبٌ لَمْ یَتَجَلْبَبْ لَمْ یُتَجَلْبَبْ لا یَتَجَلْبَبُ لا یُتَجَلْبَبُ لَنْ یَّتَجَلْبَبَ لَنْ یُّتَجَلْبَبَ اَلاَمْرُمِنْهُ تَجَلْبَبْ لِتُتَجَلْبَبْ لِیَتَجَلْبَبْ لِیُتَجَلْبَبْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لا تَتَجَلْبَبْ لا تُتَجَلْبَبْ لا یَتَجَلْبَبْ لا یُتَجَلْبَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَجَلْبَبٌ مُتَجَلْبَبَانِ مُتَجَلْبَبَیْنِ مُتَجَلْبَبَاتٌ

باب دوم : صرف صغیر ملحق برباعی مزید از باب تَفَیْعُلٌ چوں التَّخَیْعُلُ پیراہن بے آستین پوشیدن (بغیر آستین کا کرتا پہننا) تَخَیْعَلَ یَتَخَیْعَلُ تَخَیْعُلاً فَهُوَ مُتَخَیْعِلٌ وَتُخُوْعِلَ یُتَخَیْعَلُ تَخَیْعُلاً فَذَاكَ مُتَخَیْعَلٌ لَمْ یَتَخَیْعَلْ لَمْ یُتَخَیْعَلْ لا یَتَخَیْعَلُ لا یُتَخَیْعَلُ لَنْ یَّتَخَیْعَلَ لَنْ یُّتَخَیْعَلَ اَلاَمْرُمِنْهُ تَخَیْعَلْ لِتُتَخَیْعَلْ لِیَتَخَیْعَلْ لِیُتَخَیْعَلْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لا تَتَخَیْعَلْ لا تُتَخَیْعَلْ لا یَتَخَیْعَلْ لا یُتَخَیْعَلْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَخَیْعَلٌ مُتَخَیْعَلاَنِ مُتَخَیْعَلَیْنِ مُتَخَیْعَلاَتٌ

باب سوم: صرف صغیر ملحق برباعی مزید از باب تَفَوْعُلٌ چوں التَّجَوْرُبُ جورب پوشیدن (جراب یا موزہ پہننا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَجَوْرَبَ يَتَجَوْرَبُ تَجَوْرُباً فَهُوَ مُتَجَوْرِبٌ وَتُجُوْرِبَ يُتَجَوْرَبُ تَجَوْرُباً فَذَاكَ مُتَجَوْرَبٌ لَمْ يَتَجَوْرَبْ لَمْ يُتَجَوْرَبْ لَا يَتَجَوْرَبُ لَا يُتَجَوْرَبُ لَنْ يَّتَجَوْرَبَ لَنْ يُّتَجَوْرَبَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَجَوْرَبْ لِتُتَجَوْرَبْ لِيَتَجَوْرَبْ لِيُتَجَوْرَبْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَجَوْرَبْ لَا تُتَجَوْرَبْ لَا يَتَجَوْرَبْ لَا يُتَجَوْرَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَجَوْرَبٌ مُتَجَوْرَبَانِ مُتَجَوْرَبَيْنِ مُتَجَوْرَبَاتٌ

باب چہارم : صرف صغیر ملحق برباعی مزید ازباب تَفَعْلُل چوں التَّقَلْنُسُ کلاہ پوشیدن (ٹوپی پہننا) تَقَلْنَسَ يَتَقَلْنَسُ تَقَلْنُساً فَهُوَ مُتَقَلْنِسٌ وَتُقُلْنِسَ يُتَقَلْنَسُ تَقَلْنُساً فَذَاكَ مُتَقَلْنَسٌ لَمْ يَتَقَلْنَسْ لَمْ يُتَقَلْنَسْ لَا يَتَقَلْنَسُ لَا يُتَقَلْنَسُ لَنْ يَّتَقَلْنَسَ لَنْ يُّتَقَلْنَسَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَقَلْنَسْ لِتُتَقَلْنَسْ لِيَتَقَلْنَسْ لِيُتَقَلْنَسْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَقَلْنَسْ لَا تُتَقَلْنَسْ لَا يَتَقَلْنَسْ لَا يُتَقَلْنَسْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَقَلْنَسٌ مُتَقَلْنَسَانِ مُتَقَلْنَسَيْنِ مُتَقَلْنَسَاتٌ

باب پنجم: صرف صغیر ملحق برباعی مزید ازباب تَفَعْيُل چوں التَّحَمْيُرُ سخن بزبان حمیر گفتن (حمیرزبان میں بات کہنا) تَحَمْيَرَ يَتَحَمْيَرُ تَحَمْيُراً فَهُوَ مُتَحَمْيِرٌ وَتُحُمْيِرَ يُتَحَمْيَرُ تَحَمْيُراً فَذَاكَ مُتَحَمْيَرٌ لَمْ يَتَحَمْيَرْ لَمْ يُتَحَمْيَرْ لَا يَتَحَمْيَرُ لَا يُتَحَمْيَرُ لَنْ يَّتَحَمْيَرَ لَنْ يُّتَحَمْيَرَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَحَمْيَرْ لِتُتَحَمْيَرْ لِيَتَحَمْيَرْ لِيُتَحَمْيَرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَحَمْيَرْ لَا تُتَحَمْيَرْ لَا يَتَحَمْيَرْ لَا يُتَحَمْيَرْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَحَمْيَرٌ مُتَحَمْيَرَانِ مُتَحَمْيَرَيْنِ مُتَحَمْيَرَاتٌ

باب ششم : صرف صغیر ملحق برباعی مزید ازباب تَفَعْوُل چوں التَّسَرْوُلُ شلوار پوشیدن (شلوار پہننا) تَسَرْوَلَ يَتَسَرْوَلُ تَسَرْوُلاً فَهُوَ مُتَسَرْوِلٌ وَتُسُرْوِلَ يُتَسَرْوَلُ تَسَرْوُلاً فَذَاكَ مُتَسَرْوَلٌ لَمْ يَتَسَرْوَلْ لَمْ يُتَسَرْوَلْ لَا يَتَسَرْوَلُ لَا يُتَسَرْوَلُ لَنْ يَّتَسَرْوَلَ لَنْ يُّتَسَرْوَلَ اَلْاَمْرُمِنْهُ تَسَرْوَلْ لِتُتَسَرْوَلْ لِيَتَسَرْوَلْ لِيُتَسَرْوَلْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَسَرْوَلْ لَا تُتَسَرْوَلْ لَا يَتَسَرْوَلْ لَا يُتَسَرْوَلْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَسَرْوَلٌ مُتَسَرْوَلَانِ مُتَسَرْوَلَيْنِ مُتَسَرْوَلَاتٌ

باب ہفتم : صرف صغیر ملحق برباعی مزید ازباب تَفَعْلِي چوں التَّقَلْسِي کلاہ پوشیدن (ٹوپی پہننا) تَقَلْسٰى يَتَقَلْسٰى تَقَلْسِياً فَهُوَ مُتَقَلْسٍ وَتُقُلْسِيَ يُتَقَلْسٰى تَقَلْسِياً فَذَاكَ مُتَقَلْسًى لَمْ يَتَقَلْسَ لَمْ يُتَقَلْسَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا يَتَقَلْسٰی لَا يُتَقَلْسٰی لَنْ يَّتَقَلْسٰی لَنْ يُّتَقَلْسٰی اَلْاَمْرُمِنْهُ تَقَلْسَ لِتُتَقَلْسَ لِيَتَقَلْسَ لِيُتَقَلْسَ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَاتَتَقَلْسَ لَا تُتَقَلْسَ لَا يَتَقَلْسَ لَايُتَقَلْسَ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُتَقَلْسًی مُتَقَلْسَيَانِ مُتَقَلْسَيَيْنِ مُتَقَلْسَيَاتٌ

بدانکہ ملحق بباب اِفعِنلال را دو باب آمدہ اند **باب اول** صرف صغیر ملحق برباعی مزید از باب اِفْعِنْلَال چوں الاِقْعِنْسَاسُ واپس شدن و سخت شدن (واپس ہونا اور سخت ہونا) اِقْعَنْسَسَ يَقْعَنْسِسُ اِقْعِنْسَاسًا فَهُوَ مُقْعَنْسِسٌ وَاُقْعُنْسِسَ يُقْعَنْسَسُ اِقْعِنْسَاسًا فَذَاكَ مُقْعَنْسَسٌ لَمْ يَقْعَنْسِسْ لَمْ يُقْعَنْسَسْ لَا يَقْعَنْسِسُ لَا يُقْعَنْسَسُ لَنْ يَّقْعَنْسِسَ لَنْ يُّقْعَنْسَسَ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِقْعَنْسِسْ لِتُقْعَنْسَسْ لِيَقْعَنْسِسْ لِيُقْعَنْسَسْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَقْعَنْسِسْ لَا تُقْعَنْسَسْ لَا يَقْعَنْسِسْ لَا يُقْعَنْسَسْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُقْعَنْسَسٌ مُقْعَنْسَسَانِ مُقْعَنْسَسَيْنِ مُقْعَنْسَسَاتٌ

باب دوم : صرف صغیر ملحق برباعی مزید از باب اِفْعِنْلَاءٌ چوں الاِسْلِنْقَاءُ بر پشت خفتن (چت سونا) اِسْلَنْقٰی يَسْلَنْقِی اِسْلِنْقَاءً فَهُوَ مُسْلَنْقٍ وَاُسْلُنْقِیَ يُسْلَنْقٰی اِسْلِنْقَاءً فَذَاكَ مُسْلَنْقًی لَمْ يَسْلَنْقِ لَمْ يُسْلَنْقَ لَا يَسْلَنْقِی لَا يُسْلَنْقٰی لَنْ يَّسْلَنْقِیَ لَنْ يُّسْلَنْقٰی اَلْاَمْرُمِنْهُ اِسْلَنْقِ لِتُسْلَنْقَ لِيَسْلَنْقِ لِيُسْلَنْقَ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَسْلَنْقِ لَا تُسْلَنْقَ لَا يَسْلَنْقِ لَا يُسْلَنْقَ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُسْلَنْقًی مُسْلَنْقَيَانِ مُسْلَنْقَيَيْنِ مُسْلَنْقَيَاتٌ

بداں کہ ملحق بباب اِفعِلّال را یک باب آمدہ است باب اِفْوِعْلَال چوں الاِكْوِهْدَادُ لرزیدن بچہ پیش مادر (بچے کا والدہ کے سامنے تلملانا) اِكْوَهَدَّ يَكْوَهِدُّ اِكْوِهْدَادًا فَهُوَ مُكْوَهِدٌّ وَاُكْوُهِدَّ يُكْوَهَدُّ اِكْوِهْدَادًا فَذَاكَ مُكْوَهَدٌّ لَمْ يَكْوَهِدَّ لَمْ يَكْوَهِدِّ لَمْ يَكْوَهْدِدْ لَمْ يُكْوَهَدَّ لَمْ يُكْوَهَدِّ لَمْ يُكْوَهْدَدْ لَا يَكْوَهِدُّ لَا يُكْوَهَدُّ لَنْ يَّكْوَهِدَّ لَنْ يُّكْوَهَدَّ اَلْاَمْرُمِنْهُ اِكْوَهِدَّ اِكْوَهِدِّ اِكْوَهْدِدْ لِتُكْوَهَدَّ لِتُكْوَهَدِّ لِتُكْوَهْدَدْ لِيَكْوَهِدَّ لِيَكْوَهِدِّ لِيَكْوَهْدِدْ لِيُكْوَهَدَّ لِيُكْوَهَدِّ لِيُكْوَهْدَدْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَكْوَهِدَّ لَا تَكْوَهِدِّ لَا تَكْوَهْدِدْ لَا تُكْوَهَدَّ لَا تُكْوَهَدِّ لَا تُكْوَهْدَدْ لَا يَكْوَهِدَّ لَا يَكْوَهِدِّ لَا يَكْوَهْدِدْ لَا يُكْوَهَدَّ لَا يُكْوَهَدِّ لَا يُكْوَهْدَدْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مُكْوَهَدٌّ مُكْوَهَدَّانِ مُكْوَهَدَّيْنِ مُكْوَهَدَّاتٌ

یہ ملحقات مشہورہ ہیں بعض نے غیر مشہورہ بھی ذکر کئے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿خاصیات ابواب﴾

خاصیات جمع خاصیت کی ہے (صاد کی تشدید کے ساتھ) اور خاصیت اصل میں خاصِصِیَّت تھا پہلے صاد کو دوسرے صاد میں ادغام کر دیا تو خاصیت ہو گیا اور خاصیت بمعنی خصوصیت کے ہے یعنی خاص ہونا۔

منطقیوں کے نزدیک خاصیت اور خاصہ کی تعریف :۔ مَایُوْجَدُ فیه ولایُوْجَدُ فی غیرہ یعنی خاصہ شئی کا وہ ہوتا ہے جو اسی شئی کے اندر پایا جائے اور غیر کے اندر نہ پایا جائے جیسے کتابت (لکھنا) انسان کا خاصہ ہے۔

صرفیوں کے نزدیک خاصیت کی تعریف :۔ مَایُوْجَدُ فیه غالبا و فِیْ غَیْرِہٖ نَادرا یعنی خاصہ شئی کا وہ ہوتا ہے جو اس شئی کے اندر اکثر پایا جائے اور غیر کے اندر کم پایا جائے اور یہاں پر خاصیات سے مراد وہ معانی ہیں جو لغوی معنی کے علاوہ ہوں اور ابواب کے ساتھ لازم ہوں جیسے اخراج کا لغوی معنی ہے نکالنا اور تعدیہ والا معنی اس کے ساتھ لازم ہے تو یہاں پر خاصیت سے مراد یہ دوسرا معنی (تعدیة) ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو نوادر الاصول شرح فصول اکبری)

خاصیات ابواب ثلاثی مجرد

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب میں سے پہلے تین بابوں (۱ نَصَرَ یَنْصُرُ ۲ ضَرَبَ یَضْرِبُ ۳ عَلِمَ یَعْلَمُ) کو ام الابواب (اصول الابواب) کہتے ہیں کیونکہ اصل یہ ہے جب کہ ماضی اور مضارع کے معنی کے درمیان اختلاف ہے تو انکی حرکات کے درمیان میں بھی اختلاف ہو تاکہ اختلاف لفظی دلالت کرے اختلاف معنی پر اور یہ بات پہلے تین بابوں میں پائی جاتی ہیں باقی تین بابوں میں نہیں پائی جاتی اسی لئے ان باقی تین بابوں کو فروع الابواب کہا جاتا ہے اور بعض حضرات نے پہلے تین بابوں کے اصول الابواب ہونے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ یہ تینوں ابواب کثیر الاستعمال ہیں اور کسی شرط کے ساتھ مقید نہیں ہیں بخلاف باقی تین ابواب کے وہ قلیل الاستعمال ہیں اور ان کا استعمال کسی نہ کسی قید کے ساتھ مقید ہے مثلاً فتح یفتح کے اوپر وہ باب قیاس ہوگا۔ جس کے عین یا لام کلمے کے مقابلہ میں حرف حلقی ہو اور کَرُمَ یَکْرُمُ پر وہ باب قیاس ہوگا جس کے معنی میں خلقی اور فطری صفات پائی جائیں اور حسب یحسب سے بنے گئے چھے باب آتے ہیں۔

خاصیت نَصَرَ یَنْصُرُ :۔ اصول ابواب آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک اور برابر ہیں لیکن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مغالبہ مطلقاً (بلا شرط و قید) یہ صرف باب نَصَرَ کا خاصہ ہے۔ مغالبہ کا لغوی معنی ہے ایک دوسرے پر غالب آنا اور صرفیوں کی اصطلاح میں مغالبہ کی تعریف یہ ہے هِيَ ذِكْرُ فِعْلٍ بَعْدَ الْمُفَاعَلَةِ لاظهارِ غَلَبَةِ احدِ الطَّرَفَيْنِ الْمُتقابِلَيْنِ یعنی باب مفاعلہ کے بعد کسی فعل کو ذکر کرنا متقابلین (ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنے والے) میں سے ایک کا غلبہ دوسرے پر ظاہر کرنے کے لیے جیسا کہ خَاصَمَنِيْ زَيْدٌ فَخَصَمْتُهٗ، زید نے مجھ سے جھگڑا کیا اور میں اس جھگڑے میں اس پر غالب آگیا۔ ۲۔ يُخَاصِمُنِيْ زَيْدٌ فَاَخْصُمُهٗ (زید مجھ سے جھگڑتا ہے میں جھگڑے میں اس پر غالب آتا ہوں)۔

خاصیت ضَرَبَ يَضْرِبُ :۔ اس باب کا خاصہ بھی مغالبہ ہے بشرطیکہ وہ باب۔ مثال۔ اجوف یائی اور ناقص یائی کا ہو اور مقابلے کے بعد ذکر ہو جیسے وَاعَدَنِيْ زَيْدٌ فَوَعَدْتُهٗ، میں نے اور زید نے آپس میں وعدہ کیا پس میں وعدہ کرنے میں غالب آگیا (اس مقام میں وَعَدتُّهٗ کا معنی یہ نہیں ہوگا میں نے اس سے وعدہ کیا) یا سَرَنی زَيْدٌ فَيَسَرتُهٗ (زید نے میرے ساتھ جوے بازی کی پس میں جوے بازی میں اس پر غالب آگیا یعنی جیت گیا) بَا يَعَنِی زَيْدٌ فَبِعْتُهٗ (زید نے میرے ساتھ خرید و فروخت کی پس میں خرید و فروخت میں اُس پر غالب آگیا) رَامَانی زَيْدٌ فَرَمَيْتُهٗ (زید نے میرے ساتھ تیر اندازی کی پس میں تیر اندازی میں اس پر غالب آگیا)

فائدہ :۔ صحیح، اجوف واوی، ناقص واوی کے وہ ابواب جو نَصَرَ يَنْصُرُ سے نہیں آتے اگر ان کے اندر مغالبے والا معنی مقصود ہو تو پھر ان بابوں کو بھی نَصَرَ يَنْصُرُ سے لائیں گے جیسے يُضَارِبُنِيْ زَيْدٌ فَاَضْرُبُهٗ (میں اور زید ایک دوسرے کی مار پٹائی کرتے ہیں لیکن میں مار پٹائی میں غالب آجاتا ہوں)۔

خاصیت سَمِعَ يَسْمَعُ :۔ اس باب سے اکثر و بیشتر وہ صیغے آتے ہیں کہ جن میں بیماری، رنج و خوشی، رنگ، عیب اور صورت جسمانی کے معنی پائے جائیں جیسے سَقِمَ (بیمار ہوا) حَزِنَ (غمگین ہوا) فَرِحَ (خوش ہوا) كَدِرَ (گدلا رنگ ہوا) عَوِرَ (کانا ہوا) بَلِجَ (کشادہ ابرو ہوا وہ شخص)

نوٹ :۔ یہ باب زیادہ تر لازمی آتا ہے اور متعدی کم استعمال ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاصیت فَتَحَ یَفْتَحُ: ۔اس باب کی خاصیت لفظی یہ ہے فَتَحَ یَفْتَحُ سے وہ باب آئے گا جس کے عین یا لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف حلقی ہو جیسے مَنَعَ یَمْنَعُ ، ذَهَبَ یَذْهَبُ ،سَلَخَ یَسْلَخُ لیکن اس سے ہر گز یہ لازم نہیں آتا کہ جس کے عین یا لام کلمے کے مقابلہ میں حرف حلقی ہو وہ فَتَحَ یَفْتَحُ کے اوپر قیاس ہو یعنی فَتَحَ یَفْتَحُ سے آئے بلکہ دوسرے ابواب سے بھی آسکتا ہے جیسے صَلَحَ یَصْلُحُ۔

سوال: رَكَنَ یَرْكَنُ اور أَبَىٰ یَأْبَىٰ کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف حلقی نہیں ہے اسکے باوجود یہ فَتَحَ یَفْتَحُ سے آتے ہیں۔

جواب: رَكَنَ یَرْكَنُ باب تداخل سے ہے یعنی اس باب کی ماضی نَصَرَ سے اور اس کا مضارع باب سَمِعَ سے ہے اور أَبَىٰ یَأْبَىٰ کا استعمال شاذ ہے۔

خاصیت كَرُمَ یَكْرُمُ: ۔یہ باب ہمیشہ لازمی آتا ہے اور باب كَرُمَ سے وہ ابواب آتے ہیں جو صفاتِ خِلقیہ حقیقیہ پر دلالت کریں یعنی ایسی صفات پر دلالت کریں جو موصوف کے اندر پیدائش کے وقت پائی جائیں جیسے حَسُنَ (خوبصورت ہوا) قَبُحَ (بد صورت ہوا) صَغُرَ (چھوٹا ہوا) عَظُمَ (عظیم ہوا) یا باب كَرُمَ سے وہ ابواب آتے ہیں جو صفات خِلقیہ حکمیہ پر دلالت کریں یعنی ایسی صفات پر دلالت کریں جو موصوف کے اندر پیدائش کے وقت تو موجود نہ ہوں بلکہ عارضی طور پر موجود ہوں لیکن بار بار مشق اور تجربہ کی وجہ سے صفات حقیقیہ کی طرح موصوف کے ساتھ مستحکم اور پکی ہو گئی ہوں جیسے فَقُهَ (سمجھدار ہوا) اب یہ فقاہت والی صفت موصوف کے اندر پیدائش کے وقت موجود نہیں ہے لیکن بار بار تجربے کے بعد اور مختلف آزمائشوں سے گزرنے کے بعد موصوف کے ساتھ پکی ہو گئی یا باب كَرُمَ سے وہ ابواب آتے ہیں جو ایسی صفات پر دلالت کریں جو صفت خلقیہ کے مشابہ ہوں یعنی ایسی صفات پر دلالت کرے جو موصوف کے اندر نہ پیدائش کے وقت موجود ہوں اور نہ تجربہ و تمرین (مشق) سے حاصل ہوئی ہوں بلکہ وہ صفت خلقیہ کے ساتھ کسی اور وجہ سے مشابہت رکھتی ہوں جیسے حُسن عارضی بواسطہ تزئین کے مشابہ ہے حُسن ذاتی کے ساتھ اور قبح عارضی بواسطہ تغیر صورت (شکل و صورت کو بگاڑ لینا) کے مشابہ ہے قبح ذاتی کے ساتھ جیسے حَسُنَ زَیْدٌ، قَبُحَ زَیْدٌ اور اسی طرح جَنُبَ زَیْدٌ (زید جنبی ہوا) میں جنابت مشابہ ہے نجاست ذاتی کیساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاصیت حَسِبَ یَحْسِبُ:۔ باب حَسِبَ سے چند گنے چنے الفاظ آتے ہیں صاحب فصول اکبری نزدیک اپنے تتبع اور استقراء (ڈھونڈ و تلاش) کے مطابق انکی تعداد بتیس (۳۲) ہے جن میں سے اکثر کو اپنی کتاب فصول اکبری میں ذکر کیا ہے اور باقی کو اپنی کتاب اصول میں ذکر کیا ہے۔ ان میں سے چند یہ ہیں نعم (خوش عیش ہوا یا نرم و نازک ہوا) وبق (ہلاک ہوا) ومق (دوستی کی) ورع (پرہیزگار ہوا) وله (وہ غمگین اور حیران ہوا) وهل (وہ ایسی چیز کی طرف ذہن لے گیا جس کا اس نے ارادہ نہیں کیا) یبس (وہ خشک ہوا) وفق (موافقت کی) ورث (وارث ہوا) ورم (سوجا) وری (چقماق سے آگ نکالی) ولی (قریب ہوا) بَلِعَ (بوسیدہ ہوا) وغر دحر (کینہ رکھا) وعم (کسی کے حق میں نعمت کی دعا کی) وطئی (پاؤں سے روندا) یَئِسَ (ناامید ہوا)

خاصیات ابواب ثلاثی مزید فیہ

خاصیات باب افعال:۔ اس باب کی مشہور خاصیات پندرہ ہیں۔

۱۔ تعدیہ:۔ فعل لازمی کو متعدی کرنا جیسے خَرَجَ زَیْدٌ وَ اَخْرَجْتُهُ اور اگر متعدی ہو تو اس پر ایک اور مفعول کا اضافہ کرنا یعنی اگر وہ فعل مجرد میں متعدی بیک مفعول ہے تو باب افعال میں متعدی بدو مفعول ہو جائے گا جیسے حفر زیدٌ نہرا (زید نے نہر کھودی) احفرت زیدا نہرا (میں نے زید سے نہر کھدوائی) اور اگر وہ فعل مجرد میں متعدی بدو مفعول ہے تو باب افعال میں وہ متعدی بسہ مفعول ہو جائے گا جیسے علمت زیدا فاضلا (میں نے زید کو فاضل جانا) اعلمت عمروا زیدا فاضلا (میں نے عمرو کو بتلایا کہ زید فاضل ہے)

۲۔ تصییر:۔ فاعل کا مفعول کو صاحب ماخذ بنا دینا جیسے اشرکت النعل میں نے تسمہ والا جوتا بنایا (اب یہاں شراک ماخذ ہے بمعنی تسمہ)

فائدہ:۔ ماخذ لغت میں جگہ پکڑنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں ہر اس لفظ کو کہتے ہیں جس سے فعل نکالا جائے خواہ وہ مصدر ہو یا جامد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۔ **الزام**:۔ فعل متعدی کو لازمی بنانا جیسے اَحْمَدَ زَیْدٌ (زید قابل تعریف ہوا) اس کا مجرد متعدی ہے حَمِدَ زَیْدٌ عمروًا (زید نے عمرو کی تعریف کی)

۴۔ **تعریض**:۔ فاعل کا مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا جیسے اَبَعْتُ الْفَرسَ (میں گھوڑے کو بیع (بیچنے) کی جگہ لے گیا اب یہاں اَبَعْتُ کا ماخذ بیع ہے۔

۵۔ **وجدان**:۔ کسی چیز کو ماخذ کے ساتھ موصوف پانا جیسے اَبْخَلْتُ زَیْداً (میں نے زید کو بخیل پایا)

۶۔ **سلب ماخذ**:۔ کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔ آگے سلب کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ اگر فعل لازمی ہے تو ماخذ کی سلب فاعل سے ہوگی جیسے اَقْسَطَ زَیْدٌ (زید نے اپنے نفس سے ظلم کو دور کیا) ۲۔ اگر فعل متعدی ہے تو ماخذ کی سلب مفعول سے ہوگی جیسے شَکَیٰ زَیْدٌ وَاَشْکَیْتُه' (زید نے شکایت کی اور میں نے اس کی شکایت دور کی)۔

۷۔ **اعطاء ماخذ**:۔ فاعل کا مفعول کو ماخذ دینا اس کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ ماخذ عقلی چیز ہو جیسے اَقْطَعْتُه' قُضْبَاناً (میں نے اُس کو شاخوں کا کاٹنا دیا یعنی شاخیں تراشنے کی اجازت دی اب یہاں ماخذ قطع ہے جو عقلی چیز ہے۔ ۲۔ ماخذ حسی ہو آگے اس کا دینا دو قسم پر ہے نفس ماخذ دینا جیسے اَعْظَمْتُ الْکَلْبَ (میں نے کتے کو عظم یعنی ہڈی دی) ۳۔ محل ماخذ دینا جیسے اَشْوَیْتُه' (میں نے اُس کو گوشت بھوننے کے لیے دیا اب یہاں پر ماخذ شَوْیٌ (بھوننا) ہے اور اُس کا محل گوشت ہے)

۸۔ **بلوغ**:۔ فاعل کا ماخذ میں پہنچنا یا ماخذ میں داخل ہونا جیسے اَصْبَحَ زَیْدٌ (زید صبح کے وقت پہنچا) یہ بلوغ زمانی ہے اور اَعْرَقَ عَمْروٌ (عمرو ملک عراق میں داخل ہوا) یہ بلوغ مکانی ہے اَعْشَرَتِ الدَّرَاهِمُ (درھم دس تک پہنچ گئے) یہ بلوغ عددی ہے۔

۹۔ **صیرورت**:۔ اس کے تین معنے ہیں۔ ۱۔ فاعل کا صاحب ماخذ ہونا۔ اَلْبَنَتِ الْبَقَرَةُ (گائے دودھ والی ہوگی) یہاں ماخذ لَبَنٌ ہے۔ ۲۔ فاعل کا کسی ایسی چیز کا مالک ہونا جو ماخذ کے ساتھ موصوف ہو یعنی جس میں ماخذ والی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صفت پائی جائے جیسے أَجْرَبَ الرَّجُلُ (ایک آدمی خارشی اونٹ کا مالک ہوا) اس میں جَرَبٌ ماخذ ہے اور اونٹ میں جَرَبٌ کی صفت پائی جاتی ہے اور رجل جُرَبٌ والے اونٹوں کا مالک ہے۔ ۳۔ فاعل کا ماخذ کے زمانے میں یا ماخذ کے مکان میں کسی چیز والا ہونا جیسے أَخْرَفَتِ الشَّاةُ (بکری موسم خریف میں بچے والی ہو گئی) یہاں پر ماخذ خَرِيْفٌ ہے۔

۱۰۔ لیاقت:۔ فاعل کا ماخذ کے مدلول کے لائق و مستحق ہونا جیسے أَلَامَ الْفَرْعُ (سردار قابل ملامت ہو گیا) یہاں ماخذ لَوْمٌ ہے اور اس کا مدلول و معنی ملامت ہے۔

۱۱۔ حینونت:۔ فاعل کا ماخذ کے وقت کو پہنچنا جیسے أَحْصَدَ الزَّرْعُ (کھیتی کٹنے کے وقت کو پہنچ گئی) یہاں ماخذ حَصْدٌ ہے۔

۱۲۔ مبالغہ:۔ ماخذ میں کثرت اور زیادتی کا پایا جانا پھر مبالغہ دو قسم پر ہے۔ ۱۔ مبالغہ مقدار میں ہو جیسے أَثْمَرَ النَّخْلُ (کھجور کا درخت بہت پھل دار ہوا) ۲۔ مبالغہ کیفیت میں ہو جیسے أَسْفَرَ الصُّبْحُ (صبح خوب روشن ہو گئی)۔

۱۳۔ ابتدا:۔ کسی فعل کا ابتداءً باب افعال سے آنا۔ آگے اس کی دو صورتیں ہیں۔ ۱۔ وہ لفظ مجرد سے بالکل نہ آتا ہو اور ابتداً باب افعال سے آیا ہو جیسے أَرْقَلَ بمعنی أَسْرَعَ (اس نے جلدی کی) ۲۔ یا وہ لفظ مجرد سے بھی آتا ہو مگر مجرد میں اس لفظ کا وہ معنی نہ ہو جو باب افعال کے اندر اُس لفظ کا معنی ہوتا ہے جیسے أَشْفَقَ (ڈرا) اس کا مجرد ہے شَفَقَ اس کا معنی ہے اس نے شفقت اور مہربانی کی أَقْسَمَ (اس نے قسم کھائی)۔ اس کا مجرد ہے قَسَمَ اس کا معنی ہے اس نے اندازہ کیا یا کسی شے کو بانٹا اور تقسیم کیا۔

۱۴۔ موافقت:۔ کسی فعل کے ہم معنی ہونا جیسے دَجَى اللَّيْلُ وأَدْجَى (دونوں کا معنی ایک ہے رات چھا گئی)

فائدہ:۔ باب افعال کا مزید کے ساتھ موافقت کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے باب کی خاصیت باب افعال میں آجائے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جیسے اَکْفَرَہ' وَ کَفَّرَہ' دونوں کا معنی ایک ہے اُس کو کفر کی طرف منسوب کیا اب یہاں اَکْفَرَہ' میں باب تفعیل کی خاصیت نسبت پائی گئی ہے۔ ۲۔ اَخْبَیْتُه' وَ تَخَبَّیْتُه' (میں نے کپڑے کو خیمہ بنالیا) اب یہاں باب تفعل کی خاصیت اِتخاذ پائی گئی ہے۔ اَعْظَمْتُه' وَ اِسْتَعْظَمْتُه' میں نے اس کو بزرگ گمان کیا یہاں باب افعال میں باب استفعال کی خاصیت حسبان پائی گئی ہے۔

۱۵۔ مطاوعت :۔ ایک فعل مثلاً اَفْعَلَ کو دوسرے فعل کے بعد لانا جس سے یہ ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا ہے جیسے کَبَبْتُه' فَاَکَبَّ (میں نے اس کو اوندھا گرایا پس وہ اوندھا گر گیا)

۲۔ بَشَّرْتُه' فَاَبْشَرَ (میں نے اس کو خوشخبری دی پس وہ خوش ہو گیا)

فائدہ خاصہ :۔ مطاوعت دو قسم پر ہے۔ حقیقی اور مجازی

مطاوعت حقیقی وہاں ہو گی جہاں کسی چیز سے صدورِ فعل متصور ہو سکے یعنی ذہن میں آ سکے جیسے صَرَّفْتُ زَیْدًا فَانْصَرَفَ (میں نے زید کو لوٹایا پس وہ لوٹ گیا) مطاوعت مجازی وہاں ہو گی جہاں کسی چیز سے فعل کا صدور متصور نہ ہو سکے یعنی ذہن میں نہ آ سکے جیسے قَطَعْتُ الْجَبَلَ فَانْقَطَعَ (میں نے پہاڑ کو کاٹا پس وہ کٹ گیا) اب یہاں قطع (کاٹنا) کا صدور جبل سے متصور نہیں ہو سکتا۔ مطاوعت میں دوسرا فعل عموماً لازمی استعمال ہو گا اگرچہ خود وہ فعل متعدی ہو جیسے عَلَّمْتُه' فَتَعَلَّمَ

خاصیات باب تفعیل :۔ اس باب کی تیرہ خاصیتیں ہیں :۔

۱۔ تعدیہ :۔ جیسے فَسَّقْتُه' (میں نے اس کو فاسق کہا) اس کا مجرد فَسَقَ زَیْدٌ ہے (زید فاسق ہو گیا) متعدی بدو مفعول کی مثال :۔ عَلَّمْتُه' حَقًّا (میں نے اُس کو حق جانا)

فائدہ :۔ متعدی بسہ مفعول ہونا یہ باب افعال کی خاصیت ہے اور کوئی فعل متعدی بسہ مفعول نہیں آتا۔

۲۔ تصییر :۔ جیسے وَتَّرْتُ الْقَوْسَ (میں نے کمان کو وتر والا بنادیا) فَحَّی الْقِدْرَ (اس نے دیگچی کو مصالحہ دار بنادیا)

تعدیہ و تصییر کی اجتماعی مثال :۔ نَزَلَ وَ نَزَّلْتُه' (وہ اُترا اور میں نے اُس کو اتارا' یہ ترجمہ تعدیہ کے اعتبار سے ہوا) اور میں نے اس کو صاحب نزول کیا (یہ ترجمہ خاصیت تصییر کے اعتبار سے ہوا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۔سلب :۔ جیسے قَذِیَتْ عَیْنُہ'(اسکی آنکھ میں کوڑا پڑ گیا) وقَذَّیْتُ عَیْنَہٗ(اور میں نے اسکی آنکھ سے کوڑا نکال دیا)

۴۔صیرورت :۔ جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ(درخت شگوفے دار ہو گیا)اس کا ماخذ نَوْرٌ ہے بمعنی شگوفہ

۵۔بلوغ :۔ اسکے دو معنی ہیں رسیدن پہنچنا جیسے عَمَّقَ زَیْدٌ فِی الْعِلْمِ(زید علم میں گہرائی تک پہنچ گیا) آمدن(آنا) جیسے خَیَّمَ(وہ خیمے میں آ گیا۔)

۶۔مبالغہ :۔ یہ خاصہ باب تفعیل میں زیادہ آتا ہے آگے مبالعہ تین قسم پر ہے۔ا۔مبالغہ نفسِ فعل میں ہو آگے اس کی دو قسمیں ہیں۔الف۔مبالغہ مقدار فعل میں ہو جیسے جَوَّلَ زَیْدٌ(زید بہت گھوما)۔ب۔مبالغہ کیفیت فعل میں ہو جیسے صَرَّحَ(خوب ظاہر ہوا یا خوب ظاہر کیا(یہ فعل لازمی و متعدی دونوں طرح مستعمل ہے)۔

۲۔مبالعہ فاعل میں ہو جیسے مَوَّتَ الاِبِلُ(بہت اونٹ مر گئے)

۳۔مبالعہ مفعول میں ہو جیسے قَطَّعْتُ الثِّیَابَ(میں نے بہت کپڑے کاٹے)

۷۔نسبت الی الماخذ :۔ فاعل کا ماخذ کو مفعول کی طرف منسوب کرنا جیسے فَسَّقْتُ(میں نے زید کی فسق کی طرف نسبت کی)

۸۔الباس ماخذ:۔ یعنی ماخذ کو پہننا جیسے جَلَّلْتُ الْفَرَسَ(میں نے گھوڑے کو جل یعنی جھول پہنائی) یہاں ماخذ جُل ہے

۹۔تخلیط ماخذ :۔ فاعل کا مفعول کو ماخذ کیساتھ خلط(ملمع) کرنا اور ملانا جیسے ذَھَّبْتُ السَّیْفَ(میں نے تلوار کو سونے سے ملمع اور سنہری کیا)

۱۰۔تحویل :۔ کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنانا جیسے نَصَّرْتُ زَیْدًا(میں نے زید کو نصرانی بنایا) خَیَّمْتُ الرِّدَاءَ(میں نے چادر کو خیمے کی طرح بنایا)۔

۱۱۔قصر :۔ اختصار کے لیے مرکب سے کسی لفظ کا مشتق کرنا اور بنا لینا جیسے ھَلَّلَ یہ لا الٰہ الاّ اللّٰہ سے بنالیا ہے اس کا معنی ہے اُس نے لا الٰہ الا اللّٰہ پڑھا۔سَبَّحَ زَیْدٌ زید نے سبحان اللہ کہا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۲۔ موافقت :۔ فَعَّلَ کا فَعَلَ (مجرد) وافْعَلَ وتفعل کے موافق اور ہم معنے ہونا مثال اول کی۔ تَمَرْتُهٗ وَتَمَرْتُهٗ دونوں کا معنی ایک ہے میں نے اس کو کھجور دی۔ مثال دوم کی تَمَّرَ وَاَتْمَرَ کھجور خشک ہو گئی۔ مثال سوم کی تَرَّسَ و تَتَرَّسَ وہ ڈھال کو کام میں لایا۔

۱۳۔ ابتداء :۔ جیسے کَلَّمْتُهٗ (میں نے اس سے کلام کیا) باب تفعیل میں یہ معنی ابتدائی ہے کیونکہ اس کے مجرد مادہ کَلْمٌ کا معنی ہے زخمی کرنا اور جیسے جَرَّبَ (اس نے امتحان لیا) اور اس کا مجرد ہے جَرِبَ الجَمَلُ (اونٹ خارش والا ہو گیا)

خاصیات تفعُّل :۔ اس باب کی گیارہ خاصیات ہیں۔

۱۔ مطاوعت فَعَّلَ :۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔ مفعول فاعل کے اثر کو قبول کرے اور وہ اثر مفعول سے جدا نہ ہو جیسے قَطَّعْتُهٗ فَتَقَطَّعَ (میں نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا)۔ ۲۔ وہ اثر مفعول سے جدا ہو سکے جیسے اَدَّبْتُهٗ فَتَاَدَّبَ (میں نے اسکو ادب سکھلایا پس اس نے ادب سیکھ لیا) یہاں پر ادب سیکھنا یہ مفعول سے جدا ہو سکتا ہے

۲۔ تکلّف :۔ فاعل کا بتکلف اپنے آپ کو کسی ماخذ کی طرف منسوب کرنا جیسے تَكَوَّفَ زَيْدٌ (زید بتکلف کوفی بنا) یا فاعل کا ماخذ کو بتکلف حاصل کرنا اور ظاہر کرنا جیسے تَجَوَّعَ عَمْرٌو (عمر بتکلف بھوکا بنا)۔

۳۔ تجنُّب از ماخذ :۔ فاعل کا ماخذ سے پرہیز کرنا جیسے تَحَوَّبَ زَيْدٌ (زید گناہ سے بچا) حَوب ماخذ ہے۔

۴۔ لبس ماخذ :۔ ماخذ کا پہننا جیسے تَخَتَّمَ زَيْدٌ (زید نے انگوٹھی پہنی)

۵۔ تعمُّل :۔ فاعل کا ماخذ کو کام میں لانا پھر یہ تعمُّل تین قسم پر ہے۔ ۱۔ ماخذ فاعل سے اس طرح ملا ہوا ہو کہ وہ جدا محسوس نہ ہو جیسے تَدَهَّنَ زَيْدٌ (زید تیل کو کام میں لایا) ماخذ دُهْنٌ ہے اور یہ زید سے علیحدہ محسوس نہیں ہوتا۔ ۲۔ ماخذ فاعل سے ملا ہوا تو ہو لیکن جدا محسوس ہوتا ہو جیسے تَتَرَّسَ عَمْرٌو (عمر ڈھال کو کام میں لایا) اب یہاں پر تَرَسَ ماخذ ہے اور فاعل سے ملی ہوئی ہے لیکن جدا نظر آتی ہے۔ ۳۔ ماخذ فاعل سے بالکل ساتھ ملا ہوا نہ ہو بلکہ اس کے قریب ہو جیسے تَخَيَّمَ بَكْرٌ (بکر نے خیمہ کھڑا کیا) اب یہ خیمہ بکر کے قریب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۶۔ **اتخاذ** :۔ اس کی چار صورتیں ہیں۔ ا۔ فاعل کا ماخذ کو بنانا جیسے تَخَيَّمْتُ (میں نے خیمہ بنایا)۔ ۲۔ فاعل کا ماخذ کو پکڑنا جیسے تَجَنَّبَ زَيْدٌ (زید ایک جانب ہوا یعنی ایک طرف کو پکڑا)۔ ۳۔ فاعل کا مفعول کو ماخذ بنانا جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ (پتھر کو تکیہ بنایا)۔ ۴۔ فاعل کا مفعول کو ماخذ میں پکڑنا جیسے تَأَبَّطَ الصَّبِيَّ (اس نے بچے کو بغل میں پکڑا) یہاں اِبطٌ ماخذ ہے۔

۷۔ **تدریج** :۔ فاعل کا کسی کام کو آہستہ آہستہ اور بار بار کرنا۔ آگے وہ کام دو قسم پر ہے۔ ا۔ اس کام کا ایک دفعہ حاصل کرنا ممکن ہو لیکن فاعل اس کو آہستہ آہستہ کرے جیسے تَجَرَّعَ زَيْدٌ (زید نے گھونٹ گھونٹ پانی پیا) ۲۔ اس کام کو ایک ہی دفعہ کرنا عادۃً ممکن نہ ہو جیسے تَحَفَّظَ عَمْرٌو (عمرو نے تھوڑا تھوڑا حفظ کیا)

۸۔ **تحوُّل** :۔ فاعل کا عین ماخذ یا مثل ماخذ کے ہو جانا جیسے تَنَصَّرَ زَيْدٌ" (زید نصرانی ہو گیا)۔ تَبَحَّرَ زَيْدٌ (زید مثل دریا کے ہو گیا ہے)۔

۹۔ **صیرورت** :۔ فاعل کا صاحبِ ماخذ ہونا جیسے تَمَوَّلَ" زَيْدٌ" زید صاحبِ مال ہو گیا۔

۱۰۔ **موافقتِ مجرد** :۔ مجرد کے ہم معنی ہونا جیسے تَقَبَّلَ بمعنی قَبِلَ (اس نے قبول کیا)۔ موافقت اَفعَل جیسے تَهَجَّدَ و أَهْجَدَ (اس نے نید کو دور کیا) یہاں باب افعال کا خاصہ سلبِ ماخذ پایا گیا ہے موافقتِ اسْتَفْعَلَ تَحَوَّجَ و اِسْتَحْوَجَ اس نے حاجت کو طلب کیا۔

۱۱۔ **ابتدا** :۔ اور اس کی دو صورتیں ہیں :۔

ا۔ اس کا مجرد نہ آتا ہو جیسے تَشَمَّسَ وہ دھوپ میں کھڑا ہوا ۲۔ اس کا مجرد آتا ہو لیکن وہ دوسرے معنی کے لیے مستعمل ہو جیسے تَكَلَّمَ زَيْدٌ (زید نے بات کی) اور یہ مجرد سے كَلَمَ بمعنی جَرَحَ (زخمی کیا) کے مستعمل ہے

خاصیات مفاعلۃ :۔ اس باب کی سات خاصیتیں ہیں۔

ا۔ **مشارکت** :۔ دو شخصوں کا اس طرح مل کر کام کرنا کہ ایک کا فعل دوسرے پر واقع ہو یعنی ان دونوں میں سے ہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی۔ لیکن ترکیب میں ایک کو فاعل ظاہر کیا جائے اور دوسرے کو مفعول جیسے قَاتَلَ زَیْد" عَمْرواً زید و عمرو نے باہم قتال کیا۔ یعنی زید نے عمرو سے اور عمرو نے زید سے لڑائی کی۔

۲۔ **موافقتِ مجرد**: مجرد کے ہم معنی ہونا جیسے سَافَرَ زَیْد" بمعنی سَفَرَ زید" (زید نے سفر کیا)

۳۔ **موافقتِ اَفْعَل**:۔ جیسے بَاعَدْتُه بمعنی أَبْعَدْتُه 'میں نے اس کو دور کیا۔

۴۔ **موافقتِ تَفَاعَل**:۔ جیسے شَاتَمَ زَیْد" عَمْرواً۔ زید و عمرو نے آپس میں گالی گلوچ کی بمعنی تَشَاتَمَا۔

۵۔ **موافقتِ فَعَّل**: جیسے ضَاعَفْتُ الشَّيْءَ (میں نے شے کو دوچند کر دیا) بمعنی ضَعَّفْتُه'

۶۔ **تصییر**:۔ یعنی کسی شے کو صاحبِ مأخذ بنانا جیسے عَافَاكَ اللّٰهُ أَيْ جَعَلَكَ اللّٰهُ ذَاعَافِيَةٍ اللہ تجھ کو عافیت والا بنائے

۷۔ **ابتدا**:۔ جیسے قَاسَا زَیْدٌ هٰذِهِ الشِّدَّةَ۔ زید نے اس تکلیف کا رنج اٹھایا' مجرد قَسْوَة بمعنی سخت دل ہونا یعنی مجرد میں اسکا دوسرا معنی ہے۔

خاصیات تفاعل:

اس باب کی سات خاصیات ہیں:۔

۱۔ **تَشَارُک**:۔ یہ خاصیت باب مفاعلہ کی خاصیت مشارکت کی طرح ہے لیکن فرق صرف اتنا ہے کہ باب مفاعلہ میں ترکیب کے اندر ایک فاعل اور دوسرا مفعول لایا جاتا ہے اور تفاعل میں ترکیب کے اندر دونوں کو بصورتِ فاعل ذکر کیا جاتا ہے لیکن حقیقت میں دونوں میں سے ہر ایک فاعل بھی ہوتا ہے اور مفعول بھی جیسے تَشَاتَمَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو۔ (زید و عمرو نے باہم گالی گلوچ کی)

۲۔ **تَخْيِيل**:۔ فاعل کا کسی کو اپنے اندر ماخذ کا حصول دکھانا جو درحقیقت اس کو حاصل نہ ہو جیسے تَمَارَضَ زَیْدٌ (زید نے دکھاوے کے لیے اپنے آپ کو بیمار بنا لیا حالانکہ وہ بیمار نہیں ہے)۔

فائدہ:۔ تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں ماخذِ فعل مرغوب ہوتا ہے اور تخییل میں محض دوسرے کو دکھانے کے لیے ماخذ فعل کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔ حقیقت میں مأخذ فعل پسندیدہ نہیں ہوتا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۔ **مطاوعتِ فَاعَلَ** جو بمعنی اَفْعَلَ ہے جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ یہاں بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ ہے اس لیے تَبَاعَدَ اس کا مطاوع ہوا کہ میں نے اس کو دور کیا پس وہ دور ہو گیا۔

۴۔ **موافقتِ مجرد** جیسے تَعَالٰی بمعنی عَلَا (بلند ہوا)۔

۵۔ **موافقتِ اَفْعَلَ** جیسے تَیَامَنَ بمعنی اَیْمَنَ یمن میں داخل ہوا۔

۶۔ **اِبتداء** جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ۔ اللہ تعالیٰ بہت بابرکت ہے اس کا مجرد بَرَکَ ہے بمعنی اونٹ بیٹھا۔

فائدہ: جو لفظ باب مفاعلہ میں دو مفعولوں کو چاہتا ہے جیسے جَاذَبْتُ زَیْداً ثَوْباً (میں نے زید کا کپڑا کھینچا) وہ باب تفاعل میں ایک مفعول کو چاہے گا جیسے تَجَاذَبْتُ ثَوْباً (میں نے کپڑا کھینچا) اور جو باب مفاعلہ میں متعدی بیک مفعول ہو گا وہ باب تفاعل میں لازم ہو گا جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرواً۔ و تَقَاتَلَ زَیْدٌو عَمْرٌو۔

خاصیاتِ اِفتعال :۔ اس باب کی چھ خاصیات ہیں :۔

۱۔ **اِتخاذ** :۔ اس کی چار صورتیں وہی ہیں جو باب تَفَعُّل میں گزر چکی ہیں جیسے اِجْتَحَرَ (سوراخ بنایا)۔ مأخذ جُحْرٌ ہے (بضم جیم و تقدیم جیم بر حا) اور اِحْتَجَرَ (حجرہ بنایا) مأخذ حُجْرَۃٌ (بضم حائے حُطّی و تقدیم حا بر جیم) یہ دونوں ماخذ بنانے کی مثال ہیں۔ اِجْتَنَبَ (جانب پکڑی) یہ مأخذ پکڑنے کی مثال ہے۔ اِغْتَذَی الشَّاۃَ (بکری کو غذا بنایا) یہ مفعول کو مأخذ بنانے کی مثال ہے۔ اِعْتَضَدَہٗ (اس کو بغل میں پکڑا) یہ مفعول کو مأخذ میں پکڑنے کی مثال ہے (مأخذ عَضُدٌ ہے)

۲۔ **تصرّف** :۔ کسی فعل کو حاصل کرنے میں کوشش کرنا جیسے اِکْتَسَبَ الْمَالَ اس نے مال کمانے میں کوشش کی۔

۳۔ **تخیّر** یعنی فاعل کا اپنے لیے کوئی کام کرنا جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ (اپنے لیے جو ناپے) مأخذ کَیْلٌ ہے۔

۴۔ **مطاوعتِ فَعَلَ** جیسے غَمَمْتُہٗ فَاغْتَمَّ میں نے اس کو غمگین کیا۔ پس وہ غمگین ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۵۔ موافقتِ مُجرّد جیسے اِبۡتَلَجَ بمعنے بَلَجَ روشن ہوا۔

۶۔ موافقت اَفۡعَلَ جیسے اِحۡتَجَزَ بمعنی اَحۡجَزَ ملک حجاز میں داخل ہوا۔

۷۔ موافقتِ تَفَعَّلَ جیسے اِرۡتَدٰی بمعنی تَرَدّٰی چادر اوڑھ لی

۸۔ موافقتِ تَفَاعَلَ جیسے اِخۡتَصَمَ زَیۡدٌ و عَمۡرٌ بمعنی تَخَاصَمَا زید اور عمرو نے آپس میں جھگڑا کیا۔

۹۔ موافقت اِسۡتَفۡعَلَ جیسے اِیۡتَجَرَ بمعنی اِسۡتَأۡجَرَ اُجرت طلب کی۔

۱۰۔ اِبۡتِدَاء یہ دو قسم پر ہے ا۔ اس کا مجرد نہ ہو جیسے الابتیام بھوکی بکری کو ذبح کرنا یا بکری کا گھاس کو طلب کرنا۔

۲۔ اس کا مجرد ہو لیکن دوسرے معنی میں مستعمل ہو جیسے اِسۡتَلَمَ پتھر کو بوسہ دیا۔ اس کا مجرد ہے سَلِمَ (سلامت رہا)

خاصیات اِستفعال :۔ اس باب کی دس خاصیتیں ہیں :۔

۱۔ طَلَبٌ :۔ ماخذ کا طلب کرنا جیسے اِسۡتَطۡعَمۡتُهٗ میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔

۲۔ لیاقت :۔ کسی شے کا ماخذ کے لائق ہونا جیسے اِسۡتَرۡقَعَ الثَّوۡبُ کپڑا پیوند کے لائق ہو گیا (ماخذ رُقۡعَةٌ)

۳۔ وِجۡدَان جیسے اِسۡتَکۡرَمۡتُهٗ میں نے اس کو کریم پایا۔

۴۔ حِسۡبَان :۔ کسی چیز کو ماخذ کیساتھ موصوف خیال کرنا جیسے اِسۡتَحۡسَنۡتُهٗ میں نے اسکو نیک خیال کیا (ماخذ حسنۃ ہے)

فائدہ :۔ وجدان اور حسبان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان پایا جاتا ہے۔

۵۔ تَحَوُّل :۔ کسی چیز کا عین ماخذ یا مثل ماخذ کے ہونا اور یہ دو قسم پر ہے۔

ا۔ صوری جیسے اِسۡتَحۡجَرَ الطِّیۡنُ (گارا پتھر بن گیا)۔ ۲۔ معنوی جیسے اِسۡتَنۡوَقَ الۡجَمَلُ اونٹ اونٹنی ہو گیا (صفتِ ضعف میں) ماخذ نَاقَةٌ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۶۔ اِتّخاذ جیسے اِستَوطَنَ الْھِندَ ہند کو وطن بنالیا۔(مأخذ وَطن)

۷۔ قصر:۔ نقل میں اختصار کے لیے مرکب سے ایک کلمہ کا اشتقاق کرنا جیسے اِستَرْجَعَ۔ اس نے اِنّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا۔

۸۔ مطاوعت اَفْعَل جیسے اَقَمْتُہ' فَاستَقَامَ میں نے اس کو کھڑا کیا پس وہ کھڑا ہو گیا۔

۹۔ موافقتِ مجرد و اَفْعَلَ و تَفَعَّلَ و اِفْتَعَلَ جیسے اِستَقَرَّ و قَرَّ ٹھہر گیا اِستَجَابَ و اَجَابَ جواب دیا(قبول کیا)اور اِستَکْبَرَ و تَکَبَّرَ غرور کیا اور اِستَعْصَمَ وَاِعْتَصَمَ اس نے چنگل مارا۔

۱۰۔ اِبتداء یہ دو قسم پر ہے۔ا۔اسکا مجرد ہو لیکن دوسرے معنے میں مستعمل ہو جیسے اِستَعَانَ۔ موئے عانہ(موئے زیرناف) صاف کئے۔(مأخذ عانۃ)اسکا مجرد ہے عَانَ اس نے مدد کی یا اسکا مجرد نہ ہو جیسے اِستَأْجَزَ عَلٰی الوِسَادَۃ (وہ تکیہ پر جھک گیا)

خاصیات انفعال :۔ اس باب کی سات خاصیات ہیں۔

۱۔ لزوم جیسے اِنصَرَفَ پھرا(لازم) صَرَفَ پھیرا(متعدی)

۲۔ علاج یعنی حواس ظاہرہ سے ادراک کرنا۔ مطلب یہ ہوا کہ باب انفعال کے اندر فعل کا تعلق ظاہری اعضاء مثلاً ہاتھ پاؤں کان ناک کیساتھ ہو گا لیکن قلب کیساتھ نہیں یعنی وہ فعل افعال قلوب میں سے نہیں ہو گا۔ یہ دونوں خواص یعنی لزوم و علاج باب انفعال کے لازمی ہیں اور اسی باب کے ساتھ خاص ہیں اس کے سوا دوسرے ابواب میں ان خواص کا استعمال مجازی ہو گا۔

۳۔ مطاوعتِ فَعَل مجرد جیسے کَسَرْتُہ' فَانْکَسَرَ اور یہ اس باب کا خاصہ غالبہ ہے(کثیر الاستعمال)۔

۴۔ مطاوعتِ اَفْعَلَ جیسے اَغْلَقْتُ الْبَابَ فَانْغَلَقَ میں نے دروازہ بند کیا پس وہ بند ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۵۔ **موافقتِ فَعِلَ** جیسے اِنبَلَجَ بمعنی بَلِجَ (کشادہ ابرو ہوا)۔

۶۔ **موافقتِ اَفْعَلَ** جیسے اِنْحَجَزَ بمعنی اَحْجَزَ حجاز میں پہنچا یہاں باب افعال کا خاصہ بلوغ پایا گیا ہے جیسے اِنحَصَدَ الزَّرعُ بمعنی اَحصَدَ الزَّرعُ کھیتی حصاد (کٹنے) کے وقت کو پہنچ گئی۔ اور اس مثال میں باب افعال کا خاصہ حَیْنُوْنَت پا گیا ہے۔

فائدہ:۔ باب انفعال کا یہ خاصہ نادر الوجود ہے۔

فائدہ:۔ باب انفعال کے فا کلمہ میں حروف یَرْمَلُوْن (لام میم نون را مہملہ اور دو حرف لین واؤ اور یاء ثقیل ہونے کی وجہ سے نہیں آتے لھذا اگر فا کلمہ کے مقابلہ میں یہ حرف ہوں تو اس صیغہ کو باب افتعال سے لاتے ہیں جیسے رَفَعَه، فَارْتَفَعَ وَنَقَلَه، فَانْتَقَلَ لیکن اِنْمَحٰی، اِنْمَازَ شاذ ہیں۔

۷۔ **ابتدا** جیسے اِنطَلَقَ چلا گیا اور اس کا مجرد طلاقت بمعنی کشادہ رُوئی ہے۔ (چہرے کا کھلنا)۔

خاصیاتِ اِفعیعال:۔ اس باب کی چار خاصیات ہیں :۔

۱۔ **لزوم** اور یہ غالب ہے اور **تعدیہ** قلیل ہے جیسے اِحْلَوْلَیْتُه، میں نے اس کو شیریں خیال کیا اور اِعْرَوْرَیْتُه، میں اس پر بغیر زین سوار ہوا۔

۲۔ **مبالغہ** اور یہ لازم ہے جیسے اِعْشَوْشَبَ الارضُ زمین بہت گھاس والی ہو گئی۔

۳۔ **مطاوعتِ فَعَّلَ** جیسے ثَنَّیْتُهٗ فَاثْنَوْنٰی میں نے اس کو لپیٹا پس وہ لپٹ گیا۔

۴۔ **موافقتِ اِسْتَفْعَلَ** جیسے اِحْلَوْلَیْتُهٗ بمعنی اِسْتَحْلَیْتُهٗ میں نے اسکو میٹھا خیال کیا اور یہ دونوں خواص نادر ہیں

خاصیاتِ اِفعِلَالُ و اِفعِیلَال :۔

ان دونوں کے چار چار خواص ہیں :۔

۱۔ لزوم۔ ۲۔ مبالغہ۔ ۳۔ لون۔ ۴۔ عیب

جیسے اِحْمَرَّ بہت سرخ ہوا۔ اِشْہَابَّ بہت سفید ہوا۔ اِحْوَلَّ اِحْوَالَّ بہت بھینگا ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاصیت افعوعال :۔

اس باب کی بناء مُقتَضَب (صیغہ اسم مفعول) ہے مُقتَضَب کا لغوی معنی بریدہ (کٹا ہوا) اور صرفیوں کی اصطلاح میں مقتضب وہ بناء ہے کہ اسکی اصل یا اصل کی مثل موجود نہ ہو اور حرف الحاق (جیسے شَمْلَلَ میں لام کو زائد کیا گیا دَحْرَجَ کے ساتھ ملحق کرنے کے لیے) اور حرف زائد للمعنی (جیسے اَکْرَمَ میں ہمزہ زائد کیا گیا تعدیہ والے معنے کے لیے) سے خالی ہو یا مقتضب ہر اس لفظ کو کہتے ہیں جس کی بناء ثلاثی مجرد سے منقول نہ ہو بلکہ از سر نو اس وزن پر وضع کی گئی ہو۔ اقتضاب اور ابتداء میں دو وجہ سے فرق ہے۔

۱۔ ابتداء میں عموم ہے کہ اس کا مجرد آتا ہو یا نہ آتا ہو۔ اقتضاب میں ثلاثی مجرد کا نہ آنا ضروری ہے۔

۲۔ اقتضاب میں حرفِ الحاق اور حرفِ زائد للمعنی سے خالی ہونا شرط ہے۔ ابتداء میں یہ شرط نہیں ہے۔ اور یہ کبھی مبالغہ کیلئے آتا ہے جیسے اِجْلَوَّذَ بِھِمُ السَّیْرُ ہمیشہ رہا انکے ساتھ تیز چلنا

فائدہ :۔ یہ باب لازمی اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ لازمی کی مثال ابھی اوپر گذری ہے اور متعدی کی مثال یہ ہے اِعْلَوَّطَ الْبَعِیْرَ وہ اونٹ کی گردن سے لٹک کر اونٹ پر سوار ہوا۔

خاصیات فَعْلَلَ :۔

اس باب کے بہت سے خواص ہیں ان میں چند یہ ہیں :۔

۱۔ **قصر** جیسے بَسْمَلَ اُس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی۔

۲۔ **اِلبَاس** جیسے بَرْقَعْتُہٗ میں نے اس کو برقع پہنایا۔

۳۔ **مطاوعتِ خود** جیسے غَطْرَشَ اللَّیْلُ بَصَرَہٗ فَغَطْرَشَ رات نے اس کی بصر کو پوشیدہ کیا پس وہ پوشیدہ ہو گئی۔

فائدہ :۔ یہ باب ہمیشہ صحیح و مضاعف سے آتا ہے اور مہموز سے کم جیسے زَلْزَلَ۔ وَسْوَسَ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاصیات تَفَعْلُل :۔ ۱

اس باب کی تین خاصیتیں ہیں :۔

۱۔ مطاوعت فَعْلَل جیسے دَحْرَجْتُه' فَتَدَحْرَجَ میں نے اس کو لُڑھکایا پس وہ لڑھک گیا۔

۲۔ اِقْتِضَاب جیسے تَهَبْرَسَ ناز سے چلا۔

۳۔ موافقت فَعْلَل تَغَذْمَرَ بمعنی غَذْمَرَ اُس نے اونچی آواز دی یا چیخا۔

خاصیت اِفْعَنْلُل :۔

اس باب کی دو خاصیتیں ہیں۔

۱۔ لزوم۔ ۲۔ مطاوعت فَعْلَل مع مبالغہ

جیسے ثَعْجَرْتُه' فَاثْعَنْجَرَ میں نے اس کا خون گرایا۔ پس وہ خون ریختہ ہوا۔

خاصیت اِفْعَلَّال :۔

یہ باب بھی لازم و مطاوع فَعْلَل آتا ہے جیسے طَمْأَنْتُه' فَاطْمَئَنَّ میں نے اس کو اطمینان دلایا پس وہ مطمئن ہو گیا کبھی مقتضب بھی آتا ہے جیسے اِكْفَهَرَّ النَّجْمُ۔ ستارہ روشن ہو گیا۔ اس کا مجرد نہیں آتا۔

فائدہ : ابواب ملحقات معانی اور خواص میں مثل ملحق بہ کے ہوتے ہیں مگر ان میں کچھ مبالغہ ہوتا ہے۔ جیسے شَمْلَلَ (اس نے جلدی کی) بَيْقَرَ (اُس کا مال زیادہ ہوا) جَهْوَرَ (اس نے آواز کو بلند کیا) حَوْقَلَ (وہ سخت بوڑھا ہو گیا)۔ اور اس مبالغہ سے مراد مبالغہ فی الجملہ (بعض ملحقات میں) ہے نہ کہ مبالغہ ان ملحقات کیساتھ لازم ہے کیونکہ بہت سے ملحقات میں مبالغہ نہیں ہوتا۔ جیسے التَّوَدْلُةُ سست چلنا، اَلْهَيْمَنَةُ نرم بات کہنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿خاصیات کا اجراء﴾

نمبر ا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَعْلٰی مَنْزِلَةَ الْمُؤْمِنِیْنَ (اصول الشاشی)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے تمام مومنین کے مرتبے کو بلند کیا۔

اُستاذ: اَعْلٰی صیغہ میں بابِ افعال کی کونسی خاصیت پائی گئی ہے؟

شاگرد: اس صیغے میں بابِ افعال کی خاصیت تعدیت والی پائی گئی ہے کیونکہ اَعْلٰی کا مجرد عَلٰی ہے اس کا معنی ہے وہ بلند ہوا یہ لازمی ہے اور جب اس سے باب افعال کا صیغہ اَعْلٰی بنایا تو یہ متعدی ہو گیا اس کا معنی ہو گا اس نے مومنین کے مرتبے کو بلند کیا۔

نمبر ۲۔ فَاذَا عَایَنَ الْبَیْتَ کَبَّرَ وَ هَلَّلَ وَرَفَعَ یَدَیْهِ مَعَ التَّکْبِیْرِ (قدوری)

ترجمہ: جب وہ بیت اللہ شریف کی زیارت کرے تو اللہ اکبر کہے اور لَا اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ پڑھے۔

اُستاذ: یہاں کبّر اور هلّل میں باب تفعیل کی کونسی خاصیت پائی گئی ہے۔

شاگرد: یہاں باب تفعیل کی خاصیت قصر پائی گئی ہے یعنی قصر کا مطلب یہ ہے اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے مشتق کرنا۔ یعنی طویل اور لمبی بات کو مختصر لفظ میں بیان کرنا

نمبر ۳: وَاِنْ شَاءَ تَصَدَّقَ عَلٰی سِتَّةِ مَسَاکِیْنَ بِثَلَاثَةِ اَصْوُعٍ مِنَ الطَّعَامِ (مختصر القدوری کتاب الحج)

ترجمہ: اور اگر وہ (احرام کی حالت میں خوشبو وغیرہ لگانے والا شخص) چاہے صدقہ کرے چھ مسکینوں پر تین صاع کھانے سے۔

استاذ: اس تَصَدَّقَ صیغے میں باب تَفَعُّل کی کونسی خاصیت پائی گئی ہے۔

شاگرد: اس صیغے میں باب تفعل کی ابتداء والی خاصیت پائی گئی ہے کیونکہ اس کا مجرد صَدَقَ آتا ہے لیکن اس کا مجرد کے اندر وہ معنی نہیں ہے جو مزید کے اندر اس کا معنی ہے کیونکہ صَدَقَ مجرد کا معنی ہے اس نے سچ کہا اور تَصَدَّقَ مزید کا معنی ہے اس نے صدقہ کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿صیغہ ھائے مشکلہ مع توضیحاتِ مختصرہ﴾

أَسْتَكْبَرْتَ، أَسْتَغْفَرْتَ :۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معلوم صحیح ازباب استفعال یہ دونوں صیغے اصل میں اِسْتَكْبَرْتَ اوراِسْتَغْفَرتَ تھے جب ان پر ہمزہ استفہام کا داخل کیا تو ہمزہ وصلی درجہ کلام میں گر گیا تو أَسْتَكْبَرْتَ 'أَسْتَغْفَرْتَ ہو گیا۔

أَصَّدَّقَ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح ازباب تفعُّلْ اصل میں تَصَدَّقَ تھا۔ گیارہ حرفی والے قانون کے تحت تا کو صاد کر کے پہلے ص کی حرکت کو گرا کر دوسرے ص میں ادغام کر دیا پھر ابتداء ساتھ سکون کے محال تھی لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے تو اِصَّدَّقَ ہو گیا پھر اس پر ہمزہ استفہام کا داخل کیا تو ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا أَصَّدَّقَ ہو گیا۔

اِصْطَفٰی، أَصْطَفٰی :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی ازباب افتعال اصل میں اِصْتَفَوَ تھا آخر میں یُدعیانِ تُدعیانِ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو یا کے ساتھ بدل دیا۔ پھر قَالَ والے قانون کی وجہ سے یا کو الف کے ساتھ بدل دیا پھر ص ض ط ظ والے قانون کی وجہ سے ت کو ط کے ساتھ بدل دیا تو اِصْطَفٰی ہو گیا۔ پھر اس پر ہمزہ استفہام کا داخل کیا تو ہمزہ وصلی درجہ کلام میں گر گیا أَصْطَفٰی ہو گیا۔

اَلْمُزَّمِّلُ ، اَلْمُدَّثِّرُ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید صحیح ازباب تفعُّلْ اصل میں مُتَزَمِّلٌ اور مُتَدَثِّرٌ تھے تو گیارہ حرفی والے قانون کی وجہ سے مُتَزَمِّلٌ میں تاء کو زا کے ساتھ بدل کر اور مُتَدَثِّرٌ میں تا کو دال کے ساتھ بدل کر ادغام کر دیا تو مُزَّمِّلٌ اور مُدَّثِّرٌ ہو گیا۔

فَادّٰرَئْتُمْ :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید مہموز اللام ازباب تَفعُّلْ اصل میں تَدَارَءْ تُمْ تھا۔ گیارہ حرفی والے قانون کی وجہ سے تا کو دال کے ساتھ بدل دیا تو دَدَارَءْ تُمْ ہو گیا پھر پہلے دال کی حرکت کو گرا کر دال کا دال میں ادغام کر دیا اب شروع میں ساکن کا پڑھنا محال ہے اس لیے ہمزہ وصلی مکسور شروع میں لے آئے تو اِدّٰرَئْتُمْ ہو گیا پھر شروع میں فا داخل کی ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا تو فَادّٰرَئْتُمْ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِلِّیْ :۔ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی ازباب فَعَلَ یَفعِلُ اصل میں اِبْلِلِی تھا۔ دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے تو پہلے حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل باکو دے کر لام کا لام میں ادغام کر دیا تو اِبِلِّی ہو گیا پھر ہمزہ وصلی مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا تو بِلِّی ہو گیا۔ و علی ہٰذا القیاس دِلِّی

یَکُوْنَ :۔ یَکُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق ازباب فَعَلَ یَفعِلُ ضَرَبَ یَضرِبُ یہ صیغہ اصل میں یَوْکِیُوْنَ تھا پہلی واؤ واقع ہوئی ہے یا مفتوح اور کسرہ لازمی کے درمیان یَعِدُ تَعِدُ والے قانون کی وجہ سے اس واؤ کو گرا دیا تو یَکِیُوْنَ ہو گیا پھر یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے یا کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کاف کو دے دیا پھر یُوْسِرُ والے قانون کی وجہ سے یا کو واؤ سے بدل دیا اور پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے ایک واؤ کو گرا دیا تو یَکُوْنَ ہو گیا۔

یَکُوْنَ (غیر از مضارع) :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد لفیف مفروق ازباب فَعُلَ یَفعُلُ اس کی صرفِ کبیر فعل ماضی معلوم یَکُوَ یَکُوَا یَکُوْ یَکُوَتْ یَکُوَتَا یَکُوْنَ الخ

ضَرَبَ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم رباعی مجرد مھموز اللام ازباب فَعْلَلَ اصل میں ضَرْئَبَ تھا قابل حرکت والے قانون کی وجہ سے ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل دیکر ہمزہ کو گرا دیا تو ضَرَبَ ہو گیا۔

وَقَالُوْا :۔ یہ کلمہ دو صیغوں پر مشتمل ہے ایک وَقَا صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد لفیف مفروق ازباب فَعَلَ یَفعِلُ اور دوسرا صیغہ لُوْ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد لفیف مقرون ازباب فَعِلَ یَفعَلُ اس کی صرفِ کبیر یہ ہے۔ لِ لِیَا لُوْ لِیْ اِلٰی آخرہٖ یا کہ صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق ازباب فَعْلَلَۃ اصل میں وَقَوَلُوْ تھا تو یَقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کی وجہ سے واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور واؤ کو الف کے ساتھ بدلا دیا تو وَقَالُوْا ہو گیا۔

کَا کَا کَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائبین فعل ماضی معلوم ازباب افعلال مصدر اِکْوِکْوَاکْ اصل میں اِکْوَکْوَ کَا تھا یقول تقول والے قانون کیوجہ سے دونوں واؤوں کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی پھر دونوں واؤ کو الف کیسا تھ بدلا دیا اِکَا کَا کَا ہو گیا پھر ہمزہ وصلی مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا پس کَا کَا کَا ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِیْنَ :۔ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب فَعَلَ یَفْعِلُ ہمچوں قِیْنَ اسکی صرف کبیر فعل امر حاضر معلوم یہ ہے۔ م، مِیَا، مُوْ، مِیْ، مِیَا، مِیْنَ الخ

نَصنُرُوْ :۔ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَعَلَ یَفْعَلُ تصریفه صرَیٰ یصرُوْ الخ اصل میں نَصنرُیُ تھا یا پر ضمہ ثقیل تھا یدعو یدعو والے قانون کی وجہ سے گرا کر یا کو واؤ سے بدلا دیا نصرُوْ ہو گیا۔

دَارُوْھَا :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَعَلَ یَفْعِلُ ضرَبَ یَضرِبُ اصل میں دَارِیُوْنَ تھا یَدْعُوْ تَدْعُوْ والے قانون کی وجہ سے یا کا ضمہ ماقبل کو دیکر یا کو واؤ سے بدلا دیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے ایک واؤ کو گرا دیا دَارُوْنَ ہو گیا پھر نون اضافت کی وجہ سے گر گیا دَارُوْھَا شد۔

رِیًّا :۔ صیغہ واحد اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مقرون از باب فَعَلَ یَفْعِلُ اصل میں رِوْیًا تھا واؤ اور یا اکٹھی ہوئیں اور اول ان میں سے ساکن تھی واؤ کو یا سے بدلا پھر یا کا یا میں ادغام کیا تو رِیًّا ہو گیا۔

سَلُوْنَا :۔ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب فَعُلَ یَفْعُلُ سَلُوَ یَسْلُوْ

صَابِّیْ :۔ صیغہ واحدہ مؤنثہ مخاطبہ امر حاضر معلوم ثلاثی مزید مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ اس کی اصل صَابِبِیْ دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اول کو ساکن کر کے دوم میں ادغام کیا صَابِّیْ ہو گیا

ضنَارَبَّ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم رباعی مزید اجوف واوی از باب اِفْعِلَالٌ اس کی اصل اِضنوَرَبَّ ہمچوں اِقْشَعَرَّ ہے پھر واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن ہے لھذا یقُوْلُ تَقُوْلُ والے قانون کی وجہ سے واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے بدلا اِضنَارَبَّ ہو گیا ہمزہ وصلی مابعد متحرک ہونے کے گر گیا پس ضنَارَبَّ ہو گیا۔

لَمَرَ :۔ صیغہ واحد متکلم فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد مہموز العین و ناقص یائی از باب فَعَلَ یَفْعَلُ اس کی اصل لَمْ اَرْئَیُ تھی یا کو قال والے قانون کیساتھ الف سے بدلا دیا پھر لم جازمہ کیوجہ سے آخر سے حرف علت الف گر گیا تو لَمْ اَرْءَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو گیا اس کے بعد قابل حرکت والے قانون کی وجہ سے دونوں ہمزوں کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دیدی اور دونوں ہمزوں کو گرادیا تو لَمَرَ ہو گیا۔

اِیْلَنَال :۔ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم رباعی مزید لفیف مفروق ازباب اِفْعِنلاَل یہ صیغہ اصل میں اِوْلَنْوَلَ تھا دوسری واؤ متحرک ما قبل حرف صحیح ساکن ہے لہٰذا اس واؤ کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے دی اور واؤ کو الف سے بدل دیا اِوْلَنَال ہو گیا پھر میعادٌ والے قانون کے تحت واؤ کو یا سے بدل دیا اِیْلَنَال ہو گیا۔

اَہْ اِہْ :۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم رُباعی مجرد مضاعف رباعی ازباب فَعْلَلَہ ہمچوں زَلْزِلْ بروزن فَعْلِلْ

غَیْرِ :۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم رُباعی مجرد لفیف مقرون ازباب فَعْلَلَہ۔ اصل میں تُغَیْرِیُ تھا یا پر ضمہ ثقیل تھا یدعو تدعو والے قانون کی وجہ سے اسکو گرادیا پھر بناءِ امر کی وجہ سے شروع سے تا علامت مضارع کو گرادیا (بقانون امر حاضر) اور آخر سے حرف علت کو گرادیا (بقانون لَمْ یَدْعُ لَمْ یَخْشَ) غَیْرِ ہو گیا۔

لا :۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد لفیف مقرون ازباب فَعِلَ یَفْعَلُ (سَمِعَ یَسْمَعُ) اصل میں اِلْوَ تھا واؤ متحرک ما قبل حرف صحیح ساکن تھا لہٰذا واؤ کی حرکت نقل کر کے ما قبل لام کو دی اور واؤ کو اَلف سے بدل دیا اِلا ہو گیا پھر ہمزہ وصلی مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گر گیا پس لا ہو گیا۔

اِنَّ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء واجوف یائی ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ اس کی صرف صغیر ہے اَنَ یَأْ یَنُ اَیْنًا الخ صرف کبیر فعل ماضی معلوم اَنَ اَنَا اَنُوْا اَنَتْ اَنَتَا اِنَّ اصل میں اِنْنَ الخ۔ پھر دو حرف ایک جنس کے جمع ہو گئے پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا اِنَّ ہو گیا۔

اِنَّ اِنَّ :۔ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی ازباب فَعَلَ یَفْعِلُ (ضَرَبَ یَضْرِبُ) اصل میں نَآ نِنُ تھا۔ دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے پہلے کی حرکت نقل کر کے ما قبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کر دیا تو نَآ ئِنُّ ہو گیا پھر اس کے شروع میں اِنْ شرطیہ داخل کیا تو پھر دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے لہٰذا اول کو ثانی میں ادغام کر دیا۔ اِنَّ اِنَّ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَضۡتَرِبُ :۔ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید صحیح ازباب افتعال اصل میں اَضۡتَرِبُ تھا۔ ص ض ' ط ظ والے قانون کی وجہ سے تا کو طا کیا تو پھر طا کو ضاد کر کے ضاد کا ضاد میں ادغام کر دیا۔

قَالِیۡنَ :۔ جمع مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد ناقص یائی ازباب فَعَلَ یَفۡعِلُ ہجوں رَامِیۡنَ (حالت نصبی وجری)

ضَرَبَّ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم رباعی مزید مہموز العین ازباب اِفۡعِلَّال اصل میں اِضۡئَرَبَّ تھا ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرادیا (بقانون قابل حرکت) پھر شروع میں ہمزہ وصلی مابعد متحرک ہونے کیوجہ سے گر گیا تو ضَرَبَّ ہو گیا

مُعۡتَوِرَۃٌ :۔ صیغہ ظاہر ہے اشکال یہاں قال والا قانون کیوں نہیں لگا۔ جواب قال والے قانون کی ایک شرط نہیں پائی جارہی وہ شرط یہ ہے کہ وہ واؤاور یاء جس کلمہ کے اندر موجود ہیں وہ کلمہ اس کلمہ کے معنے میں نہ ہو جس میں قانون نہیں لگتا اگر ہوا تو قانون نہیں لگے گا اور یہاں مُعۡتَوِرٌ (افتعال) مُتَعَاوِرٌ (تفاعل) کے معنی میں ہے جیسے المعانی المعتورۃ کا معنے ہے ایسے معانی (معنے فاعلیت والا ، معنے مفعولیت والا، معنے اضافت والا) جو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے ہیں تو مُتَعَاوِرٌ میں قال والا قانون نہیں لگتا کیونکہ واؤ کا ماقبل مفتوح نہیں تو اس میں بھی نہیں لگے گا۔

اٰسَمَانُ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل ثلاثی مجرد مہموز الفاء ازباب فَعِلَ یَفۡعَلُ اصل میں أ ءۡ سَمَانِ تھا۔ اٰمَنَ والے قانون کے تحت دوسرے ہمزہ کو الف سے بدل دیا اور آخر میں وقف کی وجہ سے نون کو ساکن کر دیا تو اٰسَمَانۡ ہو گیا۔

تقضّی ، دسّٰها :۔ یہ دونوں صیغے اصل تقضّض دَسَّسَ تھے۔ تین ضاد اور تین سین کا اجتماع یہ سبب ثقل کا ہے تو تخفیف کے لیے تیسرے ضاد اور تیسرے سین کو یا کے ساتھ بدلا کر الف کے ساتھ بدل دیا تو تقضّی دَسّٰها ہو گیا۔

لَم یَتَسَنَّهۡ :۔ صیغہ اصل میں یَتَسَنَّنُ تھا تیسرے نون کو تخفیف کے لیے یا کے ساتھ بدلا دیا یَتَسَنّٰی ہو گیا پھر قال

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

والے قانون کی وجہ سے یا کو الف کے ساتھ بدلا دیا۔ یتَسَنّیٰ ہو گیا پھر لَم جازمہ داخل کیا تو آخر سے حرف علت حذف ہو گیا اور پھر ھا وقف کی لگا دی تو لَمْ یَتَسَنَّہ ہو گیا۔

جَنْدَرَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم مھموز العین از باب افعنلال اصل میں اِجْنَنْدَرَا تھا قابل حرکت والے قانون کی وجہ سے ھمزہ کی حرکت ماقبل جیم کو دے کر ہمزہ وصلی کو مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا تو جَنْدَرَا ہو گیا۔

کُنْجِيْ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید مہموز العین و ناقص یائی از باب افعنلال۔ یہ صیغہ اصل میں اُکْنُنْجِيَ تھا ہمزہ ثانیہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ وصلی کو مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا اور آخر میں وقف کیا تو کُنْجِيْ ہو گیا۔

تَالَیٰ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب مفاعلہ اصل میں تَالَوَ تھا پہلے یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والے قانون کی وجہ سے واؤ کو یا سے بدل کر الف کے ساتھ بدل دیا تو تالیٰ ہو گیا۔

رَاوِيْ :۔ رَاوِی لفیف مقرون سے اسم فاعل کا صیغہ ہے اصل میں رَاوِیٌ تھا یا پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرا دیا تو رَاوِیْنٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا تو رَاوٍ ہو گیا پھر آخر میں وقف کیا تو رَاوِیْ ہو گیا

دَرْيٰ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ملحق بر باعی از باب فَعْلَلَه اصل میں دَرْ یَیَ تھا دوسری یا کو دَحْرَجَ کیساتھ ملحق کرنے کیلئے زائد کیا جیسے قَلْسَیَ میں زائد کیا پھر قَالَ والے قانون کیوجہ سے یا کو الف کے ساتھ بدلا دیا دَرْیٰ ہو گیا

مُوْلِيْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب فَعَلَ یَفْعُلُ (نَصَرَ یَنْصُرُ) اس کی صرف صغیر یہ ہے۔ مَالَ یَمُوْلُ مَوْلاً الخ اور اس کے امر حاضر معلوم کی صرف کبیر یہ ہے مُلْ مُوْلاَ مُوْلُوْا مُوْلِیْ۔

يَمُوْتُ :۔ صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از باب فَعُلَ یَفْعُلُ اس کی صرف صغیر یہ ہے یَمُوَ یَیْمُوْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یَمُوْا الخ اور اس کی صرف کبیر فعل ماضی معلوم یہ ہے یَمُوَ یَمُوَا یَمُوْا الخ۔

یَرْمِیْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب فَعْلَلَه' اس کی صرف صغیر یہ ہے یَرْمٰی یُیَرْمِیْ یَرْمَاۃً الخ اور اس کی صرف کبیر یہ ہے۔یَرْمِ یَرْمِیَا یَرْمُوْا یَرْمِیْ الخ۔

صُمٌّ، بُکْمٌ، عُمْیٌ :۔ یہ تینوں صیغے اَفْعَلُ صفتی کی جمع ہیں کیونکہ اَفْعَلُ صفتی کی دو جمع آتیں ہیں۔۱۔فُعْلٌ کے وزن پر۔۲۔فُعْلَانٌ کے وزن پر تو یہاں فُعْلٌ کے وزن پر ہے۔ صُمٌّ جمع اَصمُّ کی ہے اور بُکْمٌ جمع اَبْکَمُ کی ہے اور عُمْیٌ جمع اعمیٰ کی ہے۔اَفْعَلُ صفتی اور اَفْعَلُ صفتی کی جمع میں زیادتی والا معنے نہیں ہوتا لہٰذا ان کا معنےٰ یوں کریں گے۔وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں

یُقُ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از بابِ اِفْعَال یہ صیغہ اصل میں یُرِیْقُ تھا ھاء کو خلاف القیاس زیادہ کر دیا جیسے اَسْطَاعَ اصل میں اَطَاعَ تھا سین کو خلاف القیاس زیادہ کر دیا تو اَسْطَاعَ ہو گیا۔

شَرٌّ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل اصل میں اَشْرَرُ تھا دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے تو پہلے حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ادغام کر دیا اور ہمزہ کو تخفیف کے لیے حذف کر دیا۔اور جب اسم تفضیل کے صیغے کی صورت تبدیل ہو گئی تو اب یہ غیر منصرف نہیں رہے گا بلکہ منصرف ہو جائے گا اور اسی وجہ سے اس پر تنوین پڑھی جائے گی اور اعراب کی سولہ قسموں میں سے مفرد منصرف صحیح میں داخل ہو گا۔

خَیْرٌ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل اصل میں اَخْیَرُ تھا خلاف القیاس یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے یا تخفیف کے لیے حذف کر دیا۔ تو "خیر" ہو گیا اور اعراب کی سولہ قسموں میں سے مفرد منصرف صحیح میں داخل ہونے کی وجہ سے اس پر تنوین پڑھی جائے گی۔

فائدہ: اگر خیر نیک تر اور شر بدتر کے معنے میں ہو تو پھر یہ اسم تفضیل کے صیغے ہیں اور اگر مطلق نیکی اور بدی کے معنے میں ہوں تو پھر دونوں مصدر ہیں(کذا فی تنقیح الصیغ ص۴۹)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حَائِضٌ :۔ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل (سیبویہ کے نزدیک بغیر تاء تانیث کے کوفیوں کے نزدیک تاء اسمیں مقدر ہے کذافی تنفع الصیغ)

طَالِقٌ :۔ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل :بغیر تاء تانیث کے اس کی تفصیل حائضٌ والی ہے۔

ضَامِرٌ :۔ صیغہ صفت مشبہ۔ اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اس کا معنیٰ ہے کمزور اور ضعیف۔

كَافِيَةٌ :۔ اس کی تاء مبالغہ کے لیے ہے نا کہ تانیث کے لیے۔ ترجمہ بہت کفایت کرنے والا۔

لَمْ نَكُ، لَمْ تَسْطِعْ :۔ یہ اصل میں لَمْ نَكُنْ اور لَمْ تَسْتَطِعْ تھے۔ ن اور تا کو تخفیف کے لیے حذف کر دیا۔

فائدہ :۔ تمام صرف صغیروں میں ھو کو اسم فاعل کیساتھ اور فذاك کو اسم مفعول کیساتھ ذکر کیا جاتا ہے انکے اعراب کو ظاہر کرنے کے لیے کیونکہ یہ (اسم فاعل، اسم مفعول) اسمائے معربہ میں سے ہیں اور یہ یہاں مرفوع ہوتے ہیں بناء بر خبریت کے۔ پھر ھُوَ کا ذکر اسم فاعل کے ساتھ خاص کیا گیا ہے کیونکہ اسم فاعل اسمائے ظواہر میں سے ہے اور اسم ظاہر کی وضع غیبوبۃ کے لیے ہے (یعنی اسم ظاہر کا استعمال کرنا ایسا ہے جیسے ضمیر غائب کا استعمال کرنا) اور ھو ضمیر بھی غائب کی ہے تو اسی مناسبت سے غائب کی ضمیر کو غائب کیساتھ جوڑ دیا گیا اور فَذَاكَ کو اسم مفعول کیساتھ خاص کیا گیا ہے کیونکہ اسم مفعول کے اندر مفعول (مالم یسم فاعلہ) کی طرف اسناد ہوتا ہے اور مفعول کی طرف اسناد بعید ہوتا ہے (فاعل کی طرف اسناد قریب ہوتا ہے) اور ذاک اسم اشارہ بھی بعید (غیر قریب) کے لیے ہے اسی مناسبت سے بعید کو بعید کیساتھ جوڑ دیا گیا (اور فَذَاكَ میں ف تحسین کلام کیلیے ہے) اور صرف صغیر میں مصدر (ضَرْبًا) پر نصب پڑھتے ہیں فعل محذوف (ضَرَبْتُ) کے لیے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿فوائد متفرقہ﴾

☆فائدہ :۔

جس طرح فارسی میں ماضی کی چھ قسمیں ہیں اس طرح عربی میں بھی ماضی کی چھ قسمیں ہیں۔ماضی مطلق ،ماضی قریب ماضی بعید ماضی استمراری،ماضی احتمالی،ماضی تمنائی

ماضی مطلق :

ایک کام گزرے ہوئے زمانے میں ہو لیکن اس کام کے جلدی اور دیر سے ہونے کا پتہ نہ چلے جیسا کہ ضَرَبَ زَیْدٌ۔زید نے مارا۔

ماضی قریب :

گزرے ہوئے زمانے میں ایک کام کے جلدی ہونے کا پتہ چلے جیسے قَدْ ضَرَبَ زَیْدٌ ۔زید نے مارا ہے۔

ماضی بعید :

گزرے ہوئے زمانے میں ایک کام کے دیر سے ہونے کا پتہ چلے جیسا کہ کَانَ ضَرَبَ زَیْدٌ۔زید نے مارا تھا۔

ماضی استمراری :

ایک کام گزرے ہوئے زمانے میں ہو اور مسلسل ہو جیسا کہ کَانَ یَضْرِبُ زَیْدٌ۔زید مارتا تھا۔

ماضی احتمالی :

گزرے ہوئے زمانے میں ایک کام کے بارے میں شک ہو جیسا کہ لَعَلَّمَا ضَرَبَ زَیْدٌ شاید کہ زید نے مارا ہو گا

ماضی تمنائی :

گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کے کرنے کی آرزو یا خواہش ہو جیسا کہ لَیْتَمَا ضَرَبَ زَیْدٌ کاش کہ زید نے مارا ہوتا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ماضی مطلق سے پانچ اقسام بنانے کا طریقہ :

ماضی مطلق پر اگر لفظ قد داخل کردیا جائے تو ماضی قریب بن جاتی ہے۔

اور اگر ماضی مطلق پر لفظ کان داخل کردیا جائے تو ماضی بعید بن جاتی ہے۔

اور اگر مضارع پر لفظ کان داخل کردیا جائے تو ماضی استمراری بن جاتی ہے۔

اور کبھی ماضی مطلق پر لفظ کان داخل ہونے کی وجہ سے بھی استمرار کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

اور اگر ماضی مطلق پر لفظ لعلما داخل کردیا جائے تو ماضی احتمالی بن جاتی ہے۔

اور اگر ماضی مطلق پر لفظ لیتما داخل کردیا جائے تو ماضی تمنائی بن جاتی ہے۔

فائدہ :

لفظ کان ماضی بعید اور ماضی استمراری میں تثنیہ، جمع، تذکیرو تانیث، خطاب تکلم، میں اپنے مابعد فعل کی ضمیروں کے مطابق ہوگا۔ یعنی جیسا صیغہ کان کے بعد ذکر ہوگا ویسا ہی صیغہ کان کا اس سے پہلے لائیں گے۔

ماضی کی تمام گردانیں آسان ہیں لیکن زیادہ سہولت کے لئے ماضی بعید اور ماضی استمراری کی گردانیں لکھی جاتی ہیں۔

صرف کبیر ماضی بعید معلوم: کَانَ ضَرَبَ کَانَاضَرَبَا کَانُوْاضَرَبُوْا کَانَتْ ضَرَبَتْ کَانَتَا ضَرَبَتَا کُنَّ ضَرَبْنَ کُنْتَ ضَرَبْتَ کُنْتُمَاضَرَبْتُما کُنْتُمْ ضَرَبْتُمْ کُنْتِ ضَرَبْتِ کُنْتُمَا ضَرَبْتُمَا کُنْتُنَّ ضَرَبْتُنَّ کُنْتُ ضَرَبْتُ کُنَّا ضَرَبْنَا

صرف کبیر فعل ماضی بعید مجہول :- کَانَ ضُرِبَ کَانَا ضُرِبَا کَانُوْا ضُرِبُوْا کَانَتْ ضُرِبَتْ کَانَتَا ضُرِبَتَا کُنَّ ضُرِبْنَ کُنْتَ ضُرِبْتَ کُنْتُمَا ضُرِبْتُمَا کُنْتُمْ ضُرِبْتُمْ کُنْتِ ضُرِبْتِ کُنْتُمَا ضُرِبْتُمَا کُنْتُمْ ضُرِبْتُمْ کُنْتِ ضُرِبْتِ کُنْتُمَا ضُرِبْتُمَا کُنْتُنَّ ضُرِبْتُنَّ کُنْتُ ضُرِبْتُ کُنَّا ضُرِبْنَا

صرف کبیر فعل ماضی استمراری معلوم :- کَانَ یَضْرِبُ کَانَا یَضْرِبَانِ کَانُوْا یَضْرِبُوْنَ کَانَتْ تَضْرِبُ کَانَتَا تَضْرِبَانِ کُنَّ یَضْرِبْنَ کُنْتَ تَضْرِبُ کُنْتُمَا تَضْرِبَانِ کُنْتُمْ تَضْرِبُوْنَ کُنْتِ تَضْرِبِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كُنْتُمَا تَضْرِبَانِ كُنْتُنَّ تَضْرِبْنَ كُنْتُ أَضْرِبُ كُنَّا نَضْرِبُ

صرف کبیر فعل ماضی استمراری مجہول :۔ كَانَ يُضْرَبُ كَانَا يُضْرَبَانِ كَانُوْا يُضْرَبُوْنَ كَانَتْ تُضْرَبُ كَانَتَا تُضْرَبَانِ كُنَّ يُضْرَبْنَ كُنْتَ تُضْرَبُ كُنْتُمَا تُضْرَبَانِ كُنْتُمْ تُضْرَبُوْنَ كُنْتِ تُضْرَبِيْنَ كُنْتُمَا تُضْرَبَانِ كُنْتُنَّ تُضْرَبْنَ كُنْتُ أُضْرَبُ كُنَّا نُضْرَبُ

یہ سب بیان ماضی مثبت کا تھا اگر ماضی منفی بنانا چاہو تو کلمہ مَا یا لَا ماضی پر داخل کر دو ماضی منفی بن جائیگی۔ جس طرح مضارع مثبت پر کلمہ مَا یا لَا داخل کرنے سے مضارع منفی بن جاتا ہے۔ البتہ ماضی پر دخولِ مَا بنسبت لَا کے زیادہ ہے۔ اور مضارع پر دخولِ لَا بنسبت مَا کے زیادہ ہے۔ ماضی مطلق منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ مَا ضَرَبَ اور مَا ضُرِبَ الخ۔ ماضی قریب منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ قَدْ مَا ضَرَبَ اور قَدْ مَا ضُرِبَ الخ۔ ماضی بعید منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ مَا كَانَ ضَرَبَ اور مَا كَانَ ضُرِبَ الخ۔ ماضی استمراری منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ مَا كَانَ يَضْرِبُ اور مَا كَانَ يُضْرَبُ الخ۔ ماضی احتمالی منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ لَعَلَّمَا مَا ضَرَبَ اور لَعَلَّمَا مَا ضُرِبَ الخ۔ ماضی تمنائی منفی معلوم و مجہول۔ جیسا کہ لَيْتَمَا مَا ضَرَبَ اور لَيْتَمَا مَا ضُرِبَ

☆ **فائدہ :۔**

اعلال کی تعریف۔ حرف علت میں تخفیف کرنا آگے عام ہے خواہ ابدال کیساتھ یا اسکان کیساتھ ہو یا حذف کیساتھ۔

ابدال کہتے ہیں ایک حرف کو دوسرے حرف کیساتھ بدلنا جیسا کہ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا واؤ کو الف کیساتھ بدل دیا قَالَ شد۔

اسکان کہتے ہیں حرکت کو گرا دینا جیسا کہ يَدْعُوْ اصل میں يَدْعُوُ تھا۔ واؤ کا ضمہ گرا دیا يَدْعُوْ شد۔

حذف کہتے ہیں حرف کو گرا دینا۔ جیسا کہ يَعِدُ اصل میں يَوْعِدُ تھا۔ واؤ کو گرا دیا يَعِدُ شد۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿معنےیاد کرانے کا ایک اور ابتدائی انداز﴾

میرے عزیز طلباء کرام سب سے پہلے آپ یہ بات سمجھیں کہ مصدر کام کو کہتے ہیں جیسے ضَرْبٌ کا معنی ہے مارنا اور نَصْرٌ کا معنی ہے مدد کرنا۔ مَنْعٌ کا معنی ہے روکنا۔ تو جہاں کام ہو وہاں کام کرنے والا ضرور ہوگا۔ اور اس کام کرنے والے کو یا جس کے ساتھ کام لگا ہوا ہے اس کو فاعل کہتے ہیں۔ اب آپ یہ سمجھیں کہ مثلاً دس منٹ قبل مارنے والا کام زمانہ ماضی میں واقع ہوا ہے۔ اور مارنے والے غائب ہیں۔ اب اگر ایک آدمی نے مارا ہے تو ضَرَبَ کا صیغہ استعمال کریں گے۔ اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا اس ایک مرد نے۔ اور اگر مارنے والے دو ہوں تو ضَرَبَا کا صیغہ استعمال کریں گے۔ اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا ان دو مَردوں نے۔ اور اگر مارنے والے کئی آدمی ہوں تو ضَرَبُوْا کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا ان سب مردوں نے۔ اور اگر اس جہاد اور لڑائی میں عورتوں نے بھی شرکت کی ہو اور اب اگر ایک عورت نے پٹائی کی ہو تو ضَرَبَتْ کا صیغہ استعمال کریں گے کہ مارا اس ایک عورت نے۔ اور اگر دو عورتوں نے پٹائی کی ہو تو ضَرَبَتَا کا صیغہ استعمال کریں گے کہ مارا ان دو عورتوں نے۔ اور اگر دو سے زیادہ عورتوں نے پٹائی کی ہو تو ضَرَبْنَ کا صیغہ استعمال کریں گے کہ مارا ان سب عورتوں نے اور اگر کام کرنے والے حاضر ہوں تو اگر ایک آدمی نے مارا تو ضَرَبْتَ کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا تو ایک مرد نے۔ اور اگر مارنے والے دو آدمی ہوں تو ضَرَبْتُمَا کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا تم دو مردوں نے اور اگر مارنے والے کئی مرد ہوں تو ضَرَبْتُمْ کا صیغہ استعمال کریں گے کہ مارا تم سب مردوں نے۔ اور اگر مارنے والی ایک عورت ہو ضَرَبْتِ کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا تو ایک عورت نے اور اگر مارنے والی دو عورتیں ہوں تو ضَرَبْتُمَا کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا تم دو عورتوں نے اور اگر مارنے والی کئی عورتیں ہوں تو ضَرَبْتُنَّ کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا تم سب عورتوں نے۔ اور اگر مارنے والا پٹائی کر کے اپنی بہادری کو بیان کر رہا ہے اور مارنے والا ایک مرد یا ایک عورت ہے تو اس کے لئے ضَرَبْتُ کا صیغہ استعمال کریں گے اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے۔ اور اگر مارنے والے دو مرد یا دو عورتیں یا کئی مرد یا کئی عورتیں ہوں تو ضَرَبْنَا کا لفظ استعمال کریں گے۔ اور یوں ترجمہ کریں گے کہ مارا ہم دو مرد یا دو عورتوں نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا سب مرد یا سب عورتوں نے۔ میرے عزیز جب آپ نے ان صیغوں کا معنی یاد کر لیا تو اب آپ ہر صیغے کیساتھ صیغہ کی وہ تعریف ملا دیں جو کتاب میں ہر صیغے کیساتھ لکھی ہوئی ہے اسی طریقہ سے باقی گردانوں کے معنی بمع تعریفات کے یاد کر لیں۔

﴿بطور نمونہ چند گردانوں کی بنائیاں﴾

﴿فعل ماضی معلوم کی مختصر بناء﴾

ضَرَبَ:۔ ضَرَبَ کو ضَرْبًا سے بنایا وہ اس طرح کہ پہلے حرف کو اپنے حال پر چھوڑ دیا دوسرے کو فتح دے دیا اور تیسرے کے نصب کو فتح کے ساتھ بدل دیا اور اسم کی علامت تنوین تمکن کو حذف کر دیا تو ضَرَبَ ہو گیا۔

ضَرَبَا:۔ ضَرَبَا کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اسطرح کہ ضَرَبَ کے آخر میں الف ضمیر فاعل کی لے آئے تو ضَرَبَا ہو گیا۔

ضَرَبُوْا:۔ ضَرَبُوْا کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اسطرح کہ واؤ ضمیر فاعل کی ماقبل ضمہ کے ساتھ اُسکے آخر میں لے آئے تو ضَرَبُوْا ہو گیا۔

ضَرَبَتْ:۔ ضَرَبَتْ کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اس طرح کہ ضَرَبَ کے آخر میں تائے تانیث ساکنہ لے آئے تو ضَرَبَتْ ہو گیا۔

ضَرَبَتَا:۔ ضَرَبَتَا کو ضَرَبَتْ سے بناء کیا ہے وہ اس طرح کہ الف ضمیر فاعل کی اس کے آخر میں لے آئے تو ضَرَبَتَا ہو گیا۔

ضَرَبْنَ:۔ ضَرَبْنَ کو ضَرَبَتْ سے بنایا وہ اس طرح کہ نون ضمیر فاعل وعلامت جمع مؤنث کی اُس کے آخر میں لے آئے تو ضَرَبَتْنَ ہو گیا اب دو علامت تانیث کی فعل میں جمع ہو گئیں اور یہ منع ہے لہٰذا تاء کو حذف کر کے باء کو ساکن کر دیا تو ضَرَبْنَ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضَرَبْتَ:۔ ضَرَبْتَ کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اس طرح کہ ضَرَبَ کے آخر میں تَ ضمیر فاعل وعلامت خطاب کی لے آئے اور ماقبل کو ساکن کیا تو ضَرَبْتَ ہو گیا۔

ضَرَبْتُمَا:۔ ضَرَبْتُمَا کو ضَرَبْتَ سے بنایا وہ اس طرح کہ الف ضمیر فاعل وعلامت تثنیہ اس کے آخر میں لے آئے تو ضَرَبْتَا ہو گیا پھر تا اور الف کے درمیان میم شفوی کو ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کر دیا تا کہ حالت اشباع میں یعنی ضَرَبْتَ کی تا کی حرکت کو کھینچنے کی صورت میں تثنیہ مذکر حاضر کا التباس واحد مذکر حاضر کے صیغے کے ساتھ نہ آئے لہٰذا ضَرَبْتُمَا ہو گیا۔

ضَرَبْتُمْ:۔ ضَرَبْتُمْ کو ضَرَبْتَ سے بنایا وہ اس طرح کہ ضَرَبْتَ کے آخر میں واؤ ضمیر فاعل وعلامت جمع مذکر ماقبل ضمہ کے ساتھ لے آئے تو ضَرَبْتُوْا ہو گیا پھر تا اور واؤ کے درمیان میم شفوی مضمومہ کو زیادہ کر دیا تا کہ حالت اشباع میں واحد متکلم کے صیغہ کے ساتھ التباس نہ آئے لہٰذا ضَرَبْتُمُوْا ہو گیا۔ پھر آخر سے واؤ کو (بقانون ضَرَبْتُمْ) سمیت ماقبل ضمہ کے حذف کر دیا (کیونکہ میم کا ضمہ واؤ کی وجہ سے تھا) تو ضَرَبْتُمْ ہو گیا۔

☆ **فائدہ:**۔

جمع مذکر حاضر کے آخر میں ضمیر منصوب متصل کے لاحق ہونے کی صورت میں واؤ ضمیر فاعل کی واپس لوٹ آتی ہے جیسے ضَرَبْتُمُوْہُ، وَجَدْتُمُوْھُمْ۔

ضَرَبْتِ:۔ ضَرَبْتِ کو ضَرَبْتَ سے بنایا وہ اس طرح کہ ضَرَبْتَ کی (تَ) کے فتحہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو ضَرَبْتِ ہو گیا۔

ضَرَبْتُمَا:۔ ضَرَبْتُمَا کو ضَرَبْتِ سے بنایا وہ اس طرح کہ الف ضمیر فاعل وعلامت تثنیہ کو ماقبل فتحہ کے ساتھ اس کے آخر میں لے آئے تو ضَرَبْتَا ہو گیا پھر تا اور الف کے درمیان میم شفوی کو ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کر دیا تا کہ واحد مذکر حاضر کے صیغے کیساتھ التباس لازم نہ آئے لہٰذا ضَرَبْتُمَا ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضَرَبْتُنَّ :۔ ضَرَبْتُنَّ کو ضَرَبْتِ سے بنایا وہ اس طرح کہ نون ضمیر فاعل و علامت جمع مؤنث کی اُس کے آخر میں لے آئے تو ضَرَبْتِنَ ہو گیا پھر تا اور نون کے درمیان میم شفوی ساکنہ کو ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کر دیا (حَمْلاً عَلَى الجَمْعِ المُذَكَّرِ) تو ضَرَبْتُمْنَ ہو گیا پھر میم اور نون قریب المخرج اکٹھے ہو گئے تو میم کو نون کر کے نون کا نون میں ادغام کر دیا ضَرَبْتُنَّ ہو گیا۔

ضَرَبْتُ :۔ ضَرَبْتُ کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اس طرح کہ تُ ضمیر فاعل و علامت واحد متکلم اِسکے آخر میں لے آئے تو ضَرَبْتُ ہو گیا۔

ضَرَبْنَا :۔ ضَرَبْنَا کو ضَرَبْتُ سے بنایا وہ اس طرح کہ تَ کو حذف کر دیا اس کی جگہ نون ضمیر فاعل و علامت متکلم مع الغیر بمع الف زائدہ کے اسکے آخر میں لے آئے تاکہ جمع مؤنث کے صیغے کے ساتھ التباس نہ آئے ۔ضَرَبْنَا ہو گیا۔

سوال : اگر ضَرَبْنَ میں نون کے فتحہ کا اشباع کیا جائے تو متکلم (جمع متکلم) مع الغیر کے ساتھ التباس لازم آتا ہے؟

جواب : یہ التباس ضَرَبْنَ جمع مؤنث کے صیغے میں ضمیر غائب کے مرجع کے قرینے سے دور ہو جاتا ہے۔

﴿فعل مضارع معلوم کی مختصر بناء﴾

يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ :۔ يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ کو ضَرَبَ سے بنایا وہ اس طرح کہ حروف اتین میں سے ایک حرف مفتوح اس کے شروع میں لے آئے فا کلمہ کو ساکن کر دیا اور عین کلمہ کو کسرہ دیدیا اور آخر میں ضمہ اعرابی لے آئے يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ ہو گیا۔

يَضْرِبَانِ، تَضْرِبَانِ :۔ يَضْرِبَانِ، تَضْرِبَانِ کو يَضْرِبُ، تَضْرِبُ سے بنایا وہ اس طرح کہ الف ضمیر فاعل و علامت تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ اور نون مکسورہ ضمہ اعرابی کے عوض انکے آخر میں لے آئے يَضْرِبَانِ، تَضْرِبَانِ ہو گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یَضرِبُوْنَ، تَضرِبُوْنَ:- یَضرِبُوْنَ، تَضرِبُوْنَ کو یَضرِبُ، تَضرِبُ سے بنایا وہ اس طرح کہ واؤ ضمیر فاعل وعلامت جمع مذکر ما قبل کے ضمہ کے ساتھ اور نون مفتوحہ ضمہ اعرابی کے عوض انکے آخر میں لے آئے یَضرِبُوْنَ، تَضرِبُوْنَ ہو گیا۔

سوال: واؤ سے پہلے جو ضمہ تھا اس کو دور کر کے دوسرا ضمہ کیوں لایا گیا؟

جواب: وہ ضمہ اعرابی تھا اور اعراب وسط میں نہیں آتا اس لیے واؤ سے پہلے دوسرا ضمہ لے آئے اور اس ضمہ اعرابی کے عوض آخر میں نون مفتوحہ لے آئے۔

یَضرِبْنَ:- یَضرِبْنَ کو تَضرِبُ سے بنایا وہ اس طرح کہ تا کو حذف کر دیا اُس کی جگہ یا اصلیہ واپس لوٹ آئی اور نون ضمیر فاعل وعلامت جمع مؤنث ما قبل کے سکون کیساتھ آخر میں لے آئے یَضرِبْنَ ہو گیا۔

تَضرِبِیْنَ:- تَضرِبِیْنَ کو تَضرِبُ سے بنایا وہ اس طرح کہ یا ضمیر فاعل وعلامت واحدہ مؤنثہ مخاطبہ ما قبل کے کسرہ کیساتھ اور نون مفتوحہ عوض از ضمہ اعرابی اسکے آخر میں لے آئے تَضرِبِیْنَ ہو گیا۔

تَضرِبَانِ:- تَضرِبَانِ کو تَضرِبِیْنَ سے بنایا وہ اس طرح کہ یا کو حذف کر دیا اُس کی جگہ الف ضمیر فاعل و علامت تثنیہ ما قبل کے فتحہ کے ساتھ اس کے آخر میں لے آئے اور نون کے فتحہ کو کسرہ کے ساتھ بدل دیا نون تثنیہ کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے اور وہ مشابہت اس طرح ہے کہ جس طرح تثنیہ کا نون الف زائدہ کے بعد واقع ہوتا ہے اسی طرح یہ نون بھی الف زائدہ کے بعد واقع ہو رہا ہے تَضرِبَانِ ہو گیا۔

تَضرِبْنَ:- تَضرِبْنَ کو تَضرِبِیْنَ سے بنایا وہ اس طرح کہ یا کو حذف کر دیا اُس کی جگہ نون ضمیر فاعل وعلامت جمع مؤنث اسکے آخر میں لے آئے اور ما قبل کو ساکن کر دیا (کیونکہ ماضی میں نون جمع مؤنث کا ما قبل ساکن تھا) تَضرِبْنَنَ ہو گیا آخر سے نون اعرابی کو حذف کر دیا کیونکہ نون جمع مؤنث کا مبنی ہے اور یہ نون اعرابی کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿بطور نمونہ اسم فاعل کے چند صیغوں کی بناء﴾

ضَارِبٌ :۔ضَارِبٌ کو یَضرِبُ سے بنایا وہ اس طرح کہ یا علامت مضارع کو حذف کر دیا اور فا کلمہ کو فتحہ دے دیا اسکے بعد اسم فاعل کی علامت الف لے آئے اور عین کلمہ کو بر حال چھوڑ دیا اور تنوین تمکن علامت اسمیت اس کے آخر میں لے آئے تو ضَارِبٌ ہو گیا۔

ضَارِبَانِ، ضَارِبَیْنِ :۔ضَارِبَانِ، ضَارِبَیْنِ کو ضَارِبٌ سے بنایا وہ اس طرح کہ حالت رفعی میں الف علامت تثنیہ اور حالت نصبی و جری میں یا علامت تثنیہ ما قبل کے فتحہ کے ساتھ اور نون مکسورہ ضمہ یا تنوین یا دونوں کے عوض میں ان کے آخر میں لے آئے ضَارِبَانِ، ضَارِبَیْنِ ہو گیا۔

ضَارِبُوْنَ ضَارِبِیْنَ :۔ضَارِبُوْنَ، ضَارِبِیْنَ کو ضَارِبٌ سے بنایا وہ اس طرح کہ حالت رفعی میں واؤ ما قبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یا ما قبل مکسور اور نون مکسورہ ضمہ یا تنوین یا ہر دونوں کے عوض میں ان کے آخر میں لے آئے ضَارِبُوْنَ، ضَارِبِیْنَ ہو گیا۔

﴿بطور نمونہ اسم مفعول کے ایک صیغہ کی بناء﴾

مَضرُوْبٌ :۔مَضرُوْبٌ کو یَضرِبُ سے بنایا وہ اسطرح کہ یا علامت مضارع کو حذف کر دیا اسکی جگہ اسم مفعول کی علامت میم مفتوحہ لے آئے۔ عین کلمہ کو ضمہ دیکر اسکے آخر میں تنوین تمکن علامت اسمیت لے آئے مَضرُبٌ ہو گیا بروزن مَفعُلٌ پھر چونکہ اس وزن پر کلام عرب میں سوائے مَعُوْنٌ اور مَکْرُمٌ کے اور کوئی کلمہ نہیں پایا گیا لہٰذا عین کلمہ کے ضمہ میں اِشباع کیا یعنی عین کلمہ کے ضمہ کو کھینچا تاکہ واؤ پیدا ہو جائے تو مَضرُوْبٌ ہو گیا۔

میرے عزیز طلباء کرام بطور نمونہ ماضی معلوم اور مضارع معلوم وغیرہ کی بناؤں کو لکھ دیا گیا ہے باقی گردانوں کی بنائیں بھی تھوڑے سے غور و فکر سے معلوم ہو جائیں گی بناؤں کی مزید تفصیل کیلیے ارشاد الصرف اور الصرف الکامل ملاحظہ ہوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿وزن نکالنے کا ایک اہم ضابطہ﴾

یہ ضابطہ چند صورتوں پر مشتمل ہے۔

صورت نمبر ۱ :۔

جو حرف زائدہ کسی کلمہ میں واقع ہو خواہ وہ زائدہ بدل کسی سے نہ ہو یا بدل زائدہ سے ہو۔ جب اس کلمہ کا وزن کیا جائے تو وزن میں اس کے مقابلے میں وہی حرف لانا واجب ہے جو موزون میں زائدہ تھا۔

مثال اس زائدہ کی کہ جو بدل کسی سے نہ ہو جیسا کہ یَضرِبُ بروزن یَفعِلُ۔ عَالِمٌ بروزن فَاعِلُ، شَرِیفٌ بروزن فَعِیلُ۔ **مثال** اس زائدہ کہ جو بدل حرف زائدہ سے ہو جیسا کہ اِضطَرَبَ بروزن اِفطَعَلَ، اِذدَکَرَ بروزن اِفدَعَلَ، هَرَاقَ بروزن هَفعَلَ۔ پہلی مثال میں طا زائدہ تائے افتعال سے بدل ہے اور دوسری مثال میں دال تائے افتعال سے بدل ہے۔ اور تیسری مثال میں ہا زائدہ ہمزہ افعال سے بدل ہے۔ یہ تینوں صیغے اصل میں اِضتَرَبَ، اِذتَکَرَ، اَرَاقَ تھے۔ اور یہ اِضطَرَبَ کا وزن اِفطَعَلَ، اِذدَکَرَ کا وزن اِفدَعَلَ شیخ رضی کے نزدیک ہے۔

شیخ ابن حاجب کے نزدیک جو حرف زائدہ بدل تائے افتعال سے ہو اس کا وزن تا کے ساتھ ہو گا اور یہی قول جمہور کا ہے۔ لہذا انکے نزدیک اِضطَرَبَ کا وزن اِفتَعَلَ ہو گا۔

صورت نمبر ۲ :۔

جو حرف زائدہ بدل حرف اصلی سے ہو (جیسا کہ قَالَ، بَاعَ، دَعَا، رَمَیٰ۔ اصل میں قَوَلَ، بَیَعَ، دَعَوَ، رَمَیَ تھے۔ واؤ اور یا متحرک ما قبل مفتوح، لہذا انکو الف کے ساتھ بدلا دیا تو قَالَ، بَاعَ، دَعَا، رَمَیٰ ہو گئے۔) تو اس کے وزن میں اختلاف ہے شیخ عبدالقاہر اور جمہور کے درمیان۔ شیخ عبدالقاہر اس کی تعبیر بلفظہ کرتے ہیں یعنی جو زائدہ حرف اصلی سے بدل موزون میں ہے اسی کو وزن میں بھی ذکر کرتے ہیں۔ اور جمہور اس کی تعبیر حرف اصلی کے ساتھ کرتے ہیں۔ لہذا شیخ عبدالقاہر کے نزدیک مذکورہ الفاظ (قَالَ، بَاعَ، دَعَا، رَمَیٰ) کا وزن فَاعَ اور فَعَا ہو گا جبکہ جمہور کے نزدیک فَعَلَ ہو گا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صورت نمبر ۳ :۔

جو حرف زائدہ مدغم حرف اصلی میں ایک کلمہ میں ہو تو وزن میں اس کی تعبیر بلفظہٖ نہ ہو گی بلکہ مابعد کے ساتھ ہو گی یعنی حرف زائدہ کا ادغام اگر فا کلمہ میں ہوا ہے تو اس کی تعبیر فا کلمہ کے ساتھ ہو گی جیسا کہ اِتَّرَّسَ ، اِدَّارَكَ بر وزن اِفَّعَّلَ، اِفَّاعَلَ اور اگر حرف زائدہ کا ادغام عین کلمہ میں ہوا ہے تو اسکی تعبیر عین کلمہ کیساتھ ہو گی جیسا کہ کَرَّمَ بر وزن فَعَّلَ، تَصَرَّفَ بر وزن تَفَعَّلَ۔ یہ قاعدہ اکثریہ ہے کیونکہ بعض حضرات سے بغیر ادغام کے تعبیر بلفظہٖ بھی منقول ہے یعنی جو حرف موزون میں زائدہ ہے وہی حرف وزن میں ذکر کرتے ہیں جیسا کہ مَدْعُوٌّ، مَرْمِيٌّ بر وزن مَفْعُوْلٌ اور اگر یہ تیسری صورت نہ پائی جائے تو وہاں تعبیر مابعد کے ساتھ نہ ہو گی آگے نہ پائے جانے کی چار شکلیں بنتی ہیں۔

نمبر ۱ : اصلی مدغم ہو زائدہ میں تو وزن میں اسکی تعبیر بلفظہٖ ہو گی بغیر ادغام کے جیسا کہ اِذْهَبْ بِزَيْدٍ بر وزن اِفْعَلْ بِزَيْدٍ۔

نمبر ۲ : زائدہ مدغم زائدہ میں ہو تو وزن میں اس کی تعبیر بلفظہٖ کریں گے مع ادغام کے جیسا کہ اِجْلَوَّذَ اور مُسْلِمِيَّ بر وزن اِفْعَوَّلَ اور مُفْعِلِيَّ۔

نمبر ۳ : زائدہ مدغم اصلی میں ہو لیکن کلمہ ایک نہ ہو تو وزن میں اس کی تعبیر بلفظہٖ ہو گی بغیر ادغام کے جیسا کہ اَللّٰهُ ، الرَّحْمٰنُ (اللہ اسم جلیل اور الرحمٰن کے شروع میں الف لام الگ کلمہ ہے)۔مِنْ نَّصِيْرٍ، مِنْ وَّلِيْدٍ بر وزن اَلْعَالُ، اَلْفَعْلَانُ، مِنْ فَعِيْلٍ۔

نمبر ۴ : اصلی مدغم اصلی میں ہو خواہ ایک کلمہ میں ہو یا دو کلموں میں۔وزن میں اسکی تعبیر حرف اصلی کے ساتھ ہو گی بغیر ادغام کے جیسا کہ مَدَّ، اِضْرِبْ بَّكْرًا بر وزن فَعَلَ اور اِفْعِلْ فَعْلًا ہے اور یہ اصل میں مَدَدَ اور اِضْرِبْ بَكْرًا تھے۔

صورت نمبر ۴ :۔

اگر کسی کلمہ میں قلب مکانی ہوئی ہو یعنی ایک حرف کو دوسرے حرف کی جگہ پر رکھ دیا ہو یا کوئی حرف حذف ہوا ہو جب اس کلمہ کا وزن کیا جائے گا تو وزن میں بھی قلب مکانی اور حذف کرنا واجب ہے۔ مثال قلب مکانی کی جیسا کہ اَيِسَ بر وزن فَعِلَ اور اَشْيَاءُ بر وزن لَفْعَاءُ سیبویہ کے نزدیک۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پہلی مثال میں عین کلمہ کو فاکلمہ کی جگہ پر رکھ دیا اور دوسری مثال میں لام کلمہ کو فاکلمہ کی جگہ پر رکھ دیا اور یہ اصل میں یَئِسَ اور شَیْئَاءُ بروزن فَعِلَ اور فَعْلَاءُ تھے۔

مثال حذف کی جیسا کہ عِدْ، قُلْ، قَاضٍ بروزن عِلْ، فُلْ، فَاعٍ۔ پہلی مثال میں فاکلمہ دوسری میں عین کلمہ اور تیسری مثال میں لام کلمہ حذف ہوا ہے کیونکہ یہ اصل میں اِوْعِدْ، اُقْوُلْ اور قَاضِیٌ بروزن اِفْعِلْ، اُفْعُلْ اور فَاعِلٌ تھے۔

صورت نمبر ۵ :۔

جو حرف کلمہ میں زائدہ ہو اور مکرر ہو تو اس کی زیادتی تین حال سے خالی نہیں۔ نمبر ۱: اگر اس حرف کی زیادتی قصدی ہو یعنی الحاق کے لئے ہو یا کسی اور معنوی فائدے کیلئے ہو تو وزن میں اس کی تعبیر بلفظہٖ نہ ہوگی بلکہ ما قبل کے ساتھ ہوگی۔ مثال مکرر زائدہ الحاق کیلئے ہو جیسا کہ جَلْبَبَ بروزن فَعْلَلَ اور یہ ملحق ہے دَحْرَجَ کے ساتھ۔ قَرْدَدٌ بروزن فَعْلَلٌ اور یہ ملحق ہے جَعْفَرٌ کے ساتھ، سُحْنُونٌ (اوّل المطر) بروزن فُعْلُوْلٌ یہ ملحق ہے عُصْفُوْرٌ کے ساتھ۔ مثال مکرر زائدہ الحاق کے لئے نہ ہو بلکہ کسی اور معنوی فائدے کیلئے ہو جیسا کہ اِطَّلَبَ، اِتَّرَكَ، کَرَّمَ نزدیک ابن حاجب کے (کیونکہ ابن حاجب کے نزدیک دوسری را زائدہ ہے۔ اور خلیل کے نزدیک دوسری را اصلی ہے)۔ اور اِحْدِیْدَابٌ بروزن اِفَّعَلَ فَعَّلَ اِفْعِیْعَالٌ۔ اب ان مثالوں میں مکرر حرف کی زیادتی الحاق کے لئے نہیں ہے بلکہ کسی اور معنوی فائدے کیلئے ہے اور وہ معنوی فائدہ ان بابوں کی خاصیات میں معلوم ہوگا فی الحال معنوی فائدہ کی ایک مثال کَرَّمَ لے لیں کہ اس میں مکرر حرف را کی زیادتی تعدیہ والے معنی کے لئے یعنی فعل لازمی کو متعدی بنانے کیلئے ہے۔ ۲۔ اور اگر اس حرف کی زیادتی اتفاقی ہو یعنی الحاق کیلئے یا کسی اور معنوی فائدے کیلئے نہ ہو تو اس کی تعبیر بلفظہٖ ہوگی جیسا کہ قُوْوْلٌ، سَحْنُوْنٌ، بُطْنَانٌ۔ بروزن فُعُوْلٌ، فَعْلُوْنٌ، فُعْلَانٌ۔ ۳۔ اور اگر اس کی زیادتی احتمالی ہو یعنی جانبین (زیادت قصدی اور اتفاقی) کا احتمال رکھے (اور یہ احتمال اس کلمہ میں ہوگا جس میں حرف کی زیادتی اَلْیَوْمَ تَنْسَاهُ کے حروف سے ہو۔ اَلْیَوْمَ تَنْسَاهُ یہ حروف زوائد کا مجموعہ ہے) تو اس کی تعبیر دو طریقوں سے ہو سکتی ہے۔ بلفظہٖ بھی اور ما قبل کے ساتھ جیسا کہ حِلْیِتٌ میں اگر عِفْرِیْتٌ کی طرح آخر میں یا اور تا اتفاقی طور زائدہ ہو اور سَمْنَانٌ کے آخر میں سَلْمَانُ کی طرح الف اور نون زائدہ ہوں تو وزن میں اس کی تعبیر بلفظہٖ ہوگی اور انکا وزن فِعْلِیْتٌ اور فَعْلَانٌ ہوگا۔ اور اگر ان کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

زیادتی قصدی ہو جِلتِیتٌ کو قَنْدِیلٌ کے ساتھ ملحق کرنے کیلئے ہو اور سَمْنَانٌ کو زَلْزَالٌ کے ساتھ ملحق کرنے کیلئے ہو تو پھر انکی تعبیر ما قبل کے ساتھ ہوگی۔ اور انکا وزن فِعْلِیلٌ اور فَعْلَالٌ ہوگا۔

فائدہ :۔

صحیح کے ابواب اور اُس کی گردانوں کے صیغے بمنزل سانچے کے ہیں۔ لہٰذا وہ صیغے جن میں ابدال، ادغام اور حذف والے قانون لگے ہیں ان کی اصل معلوم کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اُس صیغے کی شکل صحیح سے اس باب کی گردان کے صیغے جیسی بنالو جیسے اَقَالَ اصل میں اَقْوَلَ ہے اِقْتَالَ اصل میں اِقْتَوَلَ ہے کیونکہ یہ اَقْوَلَ ، اِقْتَوَلَ صحیح کے صیغے اَکْرَمَ اور اِکْتَسَبَ کے ہمشکل ہیں۔

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ عَلٰى مَا وَفَّقَنِىْ لِاِتْمَامِ الْمَرَامِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِه مُحَمَّدٍ وَآلِه وَاَصْحَابِه هُدَاةِ الْاَنَامِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامِ۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کتاب ہذا کے قوانین کی فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	دو علامت تانیث والا قانون	۹۵
۲	توالی اربع حرکات والا قانون	۹۶
۳	ضَرَبْتُمْ والا قانون	۹۶
۴	حروف یرملون والا قانون	۹۶
۵	بائے مطلق والا قانون	۹۸
۶	اظہار والا قانون	۹۸
۷	اخفاء والا قانون	۹۸
۸	الف والا قانون	۹۹
۹	ہمزہ وصلی و قطعی والا قانون	۱۰۰
۱۰	اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ والا قانون	۱۰۱
۱۱	ص، ض، ط، ظ والا قانون	۱۰۱
۱۲	دال، ذال، زا والا قانون	۱۰۲
۱۳	گیارہ حرفی والا قانون	۱۰۳
۱۴	مِیْعَادٌ والا قانون	۱۰۴
۱۵	وَعْدَۃٌ والا قانون	۱۰۵
۱۶	یُوْسِرُ والا قانون	۱۰۵
۱۷	قَالَ والا قانون	۱۰۷
۱۸	التقائے ساکنین والا قانون	۱۰۹
۱۹	قُلْنَ، طُلْنَ والا قانون	۱۱۲
۲۰	خِفْنَ، بِعْنَ والا قانون	۱۱۲
۲۱	قِیْلَ، بِیْعَ والا قانون	۱۱۳
۲۲	یَقُوْلُ، تَقُوْلُ والا قانون	۱۱۴
۲۳	دُعِیَ والا قانون	۱۱۶
۲۴	یَدْعُوْ، تَدْعُوْ والا قانون	۱۱۶
۲۵	یُدْعَیَانِ تُدْعَیَانِ والا قانون	۱۱۹
۲۶	نَهُوْ والا قانون	۱۱۹
۲۷	اٰمَنَ، أُوْمِنَ، اِیْمَانًا والا قانون	۱۲۰
۲۸	دو حرف متجانسین والا قانون	۱۲۱
۲۹	لَمْ یَمُدَّ، لَمْ یَمُدَّ والا قانون	۱۲۷
۳۰	ماضی چار حرفی والا قانون	۱۳۵
۳۱	تائے زائدہ مطردہ والا قانون	۱۳۵
۳۲	یَعِدُ تَعِدُ والا قانون	۱۳۶
۳۳	نون اعرابی والا قانون	۱۳۷
۳۴	لَمْ یَدْعُ، لَمْ یُدْعَ والا قانون	۱۳۸
۳۵	قُوْلَنَّ والا قانون	۱۳۹
۳۶	امر حاضر والا قانون	۱۴۰
۳۷	لِتُدْعَوُنَّ والا قانون	۱۴۱
۳۸	مدہ زائدہ والا قانون	۱۹۴
۳۹	شَرَائِفُ والا قانون	۱۹۵
۴۰	أَوَاعِدُ والا قانون	۱۹۶
۴۱	قَائِلٌ، بَائِعٌ والا قانون	۱۹۷
۴۲	قِیَالٌ، قِیَامٌ والا قانون	۱۹۸
۴۳	سَیِّدٌ والا قانون	۱۹۹
۴۴	دُعَاۃٌ والا قانون	۲۰۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۴۵	دُعاءٌ والا قانون	۲۰۱
۴۶	دِعِیٌ والا قانون	۲۰۲
۴۷	یاء مقدر، مخفف والا قانون	۲۰۳
۴۸	دَواعٍ، رَوَامٍ والا قانون	۲۰۴
۴۹	مفاعِل حالی یا مفاعِل مالی والا قانون	۲۰۴
۵۰	رَخَایا، خَطَایا والا قانون	۲۰۵
۵۱	رُخَیٌّ، رُخَیَّۃٌ والا قانون	۲۰۷
۵۲	الف مقصورہ، الف ممدودہ والا قانون	۲۱۶
۵۳	مَرْضِیٌّ والا قانون	۲۱۹
۵۴	ظرف والا قانون	۲۲۴
۵۵	دُعِیَ والا قانون	۲۲۹
۵۶	دخول الف لام و اضافت والا قانون	۲۳۴
۵۷	شمسی، قمری والا قانون	۲۳۵
۵۸	عِدَۃٌ والا قانون	۲۳۶
۵۹	وقف والا قانون	۲۴۲
۶۰	حلقی العین والا قانون	۲۴۳
۶۱	ماضی مکسور العین والا قانون	۲۴۴
۶۲	اِثَّبَتَ والا قانون	۲۴۵
۶۳	تا مضارعت والا قانون	۲۴۵
۶۴	س، ش والا قانون	۲۴۶
۶۵	یَنْجَلُ، تَیْجَلُ والا قانون	۲۴۶
۶۶	أُعِدَ، إِشَاحٌ والا قانون	۲۴۶
۶۷	دُعِیَ، رَضِیَ والا قانون	۲۴۷
۶۸	رَأْسٌ، بُؤْسٌ والا قانون	۲۴۸
۶۹	جُوَنٌ، مِئَرٌ والا قانون	۲۴۹
۷۰	أَئِمَّۃٌ والا قانون	۲۴۹
۷۱	قابل حرکت یا یَسَلُ والا قانون	۲۵۱
۷۲	خَطِیئَۃٌ، مَقْرُوْءَۃٌ والا قانون	۲۵۲
۷۳	سَأَلَ والا قانون	۲۵۲
۷۴	جَبَلِ أُحُد والا قانون	۲۵۳
۷۵	دو ہمزے غیر موضوع علی التضعیف والا قانون	۲۵۴
۷۶	اَلْحَسَنُ والا قانون	۲۵۵
۷۷	قَوِیَّۃٌ، طَوِیَّۃٌ والا قانون	۲۵۵
۷۸	لحوقِ نون تاکید والا قانون	۲۵۶
۷۹	دِینَارٌ، شِیرَازٌ والا قانون	۲۵۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿چند نصائح﴾

علم را ہرگز نیابی تا نابا شد شش خصال — عقل کامل فکر وافر جمع خاطر کل حال

ہم دیگر استاد مشفق سبق خوانی مدام — درس را تکرار کردن تا شود صاحب کمال

(یعنی علم کے حصول کے لیے چھ خصلتوں کا پایا جانا ضروری ہے ا۔ عقل کامل۔ ۲۔ فکر کامل۔ ۳۔ دل جمعی۔ ۴۔استاد کی شفقت۔ ۵۔ سبق کی پابندی۔ ۶۔ تکرار کی پابندی)

☆جس طالبعلم میں عین (استعداد) اور غین (استغناء) موجود ہو تو وہ عزت وسربلندی کا تاج اپنے سر پر سجانے والا ہے۔ لیکن غین تب حاصل ہوگی جب پہلے عین ہو۔

☆اپنے وقت کی قدر کریں اور مدرسے کے اندر اپنے آنے کے مقصد کو پہچانیں۔

☆جو سبق پڑھیں، خوب سمجھ کر پڑھیں اور آئندہ کا سبق مطالعہ کر کے پڑھیں۔

☆اپنے اساتذہ کرام کا ادب کریں اور انکی دعائیں لینے کی خوب کوشش کریں۔

☆اپنی کتابوں کا ادب کریں اور مدرسے کی دیگر اشیاء کا بھی خیال رکھیں۔

☆علم دین پڑھنے سے مقصد اللہ پاک کی رضا اور خوشنودی ہو، دنیاوی جاہ وجلال مطمح نظر نہ ہو۔

☆علمائے حق کے مسلک کیساتھ وابستہ رہیں اور اللہ والوں کی مجلس میں گاہے بگاہے حاضر ہوتے رہیں۔

☆اللہ پاک سے علم نافع، دین حقہ پر استقامت اور خاتمہ بالخیر کی دعا مانگتے رہیں۔

☆ رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا۔ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

﴿مدح النبی ﷺ﴾

وَاَحسَنَ منك لَم ترقطُّ عینی   وَاَجملَ منك لَم تلد النساءُ
خُلِقتَ مُبَرَّأً من كل عیبٍ   كاَنّك قد خُلِقتَ كما تشاءُ

(حضرت حسانؓ بن ثابت)

بَلَغَ العُلیٰ بِكَمَالِهٖ   كَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِهٖ
حَسُنَتْ جَمِیعُ خِصَالِهٖ   صَلُّوا عَلَیهِ وَ آلِهٖ

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَیَا سَیِّدَ الْبَشَرْ   مِنْ وَجهِكَ الْمُنِیرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ
لَا یُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ   بعد از خدا بزرگ توئی قصه مختصر

فلک پہ عیسیٰ و ادریس ہیں تو خیر سہی   زمیں پہ جلوہ نما ہیں محمدِ مختار
فلک پہ سب سہی پر ہے نہ ثانی احمد   زمیں پہ کچھ نہ ہو پر ہے محمدی سرکار
جہاں کے سارے کمالات ایک تجھ میں ہیں   تیرے کمال کسی میں نہیں مگر دو چار
امیدیں لاکھوں ہیں لیکن بڑی امید ہے یہ   کہ ہو سگان مدینہ میں میرا نام شمار
جیوں تو ساتھ سگان حرم کے تیرے پھروں   مروں تو کھائیں مدینہ کے مجھ کو مور و مار
اُڑا کے باد مری مشتِ خاک کو پسِ مرگ   کرے حضور ﷺ کے روضہ کے آس پاس نثار
ولے یہ رتبہ کہاں مشتِ خاک قاسم کا   کہ جائے کوچہ اطہر میں تیرے بن کے غبار
بس اب درود پڑھ اُس پر اور اسکی آل پہ تو   جو خوش ہو تجھ سے وہ اور اس کی عترتِ اطہار
الٰہی اس پر اور اس کی تمام آل پہ بھیج   وہ رحمتیں کہ عدد کر سکے نہ ان کو شمار

(حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادارہ المعارف الاسلامیہ لائبریری

حافظ کوثر زمان، حافظ شفیق الرحمن
جمہ کلاں تحصیل پتوکی ضلع قصور

دورۂ حل عبارت

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جامعہ محمدیہ میں دورۂ حل عبارت کا آغاز شعبان المعظم کے مہینے میں وفاق المدارس کے امتحانات کے فوراً بعد ہوتا ہے یعنی اگر امتحانات جمعرات کو ختم ہوں تو ہفتہ کے دن سے دورے کا آغاز ہوتا ہے اور یہ سلسلہ ۲۸ شعبان المعظم تک جاری رہتا ہے اس دورے میں شرکت کے خواہش مند طلباء سے گذارش ہے کہ وہ اول دن سے ہی دورے میں شرکت کی کوشش فرمائیں کیونکہ اس مختصر دورے کے اندر ہر اگلے سبق کا پچھلے سبق سے ربط ہوتا ہے للذا دورے میں ابتداء ہی سے شرکت تمام اسباق کے درمیان باہمی ربط اور تعلق برقرار رکھنے کا ذریعہ بنے گی۔

ابتدائی اساتذہ کرام کے ساتھ صرف و نحو اور دیگر ابتدائی کتب کی تعلیم کے طریقہ کار کے بارے میں مذاکرہ، مشورہ اور تکرار رمضان کے پہلے عشرے میں ہوا کرے گا (انشاء اللہ) اور اگر کسی استاذ محترم کے پاس پہلے عشرے میں فرصت نہیں ہے تو وہ خط کے ذریعے اطلاع فرمادیں انشاء اللہ تعالیٰ ان کے لیے مذاکرے کا علیحدہ وقت مقرر کر دیا جائے گا۔

جامعہ محمدیہ
لیک روڈ نمبر ۴، چوبرجی، لاہور
فون: ۷۲۳۷۴۵۰ (۰۴۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادارے کی دیگر کتب

الصرف الکامل :۔ **تالیف :** حضرت مولانا قاضی عزیزاللہ قدس سرہ'

صرف کی ایک مکمل کتاب جس میں صرف کے اہم قوانین اور ابواب بڑی تفصیل اور آسان انداز میں جمع کیے گئے ہیں۔

الترکیب الکامل (لِشرح ماۃ عامل) **تالیف :** حضرت مولانا قاضی عزیزاللہ قدس سرہ'

شرح ماۃ عامل کی نوع اول کی ایک بہترین شرح جس میں نوع اول کی ترکیب بمع فوائد مھمۃ بڑے احسن انداز سے بیان کی گئی ہے۔

الترکیب الکامل (لنظم ماۃ عامل) **تالیف :** حضرت مولانا قاضی عزیزاللہ قدس سرہ'

نحومیر کے آخر میں دی گئی نظم ماۃ عامل کی ایک اعلیٰ شرح جس میں نحو کے کئی مسائل کا حل بیان کیا گیا ہے۔

العلامات النحویہ : **تالیف :** مولانا محمد حسن صاحب (استاذ جامعہ محمدیہ چوبرجی' لاہور)

علم نحو کی ایک بالکل نئی اور انوکھی طرز پر لکھی گئی کتاب جس میں عربی تراکیب کو علامات کے ذریعہ آسان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

دیگر زیر طبع کتب :

☆الشرح المقبول لتسهيل درس الحاصل والمحصول — **تالیف :** مولانا محمد حسن صاحب (استاذ جامعہ محمدیہ)

☆توضيح النحو بامثلة القرآنية والاحاديث النبويّة والكتب الدّرسيّه — **تالیف :** مولانا محمد حسن صاحب (استاذ جامعہ محمدیہ)

☆توضيح الصرف بصيغ القرآنية والاحاديث النبويّة والكتب الدّرسيّه — **تالیف :** مولانا محمد حسن صاحب (استاذ جامعہ محمدیہ)

ادارۂ محمدیہ

لیک روڈ نمبر ۴، چوبرجی، لاہور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهم صلِّ على محمدٍ وعلى آل محمدٍ

كما صلّيت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم

انك حميدٌ مجيدٌ

اللّٰهم بارك على محمدٍ وعلى آل محمدٍ

كما باركت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم

انك حميدٌ مجيدٌ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

ادارۂ محمدیہ

جامعہ محمّدیہ لیک روڈ، لاہور، پاکستان